ترجمہ: "اور ان تینوں پر بھی (توجہ فرمائی) جن کا معاملہ ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا۔ یہاں تک زمین ان پر باوجود اپنی فراخی کے تنگ ہو گئی اور وہ خود اپنی جانوں سے تنگ آ گئے اور انہوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے کہیں پناہ نہیں مل سکتی۔ بجز اسی کی طرف۔"

پورے پچاس دن تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ توبہ قبول فرمائی اور معافی ہو گئی۔

قاضی ابوبکر بن العربی لکھتے ہیں کہ: "وفيه دليل على أنّ للإمام أن يعاقب المذنب بتحريم كلامه على الناس أدبًا له وعلى تحريم أهله عليه." (احکام القرآن لابن العربی جلد 3 صفحہ 114) ترجمہ: "اس قصہ میں اس امر کی دلیل ہے کہ امام کو حق حاصل ہے کہ کسی گنہگار کی تادیب کے لئے لوگوں کو اس سے بول چال کی ممانعت کر دے۔ اور اس کی بیوی کو بھی اس کے لئے ممنوع ٹھہرا دے۔"

حافظ ابن حجرؒ فتح الباری میں لکھتے ہیں کہ: "وفيه ترك السلام على من اذنب وجواز هجره اكثر من ثلاث."

ترجمہ: "اس سے ثابت ہوا کہ گنہگار کو سلام نہ کیا جائے اور یہ کہ اس سے قطع تعلق تین روز سے زیادہ بھی جائز ہے۔"

بہر حال کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اور ان کے رفقاء کا یہ واقعہ قرآن کریم کی سورۃ توبہ میں مذکور ہے اور اس کی تفصیل صحیح بخاری، صحیح مسلم اور تمام صحاح ستہ میں موجود ہے۔

امام ابوداؤد نے اپنی کتاب سنن ابی داؤد میں کتاب السنۃ کے عنوان کے تحت متعدد ابواب قائم کئے ہیں۔

الف۔ باب مجانبة اهل الاهواء وبغضهم! اہل اہواء باطل پرستوں سے کنارہ کشی کرنے اور بغض رکھنے کا بیان۔

ب۔ باب ترک السلام علی اهل الاهواء (اہل اہواء سے ترک سلام وکلام کا بیان)

سنن ابی داؤد میں حدیث ہے کہ عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر نے "خلوق" (زعفران) لگایا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سلام کا جواب نہیں دیا۔ غور فرمایئے کہ معمولی خلاف سنت بات پر جب یہ سزا دی گئی تو ایک مرتد موذی اور کافر محارب سے بات چیت سلام وکلام اور لین دین کی اجازت کب ہو سکتی ہے؟

Marfat.com

امام خطابی ''معالم السنن جلد 4 صفحہ 296 میں حدیث کعب کے سلسلے میں تصریح فرماتے ہیں کہ ''مسلمانوں کے ساتھ بھی ترک تعلق اگر دین کی وجہ سے ہو تو بلا قید ایام کیا جا سکتا ہے۔ جب تک توبہ نہ کریں۔''

5۔ مسند احمد و سنن ابی داؤد میں ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''**القدرية مجوس هذه الامة، ان مرضوا فلا تعودوهم ، وان ماتوا فلا تشهدوهم.**'' ترجمہ: ''تقدیر کا انکار کرنے والے اس امت کے مجوسی ہیں۔ اگر بیمار ہوں تو عیادت نہ کرو اور اگر مر جائیں تو جنازہ پر نہ جاؤ۔''

6۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ: ''**لا تجالسوا اهل القدر ولا تفاتحوهم**'' ترجمہ: ''منکرین تقدیر کے ساتھ نہ نشست و برخاست رکھو اور نہ ان سے گفتگو کرو۔''

بہر حال یہ تو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات ہیں۔ عہد نبوت کے بعد عہد خلافت راشدہ میں بھی اسی طرز عمل کا ثبوت ملتا ہے۔ مانعین زکوٰۃ کے ساتھ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا اعلان جہاد کرنا بخاری و مسلم میں موجود ہے۔ مسیلمہ کذاب، اسود عنسی، طلیحہ اسدی اور ان کے پیروؤں کے ساتھ جو سلوک کیا گیا اس سے حدیث و سیر کا معمولی طالب علم بھی واقف ہے۔ عہد فاروقی میں ایک شخص ضبیغ عراقی قرآن کریم کی آیات کے ایسے معانی بیان کرنے لگا جن میں ھواء نفس کو دخل تھا اور ان سے مسلمانوں کے عقائد میں تشکیک کا راستہ کھلتا تھا۔ یہ شخص فوج میں تھا جب عراق سے مصر گیا اور حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ گورنر مصر کو اس کی اطلاع ہوئی تو انہوں نے اس کو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس مدینہ بھیجا اور صورت حال لکھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نہ اس کا موقف سنا نہ دلائل۔ اس سے بحث و مباحثہ میں وقت ضائع کئے بغیر اس کا ''علاج بالجرید'' ضروری سمجھا۔ فوراً کھجور کی تازہ ترین شاخیں منگوائیں اور اپنے ہاتھ سے اس کے سر پر بے تحاشا مارنے لگے اتنا مارا کہ خون بہنے لگا۔ وہ چیخ اٹھا کہ ''اے امیر المومنین آپ مجھے قتل ہی کرنا چاہتے ہیں تو مہربانی کیجئے۔ تلوار لے کر میرا قصہ پاک کر دیجئے اور اگر صرف میرے دماغ کا خناس نکالنا مقصود ہے تو آپ کو اطمینان دلاتا ہوں کہ اب وہ بھوت نکل چکا ہے۔'' اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے چھوڑ دیا اور چند دن مدینہ رکھ کر واپس عراق بھیج دیا اور حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ:

''**ان لا يجالسه احد من المسلمين**'' ترجمہ: ''کوئی مسلمان اس کے پاس نہ بیٹھے۔''

اس مقاطعہ سے اس شخص پر عرصہ حیات تنگ ہو گیا تو حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ اس کی حالت ٹھیک ہو گئی ہے۔ تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو اس کے پاس بیٹھنے کی اجازت دی۔

Marfat.com

7۔ سنن کبری البیہقی جلد9 صفحہ 85 میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: "أمرنی رسول الله صلی الله علیه وسلم أن أغور ماء آبار بدر" ترجمہ: ''جنگ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم فرمایا کہ بدر کے کنوؤں کا پانی خشک کردوں۔''

اورایک روایت میں ہے کہ'' أن تغوّر المیاه کلها غیر ماء واحد فنلقی القوم علیه'' ترجمہ: ''سوائے ایک کنوئیں کے جو بوقت جنگ ہمارے کام آئے گا باقی سب کنوئیں خشک کردیئے جائیں۔''

8۔ صحیح بخاری جلد2 صفحہ 1023 میں ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس چند بددین زندیق لائے گئے تو آپ نے انہیں آگ میں جلا دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع پہنچی تو فرمایا۔ ''اگر میں ہوتا تو انہیں جلاتا نہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کی سزا مت دو بلکہ میں انہیں قتل کرتا۔'' کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''من بدل دینه فاقتلوه'' ترجمہ: ''جو شخص مرتد ہوجائے اسے قتل کردو۔''

9۔ صحیح بخاری، جلد1 صفحہ 423 میں صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ: ''رات کی تاریکی میں مشرکین پر حملہ ہوتا ہے تو عورتیں اور بچے بھی زد میں آجاتے ہیں فرمایا وہ بھی انہی میں شامل ہیں۔''

اب فقہ کی چند تصریحات ملاحظہ ہوں:

1۔ علامہ دردیر مالکی شرح کبیر میں باغیوں کے احکام میں لکھتے ہیں کہ:

''وقطع المیرة والماء عنهم الا ان یکون فیهم نسوة وزراری (4،299)

ترجمہ: ''ان کا کھانا پانی بند کردیا جائے۔ الا یہ کہ ان میں عورتیں اور بچے ہوں۔''

2۔ کوئی قاتل اگر حرم مکہ میں پناہ گزین ہوجائے۔ اس سلسلہ میں ابوبکر الجصاص لکھتے ہیں کہ:

''قال ابو حنیفة وابو یوسف و محمد وزفرو الحسن بن زیاد، اذا قتل فی غیر الحرم ثم دخل الحرم لم یقتص منه مادام فیه ولکنه لا یبایع ولا یواکل الی ان یخرج من الحرم.'' (احکام القرآن2، 21) ترجمہ: ''امام ابوحنیفہ، ابو یوسف، محمد زفر اور حسن بن زیاد کا قول ہے کہ جب کوئی حرم سے باہر قتل کرکے حرم میں داخل ہو تو جب تک حرم میں ہے اس سے قصاص نہیں لیا جائے گا مگر نہ اس کے ہاتھ کوئی چیز فروخت کی جائے۔ نہ اس کو کھانا دیا جائے یہاں تک کہ وہ حرم سے نکلنے پر مجبور ہوجائے۔''

Marfat.com

3۔ درمختار میں ہے کہ:

''وأفتى الناصحى بوجوب قتل كل مؤذ وفى شرح الوهبانية: ويكون بالنفى عن البلد، وبالهجوم على بيت المفسدين، و بالاخراج من الدار، وبهدمها''

ترجمہ: ''ناصحی نے فتویٰ دیا کہ ہر موذی کا قتل واجب ہے اور ''شرح وہبانیہ'' میں ہے کہ تعزیر یوں بھی ہوسکتی ہے کہ شہر بدر کر دیا جائے اور ان کے مکان کا گھیراؤ کیا جائے۔ انہیں مکان سے نکال باہر کیا جائے اور مکان ڈھا دیا جائے۔''

4۔ ابن عابدین الشامی درمختار، جلد 3 صفحہ 272 میں لکھتے ہیں کہ:

''قال في أحكام السياسة وفي المنتقى: وإذا سمع في داره صوت المزامير فأدخل عليه لأنه لما سمع الصوت فقط أسقط حرمة داره. وفي حدود البزازية و غصب النهاية وجناية الدراية: ذكرا الصدرالشهيد عن أصحابنا أنه يهدم البيت على من اعتاد الفسق وأنواع الفساد فى داره، حتى لا بأس بالهجوم على بيت المفسدين. وهجم عمررضي اللهعنه على نائحة في منزلها و ضربها بالدرّة حتى سقط خمارها، فقيل له فيه، فقال: لا حرمة لها بعد اشتغالها بالمحرم، والتحقت بالاماء..... وعن عمررضى الله عنه أنه أحرق بيت الخمار. وعن الصفار الزاهد الأمر بتخريب دارالفاسق.'' ترجمہ: ''احکام السیاسۃ میں ''المنتقی'' سے نقل کیا ہے کہ جب کسی کے گھر سے گانے بجانے کی آواز سنائی دے تو اس میں داخل ہو جاؤ کیونکہ جب اس نے یہ آواز سنائی تو اپنے گھر کی حرمت کو خود ساقط کر دیا ہے اور بزازیہ کے کتاب الحدود و نہایہ کے باب الغصب اور درایہ کے کتاب الجنایات میں لکھا ہے کہ صدرالشہید نے ہمارے اصحاب سے نقل کیا ہے کہ جو شخص فسق و بدکاری اور مختلف قسم کے فساد کا عادی ہو ایسے شخص پر اس کا مکان گرا دیا جائے۔ حتیٰ کہ مفسدوں کے گھر میں گھس جانے میں بھی مضائقہ نہیں۔ حضرت عمرؓ ایک نوحہ گر عورت کے گھر میں گھس آئے اور اس کے ایسا دُرّہ مارا کہ اس کے سر سے چادر اتر گئی اور اپنے طرز عمل کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ حرام میں مشغول ہونے کے بعد اس کی کوئی حرمت نہیں رہی اور یہ لونڈیوں کی صف میں شامل ہوگئی۔ حضرت عمرؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے ایک شرابی کے مکان کو آگ لگا دی تھی۔ صفار زاہد کہتے ہیں کہ فاسق کا مکان گرا دینے کا حکم ہے۔''

5۔ ملا علی قاری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ، جلد 4، صفحہ 107، باب التعزیر میں لکھتے ہیں کہ: ''**وهذا تنصيص على أن الضرب تعزير يملكه الإنسان، وان لم يكن محتسباً، و صرح فى المنتقى بذلك**'' ترجمہ: ''اور یہ کہ اس امر کی تصریح ہے کہ مارنا ایسی تعزیر ہے جس کا انسان اختیار رکھتا ہے خواہ محتسب نہ ہو۔

Marfat.com

''المنتقٰی''میں اس کی تصریح کی گئی۔''

یادرہے کہ اس قسم کے مقاطعہ کا تعلق درحقیقت بغض فی اللہ سے ہے جس کو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احب الاعمال الی اللّٰہ فرمایاہے۔ (کما فی روایت ابی ذر فی کتاب السنة عند ابی داؤد)

بغض فی اللہ کے ذیل میں امام غزالیؒ احیاءالعلوم، جلد2 صفحہ 167 میں بطور کلیہ لکھتے ہیں کہ:

''الاول: الكفر فالكافر إن كان محاربا فهو يستحق القتل والارقاق وليس بعد هذين إهانة.....الثانی المبتدع الذی يدعو إلى بدعته فان كانت البدعة بحيث يكفر بها فأمره أشد من الذمی لأنه لا يقر بجزية ويسامح بعقد ذمة وان كان ممن لا يكفر به فأمره بينه وبين اللّٰه أخف من أمر الكافر لا محالة ولكن الأمر فی الانكار عليه أشد منه على الكافر لأن شر الكافر غير متعد فان المسلمين اعتقدوا كفره فلا يلتفتون إلى قوله..... الخ''

ترجمہ: ''اول کافر، پس اگر کافر حربی ہو تو اس بات کا مستحق ہے کہ قتل کیا جائے۔ یا غلام بنالیا جائے اور یہ ذلت واہانت کی آخری حد ہے۔ دوم صاحب بدعت جو اپنی بدعت کی دعوت دیتا ہے۔ پس اگر بدعت حد کفر تک پہنچی ہوئی ہو تو اس کی حالت کافر ذمی سے بھی سخت تر ہے کیونکہ نہ اس سے جزیہ لیا جاسکتا ہے اور نہ اس کو ذمی کی حیثیت دی جاسکتی ہے اور اگر بدعت ایسی نہیں جس کی وجہ سے اس کو کافر قرار دیا جائے تو عنداللہ اس کا معاملہ کافر سے لامحالہ اخف (ہلکا) ہے۔ مگر کافر کی بہ نسبت اس پر نکیر زیادہ کی جائے گی۔ کیونکہ کافر کا شر متعدی نہیں اس لئے کہ مسلمان کافر کو ٹھیٹ کافر سمجھتے ہیں۔ لہٰذا اس کے قول کو لائق التفات ہی نہیں سمجھیں گے۔.....الخ۔

ردالمختار جلد3 صفحہ 298 میں قرامطہ کے بارے میں لکھا ہے کہ: ''ونقل عن علماء المذاهب الأربعة أنه لا يحل إقرارهم فی ديار الإسلام بجزية ولا غيرها، ولا تحل مناكحتهم ولا ذبائحهم ..... والحاصل أنهم يصدق عليهم اسمُ الزنديق والمنافق والملحد. ولا يخفى أن إقرارهم بالشهادتين مع هذا الاعتقاد الخبيث لا يجعلهم فی حكم المرتد لعدم التصديق، ولا يصح إسلام أحدهم ظاهراً إلا بشرط التبري عن جميع ما يخالف دين الإسلام ،لأنهم يدعون الإسلام ويقرو ن بالشهادتين وبعد الظفر بهم لا تقبل توبتهم أصلاً..... الخ۔

ترجمہ: ''مذاہب اربعہ سے منقول ہے کہ انہیں اسلامی ممالک میں ٹھہرانا جائز نہیں۔ نہ جزیہ لے کر نہ بغیر جزیہ کے۔ نہ ان سے شادی بیاہ جائز ہے نہ ہی ان کا ذبیحہ حلال ہے.....حاصل یہ ہے کہ ان پر زندیق منافق اور ملحد کا مفہوم

Marfat.com

پوری طرح صادق آتا ہے۔اور ظاہر ہے کہ اس خبیث عقیدہ کے باوجود ان کا کلمہ پڑھنا انہیں مرتد کا حکم نہیں دیتا۔ کیونکہ وہ تصدیق نہیں رکھتے اور ان کا ظاہری اسلام غیر معتبر ہے۔ جب تک کہ ان تمام امور سے جو دین اسلام کے خلاف ہیں، برأت کا اظہار نہ کریں۔ کیونکہ وہ اسلام کا دعویٰ اور شہادتین کا اقرار تو پہلے سے کرتے ہیں (مگر اس کے باوجود پکے بے ایمان اور کافر ہیں) اور ایسے لوگ گرفت میں آجائیں تو ان کی توبہ اصلاً قابل قبول نہیں۔"

فقہ حنفی کی معتبر کتاب معین الحکام بسلسلہ تعزیر ایک مستقل فصل میں لکھا ہے کہ:

"والتعزير لا يختص بفعل معين ولا قول معين، فقد عزّر رسول الله صلى الله عليه وسلم بالهجر، وذلک فی حق الثلاثة الذين ذكرهم الله تعالىٰ فی القرآن العظيم، فهجروا خمسين يوما لايكلمهم أحد، وقصتهم مشهورة فی الصحاح. وعزّر رسول الله صلى الله عليه وسلم بالنفی فأمر بإخراج المخنثين من المدينة ونفاهم. وكذٰلک الصحابة من بعده. ونذكر من ذلک بعض ماوردت به السنة مما قال ببعضه اصحابنا وبعضه خارج المذهب. فمنها: أمر عمر رضی الله عنه بهجر ضبيع الذی كان يسأ ل عن الذاريات وغيرها. ويأمر الناس بالتفقه فی المشكلات من القرآن، فضربه ضربا وجيعا ونفاه إلى البصرة أو الكوفة ،وأمر بهجره فكان لا يكلمه أحد حتى تاب و كتب عامل البلد إلى عمر بن الخطاب رضی الله عنه يخبره بتوبته فأذن للناس فی كلامه. ومنها: أن عمر رضی الله عنه حلق رأس نصر بن حجاج ونفاه من المدينة لما شبب النساء به فی الأشعار وخشی الفتنة به. ومنها: ما فعله عليه الصلاة والسلام بالعرنيين. ومنها: ان أبابكررضی الله عنه استشار الصحابة فی رجل ينكح كما تنكح المرأة. فأشاروا بحرقه بالنار، فكتب أبوبكر بذلک إلى خالد بن الوليد، ثم حرقهم عبدالله بن الزبير فی خلافته، ثم حرّقهم هشام بن عبدالملک. انظر الهٰداية . ومنها: أن أبابكررضی الله عنه حرّق جماعة من أهل الردّة .ومنها: أمره عليه الصلاة والسلام بكسر دنان الخمر وشق ظروفها.ومنها أمر رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم خيبر بكسر القدور التی طبخ فيها لحم الحمر الاهلية. ثم استاذنوه فی غسلها فأذن لهم. فدل على جواز الأمرين لأن العقوبة بالكسر لم تكن واجبة. ومنها: تحريق عمر ا لمكان الذی يباع فيه الخمر. ومنها تحريق عمر قصر سعد بن أبی وقاص لما احتجب فيه عن الرعية وصار يحكم فی داره. ومنها:مصادرةعمرعماله بأخذ شطر أموالهم فقسمها بينهم وبين المسلين.

Marfat.com

ومنها:أنه ضرب الذى زوّرعلى نقش خاتمه:وأخذ شيئا من بيت المال مائة، ثم ضربه فى اليوم الثانى مائة،ثم ضربه فى اليوم الثالث مائة. وبه أخذ مالک لأن مذهبه التعزير يزاد على الحد. ومنها: أن عمررضى الله عنه لما وجد مع السائل من الطعام فوق كفايته وهو يسأل. أخذ ما معه وأطعمه إبل الصدقة وغير ذلک مما يكثر تعداده. وهذه قضايا صحيحة معروفة..... ألخ. (جلد3 صفحه75) ولا بأس بأن يبيع المسلمون من المشركين ما بدالهم من الطعام والثياب وغير ذلک ،إلا السلاح والكراع والسبى سواء دخلوا إليهم بأمان أو بغير أمان. لأنهم يتقوون بذلک على قتال المسلمين ،ولا يحل للمسلمين اكتساب سبب تقويتهم علٰى قتال المسلمين، وهذا المعنىٰ لا يوجد فى سائر الأمتعة. ثم هذا الحكم إذا لم يحاصروا حصناً من حصونهم فأما إذا حاصرو احصناً من حصونهم فلا ينبغى لهم أن يبيعوا من أهل الحصن طعاماً ولا شراباً ولا شيئًايقويهم علٰى المقام، لانهم إنما حاصروهم لينفد طعامهم وشرابهم حتٰى يعطوا بأيديهم ويخرجوا علٰى حكم اللّٰه تعالىٰ، ففي بيع الطعا م وغيره منهم اكتساب سبب تقويتهم علٰى المقام فى حصنهم، بخلاف ما سبق فإن أهل الحرب في دارهم يتمكنون من اكتساب ما يتقوون به على المقام ،لا بطريق الشراء من المسلمين فأما أهل الحصن لا يتمكنون من ذٰلک بعد ما أحاط المسلمون بهم ،فلا يحل لأ حد من المسلمين أن يبيعهم شيئًا من ذٰلک. ومن فعله فعلم به الإمام أدبه على ذٰلک لارتكابه مالا يحل."

ترجمہ: ''اورتعزیر کسی معین فعل یا معین قول کے ساتھ مختص نہیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تین حضرات کو(جوغزوۂ تبوک میں پیچھے رہ گئے تھےاور) جن کا واقعہ اللہ نے قرآن عظیم میں ذکر فرمایا ہے۔ مقاطعہ کی سزا دی تھی۔ چنانچہ پچاس دن تک ان سے مقاطعہ رہا۔ کوئی شخص ان سے بات تک نہیں کرسکتا تھا۔ ان کا مشہور قصہ صحاح ستہ میں موجود ہے۔ نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلاوطنی کی سزا بھی دی۔ چنانچہ مخنثوں کو مدینہ سے نکالنے کا حکم دیا اورانہیں شہر بدر کردیا۔ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی مختلف تعزیزات جاری کیں۔ ہم ان میں سے بعض کو جو احادیث کی کتابوں میں وارد ہیں یہاں ذکر کرتے ہیں۔ ان میں سے بعض کے ہمارے اصحاب قائل ہیں اور بعض پر دیگر ائمہ نے عمل کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ضبیع نامی ایک شخص کو مقاطعہ کی سزا دی۔ یہ شخص ''الذاریات'' وغیرہ کی تفسیر پوچھا کرتا تھا۔ اور لوگوں کو فہمائش کیا کرتا تھا کہ وہ مشکلات قرآن میں تفقہ پیدا کریں۔

Marfat.com

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی سخت پٹائی کی اور اسے بصرہ یا کوفہ جلا وطن کر دیا اور اس سے مقاطعہ کا حکم فرمایا۔ چنانچہ کوئی شخص اس سے بات۔۔۔۔تک نہیں کرتا تھا۔ یہاں تک کہ وہ تائب ہوا اور وہاں کے گورنر نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کے تائب ہونے کی خبر لکھ بھیجی۔ تب آپ نے لوگوں کو اجازت دی کہ اس سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نصر بن حجاج کا سر منڈوا کر اسے مدینہ سے نکال دیا تھا جب کہ عورتوں نے اشعار میں اس کی تشبیب شروع کر دی تھی اور فتنہ کا اندیشہ لاحق ہو گیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ عرنیہ کے افراد کو جو سزا دی (اس کا قصہ صحاح میں موجود ہے) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں جو بدفعلی کراتا تھا صحابہ سے مشورہ کیا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے مشورہ دیا کہ اسے آگ میں جلا دیا جائے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو یہ حکم لکھ بھیجا۔ بعد ازاں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور ہشام بن عبدالملکؒ نے بھی اپنے اپنے دور خلافت میں اس قماش کے لوگوں کو آگ میں ڈالا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مرتدین کی ایک جماعت کو آگ میں جلایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کے مٹکے توڑنے اور اس کے مشکیزے پھاڑ دینے کا حکم فرمایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن ان ہانڈیوں کو توڑنے کا حکم فرمایا جن میں گدھوں کا گوشت پکایا گیا تھا۔ پھر صحابہ کرامؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی کہ انہیں دھو کر استعمال کر لیا جائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دے دی۔ یہ واقعہ دونوں باتوں کے جواز پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ ہانڈیوں کو توڑ ڈالنے کی سزا واجب نہیں تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس مکان کو جلا دینے کا حکم فرمایا جس میں شراب کی خرید و فرخت ہوتی تھی۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے جب رعیت سے الگ تھلگ اپنے گھر ہی میں فیصلہ کرنا شروع کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کا مکان جلا ڈالا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے عمال کے مال کا ایک حصہ ضبط کر کے مسلمانوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک شخص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مہر پر جعلی مہر بنوالی تھی اور بیت المال سے کوئی چیز لے لی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے سو درے لگائے۔ دوسرے دن پھر سو درے لگائے اور تیسرے دن بھی سو درے لگائے۔ امام ملکؒ نے اسی کو لیا ہے۔ چنانچہ ان کا مسلک ہے کہ تعزیر کی مقدار ''حد'' سے زائد بھی ہو سکتی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب ایک سائل ایسا دیکھا جس کے پاس قدر کفایت سے زائد غلہ موجود تھا چھین کر صدقہ کے اونٹوں کو کھلا دیا۔ ان کے علاوہ اس نوعیت کے اور بھی بہت سے واقعات ہیں اور صحیح اور معروف فیصلے ہیں۔ اور شرح سیر کبیر، جلد 3 صفحہ 75 میں ہے۔ اور کوئی مضائقہ نہیں کہ مسلمان کافروں کے ہاتھ غلہ اور کپڑا وغیرہ فروخت کریں۔ مگر جنگی سامان اور گھوڑے اور قیدی فروخت کرنے کی اجازت نہیں۔ خواہ وہ امن لے کر ان کے پاس آئے ہوں یا بغیر امان کے۔ کیونکہ ان چیزوں کے ذریعہ مسلمانوں کے مقابلے میں ان کو جنگی قوت حاصل

Marfat.com

ہوگی۔اور مسلمانوں کے لئے ایسی کوئی چیز حلال نہیں جو مسلمانوں کے مقابلہ میں کافروں کو تقویت پہنچانے کا سبب بنے اور یہ علت دیگر سامان میں نہیں پائی جاتی۔پھر یہ حکم جب ہے جبکہ مسلمانوں نے ان کے کسی قلعہ کا محاصرہ نہ کیا ہوا ہو۔لیکن جب اُنہوں نے ان کے کسی قلعہ کا محاصرہ کیا ہوا ہو تو ان کے لئے مناسب نہیں کہ اہل قلعہ کے ہاتھ غلہ یا پانی یا کوئی ایسی چیز فروخت کریں جو ان کے قلعہ بند رہنے میں مدد ومعاون ثابت ہو۔کیونکہ مسلمانوں نے ان کا محاصرہ اسی لئے تو کیا ہے کہ ان کا رسد اور پانی ختم ہو جائے۔اور وہ اپنے کو مسلمانوں کے سپرد کر دیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم پر باہر نکل آئیں۔پس ان کے ہاتھ غلہ وغیرہ بیچنا ان کے قلعہ بند رہنے میں تقویت کا موجب ہوگا۔بخلاف گزشتہ بالا صورت کے کیونکہ اہل حرب اپنے ملک میں ایسی چیزیں حاصل کر سکتے ہیں جن کے ذریعہ وہاں قیام پذیر رہ سکیں۔انہیں مسلمانوں سے خریدنے کی ضرورت نہیں لیکن جو کافر کہ قلعہ بند ہوں اور مسلمانوں نے ان کا محاصرہ کر رکھا ہو وہ مسلمانوں کے کسی فرد سے ضروریات زندگی نہیں خرید سکتے۔لہٰذا کسی بھی مسلمان کو حلال نہیں کہ ان کے ہاتھ کسی قسم کی کوئی چیز فروخت کرے۔جو شخص ایسی حرکت کرے اور امام کو اس کا علم ہو جائے تو امام اسے تادیب اور سرزنش کرے۔کیونکہ اس نے غیر حلال فعل کا ارتکاب کیا ہے۔

مذکورہ بالا نصوص اور فقہاء اسلام کی تصریحات سے حسب ذیل اصول ونتائج منقع ہو کر سامنے آجاتے ہیں۔

1..... کفار محاربین سے دوستانہ تعلقات ناجائز اور حرام ہیں جو شخص ان سے ایسے روابط رکھے وہ گمراہ اور ظالم اور مستحق عذاب الیم ہے۔

2..... جو کافر مسلمانوں کے دین کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ان کے ساتھ معاشرتی تعلقات نشست وبرخاست وغیرہ بھی حرام ہے۔

3..... جو کافر مسلمانوں سے برسر پیکار ہوں۔ان کے محلے میں ان کے ساتھ رہنا بھی ناجائز ہے۔

4..... مرتد کو سخت سے سخت سزا دینا ضروری ہے۔اس کی کوئی انسانی حرمت نہیں۔یہاں تک کہ اگر پیاس سے جان بلب ہو کر تڑپ رہا ہو تب بھی اسے پانی نہ پلایا جائے۔

5..... جو کافر مرتد اور باغی مسلمانوں کے خلاف ریشہ دوانیوں میں مصروف ہوں۔ان سے خرید وفروخت اور لین دین ناجائز ہے۔جبکہ اس سے ان کو تقویت حاصل ہوتی ہو۔بلکہ ان کی اقتصادی ناکہ بندی کر کے ان کی جارحانہ قوت کو مفلوج کر دینا واجب ہے۔

6..... مفسدوں سے اقتصادی مقاطعہ کرنا ظلم نہیں۔بلکہ شریعت اسلامیہ کا اہم ترین حکم اور اسوۂ رسول صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وسلم ہے۔

7..... اقتصادی اور معاشرتی مقاطعہ کے علاوہ مرتدوں، موذیوں اور مفسدوں کو یہ سزائیں بھی دی جاسکتی ہیں۔قتل کرنا، شہر بدر کرنا، ان کے گھروں کو ویران کرنا، ان پر ہجوم کرنا وغیرہ۔

8..... اگر محارب کافروں اور مفسدوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ان کی عورتیں اور بچے بھی تبعاً اس کی زد میں آجائیں تو اس کی پروا نہیں کی جائے گی۔ہاں اصالتہً عورتوں اور بچوں پر ہاتھ اُٹھانا جائز نہیں۔

9..... ان لوگوں کے خلاف مذکورہ بالا اقدامات کرنا دراصل اسلامی حکومت کا فرض ہے لیکن اگر حکومت اس میں کوتاہی کرے تو خود مسلمان بھی ایسے اقدامات کرسکتے ہیں جو ان کے دائرہ اختیار کے اندر ہوں۔مگر انہیں کسی ایسے اقدام کی اجازت نہیں جس سے ملکی امن میں خلل وفساد کا اندیشہ ہو۔

10..... مکمل مقاطعہ صرف کافروں اور مفسدوں سے ہی جائز نہیں۔بلکہ کسی سنگین نوعیت کے معاملہ میں ایک مسلمان کو بھی یہ سزا دی جاسکتی ہے۔

11..... زندیق اور ملحد جو بظاہر اسلام کا کلمہ پڑھتا ہو مگر اندرونی طور پر خبیث عقائد رکھتا ہو اور غلط تاویلات کے ذریعے اسلامی نصوص کو اپنے عقائد خبیثہ پر چسپاں کرتا ہو۔اس کی حالت کافر اور مرتد سے بھی بدتر ہے کہ کافر اور مرتد کی توبہ بالاتفاق قابل قبول ہے۔مگر بقول شامی زندیق کا نہ اسلام معتبر ہے نہ کلمہ۔نہ اس کی توبہ قابل التفات ہے۔الا یہ کہ وہ اپنے تمام عقائد خبیثہ سے برات کا اعلان کرے۔

ان اصول کی روشنی میں قادیانی/مرزائی فرد یا جماعت کی حیثیت اور ان سے اقتصادی ومعاشی اور معاشرتی وسیاسی مقاطعہ یا مکمل سوشل بائیکاٹ کا شرعی حکم بالکل واضح ہوجاتا ہے۔

Marfat.com

قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ پر بریلوی مکتبہ فکر کا مئوقف

حدود وقصاص کا قائم کرنا حکومت کا کام ہے رعایا کا کام نہیں لیکن اگر معاشرہ میں بگاڑ پیدا ہو جائے کچھ افراد جرائم ومعاصی کا ارتکاب کرنے لگ جائیں تو ان کو درست اور سیدھا کرنے کے لیے معاشرہ کو برائیوں سے پاک صاف رکھنے کے لیے جرائم پیشہ افراد سے قطع تعلقی (بائیکاٹ) کرنا ان کے ساتھ میل جول لین دین ترک کر دینا ان سے رشتہ ناطہ نہ کرنا ان کی تقریبات شادی غمی میں شریک نہ ہونا ان کو اپنی تقریبات میں شامل نہ کرنا نہایت ہی پُر امن بے ضرر اور مئوثر ذریعہ ہے۔ آج سے تقریباً نصف صدی پہلے تک ہر زمانہ کے مسلمان اسی بائیکاٹ کے ذریعہ اصلاحِ معاشرہ کرتے چلے آئے ہیں چنانچہ شرح مشکوٰۃ میں ہے۔ **وھکذا کان دأب الصحابة ومن بعدھم من المؤمنین فی جمیع الازمان فانھم کانوا یقاطعون من حاد اللّٰہ ورسولہ مع حاجتھم الیہ وآثروا رضا اللّٰہ تعالی علی ذلک.** (مرقات شرح مشکوٰۃ جلد نمبر 10 صفحہ 290) ''یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے بعد والے ہر زمانہ کے ایمان والوں کی یہ عادت رہی ہے کہ وہ خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالفوں دشمنوں کے ساتھ بائیکاٹ کرتے رہے۔ حالانکہ ان ایمانداروں کو دنیوی طور پر ان مخالفوں کی احتیاج بھی ہوتی تھی لیکن وہ مسلمان خدا تعالیٰ کی رضا کو ترجیح دیتے ہوئے بائیکاٹ کرتے تھے خدا تعالیٰ مسلمانوں کو اپنی رضا جوئی کی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔'' (آمین)

یہ بائیکاٹ قرآن وحدیث کے عین مطابق ہے بلکہ سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عملی طور پر بھی اس کو نافذ فرمایا۔ جب غزوۂ خیبر میں یہودیوں کا محاصرہ کیا اور یہودی قلعہ میں محصور ہو گئے اور کئی دن گزر گئے تو ایک یہودی آیا اور اس نے کہا اے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ مہینہ بھر ان کا محاصرہ رکھیں تو ان کو پروا نہیں کیونکہ ان کے قلعہ کے نیچے پانی ہے وہ رات کے وقت قلعہ سے اترتے ہیں اور پانی پی کر واپس چلے جاتے ہیں تو اگر آپ ان کا پانی بند کر دیں تو جلدی کامیابی ہوگی۔ اس پر سیّد دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا پانی بند کر دیا تو وہ مجبور ہو کر قلعہ سے اتر آئے۔ **فسار رسول اللّٰہ ﷺ الیٰ مائھم فقطعہ علیھم فلما قطع علیھم خرجوا.** (زاد المعاد ابن قیم جلد 3 صفحہ 234 علی حامش مواہب للزرقانی جلد 4 صفحہ 205)

Marfat.com

اورایک مرتبہ جبکہ حضرت سیدنا کعب بن مالک رضی اللہ عنہ صحابی اوران کے ساتھی دو اور صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہم غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ گئے۔ واپسی پر سید دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب طلبی فرمائی اور تمام مسلمانوں کو حکم دیا کہ ان تینوں کے ساتھ بات چیت ترک کردی جائے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ونھی النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن کلامی و کلام صاحبی (صحیح بخاری ص675 جلد2 باب وعلی الثلاثۃ الذین خلفوا حتی اذا الخ) ''یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ اور میرے دوساتھیوں کے ساتھ بات چیت کرنے سے منع فرمادیا۔''

فاجتنب الناس کلامنا (صحیح بخاری صفحہ 675ج2 باب وعلی الثلاثۃ الذین خلفوا حتی اذا الخ) ہمارے ساتھ کوئی بھی بات نہ کرتا تھا۔ اوراس بائیکاٹ کا اثر یہ ہوا کہ زمین باوجود وسیع ہونے کے ان پر تنگ ہوگئی بلکہ وہ اپنی جانوں سے بھی تنگ آ گئے۔ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ (توبہ:118) یہ بائیکاٹ جب چالیس دن تک پہنچا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اب ان کی بیویاں بھی ان سے الگ ہوجائیں۔ پھر جب پورے پچاس دن ہوگئے تو خدا تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی اوراس کا حکم بذریعہ وحی نازل فرمایا۔ (روح البیان)

تنبیہ یہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے ان سے لغزش ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ان کی لغزش کو معاف فرمایا ان کی معافی کی سند قرآن مجید میں نازل فرمائی ان کے درجات بلند کیے، لہٰذا اب کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ ان حضرات کے متعلق کوئی ادب سے گری ہوئی بات کہے یا دل میں بدگمانی رکھے، کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ ایسا کرنا سراسر ہلاکت ہے اور دین کی بربادی ہے۔ خدا تعالیٰ ادب کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

قطع تعلقی (بائیکاٹ) کے متعلق قرآن پاک میں ہے

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ (ھود:113)

یعنی ظالموں کی طرف میلان نہ کرو ورنہ تمھیں نار جہنم پہنچے گی۔

نیز قرآن پاک میں ہے فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (انعام:68)

یعنی یاد آنے کے بعد ظالموں کے پاس نہ بیٹھو۔

اورحدیث پاک میں ہے عن عبداللّٰہ بن مسعود رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم لما وقعت بنو اسرائیل فی المعاصی فنھتھم علمائھم فلم ینتھوا فجالسوھم فی

Marfat.com

مجالسهم واكلوهم وشاربوهم فضرب الله قلوب بعضهم على بعض ولَعَنَهم على لسان داؤد وعيسى بن مريم ذالک بما عصوا و كانوا يعتدون قال فجلس رسول الله صلى الله عليه وسلم وكان متكئا فقال لا والذى نفسى بيده حتى تاطرو هم اطرا.

(ترمذی شریف جلد2 صفحہ 135 باب تفسیر من سورۃ المائدہ)

''یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بنی اسرائیل گناہوں میں مبتلا ہوئے تو ان کو ان کے علماء نے منع کیا مگر وہ باز نہ آئے پھر ان علماء نے ان کے ساتھ ان کی مجلسوں میں بیٹھنا شروع کر دیا اور ان کے ساتھ کھاتے پیتے رہے، (بائیکاٹ نہ کیا) تو خدا تعالیٰ نے ان کو ایک دوسرے کے دلوں پر مار دیا اور حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی ان پر لعنت بھیجی کیونکہ وہ نافرمانی کرتے حد سے بڑھ گئے تھے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ لگائے تشریف فرما تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کر بیٹھ گئے اور فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ جرائم پیشہ لوگوں کو روک لو۔''

مذکورہ بالا بائیکاٹ کا حکم ایسے لوگوں کے متعلق ہے جو عملی طور پر جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں لیکن جو لوگ دین کے ساتھ دشمنی کریں اور خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان و عظمت پر حملے کریں جیسے قادیانی / مرزائی گروہ، ایسے بد مذہبوں کے لیے سخت حکم ہے ان کے ساتھ بائیکاٹ نہ کرنا، میل میلاپ، محبت دوستی کرنا سخت حرام ہے۔ اگرچہ وہ ماں باپ ہوں یا بیٹے بیٹیاں ہوں بہن بھائی کنبہ برادری ہو۔ قرآن پاک میں ہے۔

يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا آبَاءَكُمْ وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاءَ إِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْإِيمَانِ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ (التوبہ:23)

یعنی اے ایمان والو! اگر تمہارے باپ دادا اور تمہارے بہن بھائی ایمان پر کفر کو پسند کریں تو ان سے محبت و دوستی نہ کرو اور جو تم میں سے ان کے ساتھ دوستی کرے گا وہ ظالموں میں سے ہوگا۔'' نیز قرآن پاک میں ہے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ ۖ وَيُدْخِلُهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ ۚ أُولَٰئِكَ حِزْبُ اللَّهِ ۚ أَلَا إِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (سورۃ المجادلہ:22)

''یعنی تم نہ پاؤ گے کسی ایسی قوم کو جو خدا تعالیٰ پر اور آخرت پر ایمان رکھتے ہوں وہ دوستی کریں ایسے لوگوں سے جو دشمنی اور

Marfat.com

مخالفت کریں اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اگرچہ وہ دشمنی کرنے والے ان کے باپ ہوں یا بیٹے ہوں بھائی ہوں یا کنبہ برداری ہو۔ ایسے ایمان والوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان نقش فرمادیا ہے اور ان کی روح سے مدد فرماتا ہے اور انہیں بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ ان بہشتوں میں وہ ہمیشہ رہیں گے، خدا تعالیٰ ان سے راضی وہ خدا سے راضی یہ لوگ خدا تعالیٰ کی جماعت ہیں اور خدا تعالیٰ کی جماعت ہی دونوں جہاں میں کامیاب ہے۔''

آیت مذکورہ کا مفہوم یہ ہے کہ خدا تعالیٰ پر ایمان اور اس کے رسول کے دشمنوں کے ساتھ دوستی یہ دونوں چیزیں اکٹھی ہو ہی نہیں سکتیں چنانچہ تفسیر روح المعانی میں ہے۔

والکلام علی مافی الکشاف من باب التخییل خیل أن من الممتنع المحال أن تجد قوما مؤمنین یوادّون المشرکین (روح المعانی جلد 28 صفحہ 35) ''یعنی آیت مبارکہ میں تصور دلایا گیا ہے کہ کوئی قوم مومن بھی ہو اور کفار و مشرکین کے ساتھ اس کی دوستی و محبت بھی ہو یہ محال و ممتنع ہے۔'' نیز اسی میں ہے۔

مبالغة فی النهی عنه والزجر عن ملابسته والتصلب فی مجانبة أعداء اللّٰه تعالیٰ۔

(روح المعانی جلد 28 صفحہ 35)

یعنی آیت مذکورہ میں خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کے ساتھ محبت و دوستی کرنے سے مبالغہ کے ساتھ منع فرمایا اور ایسا کرنے والوں کے لئے زجر و توبیخ ہے اور خدا تعالیٰ کے دشمنوں سے الگ رہنے کی پختگی بیان کی گئی ہے۔ خدا تعالیٰ جل مجدہ نے اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کے دلوں میں ایسا ایمان نقش کر دیا تھا کہ ان کی نظروں میں حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں کسی کی کوئی وقعت ہی نہ تھی خواہ وہ باپ ہو کہ بیٹا بھائی ہو کہ بہن چنانچہ سیدنا امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ ابوقحافہ کی زبان سے سید دو عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان میں گستاخی سنی تو اس کو ایسا مکا رسید کیا کہ وہ گر گیا جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا **أفعلت یا أبا بکر** اے ابوبکر آپ نے ایسا کیا ہے؟ عرض کی کہ ہاں یارسول اللہ **قال لا تعد، قال: واللّٰه لو کان السیف قریباً منی لضربته** (روح المعانی نمبر 28 صفحہ 37) ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خدا تعالیٰ کی قسم اگر میرے قریب تلوار ہوتی تو میں اس کو مار دیتا، اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی (روح المعانی) اور سیدنا ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ کے منہ سے اپنے محبوب آقا کی شان میں کوئی ناپسندیدہ بات سنی تو اسے منع کیا وہ باز نہ آیا تو انھوں نے باپ کو قتل کر دیا جیسے روح المعانی میں ہے۔

Marfat.com

عن انس قال کان أی أبوعبیدة قتل أباه وهو من جملة أساری بدر بیده لما سمع منه فی رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم مایکره ونهاه فلم ینته۔ (روح المعانی جلد 28 صفحہ 37)

یوں ہی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنے ماموں عاص بن ہشام کو بدر کے دن اپنے ہاتھ سے قتل کر دیا اور حضرت مولیٰ علی شیر خدا رضی اللہ عنہ اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے عتبہ شیبہ کو قتل کر دیا اور حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی عبید بن عمیر کو اپنے ہاتھ سے قتل کر دیا۔

خدا تعالیٰ ان پاک روحوں پر لاکھوں، کروڑوں، اربوں، کھربوں رحمتیں نازل فرمائے، جنھوں نے امت کو عشق مصطفیٰ کا درس دیا اور یہ ثابت کر دیا کہ ناموس مصطفےٰ کے سامنے سب ہیچ ہیں۔ حضور رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وعظمت کے سامنے نہ کسی استاد کی عزت ہے نہ کسی پیر کا تقدس رہ جاتا ہے نہ ماں باپ کا وقار نہ بیوی بچوں کی محبت آڑے آتی ہے نہ مال ودولت ہی رکاوٹ بن سکتی ہے۔ **سبحان من کتب الایمان فی قلوب المومنین وایدهم بروح منه۔**

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عشق ومحبت ہی کی بنا پر خدا تعالیٰ نے ان کے جذبات کی تعریف فرمائی ہے اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ (الفتح: 29) یعنی وہ کافروں دشمنوں پر بڑے ہی سخت ہیں اور آپس میں رحم دل ہیں بلکہ اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ خدا جل جلالہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کے ساتھ دشمنی اور شدت کی مقدار پر ہی عشق ومحبت کا نکھار ہوتا ہے جو شخص محبت کا دعویٰ تو کرے لیکن محبوب کے دشمنوں کے ساتھ بغض وعداوت نہ رکھے وہ محبت میں سچا نہیں ہے وہ محبت محبت ہی نہیں ہے بلکہ وہ بربریت ہے دھوکہ ہے فریب ہے الحاصل خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دوستوں کے ساتھ دوستی اور ان کے دشمنوں کے ساتھ دشمنی افضل الاعمال ہیں۔ حدیث پاک میں ہے۔ **افضل الاعمال الحب فی اللّٰه والبغض فی اللّٰه** (ابوداؤد شریف جلد 2 صفحہ 164 باب **حجانبه اهل الاهوأ**)۔ یعنی عملوں میں سے افضل ترین عمل خدا تعالیٰ کے دوستوں سے محبت کرنا اور خدا تعالیٰ کے دشمنوں سے دشمنی کرنا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دربار الٰہی میں یوں دعا کرتے ہیں۔

اللّٰهمّ اجعلنا هادین مهتدین غیر ضالین ولا مضلّین سلما لا ولیئک وعدوّالا عدائک نحب بحبک من احبّک ونعادی بعد عداو تک من خالفک اللّٰهم هذا الدّعاء وعلیک الاجابة۔

(ترمذی شریف جلد 2 صفحہ 179 باب مایقول اذا قام من اللیل)

"یا اللہ! ہم کو ہدایت دہندہ ہدایت یافتہ کر، یا اللہ ہم کو گمراہ کرنے والا نہ کر، یا اللہ ہم کو اپنے دوستوں کے ساتھ

Marfat.com

محبت و دوستی کرنے والا اور اپنے دشمنوں کے ساتھ دشمنی وعداوت رکھنے والا بنا۔ یا اللہ ہم تیری محبت کی وجہ سے تیرے دوستوں سے محبت کرتے ہیں اور تیرے دشمنوں کے ساتھ ان کی عداوت کی وجہ سے ہم ان سے عداوت رکھتے ہیں۔ یا اللہ یہ ہماری دعا ہے اسے قبول فرما۔"

ان ارشادات عالیہ کو وہ مصلح کلی حضرات آنکھیں کھول کر دیکھیں جو لوگ بے سوچے سمجھے جھٹ کہہ دیتے ہیں کہ حضور تو کافروں کو بھی گلے لگاتے تھے۔ ان حضرات سے سوال ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خدا تعالیٰ کے ارشاد مبارک يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ (التوبۃ : 73) کے مطابق حکم الہیٰ کی تعمیل کرتے تھے یا نہیں۔ ہر مسلمان کا ایمان ہے کہ احکام خداوندی کی تکمیل سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی نہیں کرسکتا اور نہ کسی نے کی ہے۔ بنابریں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی شریف سے منافقوں کا نام لے لے کر نکال دیا۔ سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

"قام رسول صلى الله عليه وسلم يوم جمعة خطيبا فقال قم يا فلان فأخرج فانک منافق أخرج يا فلان فانک منافق فأخرجهم بأسمائهم ففضحهم ولم يک عمر بن الخطاب شهد تلک الجمعة لحاجة كانت له فلقيهم وهم يخرجون من المسجد فاختبأ منهم استحياء أنه لم يشهد الجمعة وظن أن الناس قد انصرفوا و اختبأوا هم منه وظنوا أنه قد علم بأمرهم فدخل المسجد فاذا الناس لم ينصرفوا فقال له رجل: أبشر يا عمر فقد فضح الله تعالى المنافقين اليوم۔ (تفسیر روح المعانی جلد 11 صفحہ 10، تفسیر مظہری جلد 4 صفحہ 289، تفسیر ابن کثیر جلد 2 صفحہ 384، تفسیر خازن جلد 3 صفحہ 125 تفسیر بغوی علی الخازن جلد 3 صفحہ 115 تفسیر روح البیان جلد 3 صفحہ 493)

"یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن جب خطبہ کے لئے کھڑے ہوئے تو فرمایا اے فلاں تو منافق ہے لہٰذا مسجد سے نکل جا۔ اے فلاں تو بھی منافق ہے مسجد سے نکل جا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی منافقوں کے نام لے کر نکالا اور ان کو سب کے سامنے رسوا کیا۔ اس جمعہ کو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ابھی مسجد شریف میں حاضر نہیں ہوئے تھے کسی کام کی وجہ سے دیر ہوگئی تھی جب وہ منافق مسجد سے نکل کر رسوا ہو کر جا رہے تھے تو فاروق اعظم رضی اللہ عنہ شرم سے چھپ رہے تھے کہ مجھے تو دیر ہوگئی ہے، شاید جمعہ ہو گیا لیکن منافق فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے اپنی رسوائی کی وجہ سے چھپ رہے تھے پھر جب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے تو ابھی جمعہ نہیں ہوا تھا۔ بعد میں ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے کہا اے عمر رضی اللہ عنہ تجھے خوشخبری ہو کہ آج خدا تعالیٰ نے منافقوں کو رسوا کر دیا ہے۔" اور سیرت ابن

Marfat.com

ہشام میں عنوان قائم کیا ہے۔طرد المنافقین من مسجد رسول اللہ تعالی علیہ وسلم (سیرت ابن ہشام جلد 1 صفحہ 528)اوراس کے تحت فرمایا کہ منافق لوگ مسجد میں آتے اور مسلمانوں کی باتیں سن کر ٹھٹھے کرتے ، دین کا مذاق اڑاتے تھے ایک دن کچھ منافق مسجد نبوی شریف میں اکٹھے بیٹھے تھے اور آہستہ آہستہ آپس میں باتیں کررہے تھے ایک دوسرے کے ساتھ قریب قریب بیٹھے تھے۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھ کر کہافامر بھم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فأخرجوا من المسجد إخراجا عنیفا ۔(سیرت ابن ہشام جلد 1 صفحہ 528)رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ان منافقوں کو سختی سے نکال دیا جائے اس ارشاد پر حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ، خالد بن زید رضی اللہ عنہ اٹھ کھڑے ہوئے اور عمر بن قیس کو ٹانگ سے پکڑ کر گھسیٹتے گھسیٹتے مسجد سے باہر پھینک دیا۔ پھر حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے رافع بن ودیعہ کو پکڑا اس کے گلے میں چادر ڈال کر خوب بھینچا اور اس کے منہ پر طمانچہ مارا اور اس کو مسجد سے نکال دیا اور ساتھ ساتھ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے جاتے اف لک منافقا خبیثا (سیرت ابن ہشام جلد 1 صفحہ 528)ارے خبیث منافق تجھ پر افسوس ہے۔اے منافق، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد سے نکل جا اور ادھر حضرت عمارہ بن حزم رضی اللہ عنہ نے زید بن عمرو کو داڑھی سے پکڑ ازور سے کھینچا اور کھینچتے کھینچتے مسجد سے نکال دیا اور پھر اس کے سینے پر دونوں ہاتھوں سے تھپڑ مارا کہ وہ گر گیا اس منافق نے کہا اے عمارہ رضی اللہ عنہ تو نے مجھے بہت عذاب دیا ہے تو صحابی حضرت عمارہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، خدا تجھے دفع کرے جو خدا تعالیٰ نے تیرے لئے عذاب تیار کیا ہے وہ اس سے بھی سخت تر ہے۔فلا تقربن مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (سیرت ابن ہشام جلد 1 صفحہ 529) آئندہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کے قریب نہ آنا۔

اور بنونجار قبیلہ کے دو صحابی ابومحمد رضی اللہ عنہ جو کہ بدری صحابی تھے اور ابومحمد مسعود رضی اللہ عنہ نے قیس بن عمرو کو جو کہ منافقین میں سے نوجوان تھے گدی پر مارنا شروع کیا حتیٰ کہ مسجد سے باہر نکال دیا۔اور حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے جب سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقوں کے نکال دینے کا حکم دیا ہے، حارث بن عمر کو سر کے بالوں سے پکڑ کر زمین پر گھسیٹتے گھسیٹتے مسجد سے باہر نکال دیا۔وہ منافق کہتا تھا اے ابن حارث رضی اللہ عنہ تو نے مجھ پر بہت سختی کی ہے تو انہوں نے جواب میں فرمایا اے خدا کے دشمن تو اسی لائق ہے تو نجس ہے پلید ہے آئندہ مسجد کے قریب نہ آنا۔ادھر ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی زوی بن حارث کو سختی سے نکال کر فرمایا افسوس کہ تجھ پر شیطان کا تسلط ہے۔(سیرت ابن ہشام جلد 1 صفحہ 529)

نیز خدا تعالیٰ نے مسلمانوں کو ارشاد فرمایا کہ تم ابراہیم علیہ السلام کی پیروی میں خدا تعالیٰ اور اس کے حبیب صلی

Marfat.com

اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں سے ہمیشہ نفرت اور بیزاری رکھو، ارشاد ہے۔

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ ۚ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ ۖ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ

(سورۃ ممتحنہ:4)

''یعنی اے ایمان والو! تمہارے لئے ابراہیم علیہ السلام اور ان کے ماننے والوں میں اچھی پیروی ہے۔ جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ ہم تم سے اور تمہارے بتوں سے بیزار ہیں، ہم انکاری ہیں اور ہمارے تمہارے درمیان جب تک تم خداوحدہ پر ایمان نہ لاؤ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دشمنی ٹھن گئی ہے۔''

اور تفسیر روح المعانی میں حدیث قدسی منقول ہے۔ یقول اللّٰہ تبارک وتعالیٰ و عزتی لا ینال رحمتی من لم یوال أولیائی ویعاد أعدائی۔ (صفحہ 35 جز 28) ''یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مجھے میری عزت کی قسم جو شخص میرے دوستوں کے ساتھ دوستی نہیں کرتا اور میرے دشمنوں کے ساتھ دشمنی نہیں کرتا وہ میری رحمت حاصل نہیں کرسکتا۔''

اور درۃ الناصحین میں علامہ خوبویؒ نے ایک حدیث پاک ذکر کی ہے۔ وروی عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم انہ قال اوحی اللّٰہ تعالی الی موسیٰ علیہ السّلام قال یاموسیٰ ھل عملت لی عملا قط قال الھی صلیت لک وصمت لک وتصدقت لک وذکرت لک فقال اللّٰہ تعالیٰ یا موسی ان الصلوۃ لک برھان والصوم لک جنۃ والصدقۃ لک ظل والذکر لک نور فای عمل عملت لی فقال دلّنی علی عمل ھو لک قال یا موسی ھل والیت لی ولیا وھل عادیت لی عدوا. فعلم ان احب الا عمال الی اللّٰہ تعالیٰ الحب في اللّٰہ والبغض فی اللّٰہ. (درۃ الناصحین صفحہ 210) ''یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کی طرف وحی بھیجی اے موسیٰ تو نے میرے لئے بھی کوئی عمل کیا ہے۔ موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام نے عرض کی یا اللہ میں نے تیرے لئے نماز پڑھی خدا تعالیٰ نے فرمایا نماز تو تیرے لیے ہی برھان بنے گی۔ عرض کی یا اللہ میں نے تیرے لئے روزے رکھے۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ روزہ تو تیرے ہی لیے ڈھال بنے گا۔ پھر عرض کی میں نے تیرے لئے صدقہ دیا خدا تعالیٰ نے فرمایا صدقہ تو تیرے ہی لئے سایہ بنے گا۔ عرض کی میں نے تیرے لئے تیرا ذکر کیا۔ فرمایا اے موسیٰ ذکر تو تیرے ہی لئے نور ہوگا۔ بتا تو نے میرے لئے کون سا عمل کیا ہے موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی میرے پروردگار تو ہی بتادے کہ وہ کونسا عمل ہے جو تیرے

Marfat.com

لئے ہو۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا اے پیارے موسیٰ کیا تو نے میرے دوستوں کے ساتھ محبت و دوستی کی ہے اور کیا تو نے میرے دشمنوں کے ساتھ دشمنی کی ہے (پس معلوم ہوا کہ اعمال میں سب سے بہترین عمل اللہ کے نزدیک اللہ ہی کے واسطے کسی سے محبت کرنا اور اللہ ہی کے لیے کسی سے دشمنی کرنا ہے)۔'' اسی طرح کا ایک واقعہ ایک ولی اللہ کے ساتھ پیش آیا۔ جیسا کہ تفسیر روح البیان جلد 4 صفحہ 378 پر ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ کے دربار میں خدا تعالیٰ کے دوستوں کے ساتھ محبت کرنا جتنا مقبول محبوب عمل ہے اتنا ہی خدا تعالیٰ کے دشمنوں کے ساتھ دشمنی وعداوت رکھنا مقبول ومحبوب عمل ہے نیز خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کی محبت اور ان کے دشمنوں جیسے قادیانی / مرزائی گستاخوں کی محبت آپس میں ضدیں ہیں یہ دونوں بیک وقت ایک دل میں جمع نہیں ہوسکتیں۔

مخدوم الاولیاء سیدنا امام ربانی خواجہ مجدد الف ثانی سرہندی قدس سرہ نے فرمایا۔

دُو محبتِ متبائنہ جمع نشوند جمع ضدّین را محال گفتہ اند محبتِ یکے مستلزمِ عداوتِ دیگر است

(مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 165 دفتر اول)

یعنی دو محبتیں جو ایک دوسرے سے ضد ہوں ایک دل میں جمع نہیں ہوسکتیں کیونکہ اجتماع ضدیں محال ہے اگر خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دل میں محبت ہوگی تو خدا اور اس کے رسول کے دشمنوں کی محبت دل میں نہیں آسکتی خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کی جتنی محبت و دوستی دل میں آئے گی تو خدا و رسول (جل جلالہ وصلی اللہ علیہ وسلم) کی محبت اتنی ہی کم ہوجائے گی۔ نیز فرمایا

وعلامتِ کمالِ محبت کمالِ بغض است با اعداءِ او صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 165 دفتر اول)

یعنی تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کمالِ محبت کی یہ علامت ہے کہ سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کے ساتھ کمال بغض وعداوت ہو۔ نیز فرمایا

وباکفار کہ دشمنان خدائی عَزَّوَجَلَّ ند و دشمنانِ رسولِ وے عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہِ الصَّلَوٰتُ وَالتَّسْلِیْمَاتُ دشمن باید بود و در ذُل و خواری ایشان سعی باید نمود و بہیچ وجہ عزت نباید داد و این بیدولتان را در مجلسِ خود راہ نباید

(مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 165 دفتر اول)

یعنی کافروں کے ساتھ جو کہ خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب کے دشمن ہیں دشمنی رکھنی چاہیے اور ان کو ذلیل وخوار کرنے میں کوشش کرنی چاہیے اور کسی طرح ان کی عزت نہیں کرنی چاہیے۔ اور ان بدبختوں کو اپنی مجلس میں نہیں

Marfat.com

آنے دینا چاہیے۔

نیز فرمایا، **دررنگِ سگان ایشان را دور باید داشت** (مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر163 دفتر اول)

''یعنی خدا اور سول کے دشمنوں کو کتوں کی طرح دور رکھنا چاہیے۔''

نیز فرمایا'' **پس عزتِ اِسلام در خواریِ کُفر و اہل کفر است کسیکہ اہل کفر را عزیز داشت اہل اسلام را خوار ساخت۔**''

(مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 163 دفتر اول)

''یعنی اسلام کی عزت اسی میں ہے کہ کفر و کفار کو خوار و ذلیل کیا جائے جو شخص کفر والوں کی عزت کرتا ہے وہ حقیقت میں مسلمانوں کو ذلیل کرتا ہے۔''

نیز سید امام ربانیؒ نے فرمایا،'' **راہیکہ بجنابِ قدسِ جد بزرگوارِ شما علیہ وعلی آلہ الصلوات والتسلیمات میرساند نیست اگر باین راہ رفتہ نشود وصول بآن جناب قدس دشوار است۔**''

(مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 165 دفتر اول)

''یعنی رسول اکرم شفیع معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ تک لے جانے والا یہی ایک راستہ ہے (کہ ان کے دشمنوں کے ساتھ دشمنی رکھی جائے) اگر اس راستہ کو چھوڑ دیا جائے تو اس دربار تک رسائی مشکل ہے۔''

اور یہ بھی مسلم کہ سید اکرم نور مجسم فخر آدم صلی اللہ علیہ وسلم تک رسائی ہی دین ہے۔ ڈاکٹر سر اقبال مرحوم نے کیا خوب کہا ہے۔

بمصطفٰے برساں خویش را کہ دین ہمہ اوست

اگر باو نرسیدی تمام بولہبی ست

یعنی تو اپنے آپ کو مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک قدموں تک پہنچا دے اور اگر تو ان تک نہ پہنچ سکا تو تیرا سب کچھ ہی ابولہب ہے۔

بدمذہبوں (قادیانیوں/مرزائیوں) کے ساتھ بائیکاٹ کے متعلق چند احادیث مبارکہ بیان کی جاتی ہے۔

حدیث نمبر1: **عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يكون فى اٰخر الزمان دجالون كذابون ياتونكم من الاحاديث بما لم تسمعوا انتم ولا اٰباؤكم فاياكم واياهم لايضلونكم ولا يفتونكم.** (مسلم شریف جلد 1 صفحہ 10 باب النهى عن الرواية الخ)

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں

Marfat.com

کچھ لوگ کذاب دجال بہت جھوٹے دھوکہ باز آئیں گے۔ وہ تم سے ایسی باتیں کریں گے جو نہ تم نے سنی ہوں گی اور نہ تمہارے باپ دادا نے سنی ہوں گی لہٰذا اے میری امت تم ان کو اپنے سے بچاؤ اور اپنے آپ کو ان سے بچاؤ کہیں وہ تمھیں گمراہ نہ کر دیں کہیں وہ تمھیں فتنہ میں نہ ڈال دیں۔"

سبحان اللہ! کیا شان ہے تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نور نبوت سے پہلے ہی دیکھ لیا کہ دین کے ڈاکو آئیں گے۔ بھولے بھالے مسلمانوں کو اَن سنی اور بناوٹی باتیں سنا کر اپنے دجل وفریب سے ان کا ایمان لوٹیں گے۔ لہٰذا اس شفیق امت صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے سے ہی امت کو بچنے کی تدبیر بتائی کہ اے میری امت بے دینوں کے قریب مت بھٹکنا اور نہ ان کو اپنے قریب آنے دینا ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے۔ لیکن امت کے کچھ بے لگام افراد ہیں جو کہتے پھرتے ہیں جی صاحب ہر کسی کی بات سننی چاہیے دیکھیں بھلا کہتے کیا ہیں۔ اسی بنا پر بدمذہبوں (جیسے قادیانیوں/ مرزائیوں) کے جلسوں پر جانے والے ان کا لٹریچر پڑھنے والے ان کی تقریریں سننے والے ہزاروں لوگ گمراہ بددین ہو گئے۔ جہنم کا ایندھن بن گئے۔ **حسبنا اللّٰہ ونعم الو کیل ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم۔**

اے میرے مسلمان بھائیو ہوشیار، خبردار، ہوشیار، خبردار قادیانیوں/ مرزائیوں کے جلسوں میں مت جاؤ۔ ان کی تقریریں مت سنو! ان کے رسائل واخبارات مت پڑھو ورنہ پچھتاؤ گے۔ اگر تقریریں سنو تو اس کی جس کا دل عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے لبریز ہے۔ کتابیں اور رسالے پڑھو تو ان کے جن کے سینے عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے معمور ہیں۔ سیدنا محمد بن سیرینؒ کے متعلق منقول ہے۔ **عن اسماء بن عبید قال دخل رجلان من اصحاب الا ھواء علیٰ ابن سیرین فقالا یا ابابکر نحدثک بحدیث فقال لا فقالا فنقرء علیک آیۃ من کتاب اللّٰہ فقال لا لتقو مان علی اولا تو من قال فخر جا فقال بعض القوم یا ابوبکر وما کان علیک ان یقرا علیک آیۃ من کتاب اللّٰہ قال انی خشیت ان یقرا علی آیۃ فیقرا ذلک فی قلبی۔** "یعنی حضرت ابن سیرینؒ بیٹھے تھے کہ دو بدمذہب (اہل بدعت) آئے اور انھوں نے عرض کیا حضرت اجازت ہو تو ہم آپ کو ایک حدیث پاک سنائیں آپ نے فرمایا نہیں، پھر انہوں نے عرض کیا اجازت ہو تو ہم قرآن پاک کی آیت پڑھ کر سنائیں آپ نے فرمایا ہرگز نہیں یا تو تم یہاں سے اٹھ کر چلے جاؤ یا میں اٹھ کر چلا جاتا ہوں اس پر دونوں خائب وخاسر ہو کر چلے گئے تو کسی نے عرض کیا حضور اس میں کیا حرج تھا کہ وہ دو آدمی قرآن پاک کی کوئی آیت پاک سناتے اس پر حضرت سیدنا محمد بن سیرین قدس سرہ نے فرمایا کہ یہ دونوں بدمذہب تھے اگر یہ آیت پاک بیان کرتے وقت اپنی طرف سے اس میں لچر لگا دیتے تو مجھے ڈر تھا کہ کہیں وہ تحریف میرے دل میں بیٹھ جاتی (اور میں بھی بدمذہب ہو جاتا)۔

Marfat.com

سبحان اللہ! وہ امام ابن سیرین جلیل القدر محدث قوم کے پیشوا۔ وقت کے علامہ، علم کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر، وہ تو بدمذہبوں سے اتنا پرہیز کریں کہ قرآن پاک کی آیت ان سے سننے کے روادار نہیں اور آج کے اَن پڑھ دین سے بے خبر اتنی بے باکی اور جرأت سے کہہ دیتے ہیں کہ جی صاحب ہر کسی کی بات سننی چاہیے۔ **ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔**

یونہی حضرت سعید بن جبیرؓ سے کسی نے کوئی بات پوچھی تو آپ نے اس کو جواب نہ دیا۔ **فقیل لہ فقال** ازایشان کسی نے عرض کیا کہ حضرت آپ نے اس کو جواب کیوں نہیں دیا۔ تو آپ نے فرمایا یہ بدمذہبوں میں سے تھا۔

حدیث پاک نمبر2..... **قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان مجوس ھذہ الامۃ المکذبون باقدار اللہ ان مرضوا فلا تعود وھم وان ماتو افلا تشھد وھم وان لقیتمو ھم فلا تسلموا علیھم.** (ابن ماجہ شریف صفحہ۱۰ اباب فی القدر) ''یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قضاوقدر کو جھٹلانے والے اس امت کے مجوسی ہیں (حالانکہ وہ نمازیں بھی پڑھتے ہیں روزے بھی رکھتے ہیں) (قادنیوں کی طرح) فرمایا کہ اگر وہ بیمار پڑیں تو ان کو پوچھنے مت جاؤ اور اگر وہ مرجائیں تو ان کے مرنے پر ان کے جنازہ وغیرہ میں مت شریک ہو اگر تم سے ملیں تو ان کو سلام مت کرو۔

بزرگانِ دین کے ارشادات

حضرت سیدنا سہیل تستری رضی اللہ عنہ نے فرمایا **من صحح ایمانہ واخلص توحیدہ فانہ لا یانس الی مبتدع ولا یجالسہ ولا یواکلہ ولا یشاربہ ولا یصاحبہ ویظھر لہ من نفسہ العداوۃ والبغضاء** (روح المعانی جلد28 صفحہ 35) ''یعنی جس شخص نے اپنا ایمان درست کیا اور اپنی توحید کو خالص کیا وہ کسی بدمذہب (قادیانیوں/ مرزائیوں) سے انس ومحبت نہ کرے گا، نہ اس کے پاس بیٹھے گا نہ اس کے ساتھ کھائے پیئے گا نہ اس کے ساتھ آئے گا بلکہ اپنی طرف سے اس کے لیے دشمنی اور بغض ظاہر کرے گا''۔

نیز فرمایا **من ضحک إلی مبتدع نزع اللہ تعالیٰ نور الایمان من قلبہ ،ومن لم یصدق فلیجرب** (روح المعانی جلد28 صفحہ 35) ''یعنی جو شخص کسی بدمذہب (قادیانیوں/مرزائیوں) کے ساتھ خوش طبعی کرے، خدا تعالیٰ اس کے دل سے نور ایمان نکال لے گا۔ جس بندے کو اس بات کا اعتبار نہ آئے وہ تجربہ کر کے دیکھ لے۔''

تفسیر روح البیان میں ہے۔ **روی عن ابن المبارک روی فی المنام فقیل لہ مافعل اللہ بک**

Marfat.com

فقال عاتبنی وواقفنی ثلاثین سنة بسبب انی نظرت باللطف یوما الی مبتدع فقال انک لم تعاد عدوی فی الدین۔ (روح البیان صفحہ 419 جلد 4)

''وفات کے بعد کوئی شخص خواب میں سیدنا ابن مبارکؒ کی زیارت سے مشرف ہوا اور عرض کیا حضرت خدا تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا کیا تو فرمایا مجھے عتاب فرمایا اور مجھے تیس سال ایک روایت میں ہے تین سال کھڑے کیا اور اس عتاب کا سبب یہ کہ میں نے ایک دن ایک بدمذہب کی طرف شفقت سے دیکھا تھا۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا اے ابن مبارک تو نے میرے ایک دین کے دشمن کے ساتھ دشمنی کیوں نہیں کی۔'' یہ واقعہ لکھنے کے بعد صاحب تفسیر روح البیان فرماتے ہیں۔ **فکیف حال القاعد بعد الذکریٰ مع القوم الظلمین** (روح البیان جلد 4 صفحہ 420) پس کیا حال ہوگا اس شخص کا جو دیدہ دانستہ دین کے ظالموں کے پاس بیٹھتا ہے۔

عارف باللہ حضرت علامہ حقیؒ کا ارشاد مبارک **ان القرین السوء یجر المرء الی النار ویحلہ دار البوار فینبغی للمؤمن المخلص السنی ان یجتنب عن صحبة اهل الکفر والنفاق والبدعة حتی لا یسرق طبعہ من اعتقادهم السوء وعملهم السیئ** (روح البیان جلد 4 صفحہ 419) ''یعنی برا ہمنشین انسان کو دوزخ کی طرف کھینچ کر لے جاتا ہے اور اسے ہلاکت کے گڑھے میں ڈال دیتا ہے لہٰذا مخلص اور سنی مومن کو چاہیے کہ وہ کافروں منافقوں اور بدمذہبوں (قادیانیوں/مرزائیوں) کی صحبت سے بچے تا کہ اس کی طبیعت میں ان کا بدعقیدہ اور برا عمل سرایت نہ کر جائے۔

نیز عارف باللہ علامہ حقی نے فرمایا فی **الحدیث من احب قوماً علی عملهم حشر فی زمرتهم و حوسب بحسابهم و ان لم یعمل بعملهم** (روح البیان جلد 9 صفحہ 494) ''یعنی حدیث پاک میں ہے کہ جو شخص کسی قوم سے محبت کرے گا ان کے کسی عمل کو پسند کرے گا وہ اسی کے ساتھ اٹھایا جائے گا اور اس قوم کے ساتھ حساب میں شریک ہوگا۔ اگرچہ اس کے ساتھ اعمال میں شریک نہیں تھا۔''

نیز تفسیر روح البیان میں ہے۔ **ان الغلظة علی اعدآء اللّٰه من حسن الخلق فان ارحم الرحماء اذا کان مأمورا بالغلظة علیهم فما ظنک بغیره فهی لاتنا فی الرحمة علی الاحباب کما قال تعالیٰ أشداء علی الکفار** (روح البیان جلد 10 صفحہ 67) ''یعنی خدا تعالیٰ کے دشمنوں پر سختی کرنا یہ بھی حسن خلق میں داخل ہے اس لیے کہ جب سب مہربانوں سے مہربان آقا کو اعدائے دین پر سختی کرنے کا حکم ہے تو دوسرے کا کیا شمار۔ لہٰذا دشمنانِ دین پر سختی کرنا یہ دوستوں پر مہربانی کے منافی نہیں ہے۔ جیسا کہ خدا تعالیٰ صحابہ کرام کی مدح کرتے ہوئے فرماتا

Marfat.com

ہے وہ دشمنوں پر بڑے سخت ہیں اور اپنوں پر بڑے مہربان۔"

حضرت سیدنا فضیل بن عیاض رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی ہے **من احب صاحب بدعة احبط الله عمله واخرج نور الایمان من قلبه** (غنیۃ الطالبین جلد 1 صفحہ 80) "یعنی جس کسی نے بدمذہب (جیسے قادیانی/مرزائی) سے محبت کی، خدا تعالیٰ اس کا عمل برباد کر دے گا اور اس کے دل سے نور ایمان نکال دے گا"۔

نیز فرمایا **واذا علم اللّٰه عزوجل من رجل انه مبغض لصاحب بدعة رجوت اللّٰه تعالیٰ ان یغفر ذنوبه وان قل عمله** (غنیۃ الطالبین جلد 1 صفحہ 80) "یعنی خدا تعالیٰ جب دیکھتا ہے کہ فلاں بندہ بدمذہبوں (جیسے قادیانیوں/مرزائیوں)) سے بغض رکھتا ہے مجھے اُمید ہے کہ خدا تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے گا اگرچہ اس کی نیکیاں تھوڑی ہوں۔"

سرکار غوث اعظم محبوب سبحانی قطب ربانیؒ کا ارشاد مبارک ہے "**ولا یجالسهم ولا یقرب منهم ولا یهنیهم فی الا عیاد واوقات السرور ولا یصلی علیهم اذاماتواولا یترحم علیهم اذا ذکروابل یبائنهم ویعادیهم فی اللّٰه عزوجل معتقدا ببطلان مذهب اهل بدعة محتسبا بذلک الثواب الجزیل والاجر الکثیر**"۔ (غنیۃ الطالبین جلد 1 صفحہ 80) "یعنی بدمذہبوں (جیسے قادیانی/مرزائی) کے ساتھ نہ بیٹھے اور ان کے قریب نہ جائے اور نہ ہی انہیں عید وغیرہ شادی کے موقع پر مبارک دے اور جب وہ مر جائیں تو ان کا جنازہ نہ پڑھے اور جب ان (جیسے قادیانیوں/مرزائیوں) کا ذکر ہو تو رحمۃ اللہ علیہ نہ کہے بلکہ ان سے الگ رہے اور ان سے خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے عداوت رکھے یہ اعتقاد کرتے ہوئے کہ ان کا مذہب باطل ہے اور ایسا کرنے میں ثواب کثیر اور اجر عظیم کی امید رکھے۔"

امیر المومنین سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نماز مغرب پڑھ کر مسجد میں تشریف لائے تھے کہ ایک شخص نے آواز دی کون ہے جو مسافر کو کھانا کھلائے۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے خادم سے فرمایا اس کو ساتھ لے آؤ وہ لے آیا۔ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اسے کھانا منگا کر دیا اس نے کھانا شروع کیا اس کی زبان سے ایک بات نکلی جس سے بد مذہبی کی بو آتی تھی آپ رضی اللہ عنہ نے فورا اس کے سامنے سے کھانا اٹھوا لیا اور اس کو نکال دیا۔
(ملفوظات مولانا احمد رضا خانؒ حصہ اول صفحہ 107)

پھر یہ کہ خدا تعالیٰ کے نافرمانوں اور مخالفوں (قادیانیوں/مرزائیوں) کے ساتھ بائیکاٹ کرنا یہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ یہ بائیکاٹ پہلی امتوں سے چلا آتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے۔ وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ (الاعراف : 163)

Marfat.com

''یعنی اصحاب سبت جن کی بستی دریا کے کنارے واقع تھی انہوں نے ہفتہ کے دن مچھلیاں پکڑ کر خدا اور اس کے نبی کی نافرمانی کی تو اس قوم کے تین گروہ ہو گئے۔ ایک گروہ نافرمانی کرنے والا دوسرا برائی سے روکنے والا تیسرا خاموش آخر فرمانبردار گروہ نے نافرمانوں سے ایسا بائیکاٹ کیا کہ درمیان میں دیوار کھڑی کر دی نہ یہ ادھر جاتے نہ وہ ادھر آتے۔ جب نافرمانوں کی نافرمانی حد سے بڑھ گئی تو وہ بندر بنا کر ہلاک کر دیئے گئے۔

(تفسیر مظہری جلد سوم سورۃ اعراف صفحہ 476، تفسیر روح المعانی سورہ اعراف جلد نمبر 9 صفحہ 82)

پھر طرفہ یہ کہ ہر نمازی نماز وتر کی دعا میں پڑھتا ہے۔ ونخلع ونترک من یفجرک یا اللہ ہم ہر اس شخص سے قطع تعلق کریں گے اور علیحدہ ہو جائیں گے جو تیرا نافرمان ہے۔ عجیب معاملہ ہے کہ مسلمان مسجد میں دربارِ الٰہی میں کھڑا ہو کر مودبانہ ہاتھ باندھ کر عہد کرتا ہے کہ یا اللہ ہم تیرے نافرمانوں مخالفوں کے ساتھ بائیکاٹ کریں گے لیکن مسجد سے باہر آ کر ساری باتیں بھول جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ عہد پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

تتمہ نمبر 1..... یہ تھا دنیا میں مسلمانوں کا خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کے دشمنوں کے ساتھ بائیکاٹ لیکن قیامت کے دن خدا تعالیٰ کی طرف سے بائیکاٹ ہوگا۔ چنانچہ قرآن پاک میں ہے

يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۭ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ

(حدید:13)

''یعنی قیامت کے دن (جب پل صراط سے گذر ہوگا اور خدا تعالیٰ ایمان والوں کو نور عطا فرمائے گا) اس نور کو دیکھ کر منافق مرد اور عورتیں ایمان والوں سے کہیں گے کہ ہمیں ایک نگاہ دیکھو کہ ہم تمہارے نور سے کچھ حصہ لیں اس پر فرمایا جائے گا اپنے پیچھے لوٹو وہاں نور ڈھونڈو پھر جب وہ لوٹیں گے تو ان کے درمیان دیوار کھڑی کر دی جائی گی جس کا ایک دروازہ ہوگا۔ اس کے اندر ایک طرف رحمت ہوگی اور باہر کی طرف عذاب ہوگا''۔ یعنی دیوار کے ذریعہ ایسا مکمل بائیکاٹ کر دیا جائے گا کہ منافق لوگ ایمان والوں کے نور کی روشنی بھی نہ لے سکیں گے۔

نمبر 2..... جب قیامت کا دن ہوگا تو خدا تعالیٰ کی طرف سے اعلان ہوگا

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ (یٰسین:59) یعنی اے نافرمانو، کافرو آج میرے بندوں سے الگ ہو جاؤ۔ خدا تعالیٰ سب کو دین اسلام کی پیروی کی توفیق عطا فرمائے اور قادیانیوں / مرزائیوں کے ساتھ مکمل بائیکاٹ نصیب فرمائے۔ (آمین)

Marfat.com

قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ پر اہلحدیث مکتبہ فکر کا مئوقف

مرزا غلام احمد قادیانی (علیه من الله ما استحق) اپنے دعویٰ نبوت ورسالت، کفریہ وشرکیہ عقائد، گستاخانہ ہفوات، باطنی تلبیسات کی وجہ سے خود اور اس کے جملہ پیروکار دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ تقریباً تمام نواقض ایمان واسلام اس گروہ میں موجود ہیں۔

کفار کی چند اقسام:

(1) مشرک (بت پرست، آتش پرست وغیرہ)

(2) منافق

(3) کتابی

(4) مرتد

(5) عام کفار (مذکورہ بالا اقسام کے علاوہ دین اسلام یا اس کے کسی رکن یا جزو کا منکر ہو جیسے دہریے، نیچری، منکرین حدیث وغیرہ)

(6) زندیق، وہ شخص یا گروہ جو اسلام کا دعویٰ کرتا ہو لیکن خفیہ طور پر (خروج عن الملة) کافرانہ عقائد واعمال بد کا مرتکب ہو اور لوگوں کو اس کی دعوت بھی دیتا ہو۔

مرزا غلام احمد قادیانی اپنی تحریرات، عقائد، دعوؤں کی وجہ سے مرتد، کافر، مشرک، زندیق ٹھہرتا ہے اور اس کے جملہ پیروکار بھی کافر، زندیق ہیں۔ کیونکہ یہ لوگ بظاہر مسلمانی کا دعویٰ کرتے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کرنے کیلئے قرآن مجید، احادیث رسول، صحابہ کرام، آئمہ دین، نماز، روزہ سے وابستگی ظاہر کرتے نظر آتے ہیں۔ کبرت کلمة تخرج من افواههم ان یقولون الا کذبا (الکهف) جب کہ حقیقت میں ان کا مقصد مختلف حیلوں بہانوں سے (کہیں حیات، وفاتِ عیسیٰ علیہ السلام، مجدد، مثیل مسیح وغیرہ کا موضوع چھیڑ کر) مرزا غلام احمد قادیانی کی نبوت ورسالت کو تسلیم کروانا ہے۔

حق یہ ہے کہ قادیانیت دین اسلام کے مقابلہ میں الگ ایک مصنوعی مذہب ہے۔ یہ فتنہ ابتداً مذہبی تحریک کی صورت میں سامنے آیا تو علماء اہلحدیث شیخ الکل میاں نذیر حسین محدث دہلوی، مولانا عبدالحق غزنوی، صحافی اسلام مولانا محمد حسین بٹالوی، شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری، مولانا محدث عبدالرحمٰن مبارکفوری، مولانا محدث شمس الحق عظیم آبادی، مولانا

Marfat.com

میر ابراہیم سیالکوٹی، مولانا محدث محمد بشیر سہوانی، مولانا عبداللہ روپڑی، مولانا عبداللہ معمار امرتسری، مولانا ابراہیم کمیر پوری، مولانا محمد عبداللہ گورداس پوری، شہید ملت مولانا علامہ احسان الٰہی ظہیر وغیرھم (کثر اللہ امثالھم ؤرحمھم اللہ رحمتہ واسعة) بالاتفاق جماعت اہلحدیث اور دیگر اسلامی گروہوں نے قادیانی امت کو اس کے پیشوا سمیت کافر زندیق قرار دیا۔ ملاحظہ ہو پاک و ہند کے علماء اسلام کا اولین فتویٰ مطبوعہ دارالدعوۃ السّلفیہ لاہور، مرزائیت اور اسلام، فتاویٰ ثنائیہ، فتاویٰ نذیریہ وغیرہا۔

موجودہ حالات میں یہ انگریزی ناسور اور شیطانی تحریک اسلام کا لبادہ اوڑھ کر نہ صرف مذہبی یلغار کی صورت میں بلکہ عالم اسلام اور ملت اسلامیہ کے خلاف مختلف حربوں، چربوں سے ریشہ دوانیوں میں مصروف ہے اور ان لوگوں نے اپنی سیاسی اور عسکری تنظیمیں بنا رکھی ہیں جو ملت اسلامیہ کو معاشی، معاشرتی، اقتصادی، سیاسی، دینی نقصان پہنچانے میں مصروف کار ہیں۔ زندیق کے ساتھ ساتھ ان قباحتوں کا ہونا ظلمات بعضها فوق بعض کا مصداق کامل ہے۔ لہٰذا صورت مسئولہ میں قادیانی / مرزائی جماعت یا اس کے کسی فرد سے برادرانہ تعلقات جس میں سلام و کلام، میل جول، نشست و برخاست، شادی و غمی میں شرکت، تجارت، لین دین، خرید و فروخت، ان کی تعلیم گاہوں، ہوٹلوں، ریستورانوں میں جانا اور ان سے کسی بھی قسم کی رواداری برتنا قطعی طور پر حرام ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ (آل عمران: 28)

مومنوں کو چاہیے کہ ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بنائیں اور جو کوئی ایسا کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کی کسی حمایت میں نہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (المائدہ: 57)

مسلمانو! ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ جو تمہارے دین کو ہنسی کھیل بنائے ہوئے ہیں (خواہ) وہ ان میں سے ہوں جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے یا کفار ہوں اگر تم مومن ہو تو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ (ھود: 113)

Marfat.com

اور ظالموں کی طرف ہرگز نہ جھکنا، ورنہ تمہیں بھی (دوزخ) کی آگ لگ جائے گی۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ (مجادلة : 22)

اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والوں کو آپ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرنے والوں سے محبت رکھتے ہوئے ہرگز نہ پائیں گے گو وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبہ کے ہی کیوں نہ ہوں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ (ممتحنه : 1)

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو میرے اور اپنے دشمنوں کو اپنا دوست نہ بناؤ تم تو دوستی سے ان کی طرف پیغام بھیجتے ہو اور وہ اس حق کے ساتھ جو تمہارے پاس آ چکا ہے کفر کرتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾ (ممتحنه : 13)

اے ایمان والو! تم اس قوم سے دوستی نہ رکھو جن پر اللہ کا غضب نازل ہو چکا ہے جو آخرت سے اس طرح مایوس ہو چکے ہیں جیسے مردہ اہل قبر سے کافر نا اُمید ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (التوبه : 23)

اے ایمان والو! اپنے باپوں کو اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ بناؤ، اگر وہ کفر کو ایمان سے زیادہ عزیز رکھیں۔ تم میں سے جو بھی ان سے محبت رکھے گا وہ پورا ظالم ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

آخری زمانہ میں دجال اور کذاب ہوں گے جو تمہارے پاس ایسی باتیں لائیں گے جن کو تم نے نہ سنا ہوگا، نہ تمہارے باپ دادا نے، تم ان سے دور رہنا (یاد رہے) وہ تم سے دور ہیں وہ تم کو گمراہ نہ کریں اور تم کو فتنہ میں نہ ڈالیں۔

(صحیح مسلم جلد اول صفحہ10)

مزید تفصیل کے لئے سنن ابی داؤد کی کتاب السنه الملی احکام المرتدین ملاحظہ فرمائیں

Marfat.com

مزید برآں زندیق کے ساتھ سیدنا علیؓ کا سلوک

سیدنا علیؓ کے زمانہ میں ایسے لوگ موجود تھے جو دوسرے مسلمانوں کے ساتھ نمازیں پڑھتے تھے اور بیت المال سے نقد وجنس بھی پاتے تھے لیکن خفیہ طور پر بتوں کی پرستش بھی کرتے تھے۔ یہ لوگ پکڑے گئے اور حضرت علیؓ کے سامنے پیش کیے گئے۔ آپ نے انہیں مسجد میں بٹھایا یا شاید جیل خانہ میں رکھا پھر لوگوں سے فرمایا ''لوگو! اس قوم کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے، جو بیت المال سے نقد وجنس وصول کرتے ہیں اور پھر بتوں کی پرستش کرتے ہیں؟'' لوگوں نے آپ کو انہیں قتل کرنے کا مشورہ دیا۔ آپ نے انکار کرتے ہوئے فرمایا ''میں ان کے ساتھ وہی کچھ کروں گا جو ہمارے جد امجد حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ کیا گیا تھا'' پھر آپ نے انہیں آگ میں جلا دیا۔ **(فقہ حضرت علی صفحہ 349 بحوالہ مصنف ابن ابی شیبہ)**

امام ابن قدامہ نے حضرت علیؓ سے روایت کی ہے کہ مرتد کو توبہ کی ترغیب کی جائے لیکن زندیق کو توبہ کی ترغیب نہیں دی جائے گی۔ حضرت علیؓ کے پاس ایک شخص لایا گیا جو عیسائی ہو گیا آپ نے اسے توبہ کرنے کیلئے کہا اس نے انکار کر دیا جس پر اس کی گردن اڑا دی گئی۔ ایک گروہ حضرت علیؓ کے پاس لایا گیا جو نمازیں تو پڑھتے تھے لیکن زندیق تھے جس کی عادل گواہوں نے شہادت بھی دی۔ انہوں نے بے دینی سے انکار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا دین تو صرف اسلام ہے۔ آپؓ نے ان لوگوں سے توبہ کا مطالبہ نہیں کیا اور ان کی گردن اُڑا دی۔ پھر آپؓ نے فرمایا ''تمہیں معلوم ہے کہ میں نے نصرانی کو کیوں توبہ کی ترغیب دی تھی؟ میں نے اس لیے ایسا کیا تھا کہ اس نے اپنے دین کا اظہار کر دیا تھا، لیکن زندیقوں کا یہ ٹولہ جس کے خلاف ثبوت بھی مہیا ہو یا تھا اسے میں نے اس لیے قتل کر دیا کہ یہ انکاری تھے حالانکہ ان کے خلاف گواہی قائم ہو چکی تھی۔'' **المغنی ابن قدامہ 141/8**

ڈاکٹر محمد رواس حفظہ اللہ اس اثر پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ حضرت علیؓ کی یہ رائے بہت صائب تھی کیونکہ زندیق تو پہلے ہی اظہار اسلام کر رہا ہے اس کی توبہ اظہار اسلام سے ہو سکتی ہے جو پہلے ہی حاصل ہے لیکن دوسری طرف اس کے کفر پر دلیل قائم ہو چکی ہے اب وہ جو اظہار اسلام کر رہا ہے تو ہو سکتا ہے کہ اس میں اسلام اور اہل اسلام کے خلاف کوئی چال پوشیدہ ہو۔ **(فقہ حضرت علیؓ صفحہ نمبر 346)**

صحیح بخاری میں موجود ہے کہ سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے زنادقہ (زندیقوں) کو جلا دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو یہ خبر پہنچی تو انہوں نے فرمایا۔ میں ان کو جلاتا تو نہ کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کے عذاب (آگ) سے عذاب نہ دو۔ البتہ میں ان کو قتل کرتا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''جو کوئی اپنے

Marfat.com

دین کوتبدیل کرے اس کوقتل کردو۔" (صحیح بخاری رقم 6922، مسند احمد جلد اول صفحہ282)

جہاد سے تحلف کی بناء پر سیدنا کعب بن مالک، سیدنا مرارہ بن ربیع اور سیدنا بلال بن امیہ رضی اللہ عنہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کا معاشرتی بائیکاٹ تب تک رہا جب تک آسمان سے ان کی توبہ کی منظوری نہ اتری۔ ملاحظہ فرمائیں صحیح بخاری رقم الحدیث 4418

سیدنا عبداللہ بن عمرؓ کا بدعت اختیار کرنے والے شخص کے سلام کا جواب نہ دینا اور ان کا ایک دوست شام میں رہتا تھا جب اس نے بدعت اختیار کی تو جناب عبداللہؓ نے اس کو اپنی طرف خط لکھنے سے منع کر دیا۔ (سنن ابی داؤد رقم الحدیث4613)

لہٰذا قرآن مجید اور فرمان رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور سلف صالحین کے طرزِ عمل کو ملحوظ رکھتے ہوئے دین اسلام اور مسلمان دشمن قادیانیوں / مرزائیوں کے ساتھ مکمل مقاطعہ / بائیکاٹ ضروری ہے۔ یہ لوگ قرآن و حدیث، توحید و سنت کے دشمن، اللہ جل شانہ، انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ رضوان اللہ علیہم، آئمہ و محدثین، شعائر اللہ مکہ، مدینہ کے گستاخ، عقل پرست، منکرین وحی، دین اسلام اور اہل اسلام کے دشمن اور مسلمانوں کی دشمنی میں کفار یہود و نصاریٰ کے گہرے دوست ہیں جو مسلمانوں کو معاشی، معاشرتی، سیاسی، دینی نقصان پہنچانے میں مصروف ہیں۔ جب بائیکاٹ کے علاوہ اصلاح کی کوئی اور صورت نہ ہو تو ان سے ذاتی، معاشرتی، معاشی، سیاسی، دینی رواداری برتنا حرام ہے اور قادیانیوں / مرزائیوں کا مکمل بائیکاٹ ضروری ہے۔

Marfat.com

قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ پر جماعت اسلامی کا مئوقف

مرزا غلام احمد قادیانی دعوائے نبوت میں جھوٹا ہے۔ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے اس کے پیروکار بھی دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ غلام احمد قادیانی اپنے آپ کو نبی اور اپنے پیروکاروں کو مسلمان قرار دیتا ہے اور مسلمانوں کو کافر کہتا ہے اور اپنا ایک الگ گروہ گورنمنٹ برطانیہ کی خدمت کے لیے کھڑا کیا ہے۔ وہ خود بھی اپنے گروہ کو مسلمانوں سے الگ قرار دیتا ہے اور مسلمان بھی اسے الگ سمجھتے ہیں۔ اس کے وجود پر ایک صدی گزر چکی۔ پاکستان نے حکومتی اور عوامی سطح پر قادیانیوں کے تمام گروہوں کو ملت اسلامیہ سے خارج اور کافر قرار دیا ہے۔ ان کے لئے اسلامی اصطلاحات اور شعائر اسلامی کے استعمال کو ممنوع قرار دیا ہے۔ اس کے لئے امتناع قادیانیت کا قانون نافذ العمل ہے۔ لیکن یہ ابلیسی گروہ تبلیس سے کام لیتا ہے۔ آئین پاکستان اور امتناع قادیانیت قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مسلمانوں کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کے اندر اپنے کفریہ عقائد کی تبلیغ کرتا ہے، طاغوتی طاقتوں کے لئے جاسوسی کرتا ہے، مغربی استعمار کے خلاف اسلام منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے خفیہ طور پر سرگرم عمل رہتا ہے۔ اس وقت مسلمان مختلف ممالک میں جس بدامنی اور مصیبت کا شکار ہیں، اس میں اس قادیانی گروہ کا بڑا حصہ ہے۔ ایسے گروہ کے لئے شریعت کا پہلا حکم یہ ہے کہ اسے کافر اور زندیق سمجھا جائے۔ دوسرا حکم یہ ہے کہ اسے اپنی صفوں سے عملاً نکال باہر کیا جائے۔ اس کا سوشل، معاشرتی اور سیاسی بائیکاٹ کیا جائے۔ ان کے ساتھ کوئی بھی معاملہ نہ کیا جائے تا کہ یہ مسلمانوں کی آبادیوں، شہروں اور دیہات اور بازاروں میں رہائش نہ رکھ سکے آمد و رفت اور خرید و فروخت نہ کر سکے۔

قرآن پاک اور احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس بارے میں واضح اور صریح ہیں۔ امت مسلمہ کے تمام مکاتب فکر کا متفقہ فتویٰ ہے کہ اس شیطانی گروہ کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے۔ ہم مفتی ولی حسنؒ اور اس کی تائید میں جاری کردہ فتاویٰ کی تائید کرتے ہیں۔

مرزا غلام احمد قادیانی انگریز کا خود کاشتہ پودا ہے۔ مسلمانوں کے دلوں سے جذبہ جہاد کو نکالنے کے لیے اس نے نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ پھر اس کی سرپرستی کی۔ اس کی یہ سرپرستی پہلے دن سے لے کر آج تک قائم ہے بلکہ اب تمام طاغوتی قوتیں اس کی پشت پر ہیں اور اپنے اسلام اور مسلم دشمن منصوبوں کو اس کے ذریعہ عملی جامہ پہناتی ہیں۔ الحمدللہ علمائے

Marfat.com

امت نے ایک صدی پر محیط تحریک کے ذریعہ اس شیطانی گروہ کو پارلیمنٹ سے غیر مسلم اقلیت قرار دینے میں کامیابی حاصل کر لی۔اب آئین پاکستان کی رو سے قادیانی غیر مسلم ہیں اس ان کے لئے اسلامی شعائر کا استعمال ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔اس فیصلہ سے اس گروہ اور اس کی سرپرست طاقتوں کو بڑا دکھ پہنچا ہے۔یہ مسلسل اس کوشش میں ہیں کہ یہ فیصلہ کالعدم قرار دے دیا جائے۔دوسری طرف دینی جماعتیں اور علماء امت اس کوشش میں ہیں کہ اس گروہ کو اپنے منطقی انجام تک پہنچا دیا جائے۔اس کے لئے پہلے مرحلے میں اس کا سوشل، معاشرتی، معاشی اور سیاسی بائیکاٹ ہے۔ہمہ پہلو بائیکاٹ کے ذریعہ اسے ملت اسلامیہ کی صفوں سے نکال باہر کرنا ہے۔اس سے لین دین اور تعلقات کا خاتمہ ہے تا کہ یہ مسلمان آبادیوں، شہروں اور دیہات میں قیام نہ کر سکے۔اسے ملازمتیں نہ دی جائیں۔ایسی اقتصادی ناکہ بندی کی جائے کہ یہ یا تو تائب ہو کر دائرہ اسلام میں آجائیں یا پھر اپنے آقاؤں کے پاس چلے جائیں اور مسلمان آبادیاں اور ممالک ان سے پاک ہو جائیں۔

اس سلسلہ میں حضرت مولانا مفتی ولی حسن رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی تائید میں جاری کردہ فتاویٰ کی تائید کی جاتی ہے۔اس بات کی ضرورت ہے کہ ان فتاویٰ کو عملی جامہ پہنانے کے لئے مسلسل جدوجہد کی جائے۔

Marfat.com

قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ پر تنظیم اسلامی کا مئوقف

نبوت کا جھوٹا دعویدار مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے پیروکار قادیانی / مرزائی کافر ہیں اور ان کے کفر پر ملت اسلامیہ کے جمیع مکاتب فکر کا اتفاق ہے۔ ان کی تکفیر کے دلائل پر اہل علم کی سینکڑوں کتب موجود ہیں اور اب تو ریاستی سطح پر بھی ان کو غیر مسلم قرار دے دیا گیا ہے، لہٰذا ان کا کفر قطعی ہے۔ اب صرف یہ بات وضاحت طلب رہ جاتی ہے کہ ان کا کفر کس قسم کا ہے؟ یعنی یہ اہل کتاب کی طرح کے کافر ہیں کہ جن کے ساتھ کسی قدر معاملات کی شریعت اسلامیہ میں اجازت موجود ہے یا ان کا کفر مشرکین، زنادقہ اور مرتدین کا سا ہے کہ جن کے ساتھ خصوصی نوعیت کا معاشرتی بائیکاٹ ہونا چاہیے؟

قادیانیوں اور مرزائیوں کا شرعی حکم سمجھنے کے لئے آسانی کی خاطر ہم ان کو دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں:

پہلی قسم کے قادیانی تو وہ ہیں جو مسلمان سے قادیانی ہوتے ہیں۔ ان کا حکم مرتدین کا ہے اور مرتد کی سزا سنت اور اجماع امت کی روشنی میں قتل ہے۔ قتل کی یہ سزا ریاست جاری کرے گی اور اس سزا کے اجراء سے پہلے علماء کی طرف سے مرتدین پر اتمام حجت کیا جائے گا تا کہ وہ دین اسلام کی طرف واپس لوٹ آئیں اور اپنے ارتداد سے توبہ کر لیں۔ اس اتمام حجت کے باوجود بھی اگر کوئی شخص اپنے ارتداد پر اڑا رہے تو پھر اس کی سزا قتل ہے۔ پس جس کی سزا شریعت اسلامیہ نے قتل مقرر کی ہو اس کے ساتھ معاشرتی تعلقات کی اجازت کیسے ہو سکتی ہے؟ پس مرتد قادیانیوں کے ساتھ کسی قسم کے خاندانی، کاروباری، معاشی، معاشرتی، سیاسی اور دوستانہ تعلقات روا رکھنا جائز نہیں ہیں اور اس کی وجہ ان کا ارتداد ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

"من بدل دینه فاقتلوه."

(صحیح بخاری، کتاب استتابة المرتدین والمعاندین وقتالهم، باب حکم المرتد والمرتدة واستتابتهم)

"جس نے اپنے دین (یعنی دین اسلام) کو تبدیل کر دیا اس کو قتل کر دو۔"

دوسری قسم کے قادیانی وہ ہیں جو نسلی (By Birth) قادیانی ہیں۔ ان کے بارے یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ ان کا حکم اہل کتاب کا ہے یا نہیں؟ ان قادیانیوں کا حکم جاننے سے قبل علماء کرام کی بیان کردہ اقسام کفر کا اجمالاً ذکر مناسب ہوگا:

Marfat.com

1- مشرکین یعنی بت پرست وآتش پرست وغیرہ

2-اہل کتاب یعنی یہود ونصاریٰ

3-منافقین یعنی اعتقادی

4- مرتدین یعنی اسلام کو چھوڑ کر کوئی اور دین قبول کرنے والے مثلاً قادیانیت' عیسائیت وغیرہ۔

5-زندیق' جو بظاہر اسلام کا دعویٰ کرے لیکن خفیہ طور پر کفریہ عقائد واعمال کا حامل اور داعی ہو۔

6- وہ مسلمان جنہیں اصول دین میں سے کسی اصول کا انکار کرنے کی وجہ سے بالاتفاق کافر قرار دیا گیا ہو' جیسا کہ منکرین حدیث وغیرہ۔

دوسری قسم کے قادیانی درحقیقت پانچویں قسم میں شامل ہیں یعنی یہ زنادقہ ہیں جو اپنے آپ کو مسلمان کہلواتے ہیں۔ مسلمانوں کے شعائر یعنی قرآن' نماز' مسجد' زکوۃ وغیرہ کو اپناتے ہیں حالانکہ یہ مسلمان نہیں ہیں۔ قانون اور شرع کی روشنی میں ان کا خود کو مسلمان کہلوانا جائز بھی نہیں ہے۔ یہ اپنے آپ کو مسلمان کہلوا کر سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرتے ہیں۔ چنانچہ ایسے زنادقہ کے ساتھ عام معاشرتی تعلقات اور روابط عوام الناس کے ایمان کے لیے خطرہ کا موجب ہیں۔ چنانچہ زنادقہ کے بارے اہل علم کا یہ موقف بالکل درست ہے کہ ان کے ساتھ ہر قسم کا بائیکاٹ ہوگا جیسا کہ بریلوی' دیوبندی اور اہل حدیث علماء کے فتاویٰ سے ظاہر ہوتا ہے۔ ہمیں ان جمیع مکاتب فکر کے اس موقف سے اتفاق ہے کہ قادیانیوں یا مرزائیوں کے ساتھ ہر قسم کے تعلقات رکھنا ناجائز ہیں۔ ہاں' اگر کوئی مسلمان اپنے عقیدہ اور علم میں پختہ ہو اور وہ ان میں دعوت کا کام کرے تاکہ یہ اپنے کفریہ عقائد اور نظریات سے توبہ تائب ہو جائیں تو ہمارے نزدیک اس قسم کے داعی ومدعو کے تعلق کی رخصت بعض اہل علم کے لیے موجود ہے۔

Marfat.com

حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد صاحب مدظلہ
سجادہ نشین خانقاہ سراجیہ میانوالی

خانقاہ سراجیہ
نقشبندیہ مجددیہ
کندیاں، ضلع میانوالی
پاکستان
پوسٹ کوڈ 42050
فون: 0300-6091121

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

عقیدہ = امت مسلمہ کا اجماعی عقیدہ ہے کہ سیدنا وسندنا ونبینا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ورسول ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہمیشہ کیلئے بابِ نبوت ورسالت بند کر دیا گیا۔ اب کسی فرد بشر کو تاجِ نبوت ورسالت عطا نہیں کیا جائیگا

دلائل = مسئلہ ختمِ نبوت پر کثرت سے دلائلِ قطعیہ موجود ہیں چند یہاں بیان کئے جاتے ہیں

قرآن وختم نبوت: ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبین وکان اللہ بکل شیئ علیما: اس آیۃ کریمہ میں آپ علیہ السلام کے آخری نبی ہونے کا اور ختم نبوت کا قطعی ثبوت موجود ہے؟

حدیث وختم نبوت؟ آپ علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے۔ انا خاتم النبین لا نبی بعدی۔ اسی طرح آپ علیہ السلام کا ارشادِ گرامی ہے انا آخر الانبیاء وانتم آخر الامم۔ آپ علیہ السلام نے مزید فرمایا لا نبی

Marfat.com

بعدی وہ امتہ لیکم ؟ اسی طرح سینکڑوں احادیث مبارکہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت پر قطعی دلائل ہیں ؟

اجماع امت و ختم نبوۃ آپ علیہ السلام کی ختم نبوۃ پر پوری امت کا اجماع ہے۔ خاتم النبین، خاتم الانبیاء، انا آخر الانبیاء۔ جیسے کلمات طیبات کا یہی مفہوم و مطلب بیان کیا ہے کہ آپ علیہ السلام کے بعد نہ کوئی نبی ہے اور نہ ہی کوئی رسول ہے آپ علیہ السلام پر نبوت و رسالت کو ختم کر دیا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ خلیفۃ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منکرین ختم نبوت مسیلمہ کذاب اور اس کے ماننے والوں سے جہاد کرکے انکو جہنم واصل کیا اور اس عمل سے بتا دیا کہ آپ علیہ السلام کے بعد نبوت و رسالت ختم۔ آپ علیہ السلام آخری نبی و رسول ہیں اور آپ کے بعد مدعی نبوت کا انجام تلوار ہے

عقل سلیم و ختم نبوۃ امت مسلمہ کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ یہ کائنات فانی ہے اس نے ایک دن اپنے اختتام کو پہنچنا ہے۔ باقی کب اختتام کو پہنچنا ہے اسکا علم اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ جب یہ مان لیا کہ یہ کائنات ختم ہونے والی ہے تو یہ ماننا بھی ضروری ہوگا کہ اس کائنات کے اجزاء و افراد متعین ہیں۔ کوئی اول جز بن چکا تو کوئی آخری جز بنے گا جب وہ آخری جز بھی وجود میں آجائیگا اور اجزاء کا بڑھنا ختم ہو جائیگا تو اسی پر اس کائنات کی بساط کو لپیٹ دیا جائیگا۔ ہاں البتہ ان اجزاء و افراد کی تعیین کہ کون اول۔ کون آخر یہ بھی اللہ تعالیٰ کے علم ازلی میں ہے،

Marfat.com

افضل ترین جز ۔ اس کائنات کے اجزاء و افراد میں سب سے افضل و اشرف ترین جز حضرات انبیاء علیہم السلام کی ذواتِ قدسیہ ہیں ظاہر ہے یہ ذواتِ قدسیہ بھی علیم الٰہی میں متعین ہیں اور یہ بھی علیم الٰہی میں ہے کہ ان ذواتِ قدسیہ میں سے پہلے کون تشریف لائیں گے اور ان سب سے بعد ان سب کے آخر میں کون ذاتِ مقدس تشریف لائے گی ۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے علم ازلی کے مطابق ان ذواتِ قدسیہ میں سے سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام کو اس کائنات میں ظاہر فرمایا۔ انکو ابوالبشر بنایا اور سب سے پہلا نبی بنایا قرآن کریم نے اسکو واضح فرمایا ۔ اس مسئلہ کے علاوہ بھی سب انسانوں نے اس انتخاب الٰہی کو تسلیم کیا

آخری نبی ۔ اب آخر میں وہ کون مقدس شخصیت ہے جن پر سلسلہ نبوت اختتام کو پہنچ رہا ہے ظاہر بات ہے کہ یہ بھی اللہ تعالیٰ نے ظاہر فرمانا تھا چنانچہ ایسا ہی ہوا ۔ اللہ تعالیٰ نے اس شخصیت مقدسہ کو ظاہر فرمایا اور قرآن کریم میں اسکا اعلان فرمایا ۔ ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین ۔ اس آیۂ کریمہ میں آپ علیہ السلام کے اسمِ گرامی کی تصریح ۔ منصب ۔ مرتبے اور آپکے خاتم النبیین ہونے کا بیان ہے ۔ پھر اسی مفہوم کو آپ علیہ السلام نے اپنے ارشاداتِ عالیہ میں بڑی وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا ۔ فرمایا انا خاتم النبیین لا نبی بعدی ۔ انا آخر الانبیاء وانتم آخر الامم الی آخرہ ۔ اور مزاج شناسِ نبوت ۔ حضراتِ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے ان نصوص

Marfat.com

سے اسی مفہوم کو لیا۔ اسی پر عمل پیرا رہے اور پھر صحابہ کرام کے بعد اب تک پوری امت نے اسی مفہوم کو اپنا عقیدہ بنایا اور یہی عقیدہ امت مسلمہ میں قیامت تک چلتا رہیگا ان دلائل کی روشنی میں آپ علیہ السلام کا خاتم النبیین ہونا چمکتے سورج کی طرح روشن اور واضح ہو گیا۔ الحمدللہ

مسئلہ: آپ علیہ السلام کے دعوی نبوت کے بعد سے لیکر قیامت کی صبح تک۔ کوئی شخص کسی زمانے میں۔ کسی مقام پر۔ کسی لحاظ سے بھی نبوت کا دعوی کریگا وہ ملعون ہے۔ کذاب ہے دجال ہے۔ کافر ہے۔ مرتد ہے۔ زندیق ہے اور زندقہ ایک ایسا خبیث درجہ ہے جو تمام خباثتوں کو جامع ہے زندقہ کی مثال ایسے ہی ہے جیسے خنزیر کے گوشت کو بکری کے گوشت کے نام سے فروخت کرنا اور اس طرح فروخت کرنیوالا زندیق ہے بالکل اسی طرح دینی کتابات۔ لغویات۔ خلاعیات کو اسلام کا نام دیکر پیش کرنا۔ زندقہ ہے اور ایسا کرنیوالا زندیق ہے

زندیق کا حکم: شرع شریف میں زندیق کا حکم یہ ہے کہ حاکم وقت ایسے شخص کو بدون مہلت فوراً قتل کردے لمحہ بھر کیلئے یہ اللہ کی زمین پر رہنے کا حق دار نہیں۔

Marfat.com

غلام احمد قادیانی ، = مرزا غلام احمد قادیانی مرحوم المعصیت شقی القلب دعوی نبوت کرنے کی وجہ سے ملعون ہے کذاب ہے دجال ہے کافر ہے - مرتد ہے . زندیق ہے - یہی حال اس کے ماننے والوں کا ہے خواہ اس کے ماننے والے لاہوری مرزائی ہوں یا قادیانی مرزائی ہوں . یہ سب انکار ختم نبوت کی وجہ سے زندیق ہیں واجب القتل ہیں . لیکن رجسٹر قتل حاکم وقت کی ذمہ داری ہے کہ فوراً ان سب کو تہہ تیغ کر دے . اگر حاکم وقت مداہنت کا شکار رہتے ہوئے انکو کیفر کردار تک نہ پہنچائے اور یہ بے ایمان ایسے شتر بے مہار پھرتے رہیں جیسے جنگلوں میں خنزیر اور بھیڑئے پھرتے ہیں تو پھر امت مسلمہ کے ہر ہر فرد پر لازم ہے کہ جیسے خنزیر و بھیڑیوں سے اپنی بھیڑ بکریوں کو بچاتے ہو ایسے ہی ان ملعونوں کے حملوں سے اپنے ایمان و اسلام کو بچانا چاہئے

گذارش ؟ اس لئے ہر مسلمان سے یہ گذارش کی جاتی ہے کہ قادیانی ملعونوں سے اپنے آپکو الگ تھلگ رکھیں - ان سے میل جول رہن سہن - لینا دینا - گفت و شنید - کسی طرح کا کوئی تعلق نہ ہو - نیز قادیانی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ ہو - یہی غیرت ایمانی کا تقاضا ہے اور عشق و محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کی علامت اور اسکا منہ بولتا ثبوت ہے

اللہ تعالیٰ ہم سب کے ایمان و اسلام کا محافظ ہو

اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ

وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ - آمین

بجاہ سید المرسلین وخاتم النبیین محمد

وعلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ اجمعین برحمتک

یا ارحم الراحمین

والسلام فقیر سمیع احمد عفی عنہ

خانقاہ سراجیہ

۲۹ ذی الحجہ ۱۴۳۱ھ

Marfat.com

حضرت مولانا خواجہ رشید احمد صاحب مدظلہ

خلیفہ مجاز حضرت مولانا انظر شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

مدیر مرکز سراجیہ لاہور / سجادہ نشین خانقاہ احمدیہ سراجیہ دادڑہ بالا شریف ساہیوال

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ رب العلمین، اکمل الحمد علی کل حال والصلوۃ والسلام الاتمان الاکملان علی سید المرسلین و خاتم النبیین رسولہ محمدخیر الوریٰ صاحب قاب قوسین او ادنی و علیٰ صحبہ البررۃ التقی والنقی کلما ذکرہ الذاکرون وکلما غفل عن ذکرہ الغافلون الھم صل علیہ و آلہ وسائر النبیین وآل کل و سائر الصالحین نھایۃ ما ینبغی ان یسئلہ انسائلون. اما بعد

اسلام آخری اور برحق دین ہے۔اسلام میں جس طرح توحید ورسالت،نماز،روزہ اور قیامت وغیرہ پر ایمان لانا ضروری ہے اسی طرح اس امر پر بھی ایمان لانا ضروری ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری پیغمبر اور خاتم الانبیاء والمرسلین ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد قیامت تک کوئی نبی پیدا نہیں ہوسکتا اور نہ کسی کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت مل سکتی ہے۔اسے عقیدہ ختم نبوت کہتے ہیں۔جو شخص ختم نبوت کا انکار یا تاویل کرے وہ یقیناً کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے کیونکہ ضروریات دین میں سے کسی امر کا انکار یا اس کی خوبصورت سے خوبصورت تاویل بھی کفر ہے۔ختم نبوت کا عقیدہ قرآن کریم کی متعدد آیات کریمہ،احادیث صحیحہ متواترہ،صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اجماع امت سے ثابت ہے۔فقہا کے نزدیک اس میں تامل کرنے والا بھی کافر ہے۔

برصغیر میں انگریز نے مرزا غلام احمد قادیانی سے نبوت کا دعویٰ کروایا۔اس نے جہاد کو حرام اور انگریز کی اطاعت کو مسلمانوں پر اولوالامر کی حیثیت سے فرض قرار دیا۔مرزا غلام احمد قادیانی کا خاندان جدی پشتی انگریز کا نمک خوار خوشامدی اور مسلمانوں کا غدار تھا۔مرزا غلام احمد قادیانی لکھتا ہے کہ میری عمر کا اکثر حصہ اس سلطنت انگریزی کی تائید و حمایت میں گذرا اور میں نے ممانعت جہاد اور انگریزی اطاعت کے بارے میں اس قدر کتابیں لکھی ہیں اور اشتہار شائع کیے ہیں کہ اگر وہ رسائل اور کتابیں اکٹھی کی جائیں تو پچاس الماریاں ان سے بھر سکتی ہیں (تریاق القلوب صفحہ 25)۔غرضیکہ مرزا قادیانی کے گوشت پوست میں انگریز کی وفاداری اور مسلمانوں سے غداری رچی بسی تھی۔یہی وہ وجہ ہے کہ اس مقصد کے لئے انگریز کی نظر انتخاب مرزا قادیانی پر پڑی اور اس کی خدمات حاصل کی گئیں۔مرزا قادیانی کے دعویٰ جات پر نظر ڈالیے۔اس نے بتدریج مبلغ اسلام،مجدد،مہدی،مثیل مسیح،ظلی نبی،مستقل نبی،رسول،انبیاء سے افضل حتیٰ کہ خدائی تک کا دعویٰ کیا۔یہ سب کچھ ایک طے شدہ منصوبہ،گہری چال اور خطرناک سازش کے تحت کیا۔

علمائے لدھیانہ نے مرزا قادیانی کی گستاخ و بے باک طبیعت کو اس کی ابتدائی تحریروں میں دیکھ کر

Marfat.com

اس کے خلاف کفر کا فتویٰ سب سے پہلے دیا تھا۔ان حضرات کا خدشہ صحیح ثابت ہوا اور آگے چل کر پوری امت نے علمائے لدھیانہ کے فتویٰ کی تصدیق وتوثیق کی۔ جماعت دیوبند کی طرف سے حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے مرزا قادیانی کو مرتد، زندیق اور اسلام سے خارج قرار دیا۔ حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات بھی ناقابل فراموش ہیں جنہوں نے مولانا غلام دستگیر قصوری کے استفتاء پر 1302ھ میں مرزا کو مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج قرار دے کر علمائے حرمین سے اس کی تصدیق کرائی۔ پھر اس کے بعد 1331ھ میں مولانا محمد سہول رحمۃ اللہ علیہ مفتی دارالعلوم دیوبند کے قلم سے ایک مفصل فتویٰ کی ترتیب عمل میں آئی۔اس مفصل فتویٰ میں پہلے مرزا قادیانی کے افکار اور عقائد کو اسی کی کتابوں سے نقل کیا گیا تھا۔ پھر لکھا گیا تھا ''جس شخص کے ایسے عقائد واقوال ہوں، اس کے خارج از اسلام ہونے میں کسی مسلمان کو خواہ جاہل ہو یا عالم تردد نہیں ہوسکتا۔لہذا مرزا غلام احمد اور اس کے جملہ متبعین درجہ بدرجہ مرتد، زندیق، ملحد، کافر اور فرقہ ضالہ میں یقیناً داخل ہیں''۔اس فتویٰ پر حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت علامہ محمد انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ اور دوسرے جید مشاہیر علماء کے دستخط ہیں۔

مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ نے اہلحدیث مکتبہ فکر میں مرزائیت کے خلاف بیداری پیدا کی اور مولانا ابراہیم سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا داؤد غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی اس پلیٹ فارم پر لا کھڑا کر دیا۔غرض برصغیر کے تمام مکتبہ فکر کے جلیل القدر علماء کرام نے اس فتنہ کا بھرپور تعاقب کیا۔شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے 1343ھ میں ایک علمی رسالہ ''الشہاب'' تصنیف فرمایا۔ اس رسالہ میں حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے ختم نبوت کے قطعی عقیدہ کی مرزا قادیانی کی طرف سے بے جا اور باطل تاویلات وتحریفات کا ذکر کر کے قرآن وحدیث اور فقہ اسلامی سے مرزا قادیانی کو ملحد، مرتد وزندیق ثابت کیا اور ''الشہاب'' کے صفحہ 10 پر مرزا قادیانی کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ ''اسلام کے قطعی عقیدہ کو تسلیم نہ کرنے کی وجہ سے مرتد اور زندیق ہے اور جو جماعت ان تصریحات پر مطلع ہو کر ان کو صادق سمجھتی رہے اور ان کی حمایت میں لڑتی رہے وہ بھی یقیناً مرتد اور زندیق ہے۔خواہ وہ قادیان میں سکونت رکھتی ہو یا لاہور میں! جب تک وہ ان تصریحات کے باطل ہونے کا اعلان نہ کرے گی خدا کے عذاب سے خلاص پانے کی اس کے لئے کوئی سبیل نہیں''۔شیخ السلام علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک مرزائیوں کی دونوں پارٹیاں قادیانی اور لاہوری مرتد اور زندیق ہیں۔

قطب عالم حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے نور ایمانی اور بصیرت وجدانی سے مرزا قادیانی کے دعویٰ سے بہت پہلے پنجاب کے معروف روحانی بزرگ حضرت مولانا پیر مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ سے حجاز مقدس میں ارشاد فرمایا کہ پنجاب میں ایک فتنہ اٹھنے والا ہے، اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کے خلاف آپ سے کام لیں گے۔ بیعت و خلافت سے سرفراز فرمایا اور اس فتنہ کے خلاف کام کرنے کی تلقین فرمائی۔حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کے

Marfat.com

دوسرے خلفاء حضرت مولانا احمد حسن امروہی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا انوار اللہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا محمد علی مونگیری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ بھی اس فتنہ کی سرکوبی میں پوری طرح سرگرم رہے۔

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا محمد علی مونگیری رحمۃ اللہ علیہ، مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ، پیر مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ، مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت اقدس مولانا ابوالسعد احمد خاں رحمۃ اللہ علیہ بانی خانقاہ سراجیہ، حضرت مولانا محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ خانقاہ سراجیہ، مولانا تاج محمود امروٹی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا غلام محمد دین پوری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا رسول خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ، پیر صبغت اللہ شاہ شہید رحمۃ اللہ علیہ پیر آف پگاڑہ شریف، حضرت حافظ پیر جماعت علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت پیر جماعت علی شاہ لاثانی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین تکوینی طور پر اس محاذ کے انچارج تھے۔

ردقادیانیت کے سلسلہ میں امت محمدیہ کے جن خوش نصیب وخوش بخت حضرات نے بڑی تندہی اور جانفشانی سے کام کیا ان میں حضرت مولانا ثناء اللہ امرتسری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا محمد حسین بٹالوی رحمۃ اللہ علیہ، جناب مولانا قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا مرتضٰی حسن چاند پوری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا بدر عالم میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ، پروفیسر محمد الیاس برنی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا محمد داؤد غزنوی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا ظفر علی خان رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مظہر علی اظہر رحمۃ اللہ علیہ، حافظ کفایت حسین رحمۃ اللہ علیہ، حضرت پیر کرم علی شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

1970ء کے الیکشن میں چند سیٹوں پر مرزائی منتخب ہوگئے۔ اقتدار کے نشہ اور ایک سیاسی جماعت سے سیاسی وابستگی نے انہیں دیوانہ کر دیا۔ وہ حالات کو اپنے لیے سازگار پا کر انقلاب کے ذریعہ اقتدار پر قبضہ کی سکیمیں بنانے لگے۔ قادیانی جرنیلوں نے اپنی سرگرمیاں تیز کر دیں۔ اس نشہ میں دھت ہو کر انہوں نے 29 مئی 1974ء کو ربوہ ریلوے اسٹیشن پر چناب ایکسپریس کے ذریعہ سفر کرنے والے ملتان نشتر میڈیکل کالج کے طلباء پر قاتلانہ حملہ کیا۔ جس کے نتیجہ میں ملک گیر تحریک چلی۔ حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان کے امیر تھے۔ ان کی دعوت پر امت کے تمام طبقات جمع ہوئے۔ آل پارٹیز مجلس عمل تحفظ ختم نبوت پاکستان تشکیل پائی۔ جس کے سربراہ حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ منتخب ہوئے۔ امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوش نصیبی کہ اس وقت قومی اسمبلی میں تمام اپوزیشن متحد تھی۔ چنانچہ پوری کی پوری اپوزیشن مجلس عمل تحفظ ختم نبوت پاکستان میں شریک ہوگئی۔

Marfat.com

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کا اعجاز ملاحظہ ہو کہ مذہبی وسیاسی جماعتوں نے متحد ہو کر ایک ہی نعرہ لگایا کہ مرزائیت کو غیر مسلم قرار دیا جائے۔ اس وقت قومی اسمبلی میں مفکر اسلام مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ، مولانا غلام غوث ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا شاہ احمد نورانی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا عبدالحق، پروفیسر غفور احمد، مولانا عبدالمطفی ازہری، مولانا عبدالحکیم رحمۃ اللہ علیہ اوران کے رفقاء نے ختم نبوت کی وکالت کی۔ متفقہ طور پر اپوزیشن کی طرف سے مولانا شاہ احمد نورانی رحمۃ اللہ علیہ نے مرزائیوں کے خلاف قرارداد پیش کی اور برسر اقتدار جماعت پیپلز پارٹی یعنی حکومت کی طرف سے دوسری قرارداد جناب عبدالحفیظ پیرزادہ نے پیش کی جوان دنوں وزیر قانون تھے، قومی اسمبلی میں مرزائیت پر بحث شروع ہوگئی۔ پورے ملک میں مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ، نوابزادہ نصر اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ، آغا شورش کاشمیری رحمۃ اللہ علیہ، علامہ احسان الٰہی ظہیر رحمۃ اللہ علیہ، مولانا عبدالقادر روپڑی رحمۃ اللہ علیہ، مفتی زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ، مولانا تاج محمود رحمۃ اللہ علیہ، مولانا محمد شریف جالندھری رحمۃ اللہ علیہ، مولانا عبدالستار خان نیازی رحمۃ اللہ علیہ، مولانا صاحبزادہ فضل رسول حیدر، مولانا صاحبزادہ افتخار الحسن، سید مظفر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ، مولانا علی غضنفر کراروی، مولانا عبدالحکیم رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا محمد شاہ امروٹی رحمۃ اللہ علیہ، غرضیکہ چاروں صوبوں کے تمام مکاتب فکر نے تحریک کے الاؤ کو ایندھن مہیا کیا۔ اخبارات ورسائل نے تحریک کی آواز کو ملک گیر بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کا دباؤ بڑھتا گیا۔ ادھر قومی اسمبلی میں قادیانی ولاہوری گروپوں کے سربراہوں نے اپنا اپنا موقف پیش کیا۔ ان کا جواب اور امت مسلمہ کا موقف مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کی قیادت میں مولانا محمد حیات رحمۃ اللہ علیہ، مولانا سمیع الحق اور مولانا سید انور حسین نفیس رقم رحمۃ اللہ علیہ نے مرتب کیا۔ اسے قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لیے چودھری ظہور الٰہی کی تجویز اور دیگر تمام حضرات کی تائید پر قرعہ فال مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ کے نام نکلا۔ جس وقت انہوں نے یہ محضر نامہ پڑھا، قادیانیت کی حقیقت کھل کر اسمبلی کے ارکان کے سامنے آ گئی۔ مرزائیت پر اوس پڑ گئی۔ نوے دن کی شب و روز مسلسل محنت، کاوش اور بھرپور تحریک کے بعد جناب ذوالفقار علی بھٹو کے عہد اقتدار میں متفقہ طور پر 7 ستمبر 1974ء کو نیشنل اسمبلی آف پاکستان نے عبدالحفیظ پیرزادہ کی پیش کردہ قرارداد کو منظور کیا اور مرزائی آئینی طور غیر مسلم اقلیت قرار پائے۔

قادیانی کافروں کی قسم مرتد وزندیق سے تعلق رکھتے ہیں کیونکہ یہ دین اسلام کو کفر کہتے ہیں اور اپنے دین کفر کو اسلام کا نام دیتے ہیں اور یہ جرم ہر قادیانی میں پایا جاتا ہے۔ خواہ وہ اسلام کو چھوڑ کر قادیانی بنا ہو یا پیدائشی قادیانی ہو۔ عام کافروں کے ساتھ معاملات جائز ہیں جب وہ مسلمان کا روپ نہ دھاریں اور مسلمان کی نشانیوں (شعائر اسلامی) کو استعمال کر کے مسلمانوں کو دھوکہ نہ دیں۔ جبکہ قادیانی مسلمانوں کا روپ دھار کر اور انکے شعائر (نشانیوں) کو استعمال کر کے تعلقات کے جھانسہ میں سادہ لوح مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالتے ہیں۔ لہٰذا ان کے ساتھ ہر قسم کے تعلقات حرام ہیں۔

Marfat.com

1974ء کی تحریک ختم نبوت میں مجلس عمل تحفظ ختم نبوت نے قادیانیوں سے سوشل بائیکاٹ کی اپیل کی۔ پورے ملک کے اسلامیان وطن نے قادیانیوں سے تاریخ ساز سوشل بائیکاٹ کیا۔ چند روشن خیال نادان اس پر چیں بچیں ہوئے۔ اس زمانے میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر اور مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کے قائد محدث العصر حضرت علامہ مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ نے قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ پر ایک استفتاء مرتب فرمایا اور اس کا جواب ارباب فتویٰ سے طلب فرمایا۔ تمام مسالک کے علماء کرام نے قادیانیوں کے سوشل بائیکاٹ کی شرعی حیثیت واضح کرنے کے لیے فتاویٰ جات تحریر کیے۔ مثلاً پاکستان کے مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکیؒ نے 28 اگست 1974ء کو فتویٰ مرتب کیا۔ اس زمانہ میں ہزاروں کی تعداد میں شائع ہوا۔ اسی طرح جامعہ امینیہ رضویہ فیصل آباد کے حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب نے فتاویٰ مرتب کیا۔

قادیانی آئین جمہوریہ پاکستان کی رو سے خارج از اسلام ہیں۔ 1974ء میں غیر مسلم اقلیت قرار دیئے جانے کے باوجود قادیانیوں نے آئین پاکستان سے بغاوت کا اعلان کرتے ہوئے اپنے آپ کو غیر مسلم اقلیت تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ قادیانیوں نے مسلمانوں کو دھوکہ دینا شروع کر دیا کہ ہماری نماز، روزہ، عبادات اور دیگر شعائر وغیرہ سب مسلمانوں کی طرح ہیں لہذا ہم پکے مسلمان ہیں۔ مزید یہ کہ قادیانی کلمہ طیبہ کا بیج لگا کر کھلے عام شعائر اسلامی کا اظہار کرنے لگے قادیانی اپنی ارتدادی سرگرمیاں تیز کرتے ہوئے اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر کے پہلے سے زیادہ تیزی سے لوگوں کے ایمان برباد کرنے لگ گئے۔

26 اپریل 1984ء کو حکومت پاکستان نے امتناع قادیانیت آرڈیننس جاری کیا جس کے تحت قادیانیوں کو شعائر اسلام استعمال کرنے، اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرنے اور قادیانیت کی تبلیغ کرنے سے روک دیا۔ اس آرڈیننس کے ذریعہ تعزیرات پاکستان میں دو نئی دفعات 298/B اور 298/C کا اضافہ کیا گیا۔ مگر قادیانیوں نے اس آرڈیننس کی بھی کھلے عام خلاف ورزیاں شروع کر دیں۔ قادیانی اسلام کے غدار اور باغی تو تھے ہی، آئین پاکستان میں ترمیم کے بعد قادیانیوں کا اپنے آپ کو ''مسلمان'' قرار دینا اور شعائر اسلامی کا استعمال کرنے سے یہ آئین اور قانون پاکستان کے بھی باغی اور غدار بن گئے۔

دور حاضر میں چند ''روشن خیال'' نادان قادیانیوں کی اگلی نسلوں کو عام کافر قرار دے کر قادیانیوں سے معاملات اور تعلقات استوار کر رہے ہیں۔ ان حالات میں ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ مسلمانوں کو آگاہ کیا جائے کہ قادیانی کافروں کی عام قسم نہیں بلکہ وہ کافروں کی بدترین قسم سے تعلق رکھتے ہیں جنہیں زندیق کہا جاتا ہے اور ان سے خرید و فروخت، تجارت، لین دین، سلام و کلام، ملنا جلنا، کھانا پینا، شادی و غمی میں شرکت، جنازہ میں شرکت، تعزیت، عیادت، ان کے ساتھ تعاون یا ملازمت سب شریعت اسلامیہ میں ممنوع اور حرام ہیں۔

Marfat.com

مرکز سراجیہ کے ذمہ داران نے شیخ المشائخ امام وقت حضرت مولانا خواجہ **خان محمد** رحمۃ اللہ علیہ کی سرپرستی، راہنمائی، اور مشاورت سے موجودہ دور کے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام، مفتیان، مشائخ عظام، ممتاز اسکالر بڑے بڑے مدارس وجامعات اور مذہبی جماعتوں کے قائدین سے فتاویٰ جات اور تحریریں اکٹھی کیں۔ تمام مکتبہ فکر کے رہنماؤں نے متفقہ طور پر قادیانیوں کے مکمل بائیکاٹ کو قرآن وحدیث کی روشنی میں اسلامی عدل وانصاف کے عین مطابق قرار دیا۔ قادیانیوں سے کسی بھی قسم کے تعلقات اور معاملات کو حرام اور انکے مکمل بائیکاٹ کو فرض قرار دیا۔ الحمدللہ مرکز سراجیہ اسے اب جامع دستاویز کی شکل میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ دعا ہے اللہ پاک اس دستاویز کو نافع بنائے اور قبول فرمائے۔

قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ ان کو توبہ کرانے میں بہت بڑا علاج ہے۔ قادیانیوں کی ہدایت کا بہت بڑا واسطہ ہے کیونکہ جب ان کی دکانیں، کارخانے اور کاروبار بند ہونگے تو ضرور توبہ کریں گے انشا اللہ تعالیٰ۔ قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ ایمان کی گواہی ہے، نصرت دین ہے، اللہ تعالیٰ کی رضامندی کا ذریعہ ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کا واسطہ اور سرمایہ ہے۔

ان سے اقتصادی، معاشی، معاشرتی اور سیاسی معاملات یا کسی بھی قسم کا تعلق رکھنا اس فتنہ مرزائیہ کی تقویت اور پھیلنے میں معاونت کا ذریعہ بنے گا جسکا وبال عظیم ہونا ہر باشعور انسان پر مخفی نہیں۔ ایمانی غیرت کا تقاضا اور ایمان کی نشانی کفر اور کفار سے ہمہ قسم کی بیزاری، نفرت اور بائیکاٹ ہی میں ہے۔ قادیانیوں، مرزائیوں کا کفر ایک الگ نوعیت کا کفر اور یہ فتنہ ایک عظیم فتنہ ہے اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو یہ سمجھنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ تاکہ ایمان بچا کر دنیا سے رخصت ہوں اور اس فرقہ ضالہ کو بھی مولائے پاک تائب ہونے کی توفیق عطا فرمائیں۔ اب ہر خاص وعام پر فرض ہے کہ ان فتاویٰ پر من وعن پوری طرح عمل کر کے اپنی آخرت کی فکر اور اسکو حق تعالیٰ کی رضاء اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ کی شفاعت کے حصول کا ذریعہ بنا دے جو قادیانیوں کیساتھ ہمہ قسم کے بائیکاٹ ہی میں مضمر ہے۔

ہماری تمام امت سے اپیل ہے کہ آپ قادیانیوں کی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کریں اور ان سے معاملات اور تعلقات ختم کر کے شفاعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے مستحق بنیں۔ اللہ ہم سب کو شفاعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بہرہ مند فرمائیں۔ آمین

حضرت مولانا خواجہ **رشید احمد** صاحب مدظلہ

خلیفہ مجاز: حضرت مولانا انظر شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ

مدیر: **مرکز سراجیہ** لاہور

سجادہ نشین: خانقاہ احمدیہ سراجیہ داد ڑہ بالا شریف ساہیوال

Marfat.com

حضرت مولانا عبدالمجید لدھیانوی صاحب مدظلہ
امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

نبوت کے سلسلہ الذھب کی پہلی کڑی ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام ہیں آخری عظیم الشان کڑی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں آپکے تشریف لانے سے قصر نبوت کامل و مکمل ہو گیا اسمیں کسی اضافہ کی گنجائش نہ رہی

آپ کے بعد آپکی پیشن گوئی کے مطابق کذابین و دجالین کے سلسلہ کی ابتدا ہوئی۔

آپ کی حیات مبارکہ کے آخر میں اسود عنسی اور مسیلمہ کذاب کے دماغ میں نبوت کا سودا سمایا تو اسود عنسی کو آپکی حیات میں اور مسیلمہ کذاب کو حضرت ابوبکر صدیق کے دور خلافت میں جہنم رسید کر کے انکے ناپاک وجود سے دھرتی کو پاک کر دیا گیا۔ انکے بعد جب بھی جہاں بھی کسی تیغیری

مزاج نے یہ بول بولا کہ میں نبی ہوں تو جلد یا بدیر اسکا انجام بھی یہی ہوا تا آنکہ ایک انگریزوں کے خود کاشتہ پودہ غلام احمد قادیانی نے یہی دعوٰی کیا اور یہود و نصاریٰ کی سرپرستی میں یہ پودہ شجرہ خبیثہ بن گیا۔ اور عالمی سطح پر اسکے اثرات پھیلے۔ اس کے خلاف علماء اہل حق نے پہلے دن سے ہی قلمی اور لسانی جہاد شروع کیا۔ اسکی مرتد زندیق کذاب و دجال ہونے کو دلائل کے ساتھ واضح کیا۔

قادیانیوں کا بائیکاٹ ایمان کا تقاضہ ہے۔ اس سلسلہ میں سب سے زیادہ مفصل و مدلل فتوی متقی ولی حسن رحمہ اللہ رحمتیں دار الافتاء جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کا ہے۔

مرکز سراجیہ لاہور کے مسند نشین مخدوم مکرم صاحبزادہ رشید احمد صاحب ارشد نے قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ پر موجودہ دور کے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اور مفتیان عظام سے فتاوی حاصل کیے۔ اب وہ ان فتاوی کو دستاویز بنا کر شائع کرنے کی کوشش فرما رہے ہیں جو وقت کی اہم ضرورت ہے اللہ تعالیٰ انکی اس

Marfat.com

کو نشنس کو قبول فرمائے۔ اہلِ ایمان کے لئے باعث اطمینان اور قادیانیوں کے
جل و فریب میں مبتلا ہو کر ایمان ضائع کرنے والوں کے لئے ہدایت کا سامان بنائے۔

این دعا از من و از جملہ جہان آمین باد۔

عبدالمجید
خادم عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت
جامعہ السندیہ باب العلوم کروڑ پکا ضلع لودھراں
۲۱ فروری ۲۰۱۱

Marfat.com

مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ
نائب امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین، والصلوۃ والسلام علی سیدنا محمد خاتم الانبیاء والمرسلین، وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ومن تبعھم باحسان ودعا بدعوتھم الی یوم الدین اما بعد!

عقیدۂ ختم نبوت امت کا اجماعی عقیدہ ہے، جو قرآن کریم کی بے شمار آیات اور احادیث متواترہ سے ثابت ہے اور آپؐ کے بعد نئی نبوت کا دعویٰ کرنے والا دجال اور کذاب ہے۔

متحدہ ہندوستان میں استعمار کے غلبہ کے بعد اس کے خود کاشتہ پودا مرزا غلام احمد قادیانی نے جب جھوٹی نبوت کا دعویٰ کیا تو علماء امت نے بالاجماع مرزا قادیانی اور اس کے ماننے والوں کو کافر اور مرتد قرار دیا کیونکہ مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کی جماعت کا عقیدہ ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی کی جھوٹی نبوت کو نہ ماننے والے مسلمان، کافر، پکے کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہیں، یوں گویا قادیانیوں نے بھی اپنے آپ کو امت اسلامیہ سے جدا کر دیا، کیونکہ وہ مرزا کی جھوٹی نبوت کو نہ ماننے والے مسلمانوں اور پوری امت مسلمہ کو کافر سمجھتے ہیں۔ اس لئے کہ ان کا عقیدہ ہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی کے جھوٹے دعویٰ نبوت کے بعد اسلام، قرآن اور پیغمبر اسلام پر ایمان باعث نجات نہیں ہے، اور جو مرزا کو نبی نہیں مانتے وہ کافر و مرتد ہیں۔

لہٰذا موجودہ استفتاء اور اس کے جواب میں علماء کرام کا یہ فتویٰ ہے کہ: ''مرزائی، قادیانی جماعت سے سوشل بائیکاٹ کیا جائے'' عین عدل وانصاف کے مطابق ہے، ہر مسلمان کے لئے اس پر عمل کرنا فرض ہے۔ کیونکہ قادیانی، مرزائی اسلام اور پیغمبر اسلام کے باغی ہیں اور دنیا کا اصول ہے کہ باغیوں سے میل جول، رشتہ، ناطہ اور تعلقات نہیں رکھے جاتے، بلکہ باغیوں سے تعلق رکھنے والا بھی باغی تصور کیا جاتا ہے۔

دیکھا جائے تو قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ ایک اعتبار سے خود قادیانیوں کے حق میں بھی مفید ہے کیونکہ اس بائیکاٹ سے ان کو یہ احساس ہوگا اور سوچنے پر مجبور ہوں گے کہ امت مسلمہ سے جدا ہو کر ہم خسر الدنیا والآخرۃ کے مصداق بن گئے ہیں۔ عین ممکن ہے کہ یہ سوچ ان کی ہدایت کا ذریعہ بن جائے اور وہ تائب ہو کر دوبارہ امت مسلمہ میں شامل ہو جائیں۔ واللہ یھدی من یشاء الی صراط مستقیم۔

عبدالرزاق اسکندر

مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر

مدیر جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

نائب امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

۱۴۲۹/۱۰/۱۲ھ

Marfat.com

حضرت مولانا خواجہ عزیز احمد صاحب مدظلہ

نائب امیر مرکزیہ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

عزیز احمد

خانقاہ سراجیہ
نقشبندیہ مجددیہ
نزد کندیاں
ضلع میانوالی

: اما بعد :

محترم بھائی رشید احمد صاحب اور ان کے رفقاء نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں سرشار ہو کر تحفظ ختم نبوت اور تحفظ ناموس رسالت کی ذمہ داری کو احسن طریقہ سے نبھانے کی کوشش کی ہے، انہوں نے کوئی نئی بات یا کوئی نیا مسئلہ نہیں اٹھایا ہے۔ بلکہ یہ تو امت مسلمہ کا روز اول سے متفقہ موقف رہا ہے، اور اب بھی ہے، اس سبق کو خود بھی یاد کرنے کی کوشش کی ہے اور تمام مسلمانوں کو ایمان کے تقاضے کو پورا کرنے کی طرف متوجہ کیا ہے۔

جزاکم اللہ احسن الجزاء۔

اللہ تعالیٰ اس محنت حسنہ کو قبول فرمائے۔

اور دین و دنیا از رخت تکمیل باعث برکت اور ذریعہ نجات بنائے آمین

والسلام

خانقاہ! عزیز احم
19
03
11

AZIZ AHMAD

KHANQAH SIRAJIA NAQSH BANDIA MUJADADIA
NEAR KUNDIAN DISTRICT MIANWALI

Marfat.com

خصوصی شکریہ

ہم یادگار اسلاف، ناظم اعلیٰ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

حضرت مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری صاحب مدظلہ

کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے قادیانیت کے بائیکاٹ کے موضوع پر ہمیں کام کرنے کی ضرورت واہمیت سے آگاہ فرما کر عملی کام کرنے کی ترغیب دی

خصوصی تعاون

ہم شاہین ختم نبوت، مرکزی رہنما عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

حضرت مولانا اللہ وسایا صاحب مدظلہ

کے اس اہم دستاویز کی تیاری میں خصوصی تعاون اور رہنمائی پر شکر گزار ہیں۔ان کے قیمتی مشوروں نے اس دستاویز میں مزید نکھار پیدا کر دیا

Marfat.com

حضرت مولانا محمد اکرم طوفانی صاحب
مرکزی رہنما عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت
لسان پاکستان
Aalami Majlise Tahaffuze Khatme Nubuwwat
HEAD OFFICE : HAZOORI BAGH ROAD, MULTAN - PAKISTAN PH: 4514122-4583486 FAX: 4542277
051-2829186 042-5862404 0300-6606990 021-2780337 081-841995 091-212839

قادیانیوں کا مکمل بائیکاٹ

مرکزیہ اجیہ گلبرگ لاہور جو صاحبزادہ رشید احمد صاحب مدظلہ
کی نگرانی میں مصروف عمل ہے۔ نہایت ہی محنت اور جانفشانی سے
پاکستان بھر میں تمام بڑے بڑے دینی اداروں اور علماء کرام سے
سینکڑوں کی تعداد میں فتاویٰ جات جمع کئے ہیں۔ جو تحریک
ختم نبوت کے محاذ پر ایک انفرادی محنت اور کوشش ہے۔
ان فتاویٰ میں مسلمانوں کو بیدار کیا گیا ہے۔ کہ قادیانیوں سے
تعلقات اور ان سے بین دین سراسر شریعت مطہرہ میں ایک
ناپسندیدہ اور حرام فعل ہے۔ بلکہ بعض اوقات ان قادیانیوں
سے لین دین کرنے والے ان کے اخلاق کو بھی اپنا لیتے ہیں۔ جو
حرام ہونے کے ناجائز اور حلال سمجھ کر نادانستہ طور پر اپنے
آپ کو کفر کی سرحدوں میں داخل کر لیتے ہیں۔ ان فتاویٰ جات
کا پیرا لا بسریری اور پر مکتب میں ہونا فردی ہے۔

Marfat.com

خصوصاً جو مبلغین حضرات تحریک ختم نبوت سے وابستہ ہیں۔
ان کیلئے یہ تحفۂ خداوندی ہے۔ اللہ تعالیٰ مرتب کو اجر عظیم سے نوازے اس محنت کو قبول فرماتے ہوئے مزید ترقیات سے نوازے۔

یاد رہے۔ یہ ادارہ کی بنیاد قطب الارشاد
رأس الاتقیا خواجہ خواجگان امیر مبلغ عالم مجلی
بخط ختم نبوت حضرت مولانا خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہ
وداعت فیوضہم خود رکھی اور افتتاح فرمایا تھا۔
قارئین اس کو نہ بھولیں۔ ہر جس بھی ادارے کی بنیاد حضرت قبلہ
داعت فیوضہم نے رکھی۔ وہ اپنے مقاصد میں منفرد حیثیت
سے اپنی منزل کی طرف رواں دواں رہا۔ الحمد للہ ہر مزاج
کے بھی مرد و زن میں سے اپنے مقاصد دینیہ خصوصاً احیاء عقیدہ
بخط ختم نبوت اور تعاقب قادیانیت میں اپنی استطاعت
سے بڑھ کر اپنے فرائض منصبی سے عہدہ برآ ہونے کی سعی
فرمائی۔ حضرت صاحبزادہ سید ابو الرشید صاحب اپنی مخصوص طبیعت اور حیات
کے باوجود خاموشی سے حضرت کے پسندیدہ مشغلہ کو جاری
رکھنے میں ہمہ تن مصروف ہیں یاد رہے حضرت جی نور اللہ مرقدہ
نے ہمیشہ ان لوگوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم
کی عظمت اور ختم نبوت کے کام کو زندگی کا اہم ترین مشغلہ سمجھا،
اللہ تعالیٰ ہم تمام خواتین کو حضرت کے اس پسندیدہ عمل والے

Marfat.com

سب پر لحاظ سے رحم فرما۔ دونوں جہاں میں آباد رکھ
اور اپنی تعاون کی بڑھ چڑھ کر امداد کرنے کی توفیق
عطا فرمائے۔ تاکہ ہم خوف کی حدود اطاعت کو
خوش کر کے ان کی عبادوں بندگی کے بھرے
ان کے فیوضات عالیہ سے مستفیض ہوتا رہے۔
امین یارب العالمین ،

احقر العباد۔ زوجہ نفیس خواجہ خواجگان
حافظ محمد جمیل طوفانی
سرگودھا ،
27-5-2013

Marfat.com

حضرت مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی صاحب
مرکزی ناظم تبلیغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

برصغیر پاک وہند میں برطانوی سامراج نے اپنے اقتدار کو طول دینے اور مسلمانوں میں افتراق وانتشار پیدا کرنے کیلئے بہت سے فتنے پیدا کئے ان میں سے ایک بدترین فتنہ مرزا غلام احمد قادیانی جہنم رکھتا ہے ۔ مرزا قادیانی نے جھوٹی نبوت کا دعویٰ کر کے اسلامیان ہند کو سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن عفو وکرم سے کاٹ کر اپنے غلیظ دامن سے وابستہ کرنیکی ناپاک کوشش کی اللہ پاک برصغیر کے ان ہزاروں علماء کرام اور مشائخ عظام کو جزائے خیر عطا فرمائے ۔ کہ اس فتنہ عیاء کی سنگینی کا احساس فرما کر اس کا مقابلہ کرنیکی کوشش کی ۔ ضرورت اس کی تھی کہ فتنہ خبیثہ کے مقابلہ میں ایک مستقل جماعت ہو جو فرقہ واریت اور سیاسیات سے الگ تھلگ رہ کر قادیانیوں کا ہمہ جہت مقابلہ کرے ۔ چنانچہ امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی قیادت میں ۱۹۲۹ء میں مجلس احرار اسلام نے اور ۱۹۴۹ء میں مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان نے بہشت پہلو سے مقابلہ شروع کیا ۔ جس کے خاطر خواہ نتائج سامنے آئے ۔ ۱۹۷۴ء میں قادیانیوں کی جارحانہ اور خیانتہ حرکتوں کی وجہ سے تحریک چلی ۔ جسمیں قادیانیوں کا اقتصادی وعمرانی بائیکاٹ کا فیصلہ ہوا ۔ اس وقت عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے امیر اور تحریک ختم نبوت کے قائد مدرس العصر حضرت علامہ مولانا سید محمد یوسف بنوریؒ تھے ۔ حضرت نے بائیکاٹ سے متعلق شرعی نقطۂ نظر معلوم کرنے کیلئے مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکیؒ کو استفتاء لکھا ۔ جسکا حضرت مفتی صاحبؒ نے تفصیلی جواب عنایت فرمایا اور قادیانیوں کے اقتصادی بائیکاٹ کو قرآن وسنت اور فقہی دلائل سے درست قرار دیا ۔ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت نے کئی مرتبہ شائع کر کے ہزاروں کی تعداد میں تقسیم کیا ۔

Marfat.com

فقید حضرت مولانا صاحبزادہ رشید احمد زید سعیدہ اور ان کے رفقاء کو اللہ
پاک جزائے خیر بخشے اور فرمائیں کہ انہوں نے اس فتویٰ کی اشاعت کو محسوس
فرماتے ہوئے ۔ اسے پاکستان بھر کے تمام مکاتب فکر کی تائید کیساتھ شائع کرنیکا
مرکزی پروگرام بنایا ۔ مذکورہ بالا فتویٰ کی آج بھی اسی طرح ضرورت ہے ۔ جیسے آج سے
چوبیس ۲۴ سال پہلے تھی ۔ اگرچہ حضرت اعظم پاکستان حضرت مولانا فتی ولی رحمہ
کے شاندار فتویٰ کی تائید مزید کی چنداں ضرورت نہیں تاہم سنہ ۷۸ اس کی
حرف بحرف تائید کرتا ہے ۔ اور دعا گو ہے کہ اللہ پاک المستفتی اور مفتی دونوں
توجہ فرمائے خیر بخشے اور اس فتویٰ کو رفع درجات کا ذریعہ بنائیں ۔

محمد اسحٰق جمیل شجاع آبادی
ناظم تبلیغ عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان
ملتان 19-10-08

Marfat.com

حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب مدظلہ
امیر عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور

قادیانیوں سے بائیکاٹ کی اپیل

حب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سبیل

(یعنی قادیانیوں سے بائیکاٹ کیوں ضروری ھے)

دین اسلام کے بنیادی عقائد میں سے ایک اہم ترین عقیدہ عقیدہ ختم نبوت ہے۔اس مبارک عقیدہ کی عظمت کو بیان کرنے کے لئے اتنا کہہ دیناہی کافی ہے کہ یہ عقیدہ پورے دین اسلام کی روح ہے۔جیسے روح کے بغیر جسم کی کوئی حیثیت نہیں ایسے ہی عقیدہ ختم نبوت کے بغیر کسی عمل کی کوئی اہمیت نہیں۔اگر چہ لاکھوں نمازیں پڑھے روزے رکھے حج کرے سب بیکار ہیں۔یہ قرب قیامت کا دور ہے۔روز بروز نت نئے فتنے مختلف شکلوں میں رونما ہورہے ہیں۔ان میں سے ایک خطرناک ترین فتنہ قادیانیت کا فتنہ ہے۔یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کے باغی اور دشمن ہیں۔

مسیلمہ کے جانشیں گرہ کٹوں سے کم نہیں
کتر کے جیب لے گئے پیمبری کے نام سے

آج بھی یہ مختلف چالوں سے مسلمانوں کے ایمان پر حملہ آور ہیں۔دوستی نوکری چھوکری پیسوں کی ٹوکری کے بہانے سے اور کسی کو غیر ملکی ویزہ کا جھانسا دیکر اسکے ایمان کو لوٹنے کی کوشش کرتے ہیں۔بندہ سیدھے لفظوں میں عرض کررہا ہے اللہ نہ کرے اگر کسی مسلمان نے قادیانیوں کے مکروفریب میں آکر برطانیہ جرمن یا کسی اور ملک کا ویزہ لے لیا اور کسی قادیانی لڑکی سے شادی کرکے قادیانی بن گیا تو.....

گنبد خضریٰ سے اسکا ویزہ ختم ہوگیا
گنبد خضریٰ سے اسکا رشتہ ختم ہوگیا

اے میرے غیرت مند مسلمان بھائی اپنے گریباں میں جھانک کر دیکھ اگر خدانخواستہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارا رشتہ ختم ہوگیا تو ہمارے پلے رہے گا کیا؟ پھر ویزہ کب تک کام آئے گا۔شادی کا من تو کب تک پورا کرے گا۔ہماری ساری

Marfat.com

امیدوں کا سہارا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک ہستی ہی تو ہے۔اللہ پاک کی بارگاہ میں پیش کرنے کے قابل کوئی پونجی ہے تو وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہی تو ہے۔لہذٰا آقائے دوجہاں سرور کونین فخر دوعالم سرور دوعالم سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت (جو گناہ گار سے گناہ گار مسلمان کے سینے میں جوش مار رہی ہے) کے وسیلے سے ایک ایک مسلمان سے پرزور اپیل کی جاتی ہے کہ وہ قادیانیوں سے مکمل طور پر بائیکاٹ کرے، ان سے ہر قسم کے تعلقات کو ختم کرے اور انکے ساتھ تعلقات کو ختم کرنے کے لئے اپنے دل کو غیرت دلانے کے لئے اس جملے کو پڑھ لیا کریں

"اے مسلمان جب تو کسی قادیانی سے ملتا ہے تو گنبد خضریٰ میں دل مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم دکھتا ہے"

شبہ کا ازالہ

سوال: کفار کے ساتھ تو معاملات کرنے جائز ہیں؟

جواب: یہ تب جائز ہیں جب وہ مسلمان کا روپ نہ دھاریں اور مسلمان کی نشانیوں (شعائر اسلامی) کو استعمال کر کے مسلمانوں کو دھوکہ نہ دیں۔جبکہ قادیانی مسلمانوں کا روپ دھار کر اور انکے شعائر (نشانیوں) کو استعمال کر کے تعلقات کے جھانسہ میں سادہ لوح مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالتے ہیں۔لہذٰا ان کے ساتھ ہر قسم کے تعلقات حرام ہیں۔مزید وضاحت کے لئے حضرت مولانا یوسف لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ کی ایک تحریر ملاحظہ فرمائیں۔

''قادیانیوں کی سو نسلیں بھی بدل جائیں تو انکا حکم زندیق اور مرتد کا رہے گا سادہ کافر کا حکم نہیں ہوگا۔اس لئے کہ انکا جو جرم ہے یعنی کفر کو اسلام اور اسلام کو کفر کہنا یہ جرم ان کی آئندہ نسلوں میں بھی پایا جاتا ہے۔الغرض قادیانی جتنے بھی ہیں خواہ وہ اسلام کو چھوڑ کر مرتد ہوئے ہوں قادیانی زندیق بنے ہوں یا وہ انکے بقول پیدائشی ''احمدی'' ہوں قادیانیوں کے گھر پیدا ہوئے ہوں اور کفر ان کو ورثے میں ملا ہو تو ان سب کا ایک ہی حکم ہے یعنی مرتد اور زندیق کا۔کیونکہ انکا جرم صرف یہ نہیں کہ وہ اسلام کو چھوڑ کر کافر بنے ہیں بلکہ انکا جرم یہ ہے کہ دین اسلام کو کفر کہتے ہیں اور اپنے دین کفر کو اسلام کا نام دیتے ہیں اور یہ جرم ہر قادیانی میں پایا جاتا ہے۔خواہ وہ اسلام کو چھوڑ کر قادیانی بنا ہو یا پیدائشی قادیانی ہو۔''

اس لئے بندہ پورے شرح صدر کے ساتھ حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ کے فتویٰ کی پرزور تائید کرتا ہے۔اور تمام مسلمانوں سے اپیل کرتا ہے کہ قادیانیوں کی سازشوں سے اور انکے مکر و فریب سے بچیں۔عام مسلمان ان سے (اور اسی طرح دیگر فتنوں سے) بحث و مباحثہ سے اور انکا لٹریچر پڑھنے سے بچیں۔یہ سانپ کے زہر سے زیادہ خطرناک ہے۔اگر کوئی قادیانی تنگ کرے تو فوراً کسی ماہر عالم سے رجوع کریں۔

یہاں ایک واقع کا ذکر کرنا مناسب ہوگا جس کو بندہ اکثر مجالس میں سناتا رہتا ہے۔وہ یہ ہے کہ جامعہ اشرفیہ لاہور کے شیخ

Marfat.com

الحدیث حضرت مولانا صوفی محمد سرور صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی خدمت میں ایک صاحب نے خط لکھا کہ میں نے مرزائیوں کا لٹریچر پڑھا ہے اور میرے ذہن میں عجیب قسم کے شکوک وشبہات پیدا ہو رہے ہیں میں کیا کروں۔ حضرت مولانا صوفی محمد سرور صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے جو جواب مرحمت فرمایا وہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ فرمایا، ''آپ نے سانپ کا منتر سیکھے بغیر سانپ کو پکڑنے کی کوشش کی ہے۔ وہ ڈسے گا نہیں تو اور کیا کرے گا''۔ فرمان کا مطلب یہ ہے کہ..... قادیانیت کا زہر سانپ کے زہر سے زیادہ خطرناک ہے سانپ کے زہر سے اگر وقت موعود آچکا ہے تو موت آجائے گی لیکن اگر قادیانیت کا زہر سرائیت کر گیا تو وہ دنیا و آخرت دونوں کو تباہ کر دے گا۔ لہذا اس فتنے کے بارے میں معلومات رکھنے والے علماء کرام اور محافظین ختم نبوت قادیانیت کے سانپ کو پکڑنے کا منتر جانتے ہیں جب بھی ضرورت ہو فوراً ان سے رجوع کریں۔

جیسے ہمارے ایک نیک استاد صاحب دامت برکاتہم سے ایک فتنہ پھیلانے والی جماعت کے آدمی نے کہا کہ آپ ہماری جماعت کے فلاں آدمی سے بات کریں، وہ آپ کو قائل کر لے گا۔ حضرت استاد صاحب دامت برکاتہم فرمانے لگے کہ وہ مجھے قائل نہیں کر سکتا خاموش کرا سکتا ہے۔ یعنی ایک مسئلہ کا جواب میرے ذہن میں نہیں ہے تو اسکا یہ مطلب نہیں کہ پیچھے گودام ہی خالی ہے بلکہ ہمارے اکابرین کا گودام (ہر مسئلہ کے حل اور جواب سے) بھرا ہوا ہے، میں ان سے جا کر معلوم کر لوں گا۔ اس لئے کبھی فتنہ پرور کی گفتگو سن کر انکے پیچھے نہ لگیں بلکہ اپنے اکابرین پر ہی اعتماد کریں اور ان سے رابطہ میں رہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ پوری امت مسلمہ کی ہر شر اور بالخصوص فتنہ قادیانیت سے حفاظت فرمائے اور محافظین ختم نبوت کی جملہ کوششوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آمین

بجاہ النبی کریم و صلی اللہ علی حبیبہ خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین

محتاج دعا
محمد حسن غفرلہ
خادم مدرسہ محمدیہ
وجامعہ مدنیہ جدید
وجامعہ عبداللہ بن عمر
وجامعہ شیخ موسیٰ

Marfat.com

مولانا عزیز الرحمٰن ثانی صاحب مدظلہ
مرکزی ناظم شعبہ اطلاعات ونشریات عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

زندیق شرعاً اس شخص کو کہا جاتا ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اقرار کرتا ہو اور شعائر اسلام کا اظہار کرتا ہو مگر کسی کفریہ عقیدہ پر ڈٹا ہوا ہو۔ زندیق اور ملحد جو بظاہر اسلام کا کلمہ پڑھتا ہو مگر خبیث عقائد رکھتا ہو اور غلط تاویلات کے ذریعے اسلامی نصوص کو اپنے عقائد خبیثہ پر چسپاں کرتا ہو۔ اس کی حالت کافر اور مرتد سے بھی بدتر ہے کہ کافر اور مرتد کی توبہ بالاتفاق قابل قبول ہے مگر بقول علامہ شامیؒ زندیق کا نہ اسلام معتبر ہے نہ کلمہ، نہ اس کی توبہ قابل التفا ہے۔ الا یہ کہ وہ اپنے تمام عقائد خبیثہ سے برأت کا اعلان کرے۔

حضرت ملا علی قاریؒ مرقات جلد ۷ صفحہ ۱۰۴ پر زندیق کا معنی بیان کرتے ہیں کہ وہ جو کفر کو چھپاتا ہو اور ایمان کو ظاہر کرتا ہو۔

علامہ شامیؒ فرماتے ہیں کہ: زندیق ملمع سازی کر کے اپنے کفر کو پیش کرتا ہے فاسد عقیدہ کی ترویج کرتا ہے اور اس کو صحیح صورت میں ظاہر کرتا ہے اور کفر کے چھپانے کا یہی مطلب ہے۔ (شامی جلد ۳ صفحہ ۳۲۴)

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ مفتی اعظم پاکستان جواہر الفقہ جلد ۱ صفحہ ۲۹ میں تحریر فرماتے ہیں: ''زندیق کی تعریف میں جو عقائد کفریہ کا دل میں رکھنا ذکر کیا گیا ہے اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ مثل منافق کے اپنا عقیدہ ظاہر نہیں کرتا۔ بلکہ یہ مراد ہے کہ اپنے عقائد کفریہ کو ملمع کر کے اسلامی صورت میں ظاہر کرتا ہے۔''

درج بالا عبارات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ زندیق مثل منافق نہیں۔ زندیق کافر ہیں مگر اپنے کفر کو اسلام کہتے ہیں۔ خالص کفر لیکن یہ اس کو اسلام کے نام سے پیش کرتے ہیں بلکہ قرآن کریم کی آیات سے، احادیث طیبہ سے، صحابہؓ کے ارشادات سے اور بزرگانِ دین کے اقوال سے توڑ موڑ کر اپنے کفر کو اسلام ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو شریعت کی اصطلاح میں ''زندیق'' کہا جاتا ہے۔

قادیانیوں کے بارے میں شیخ موسیٰ روحانی البازی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تصنیف '' التحقیق فی الزندیق'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ: فرقہ قادیانیہ جو غلام احمد قادیانی کو نبی یا مصلح و مرشد مانتا ہے، یہ فرقہ زمانہ حال کے زنادقہ کبار میں سے ہے اور کسی اسلامی مملکت میں بحکم شرع اسے رہائش، اقامت کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ قادیانی ختم نبوت کے منکر ہیں اور ختم نبوت کا عقیدہ ضروریات دین اسلام میں سے ہے۔

Marfat.com

کسی اسلامی مملکت میں یہ فرقہ جزیہ ادا کر کے بطور ذمی بھی سکونت نہیں کر سکتا کیونکہ ان میں سے جو لوگ مسلمان تھے اور پھر قادیانی ہو گئے وہ مرتد ہیں۔ مرتد ذمی نہیں بن سکتا۔ اسی طرح یہ لوگ مرتد ہونے کے علاوہ زندیق بھی ہیں لہذا ان میں جو اشخاص قادیانیت کے مبلغ و داعی ہوں ان کی توبہ قضاء مقبول نہیں ہے اور وہ زندقہ کی وجہ سے واجب القتل ہیں (مگر یہ حکومت کا کام ہے)۔ جیسا کہ اباحیہ و روافض و قرامطہ و زنادقہ فلاسفہ کی توبہ مقبول نہیں اور وہ واجب القتل ہیں۔ اس سے بڑھ کر اور زندقہ کیا ہوگا کہ وہ اسلام کے اندر ہمارے نبی خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کی نبوت کے قائل ہیں۔ اور جو قادیانی پیدائشی قادیانی ہوں یعنی قادیانی خاندان میں پیدا ہوئے اور پھر اسی عقیدہ پر قائم رہتے ہوئے بڑے ہو گئے وہ بھی کسی اسلامی مملکت میں از روئے شریعت اسلامیہ سکونت و اقامت کے مجاز نہیں ہو سکتے۔ اور وہ جزیہ ادا کر کے ذمی بھی نہیں بن سکتے بلکہ وہ زندیق ہیں۔ اگر وہ قادیانیت کے داعی و مبلغ ہوں تو ان کی توبہ قضاء مقبول نہیں ہو سکتی اور اگر داعی و مبلغ نہ ہوں تو ان کی توبہ قبول ہو سکتی ہے۔

بہر حال پیدائشی قادیانی زندیق ہیں اور واجب القتل ہیں (مگر یہ حکومت کا کام ہے)، وہ جزیہ ادا کر کے بھی دار السلام میں اقامت کرنے کے مجاز نہیں۔

۱۔ کیونکہ وہ ختم نبوت جو ضروریات اسلام میں سے ہے کے منکر ہیں۔ درمختار میں ہے واجب القتل ملحدین کے بیان میں **وکذا من علم انه ینکر فی الباطن بعض الضروریات کحرمة الخمر و یظهر اعتقاد حرمته انتهی.** جب وہ شخص واجب القتل ہے اس الحاد و زندقہ کی وجہ سے بباطن حرمت خمر منکر کا منکر ہوا گرچہ لوگوں کے سامنے حرمت خمر کا اظہار کرتا ہو تو قادیانی جو علی الاعلان ختم نبوت کا انکار کرتے ہیں اور زندقہ کی اشاعت میں کوشش کرتے ہیں بطریق اولیٰ واجب القتل ہیں (مگر یہ حکومت کا کام ہے)۔

۲۔ ان کی زندقہ کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ صرف اپنے آپ کو مسلمان سمجھتے ہیں اور تمام اہل اسلام کو کافر سمجھتے ہیں۔ لہذا یہ بہت بڑا زندقہ ہے۔

۳۔ نیز وہ قرآن و حدیث کے بے شمار نصوص کی تحریف کرتے ہوئے ان سے اپنی گمراہی پر استدلال کرتے ہیں اور تحریف قرآن و سنت سے بڑھ کر اور زندقہ کیا ہوگا۔ لہذا وہ مثل قرامطہ و باطنیہ ہیں۔

۴۔ نیز وہ شعائر اللہ اور کئی اصول اسلام اور خصائص اسلام کی ہتک و بے حرمتی کرتے ہیں مثلاً وہ غلام احمد کی بیویوں کو امہات المومنین اور اس کے دیکھنے والوں کو صحابہ کہتے ہیں اور اپنی عبادت گاہ کو وہ مسلمانوں کی طرح مسجد کہتے ہیں۔

Marfat.com

حالانکہ یہ امور خصائص اسلام میں سے ہیں اور یہ اسلام سے استہزاء ہے۔ مسجد صرف مسلمانوں کی عبادت گاہوں کا نام ہوسکتا ہے۔ کسی اسلامی مملکت میں کسی کافر فرقہ کو از روئے شرع حق حاصل نہیں ہوسکتا کہ وہ مسلمانوں کی طرح اذان دے اور مسلمانوں کی طرح اپنی عبادت گاہ کا نام مسجد رکھے اور اپنے الحاد کی اشاعت کے لیے اسلامی نام استعمال کر کے تشبّہ بالمسلمین کرے، یہ اسلام کی سخت بے حرمتی ہے۔ اور اس قسم کی بے حرمتی ایک مستقل زندقہ ہے جو موجب قتل ہے۔

۵۔ جزیہ تو عیسائیت، یہودیت وغیرہ ان ادیان باطلہ کے معتقدین سے لیا جاتا ہے جو قدیم و معروف تھے اور بوقت ظہور اسلام موجود تھے۔ اور جو اپنے آپ کو اہل اسلام کے برخلاف ایک فرقہ شمار کرتے تھے اور کرتے ہیں۔ لیکن جو فرقہ خود اسلام کا مدعی ہو اس سے کس طرح جزیہ لیا جاسکتا ہے۔ ایسے فرقہ کے بارے میں بعد از تحقیق دو احتمال ہو سکتے ہیں۔ اول یہ کہ اگر تحقیق کے بعد ان کا مسلمان ہونا ثابت ہوا تو وہ یقیناً مسلمان شمار ہوگا اور اہل اسلام سے جزیہ وصول نہیں کیا جاسکتا۔ اور اگر تحقیق سے وہ کافر ثابت ہوا تو وہ مرتد یا زندیق ہوگا اور مرتد و زندیق سے جزیہ نہیں لیا جاسکتا۔ بلکہ وہ اگر مصّر ہو تو واجب القتل ہے (مگر یہ حکومت کا کام ہے)۔ قادیانی فرقہ احتمال ثانی کے قبیل میں سے ہے وہ مرتد و زندیق ہے کما مرا لتفصیل من قبل۔ وہ کسی طرح دار اسلام میں اقامت و رہائش کے مجاز نہیں ہیں۔ قادیانی لوگ اسلام اور شعائر اسلام کی بے حرمتی و بے عزتی و استہزاء کرتے ہیں اور بے حرمتی کرنے والا زندیق ہے۔ وہ نصوص قطعیہ کی تحریف کرتے ہیں اور یہ زندقہ ہے بلکہ تحریف نصوص اسلام کی بڑی بے حرمتی ہے۔

مفتی رشید احمد رحمۃ اللہ علیہ احسن الفتاویٰ میں لکھتے ہیں:

''قادیانی زندیق ہیں جن کا حکم عام مرتد سے بھی زیادہ سخت ہے، مرتد اور اس کا بیٹا اپنے مال کے مالک نہیں، لہٰذا ان کی بیع و شراء، اجارہ و استجارہ، ہبہ کا لین دین وغیرہ کوئی تصرف بھی صحیح نہیں، البتہ پوتے نے جو مال خود کمایا ہو وہ اسمیں تصرف کرسکتا ہے، مگر زندیق کا پوتا بھی اپنے کمائے ہوئے مال کا مالک نہیں اور اس کے تصرفات نافذ نہیں، اس لئے قادیانی سے کسی ذریعہ سے بھی کوئی مال لیا تو حلال نہیں۔ تجارت وغیرہ معاملات کے علاوہ بھی قادیانیوں کے ساتھ کسی قسم کا کوئی میل جول رکھنا جائز نہیں۔ اس میں یہ مفاسد ہیں:

۱۔ اس میں قادیانیوں کے ساتھ تعاون ہے۔

۲۔ اس قسم کے معاملات میں عوام قادیانیوں کو مسلمانوں کا ایک فرقہ سمجھنے لگتے ہیں۔

۳۔ اس طرح قادیانیوں کو اپنا جال پھیلانے کے مواقع ملتے ہیں۔

Marfat.com

اس لئے قادیانیوں سے لین دین اور دیگر ہر قسم کے معاملات میں قطع تعلق ضروری ہے۔''

قادیانیوں سے تجارت اور دنیاوی معاملات کی حد تک تعلق رکھنے والا شخص سخت مجرم اور فاسق ہے ... قادیانیوں سے تعلقات رکھنے والا آدمی اگر چہ ان کو بُرا سمجھتا ہو قابل ملامت ہے، ایسے شخص کو سمجھانا دوسرے مسلمانوں پر فرض ہے..... حکومت وقت پر فرض ہے کہ ان کے قتل کا حکم دے، خواہ کوئی خود زندیق بنا ہو یا باپ دادا سے اس مذہب میں چلا آتا ہو۔ .... زندیقہ عورت بھی واجب القتل ہے... ان سے کسی قسم کا کوئی معاملہ جائز نہیں۔

(احسن الفتاویٰ جلد اول ''کتاب الایمان والعقائد'')

ان اصولوں کی روشنی میں قادیانی فرد یا جماعت کی حیثیت اور ان سے اقتصادی ومعاشی اور معاشرتی وسیاسی مقاطعہ یا مکمل سوشل بائیکاٹ کا شرعی حکم بالکل واضح ہو جاتا ہے۔ زیر نظر دستاویز میں مزید تفصیلات موجود ہیں اور پاکستان کے تمام مکاتب فکر کے موجودہ جید علماء کرام اور مفتیان عظام کے فتاویٰ جات موجود ہیں۔ جن سے یہ بات ظاہر ہے کہ اس بات میں کسی کو کوئی اختلاف نہیں کہ قادیانیت کو نیست و نابود کرنا حکومت وقت کی ذمہ داری ہے۔ جب تک حکومت وقت کی طرف سے قادیانیوں پر شرعی سزا نافذ نہ کر دی جائے اس وقت تک تمام مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ قادیانیوں خواہ وہ ربوہ کے ہوں یا لاہوری گروہ کا ہر طرح سے معاشرتی اور معاشی طور پر بائیکاٹ کریں۔

فتنہ قادیانیت اگر زندہ ہے تو اس کی ذمہ داری بھی ہم مسلمانوں پر عائد ہوتی ہے کیونکہ ہم عملی کام سے کوسوں دور ہیں۔ اس سلسلہ میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے شعبہ اطلاعات ونشریات کے ناظم کی حیثیت سے ہم تمام عوام الناس سے اپیل کرتے ہیں کہ جو ذمہ اری شریعت نے ہم عوام پر فرض کی ہے یعنی قادیانیوں سے ہر طرح کا بائیکاٹ کم از کم اس کو تو پورا کر نے میں کوئی کوتاہی نہ کی جائے۔ اور علماء کرام سے یہ التماس کرتے ہیں کہ اس بات کو وضاحت سے عوام الناس تک پہنچایا جائے۔

عزیز الرحمٰن

عزیز الرحمٰن ثانی

مرکزی ناظم شعبہ اطلاعات ونشریات

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت

یکم ربیع الاول ۱۴۳۲ھ

Marfat.com

قادیانیوں کے مکمل بائیکاٹ پر متفقہ فتویٰ

قرآنِ پاک اور احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں

Marfat.com

دیوبندی مکتبہ فکر

عُلمَاءِ کِرَام، مُفتیانِ عظام کا مُتَّفقہ فیَصلہ

Marfat.com

محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے

قادیانیوں کے مکمل بائیکاٹ

سے متعلق شرعی نقطہ نظر معلوم کرنے کے لئے مرتب کیا گیا استفتاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاستفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین متین وفقہم اللہ للصواب حسب ذیل مسئلہ میں کہ کوئی شخص یا جماعت کسی مدعی نبوت کاذبہ پر ایمان لانے کی وجہ سے جو باتفاق امت دائرہ اسلام سے خارج ہو اور ان کا کفر یقینی اور شک وشبہ سے بالاتر ہو۔ اس کے علاوہ ان میں حسب ذیل وجوہ بھی موجود ہوں۔

1۔ وہ اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالتے ہوں اور تمام عالم اسلام اور ملت اسلامیہ کے خلاف ریشہ دوانیوں میں مصروف ہوں۔

2۔ مسلمانوں کو جانی ومالی ہر طرح کی ایذا پہنچانے میں تا مقدور کوتاہی نہ کرتے ہوں۔

3۔ ان کی مادی قوت اور مالی وسائل میں روز افزوں ترقی کا تمام تر انحصار مسلمانوں کے استحصال پر ہو اور وہ سیاسی و اقتصادی وسائل پر قابض ہونے کی کوششیں کر رہے ہوں۔

4۔ ان کی سیاسی وعسکری تنظیمیں موجود ہوں اور ان کی زیر زمین سرگرمیاں تمام ملت اسلامیہ کے لئے بین الاقوامی سطح پر عظیم خطرہ ہوں۔

5۔ دشمن اسلام بیرونی طاقتوں، یہودی اور مسیحی حکومتوں اور ہندوستان کی اسلام دشمن قوت سے ان کے قوی روابط ہوں۔ الغرض مسلمانوں کے لئے دینی، سیاسی، معاشی، اقتصادی اور معاشرتی اعتبار سے ان کا طرز عمل سنگین خطرات کا باعث ہو۔ بلکہ ان کی وجہ سے ایک اسلامی مملکت کو بغاوت وانقلاب کے خطرات تک لاحق ہوں۔

Marfat.com

6۔ حکومت یا حکومت کی سطح پر یہ توقع نہ ہو کہ اس فتنہ سے ملک وملت کو بچانے کی کوئی تدبیر کی جائے گی اور یہ امید نہ ہو کہ جس شرعی سزا کے وہ مستحق ہیں وہ ان پر جاری ہو سکے گی۔ اندریں حالات بے بس مسلمانوں کو اس فتنہ کی روک تھام کے لئے کیا کرنا چاہئے؟ اس سلسلہ میں شرعی طور پر ان پر کیا فریضہ عائد ہوتا ہے؟ کیا ان حالات میں اس جماعت یا فرد کی بڑھتی ہوئی جارحیت پر قدغن لگانے کے لئے حسب ذیل امور کے جواز یا وجوب کی شرعاً کوئی صورت ہے کہ:

الف۔ امت اسلامیہ اس فرد یا جماعت کے ساتھ برادرانہ تعلقات منقطع کرے۔

ب۔ ان سے سلام وکلام، میل وجول، نشست وبرخاست، شادی وغمی میں شرکت نہ کی جائے بلکہ معاشرتی سطح پر ان سے مکمل طور پر قطع تعلق کر لیا جائے۔

ج۔ ان سے تجارت، لین دین اور خرید وفروخت کی جائے یا نہیں؟

د۔ ان کے کارخانوں اور فیکٹریوں سے مال خریدا جائے یا ان کا مکمل اقتصادی مقاطعہ (بائیکاٹ) کیا جائے۔

ہ۔ ان کی تعلیم گاہوں، ہوٹلوں، ریستورانوں میں جانا جائز ہے یا نہیں؟

ر۔ ان سے رواداری برتی جائے یا نہیں؟

ز۔ ان کے کارخانوں اور فیکٹریوں کی مصنوعات استعمال کی جائیں یا نہیں؟ غرض ان سے مکمل بائیکاٹ یا مقاطعہ کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟ کیا تمام مسلمانوں کو بھی یہ حق حاصل ہے کہ انہیں راہ راست پر لانے کے لئے ان کا بائیکاٹ کریں۔ جبکہ اس کے سوا اور کوئی چارہ اصلاح موجود نہ ہو؟

افتونا ماجورین. والله سبحانه یجزل لکم الاجر والثواب
وهو المسئول الملهم للحق والثواب.

المستفتی

مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کراچی۔

Marfat.com

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ کا محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے

قادیانیوں کے مکمل بائیکاٹ

سے متعلق مرتب کئے گئے استفتاء کا تفصیلی جواب

الجواب واللّٰہ الھادی للصواب!

بلاشبہ قرآن کریم کی وحی قطعی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث متواترہ قطعیہ اور امت محمدیہ کے قطعی اجماع سے ثابت ہے کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا۔ اس لئے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا مدعی کافر اور دائرہ اسلام سے قطعاً خارج ہے اور جو شخص اس مدعی نبوت کی تصدیق کرے اور اسے مقتداء و پیشوا مانے وہ بھی کافر اور مرتد اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اس کفر اور ارتداد کے ساتھ اگر اس میں وجوہ مذکور فی السوّال میں سے ایک وجہ بھی موجود ہو تو قرآن کریم اور احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم اور فقہ اسلامی کے مطابق وہ اسلامی اخوت اور اسلامی ہمدردی کا ہرگز مستحق نہیں۔ مسلمانوں پر واجب ہے کہ اس کے ساتھ سلام وکلام، نشست و برخاست اور لین دین وغیرہ تمام تعلقات ختم کردیں۔ کوئی ایسا تعلق یا رابطہ اس سے قائم کرنا جس سے اس کی عزت واحترام کا پہلو نکلتا ہو یا اس کو قوت و آسائش حاصل ہوتی ہو جائز نہیں۔ کفار محاربین اور اعداء اسلام سے ترک موالات کے بارے میں قرآن حکیم کی بے شمار آیات موجود ہیں۔ اسی طرح احادیث نبویہ اور فقہ میں اس کی تفصیلات موجود ہیں۔

یہ واضح رہے کہ کفار محاربین جو مسلمانوں سے برسر پیکار ہوں، انہیں ایذا پہنچاتے ہوں، اسلامی اصلاحات کو مسخ کر کے اسلام کا مذاق اڑاتے ہوں اور مار آستین بن کر مسلمانوں کی اجتماعی قوت کو منتشر کرنے کے درپے ہوں۔ اسلام ان کے ساتھ سخت سے سخت معاملہ کرنے کا حکم دیتا ہے۔ رواداری کی ان کافروں سے اجازت دی گئی ہے جو محارب

Marfat.com

اور موذی نہ ہوں۔ ورنہ کفار محاربین سے سخت معاملہ کرنے کا حکم ہے۔ علاوہ ازیں بسا اوقات اگر مسلمانوں سے کوئی قابل نفرت گناہ سرزد ہو جائے تو بطور تعزیر و تادیب ان کے ساتھ ترک تعلق اور سلام و کلام و نشست و برخاست ترک کرنے کا حکم شریعت مطہرہ اور سنت نبوی میں موجود ہے۔ چہ جائیکہ کفار محاربین کے ساتھ۔ اس سلسلہ میں سب سے پہلے تو اسلامی حکومت پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ ان فتنہ پرداز مرتدین پر "من بدل دینه فاقتلوه" کی شرعی تعزیر نافذ کر کے اس فتنہ کا قلع قمع کرے اور اسلام اور ملت اسلامیہ کو اس فتنہ کی یورش سے بچائے۔

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم نے فتنہ پرداز موذیوں اور مرتدوں سے جو سلوک کیا وہ کسی سے مخفی نہیں اور بعد کے خلفاء اور سلاطین اسلام نے بھی کبھی اس فریضہ سے غفلت اور تساہل پسندی کا مظاہرہ نہیں کیا۔ لیکن اگر مسلمان حکومت اس قسم کے لوگوں کو سزا دینے میں کوتاہی کرے یا اس سے توقع نہ ہو تو خود مسلمانوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے۔ تاکہ وہ بحیثیت جماعت اس قسم کی سزا کا فیصلہ کریں جو اس کے دائرہ اختیار میں ہو۔ الغرض ارتداد، محاربت، بغاوت، شرارت، نفاق، ایذاء، مسلمانوں کے ساتھ سازش، یہود و نصاریٰ و ہنود کے ساتھ ساز باز، ان سب وجوہ کے جمع ہو جانے سے بلاشبہ مذکورہ فی السوال فرد یا جماعت کے ساتھ مقاطعہ یا بائیکاٹ نہ صرف جائز ہے بلکہ واجب ہے، اگر مسلمانوں کی جماعت بہیت اجتماعی اس فتنہ کی سرکوبی کے لئے مقاطعہ یا بائیکاٹ جیسے ہلکے سے اقدام سے بھی کوتاہی کرے گی تو وہ عنداللہ مسئول ہوگی۔

یہ مقاطعہ یا بائیکاٹ ظلم نہیں بلکہ اسلامی عدل و انصاف کے عین مطابق ہے۔ کیونکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو ان کی محاربت اور ایذاء رسانی سے محفوظ کیا جائے۔ اور ان کی اجتماعیت کو ارتداد و نفاق کے دستبرد سے بچایا جائے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ خود ان محاربین کے لئے بھی اس میں یہ حکمت مضمر ہے کہ وہ اس سزا یا تادیب سے متاثر ہو کر اصلاح پذیر ہوں اور کفر و نفاق کو چھوڑ کر ایمان و اسلام قبول کریں۔ اس طرح آخرت کے عذاب اور ابدی جہنم سے ان کو نجات مل جائے، ورنہ اگر مسلمانوں کی ہیئت اجتماعیہ ان کے خلاف کوئی تادیبی اقدام نہ کرے تو وہ اپنی موجودہ حالت کو مستحسن سمجھ کر اس پر مصر رہیں گے اور اس طرح ابدی عذاب کے مستحق ہوں گے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ پہنچ کر ابتداءً یہی طریقہ اختیار فرمایا تھا کہ کفار مکہ کے قافلوں پر حملہ کر کے ان کے اموال پر قبضہ کیا جائے تاکہ مال اور ثروت سے ان کو جو طاقت اور شوکت حاصل ہے وہ ختم ہو جائے۔ جس کے بل بوتے پر وہ مسلمانوں کو ایذاء پہنچاتے ہیں اور مقابلہ کرتے ہیں اور مختلف سازشیں کرتے ہیں۔ قتل نفس اور جہاد بالسیف کے حکم سے پہلے مقاطعہ اور دشمنوں کو اقتصادی طور پر مفلوج کرنے کی یہ تدبیر اس لئے اختیار کی گئی تھی تاکہ اس سے ان کی

Marfat.com

جنگی صلاحیت ختم ہو جائے اور وہ اسلام کے مقابلہ میں آ کر کفر کی موت نہ مریں۔ گویا اس اقدام کا مقصد یہ تھا کہ ان کے اموال پر قبضہ کر کے ان کی جانوں کو بچایا جائے۔ کیونکہ اموال پر قبضہ ان کی جان لینے سے زیادہ بہتر تھا۔

علاوہ ازیں اس تدبیر میں یہ حکمت و مصلحت بھی تھی کہ کفار مکہ کے لئے غور و فکر کا ایک اور موقع فراہم کیا جائے تا کہ وہ ایمان کی نعمت سے سرفراز ہو کر ابدی نعمتوں کے مستحق بن سکیں اور عذاب اخروی سے نجات پا سکیں۔ لیکن جب اس تدبیر سے کفار و مشرکین کے عناد کی اصلاح نہ ہوئی تو ان کے شر و فساد سے زمین کو پاک کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی جانب سے جہاد بالسیف کا حکم بھیج دیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے قریش کے تجارتی قافلہ کے بجائے ان کی عسکری تنظیم سے مسلمانوں کا مقابلہ کرا دیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ابتدائی تدبیر سے امت مسلمہ کو یہ ہدایت ضرور ملتی ہے کہ خاص قسم کے حالات میں جہاد بالسیف پر عمل نہ ہو سکے تو اس سے اقل درجہ کا اقدام یہ ہے کہ کفار محاربین سے نہ صرف اقتصادی بائیکاٹ کیا جائے بلکہ ان کے اموال پر قبضہ تک کیا جا سکتا ہے مگر ظاہر ہے کہ عام مسلمان نہ تو جہاد بالسیف پر قادر ہیں نہ انہیں اموال پر قبضہ کی اجازت ہے۔ اندریں صورت ان کے اختیار میں جو چیز ہے وہ یہ ہے کہ ان موذی کافروں سے ہر قسم کے تعلقات ختم کر کے ان کو معاشرہ سے جدا کر دیا جائے۔

بدن انسانی کا جو حصہ اس درجہ گل سڑ جائے کہ اس کی وجہ سے تمام بدن کو نقصان کا خطرہ لاحق ہو اور جان خطرہ میں ہو تو اس ناسور کو جسم سے پیوستہ رکھنا دانش مندی نہیں۔ بلکہ اسے کاٹ دینا ہی عین مصلحت و حکمت ہے۔ تمام عقلاء اور حکماء و اطباء کا اسی پر عمل و اتفاق ہے اور پھر جب یہ موذی کفار مسلمانوں کا خون چوس چوس کر پل رہے ہوں اور طاقتور بن کر مسلمانوں ہی کو صفحہ ہستی سے مٹانے کی کوشش کر رہے ہوں تو ان سے خرید و فرخت اور لین دین میں مکمل مقاطعہ کرنا اسلام اور ملت اسلامیہ کے وجود و بقاء کے لئے ایک ناگزیر ملی فریضہ بن جاتا ہے۔ آج بھی اس متمدن دنیا میں مقاطعہ یا اقتصادی ناکہ بندی کو ایک اہم دفاعی مورچہ سمجھا جاتا ہے اور اس کو سیاسی حربہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر مسلمانوں کے لئے یہ کوئی سیاسی حربہ نہیں۔ بلکہ اسوہ نبی، سنت رسول اور ایک مقدس مذہبی فریضہ ہے۔ اسلام کی غیرت ایک لمحہ کے لئے یہ برداشت نہیں کرتی کہ اسلام اور ملت اسلامیہ کے دشمنوں سے کسی نوعیت کا کوئی تعلق اور رابطہ باقی رکھا جائے۔

اب ہم آیات قرآنیہ، احادیث نبویہ اور فقہاء امت اسلامیہ کے وہ نقول پیش کرتے ہیں جن سے اس مقاطعہ کا حکم واضح ہوتا ہے۔

1۔ ”اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰیٰتِ اللّٰہِ یُکْفَرُ بِھَا وَیُسْتَھْزَاُ بِھَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَھُمْ ۔“ (سورۃ نساء: آیت 140)

ترجمہ..... ”اور جب سنو تم کہ اللہ کی آیتوں کا انکار کیا جا رہا ہے اور ان کا مذاق اُڑایا جا رہا ہے تو ان کے

Marfat.com

ساتھ نشست و برخاست ترک کردو۔"

2۔ " وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ "(سورۃ انعام: آیت 68)

ترجمہ "اور جب تم دیکھو ان لوگوں کو جو مذاق اُڑاتے ہیں ہماری آیتوں کا تو ان سے کنارہ کشی اختیار کرلو۔"

اس آیت کے ذیل میں حافظ الحدیث امام ابوبکر الجصاص الرازی لکھتے ہیں کہ:

"وهذا يدل على أن علينا ترک مجالسة الملحدين وسائر الكفار عند إظهارهم الكفر والشرک ومالا يجوز على الله تعالىٰ إذا لم يمكنّا إنكاره..... الخ.

ترجمہ..... "یہ آیت اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ ہم (مسلمانوں) پر ضروری ہے کہ ملاحدہ اور سارے کافروں سے ان کے کفر و شرک، اور اللہ تعالیٰ پر ناجائز باتیں کہنے کی روک نہ کر سکیں تو ان کے ساتھ نشست و برخاست ترک کردیں۔"

3۔ " يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ " (سورۃ المائدہ آیت 51)

ترجمہ: "اے ایمان والو! تم یہود و نصاریٰ کو اپنا دوست مت بناؤ"۔

امام ابوبکر الجصاص لکھتے ہیں کہ: **"وفی هذه الآية دلالة على أن الكافر لا يكون ولياً للمسلم لا فی التصرف ولا فی النصرة. ويدلّ على وجوب البراء ة من الكفار والعداوة لهم، لأن الولاية ضد العداوة، فاذا أمرنا بمعاداة اليهود والنصارى لكفرهم فغيرهم من الكفار بمنزلتهم ويدلّ على أن الكفر كله ملّة واحدة.** (احکام القرآن 2، 444)

ترجمہ: "اس آیت میں اس امر پر دلالت ہے کہ کافر مسلمانوں کا ولی (دوست) نہیں ہوسکتا۔ نہ تو معاملات میں اور نہ امداد و تعاون میں۔ اور اس سے یہ امر بھی واضح ہوتا ہے کہ کافروں سے برأت اختیار کرنا اور ان سے عداوت رکھنا واجب ہے کیونکہ ولایت عداوت کی ضد ہے اور جب ہم کو یہود و نصاریٰ سے ان کے کفر کی وجہ سے عداوت رکھنے کا حکم ہے۔ دوسرے کافر بھی انہیں کے حکم میں ہیں سارے کافر ایک ہی ملت ہیں۔"

4۔ سورۃ ممتحنہ کا موضوع ہی کفار سے قطع تعلق کی تاکید ہے۔ اس سورۃ میں بہت سختی کے ساتھ کفار کی دوستی اور تعلق سے ممانعت کی گئی ہے۔ اگرچہ رشتہ دار قرابت دار ہوں اور فرمایا کہ قیامت کے دن تمہارے یہ رشتے کام نہیں آئیں گے۔ اور یہ کہ جو لوگ آئندہ کفار سے دوستی اور تعلق رکھیں گے، وہ راہ حق سے بھٹکے ہوئے اور ظالم شمار ہوں گے۔

Marfat.com

5۔ ”لَاتَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ “ (سورۃ مجادلہ، آیت 22)

ترجمہ: ”تم نہ پاؤ گے کسی قوم کو جو یقین رکھتے ہوں۔ اللہ پر اور آخرت پر کہ دوستی کریں ایسوں سے جو مخالف ہیں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ خواہ ان کے باپ ہوں، بیٹے ہوں، بھائی ہوں یا خاندان والے ہوں۔“

آگے چل کر اس آیت کریمہ میں ان مسلمانوں کو جو باوجود قرابت داری کے محارب کافروں سے دوستانہ تعلقات ختم کر دیتے ہیں۔ سچا مومن کہا گیا ہے۔ انہیں جنت اور رضوان الٰہی کی بشارت سنا دی گئی ہے اور ان کو ”حزب اللہ“ کے لقب سے سرفراز فرمایا گیا ہے۔ جس سے واضح ہو جاتا ہے کہ خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں سے دوستی رکھنا کسی مومن کا کام نہیں ہو سکتا۔

بطور مثال ان چند آیات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ ورنہ بے شمار آیات کریمہ اس مضمون کی موجودہ ہیں۔ اب

چند احادیث نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم ملاحظہ ہوں

1۔ جامع ترمذی کی ایک حدیث میں سمرۃؓ بن جندب سے مروی ہے کہ حکم دیا گیا ہے کہ:

”مشرکوں اور کافروں کے ساتھ ایک جگہ سکونت بھی اختیار نہ کریں۔ ورنہ مسلمان بھی کافروں جیسے ہوں گے۔“ (باب فی کراھیہ المقام بین اظھر المشرکین، جلد 1 صفحہ 194)

2۔ نیز ترمذی کی ایک حدیث میں جو جریر بن عبداللہ البجلیؓ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ: ” أنا بریئ من کل مسلم یقیم بین أظھر المشرکین.“

ترجمہ: یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اظہار برأت فرمایا ہر اس مسلمان سے جو محارب کافروں میں سکونت پذیر ہو۔“ (حوالہ مزکورہ بالا)

3۔ صحیح بخاری کی ایک حدیث میں قبیلہ عکل اور عرنیہ کے آٹھ نو اشخاص کا ذکر ہے جو مرتد ہو گئے تھے۔ ان کے گرفتار ہونے کے بعد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور ان کی آنکھوں میں گرم کر کے لوہے کی کیلیں پھیر دی جائیں اور ان کو مدینہ طیبہ کے کالے کالے پتھروں پر ڈال دیا جائے۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ یہ لوگ پانی مانگتے تھے لیکن پانی نہیں دیا جاتا تھا۔ صحیح بخاری کی روایت کے الفاظ ہیں:

”یستسقون فلا یسقون“ اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ: ”حتی ان احدھم یکدم بفیہ الارض“

ترجمہ: ”وہ پیاس کے مارے زمین چاٹتے تھے۔۔۔۔۔ مگر انہیں پانی دینے کی اجازت نہ تھی۔“

Marfat.com

امام نوویؒ اس حدیث کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ: ''أن المحارب المرتد لا حرمة له فی سقی الماء ولا غیره، ویدل علیه أن من لیس معه ماء إلا لطهارته لیس له أن یسقیه للمرتد ویتیمم، بل یستعمله ولومات المرتد عطشاً.''(فتح الباری 1، صفحہ 393)

ترجمہ: اس سے یہ معلوم ہوا کہ محارب مرتد کا پانی وغیرہ پلانے میں کوئی احترام نہیں۔ چنانچہ جس شخص کے پاس صرف وضو کے لئے پانی ہو تو اس کو اجازت نہیں ہے کہ پانی مرتد کو پلا کر تیمّم کرے۔ بلکہ اس کے لئے حکم ہے کہ پانی مرتد کو نہ پلائے۔ اگرچہ وہ پیاس سے مرجائے بلکہ وضو کر کے نماز پڑھے۔''

4۔ غزوۂ تبوک میں تین کبار صحابہ کعب بن مالک رضی اللہ عنہ، ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ، واقفی بدری رضی اللہ عنہ اور مرارہ بن ربیع رضی اللہ عنہ، بدری عمری رضی اللہ عنہ کو غزوہ میں شریک نہ ہونے کی وجہ سے سخت سزا دی گئی۔ آسمانی فیصلہ ہوا کہ ان تینوں سے تعلقات ختم کر لئے جائیں۔ ان سے مکمل مقاطعہ کیا جائے۔ کوئی شخص ان سے سلام وکلام نہ کرے۔ حتیٰ کہ ان کی بیویوں کو بھی حکم دیا گیا کہ وہ بھی ان سے علیحدہ ہو جائیں اور ان کے لئے کھانا بھی نہ پکائیں۔ یہ حضرات روتے روتے نڈھال ہو گئے اور حق تعالیٰ کی وسیع زمین ان پر تنگ ہو گئی۔ وحی قرآنی کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

'' وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ '' (سورۃ توبۃ، آیت 118)

ترجمہ: ''اور ان تینوں پر بھی (توجہ فرمائی) جن کا معاملہ ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا۔ یہاں تک زمین ان پر باوجود اپنی فراخی کے تنگ ہو گئی اور وہ خود اپنی جانوں سے تنگ آ گئے اور انہوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے کہیں پناہ نہیں مل سکتی۔ بجز اسی کی طرف۔''

پورے پچاس دن تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ آخر کار اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ توبہ قبول فرمائی اور معافی ہو گئی۔

قاضی ابوبکر بن العربی لکھتے ہیں کہ: ''وفیه دلیل علی أنّ للإمام أن یعاقب المذنب بتحریم کلامه علی الناس أدبًا له وعلی تحریم أهله علیه.''(احکام القرآن لابن العربی جلد 3 صفحہ 114)

ترجمہ: ''اس قصہ میں اس امر کی دلیل ہے کہ امام کو حق حاصل ہے کہ کسی گنہگار کی تادیب کے لئے لوگوں کو اس سے بول چال کی ممانعت کر دے۔ اور اس کی بیوی کو بھی اس کے لئے ممنوع ٹھہرا دے۔''

حافظ ابن حجرؒ فتح الباری میں لکھتے ہیں کہ: ''وفیه ترک السلام علی من اذنب وجواز هجره اکثر من ثلاث.'' ترجمہ: ''اس سے ثابت ہوا کہ گنہگار کو سلام نہ کیا جائے اور یہ کہ اس سے قطع تعلق تین روز سے زیادہ بھی جائز ہے۔''

Marfat.com

بہر حال کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اور ان کے رفقاء کا یہ واقعہ قرآن کریم کی سورۃ توبہ میں مذکور ہے اور اس کی تفصیل صحیح بخاری، صحیح مسلم اور تمام صحاح ستہ میں موجود ہے۔

امام ابوداؤد نے اپنی کتاب سنن ابی داؤد میں کتاب السنۃ کے عنوان کے تحت متعدد ابواب قائم کئے ہیں۔

الف۔ **باب مجانبة اهل الاهواء وبغضهم! اهل اهواء باطل پرستوں سے کنارہ کشی کرنے اور بغض رکھنے کا بیان۔**

ب۔ **باب ترک السلام علی اهل الاهواء (اھل اھواء سے ترک سلام وکلام کا بیان)**

سنن ابی داؤد میں حدیث ہے کہ عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر نے ''خلوق'' (زعفران) لگایا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو سلام کا جواب نہیں دیا۔ غور فرمایئے کہ معمولی خلاف سنت بات پر جب یہ سزا دی گئی تو ایک مرتد موذی اور کافر محارب سے بات چیت سلام وکلام اور لین دین کی اجازت کب ہو سکتی ہے؟

امام خطابی ''معالم السنن جلد 4 صفحہ 296 میں حدیث کعب کے سلسلے میں تصریح فرماتے ہیں کہ ''مسلمانوں کے ساتھ بھی ترک تعلق اگر دین کی وجہ سے ہو تو بلا قید ایام کیا جا سکتا ہے۔ جب تک توبہ نہ کریں۔''

5۔ مسند احمد وسنن ابی داؤد میں ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''**القدرية مجوس هذه الامة، ان مرضوا فلا تعودوهم ، وان ماتوا فلا تشهدوهم.**''

ترجمہ: ''تقدیر کا انکار کرنے والے اس امت کے مجوسی ہیں۔ اگر بیمار ہوں تو عیادت نہ کرو اور اگر مر جائیں تو جنازہ پر نہ جاؤ۔''

6۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ: ''**لا تجالسوا اهل القدر ولا تفاتحوهم**''

ترجمہ: ''منکرین تقدیر کے ساتھ نہ نشست و برخاست رکھو اور نہ ان سے گفتگو کرو۔''

بہر حال یہ تو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات ہیں۔ عہد نبوت کے بعد عہد خلافت راشدہ میں بھی اسی طرز عمل کا ثبوت ملتا ہے۔ مانعین زکوٰۃ کے ساتھ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا اعلان جہاد کرنا بخاری و مسلم میں موجود ہے۔ مسیلمہ کذاب، اسود عنسی، طلیحہ اسدی اور ان کے پیروؤں کے ساتھ جو سلوک کیا گیا اس سے حدیث و سیر کا معمولی طالب علم بھی واقف ہے۔ عہد فاروقی میں ایک شخص ضبیع عراقی قرآن کریم کی آیات کے ایسے معانی بیان کرنے لگا جن میں ھواء نفس کو دخل تھا اور ان سے مسلمانوں کے عقائد میں تشکیک کا راستہ کھلتا تھا۔ یہ شخص فوج میں تھا جب عراق سے مصر گیا اور حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ گورنر مصر کو اس کی اطلاع ہوئی تو انہوں نے اس کو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

Marfat.com

کے پاس مدینہ بھیجا اور صورت حال لکھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نہ اس کا موقف سنا نہ دلائل۔ اس سے بحث ومباحثہ میں وقت ضائع کئے بغیر اس کا ''علاج بالجرید'' ضروری سمجھا۔ فوراً کھجور کی تازہ ترین شاخیں منگوائیں اور اپنے ہاتھ سے اس کے سر پر بے تحاشاہ مارنے لگے اتنا مارا کہ خون بہنے لگا۔ وہ چیخ اٹھا کہ ''اے امیر المومنین آپ مجھے قتل ہی کرنا چاہتے ہیں تو مہربانی کیجئے۔ تلوار لے کر میرا قصہ پاک کر دیجئے اور اگر صرف میرے دماغ کا خناس نکالنا مقصود ہے تو آپ کو اطمینان دلاتا ہوں کہ اب وہ بھوت نکل چکا ہے۔'' اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے چھوڑ دیا اور چند دن مدینہ رکھ کر واپس عراق بھیج دیا اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ:

''ان لا یجالسه احد من المسلمین'' ترجمہ: ''کوئی مسلمان اس کے پاس نہ بیٹھے۔''

اس مقاطعہ سے اس شخص پر عرصہ حیات تنگ ہو گیا تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ اس کی حالت ٹھیک ہو گئی ہے۔ تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو اس کے پاس بیٹھنے کی اجازت دی۔

7۔ سنن کبری البیہقی جلد 9 صفحہ 85 میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

''أمرنی رسول الله صلی الله علیه وسلم أن أغور ماء آبار بدر''

ترجمہ: ''جنگ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم فرمایا کہ بدر کے کنوؤں کا پانی خشک کر دوں۔''

اور ایک روایت میں ہے کہ'' أن تغوّر المیاه کلها غیر ماء واحد فنلقی القوم علیه'' ترجمہ: ''سوائے ایک کنوئیں کے جو بوقت جنگ ہمارے کام آئے گا باقی سب کنوئیں خشک کر دیئے جائیں۔''

8۔ صحیح بخاری جلد 2 صفحہ 1023 میں ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے پاس چند بددین زندیق لائے گئے تو آپ نے انہیں آگ میں جلا دیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع پہنچی تو فرمایا۔ ''اگر میں ہوتا تو انہیں جلاتا نہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کی سزا مت دو بلکہ میں انہیں قتل کرتا۔'' کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''من بدل دینه فاقتلوه'' ترجمہ: ''جو شخص مرتد ہو جائے اسے قتل کر دو۔''

9۔ صحیح بخاری، جلد 1 صفحہ 423 میں صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ: ''رات کی تاریکی میں مشرکین پر حملہ ہوتا ہے تو عورتیں اور بچے بھی زد میں آ جاتے ہیں فرمایا وہ بھی انہی میں شامل ہیں۔''

Marfat.com

اب فقہ کی چند تصریحات ملاحظہ ہوں

1۔ علامہ دردیر مالکی شرح کبیر میں باغیوں کے احکام میں لکھتے ہیں کہ:

''وقطع الميرة والماء عنهم الا ان يكون فيهم نسوة وزراری(4،299)

ترجمہ: ''ان کا کھانا پانی بند کر دیا جائے۔ الا یہ کہ ان میں عورتیں اور بچے ہوں۔''

2۔ کوئی قاتل اگر حرم مکہ میں پناہ گزین ہو جائے۔ اس سلسلہ میں ابوبکر الجصاص لکھتے ہیں کہ:

''قال ابو حنيفة وابو يوسف و محمد وزفرو الحسن بن زياد، اذا قتل فی غير الحرم ثم دخل الحرم لم يقتص منه مادام فيه ولكنه لا يبايع ولا يواكل الى ان يخرج من الحرم. ''(احکام القرآن 2، 21)

ترجمہ: ''امام ابوحنیفہ، ابو یوسف، محمد زفر اور حسن بن زیاد کا قول ہے کہ جب کوئی حرم سے باہر قتل کر کے حرم میں داخل ہو تو جب تک حرم میں ہے اس سے قصاص نہیں لیا جائے گا مگر نہ اس کے ہاتھ کوئی چیز فروخت کی جائے۔ نہ اس کو کھانا دیا جائے یہاں تک کہ وہ حرم سے نکلنے پر مجبور ہو جائے۔''

3۔ درمختار میں ہے کہ: **''وأفتى الناصحی بوجوب قتل كل مؤذ وفی شرح الوهبانية: ويكون بالنفی عن البلد، وبالهجوم على بيتِ المفسدين، و بالاخراج من الدار، وبهدمها''**

ترجمہ: ''ناصحی نے فتویٰ دیا کہ ہر موذی کا قتل واجب ہے اور ''شرح وہبانیہ'' میں ہے کہ تعزیر یوں بھی ہو سکتی ہے کہ شہر بدر کر دیا جائے اور ان کے مکان کا گھیراؤ کیا جائے۔ انہیں مکان سے نکال باہر کیا جائے اور مکان ڈھا دیا جائے۔''

4۔ ابن عابدین الشامی درمختار، جلد 3 صفحہ 272 میں لکھتے ہیں کہ: **"قال في أحكام السياسة وفي المنتقى: وإذا سمع في داره صوت المزامير فأدخل عليه لأنه لما سمع الصوت فقط أسقط حرمة داره. وفي حدود البزازية و غصب النهاية وجناية الدراية: ذكرا لصدرالشهيد عن أصحابنا أنه يهدم البيت على من اعتاد الفسق وأنواع الفساد فی داره، حتى لا بأس بالهجوم على بيت المفسدين. وهجم عمررضي اللهعنه على نائحة في منزلها و ضربها بالدرّة حتى سقط خمارها، فقيل له فيه، فقال: لا حرمة لها بعد اشتغالها بالمحرم، والتحقت بالاماء..... وعن عمررضی الله عنه أنه أحرق بيت الخمار. وعن الصفار الزاهد الأمر بتخريب دارالفاسق. ''**

Marfat.com

ترجمہ: ''احکام السیاسة میں ''المنتقی'' سے نقل کیا ہے کہ جب کسی کے گھر سے گانے بجانے کی آواز سنائی دے تو اس میں داخل ہو جاؤ کیونکہ جب اس نے یہ آواز سنائی تو اپنے گھر کی حرمت کو خود ساقط کر دیا ہے اور بزازیہ کے کتاب الحدود نہایہ کے باب الغصب اور درایہ کے کتاب الجنایات میں لکھا ہے کہ صدر الشہید نے ہمارے اصحاب سے نقل کیا ہے کہ جو شخص فسق و بدکاری اور مختلف قسم کے فساد کا عادی ہوا ایسے شخص پر اس کا مکان گرا دیا جائے۔ حتیٰ کہ مفسدوں کے گھر میں گھس جانے میں بھی مضائقہ نہیں۔ حضرت عمرؓ ایک نوحہ گر عورت کے گھر میں گھس آئے اور اس کے ایسا درّا مارا کہ اس کے سر سے چادر اتر گئی اور اپنے طرز عمل کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ حرام میں مشغول ہونے کے بعد اس کی کوئی حرمت نہیں رہی اور یہ لونڈیوں کی صف میں شامل ہو گئی۔ حضرت عمرؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے ایک شرابی کے مکان کو آگ لگا دی تھی۔ صفار زاہد کہتے ہیں کہ فاسق کا مکان گرا دینے کا حکم ہے۔''

5۔ ملا علی قاری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ، جلد 4، صفحہ 107، باب التعزیر میں لکھتے ہیں کہ:

''وهذا تنصيص على أن الضرب تعزير يملكه الإنسان، وان لم يكن محتسباً، و صرح فى المنتقى بذلك

ترجمہ: ''اور یہ کہ اس امر کی تصریح ہے کہ مارنا ایسی تعزیر ہے جس کا انسان اختیار رکھتا ہے خواہ محتسب نہ ہو۔ ''المنتقیٰ'' میں اس کی تصریح کی گئی۔''

یاد رہے کہ اس قسم کے مقاطعہ کا تعلق درحقیقت بغض فی اللہ سے ہے جس کو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احب الاعمال الی اللّٰہ فرمایا ہے۔ (كما فى روايت ابى ذر فى كتاب السنة عند ابى داؤد)

بغض فی اللہ کے ذیل میں امام غزالیؒ احیاء العلوم، جلد 2 صفحہ 167 میں بطور کلیہ لکھتے ہیں کہ:

''الاول: الكفر فالكافر إن كان محاربا فهو يستحق القتل والارقاق وليس بعد هذين إهانة..... الثانى المبتدع الذى يدعو إلى بدعته فان كانت البدعة بحيث يكفر بها فأمره أشد من الذمى لأنه لا يقر بجزية ويسامح بعقد ذمة وان كان ممن لا يكفر به فأمره بينه وبين اللّٰه أخف من أمر الكافر لا محالة ولكن الأمر فى الانكار عليه أشد منه على الكافر لأن شر الكافر غير متعد فان المسلمين اعتقدوا كفره فلا يلتفتون إلى قوله..... الخ''

ترجمہ: ''اول کافر، پس اگر کافر حربی ہو تو اس بات کا مستحق ہے کہ قتل کیا جائے۔ یا غلام بنا لیا جائے اور یہ ذلت و اہانت کی آخری حد ہے۔ دوم صاحب بدعت جو اپنی بدعت کی دعوت دیتا ہے۔ پس اگر بدعت حد کفر تک پہنچی ہوئی

Marfat.com

ہوتو اس کی حالت کافر ذمی سے بھی سخت تر ہے کیونکہ نہ اس سے جزیہ لیا جاسکتا ہے اور نہ اس کو ذمی کی حیثیت دی جاسکتی ہے اور اگر بدعت ایسی نہیں جس کی وجہ سے اس کو کافر قرار دیا جائے تو عنداللہ اس کا معاملہ کافر سے لامحالہ اخف (ہلکا) ہے ۔مگر کافر کی بہ نسبت اس پر نکیر زیادہ کی جائے گی۔ کیونکہ کافر کا شر متعدی نہیں اس لئے کہ مسلمان کافر کو ٹھیٹ کافر سمجھتے ہیں ۔لہٰذا اس کے قول کو لائق التفات ہی نہیں سمجھیں گے.....الخ۔

ردالمختار جلد 3 صفحہ 298 میں قرامطہ کے بارے میں لکھا ہے کہ: ''ونقل عن علماء المذاهب الأربعة أنه لا يحل إقرارهم فى ديار الإسلام بجزية ولا غيرها، ولا تحل مناكحتهم ولا ذبائحهم ..... والحاصل أنهم يصدق عليهم اسم الزنديق والمنافق والملحد. ولا يخفى أن إقرارهم بالشهادتين مع هذا الاعتقاد الخبيث لا يجعلهم فى حكم المرتد لعدم التصديق، ولا يصح إسلام أحدهم ظاهراً إلابشرط التبري عن جميع ما يخالف دين الإسلام ،لأنهم يدعون الإسلام ويقرون بالشهادتين وبعد الظفر بهم لا تقبل توبتهم أصلاً..... الخ۔

ترجمہ: ''مذاہب اربعہ سے منقول ہے کہ انہیں اسلامی ممالک میں ٹھہرانا جائز نہیں۔ نہ جزیہ لے کر نہ بغیر جزیہ کے۔ نہ ان سے شادی بیاہ جائز ہے نہ ہی ان کا ذبیحہ حلال ہے.....حاصل یہ ہے کہ ان پر زندیق منافق اور ملحد کا مفہوم پوری طرح صادق آتا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اس خبیث عقیدہ کے باوجود ان کا کلمہ پڑھنا انہیں مرتد کا حکم نہیں دیتا۔ کیونکہ وہ تصدیق نہیں رکھتے اور ان کا ظاہری اسلام غیر معتبر ہے۔ جب تک کہ ان تمام امور سے جو دین اسلام کے خلاف ہیں، برأت کا اظہار نہ کریں۔ کیونکہ وہ اسلام کا دعویٰ اور شہادتین کا اقرار تو پہلے سے کرتے ہیں (مگر اس کے باوجود پکے بے ایمان اور کافر ہیں) اور ایسے لوگ گرفت میں آجائیں تو ان کی توبہ اصلاً قبول نہیں۔''

فقہ حنفی کی معتبر کتاب معین الحکام بسلسلہ تعزیر ایک مستقل فصل میں لکھا ہے کہ:

''والتعزير لا يختص بفعل معين ولا قول معين، فقد عزّر رسول الله صلى الله عليه وسلم بالهجر، وذلک فى حق الثلاثة الذين ذكرهم الله تعالىٰ فى القرآن العظيم، فهجروا خمسين يوما لايكلمهم أحد، وقصتهم مشهورة فى الصحاح. وعزّر رسول الله صلى الله عليه وسلم بالنفى فأمر بإخراج المخنثين من المدينة ونفاهم. وكذٰلک الصحابة من بعده. ونذكر من ذلک بعض ماوردت به السنة مما قال ببعضه اصحابنا وبعضه خارج المذهب. فمنها: أمر عمر رضى الله عنه بهجر ضبيع الذى كان يسأ ل عن الذاريات وغيرها. ويأمر الناس بالتفقه فى المشكلات من

Marfat.com

القرآن، فضربه ضربا وجيعا ونفاه إلى البصرة أو الكوفة ،وأمر بهجره فكان لا يكلمه أحد حتى تاب و كتب عامل البلد إلى عمر بن الخطاب رضى اللّٰه عنه يخبره بتوبته فأذن للناس فى كلامه. ومنها: أن عمر رضى اللّٰه عنه حلق رأس نصر بن حجاج ونفاه من المدينة لما شبب النساء به فى الأشعار وخشى الفتنة به. ومنها: ما فعله عليه الصلاة والسلام بالعرنيين. ومنها: ان أبابكررضى اللّٰه عنه استشار الصحابة فى رجل ينكح كما تنكح المرأة. فأشاروا بحرقه بالنار، فكتب أبوبكر بذلك إلى خالد بن الوليد، ثم حرقهم عبداللّٰه بن الزبير فى خلافته، ثم حرّقهم هشام بن عبدالملک. انظر الهداية . ومنها: أن أبابكررضى اللّٰه عنه حرّق جماعة من أهل الردّة .ومنها: أمره عليه الصلاة والسلام بكسر دنان الخمر وشق ظروفها.ومنها أمر رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يوم خيبر بكسر القدور التى طبخ فيها لحم الحمر الاهلية. ثم استاذنوه فى غسلها فأذن لهم. فدل على جواز الأمرين لأن العقوبة بالكسر لم تكن واجبة. ومنها: تحريق عمر ا لمكان الذى يباع فيه الخمر. ومنها تحريق عمر قصر سعد بن أبى وقاص لما احتجب فيه عن الرعية وصار يحكم فى داره. ومنها:مصادرةعمرعماله بأخذ شطر أموالهم فقسمها بينهم وبين المسلين. ومنها:أنه ضرب الذى زوّرعلى نقش خاتمه:وأخذ شيئا من بيت المال مائة، ثم ضربه فى اليوم الثانى مائة،ثم ضربه فى اليوم الثالث مائة. وبه أخذ مالک لأن مذهبه التعزير يزاد على الحد. ومنها: أن عمررضى الله عنه لما وجد مع السائل من الطعام فوق كفايته وهو يسأل. أخذ ما معه وأطعمه إبل الصدقة وغير ذلک مما يكثر تعداده. وهذه قضايا صحيحة معروفة.....

ألخ. (جلد3 صفحه75) ولا بأس بأن يبيع المسلمون من المشركين ما بدالهم من الطعام والثياب وغير ذلک ،إلا السلاح والكراع والسبى سواء دخلوا إليهم بأمان أو بغير أمان. لأنهم يتقوون بذلک على قتال المسلمين ،ولا يحل للمسلمين اكتساب سبب تقويتهم علٰى قتال المسلمين، وهذا المعنىٰ لا يوجد فى سائر الأمتعة. ثم هذ ا الحكم إذا لم يحاصروا حصناً من حصونهم فأما إذا حاصرو احصناً من حصونهم فلا ينبغى لهم أن يبيعوا من أهل الحصن طعاماً ولا شراباً ولا شيئًايقويهم علٰى المقام، لانهم إنما حاصروهم لينفد طعامهم وشرابهم حتىٰ يعطوا بأيديهم ويخرجوا علٰى حكم اللّٰه تعالىٰ، ففي بيع الطعا م وغيره منهم اكتساب سبب تقويتهم علٰى

Marfat.com

المقام فی حصنهم، بخلاف ما سبق فإن أهل الحرب في دارهم يتمكنون من اكتساب ما يتقوون به على المقام ،لا بطريق الشراء من المسلمين فاما أهل الحصن لا يتمكنون من ذٰلک بعد ما أحاط المسلمون بهم ،فلا يحل لأ حد من المسلمين أن يبيعهم شيئًا من ذٰلک. ومن فعله فعلم به الإمام أدبه على ذٰلک لارتكابه مالا يحل."

ترجمہ: ''اور تعزیر کسی معین فعل یا معین قول کے ساتھ مختص نہیں۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تین حضرات کو (جو غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ گئے تھے اور) جن کا واقعہ اللہ نے قرآن عظیم میں ذکر فرمایا ہے۔ مقاطعہ کی سزا دی تھی۔ چنانچہ پچاس دن تک ان سے مقاطعہ رہا۔ کوئی شخص ان سے بات تک نہیں کرسکتا تھا۔ ان کا مشہور قصہ صحاح ستہ میں موجود ہے۔ نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلاوطنی کی سزا بھی دی۔ چنانچہ مخنثوں کو مدینہ سے نکالنے کا حکم دیا اور انہیں شہر بدر کردیا۔ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی مختلف تعزیزات جاری کیں۔ ہم ان میں سے بعض کو جو احادیث کی کتابوں میں وارد ہیں یہاں ذکر کرتے ہیں۔ ان میں سے بعض کے ہمارے اصحاب قائل ہیں اور بعض پر دیگر ائمہ نے عمل کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ضبیع نامی ایک شخص کو مقاطعہ کی سزا دی۔ یہ شخص ''الذاریات'' وغیرہ کی تفسیر پوچھا کرتا تھا۔ اور لوگوں کو فہمائش کیا کرتا تھا کہ وہ مشکلات قرآن میں تفقہ پیدا کریں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی سخت پٹائی کی اور اسے بصرہ یا کوفہ جلاوطن کردیا اور اس سے مقاطعہ کا حکم فرمایا۔ چنانچہ کوئی شخص اس سے بات ۔۔۔۔ تک نہیں کرتا تھا۔ یہاں تک کہ وہ تائب ہوا اور وہاں کے گورنر نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کے تائب ہونے کی خبر لکھ بھیجی۔ تب آپ نے لوگوں کو اجازت دی کہ اس سے بات چیت کرسکتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نصر بن حجاج کا سر منڈوا کر اسے مدینہ سے نکال دیا تھا جب کہ عورتوں نے اشعار میں اس کی تشبیب شروع کردی تھی اور فتنہ کا اندیشہ لاحق ہوگیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ عرنیہ کے افراد کو جو سزا دی (اس کا قصہ صحاح میں موجود ہے) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ایک ایسے شخص کے بارے میں جو بدفعلی کراتا تھا صحابہ سے مشورہ کیا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے مشورہ دیا کہ اسے آگ میں جلادیا جائے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو یہ حکم لکھ بھیجا۔ بعدازاں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور ہشام بن عبدالملکؒ نے بھی اپنے اپنے دور خلافت میں اس قماش کے لوگوں کو آگ میں ڈالا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مرتدین کی ایک جماعت کو آگ میں جلایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کے مٹکے توڑنے اور اس کے مشکیزے پھاڑ دینے کا حکم فرمایا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن ان ہانڈیوں کو توڑنے کا حکم فرمایا جن میں گدھوں کا گوشت پکایا گیا تھا۔ پھر صحابہ کرامؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

سے اجازت چاہی کہ انہیں دھوکر استعمال کرلیا جائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دے دی ۔ یہ واقعہ دونوں باتوں کے جواز پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ ہانڈیوں کو توڑ ڈالنے کی سزا واجب نہیں تھی ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس مکان کو جلا دینے کا حکم فرمایا جس میں شراب کی خرید وفرخت ہوتی تھی ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے جب رعیت سے الگ تھلگ اپنے گھر ہی میں فیصلہ کرنا شروع کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کا مکان جلا ڈالا ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے عمال کے مال کا ایک حصہ ضبط کر کے مسلمانوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک شخص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مہر پر جعلی مہر بنوالی تھی اور بیت المال سے کوئی چیز لے لی تھی ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے سو درے لگائے ۔ دوسرے دن پھر سو درے لگائے اور تیسرے دن بھی سو درے لگائے ۔ امام ملکؒ نے اسی کو لیا ہے ۔ چنانچہ ان کا مسلک ہے کہ تعزیر کی مقدار ''حد'' سے زائد بھی ہو سکتی ہے ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب ایک سائل ایسا دیکھا جس کے پاس قدر کفایت سے زائد غلہ موجود تھا چھین کر صدقہ کے اونٹوں کو کھلا دیا۔ ان کے علاوہ اس نوعیت کے اور بھی بہت سے واقعات ہیں اور صحیح اور معروف فیصلے ہیں ۔ اور شرح سیر کبیر، جلد ۳ ص ۷۵ میں ہے ۔ اور کوئی مضائقہ نہیں کہ مسلمان کافروں کے ہاتھ غلہ اور کپڑا وغیرہ فروخت کریں ۔ مگر جنگی سامان اور گھوڑے اور قیدی فروخت کرنے کی اجازت نہیں ۔ خواہ وہ امن لے کر ان کے پاس آئے ہوں یا بغیر امان کے ۔ کیونکہ ان چیزوں کے ذریعہ مسلمانوں کے مقابلے میں ان کو جنگی قوت حاصل ہوگی ۔ اور مسلمانوں کے لئے ایسی کوئی چیز حلال نہیں جو مسلمانوں کے مقابلہ میں کافروں کو تقویت پہنچانے کا سبب بنے اور یہ علت دیگر سامان میں نہیں پائی جاتی ۔ پھر یہ حکم جب ہے جبکہ مسلمانوں نے ان کے کسی قلعہ کا محاصرہ نہ کیا ہوا ہو۔ لیکن جب اُنہوں نے ان کے کسی قلعہ کا محاصرہ کیا ہوا ہو تو ان کے لئے مناسب نہیں کہ اہل قلعہ کے ہاتھ غلہ یا پانی یا کوئی ایسی چیز فروخت کریں جو ان کے قلعہ بند رہنے میں مدد ومعاون ثابت ہو۔ کیونکہ مسلمانوں نے ان کا محاصرہ اسی لئے تو کیا ہے کہ ان کا رسد اور پانی ختم ہو جائے ۔ اور وہ اپنے کو مسلمانوں کے سپرد کر دیں اور اللہ تعالیٰ کے حکم پر باہر نکل آئیں ۔ پس ان کے ہاتھ غلہ وغیرہ بیچنا ان کے قلعہ بند رہنے میں تقویت کا موجب ہوگا ۔ بخلاف گزشتہ بالا صورت کے کیونکہ اہل حرب اپنے ملک میں ایسی چیزیں حاصل کر سکتے ہیں جن کے ذریعہ وہاں قیام پذیر رہ سکیں ۔ انہیں مسلمانوں سے خریدنے کی ضرورت نہیں لیکن جو کافر کہ قلعہ بند ہوں اور مسلمانوں نے ان کا محاصرہ کر رکھا ہو وہ مسلمانوں کے کسی فرد سے ضروریات زندگی نہیں خرید سکتے ۔ لہٰذا کسی بھی مسلمان کو حلال نہیں کہ ان کے ہاتھ کسی قسم کی کوئی چیز فروخت کرے ۔ جو شخص ایسی حرکت کرے اور امام کو اس کا علم ہو جائے تو امام اسے تادیب اور سرزنش کرے ۔ کیونکہ اس نے غیر حلال فعل کا ارتکاب کیا ہے ۔

Marfat.com

مذکورہ بالانصوص اور فقہاء اسلام کی تصریحات سے حسب ذیل اصول ونتائج منقع ہوکر سامنے آجاتے ہیں

امت مسلمہ کا اجماعی عقیدہ ہے کہ ختم نبوت کا منکر کافر مرتد زندیق ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے ہندوستان سے شلا ہوا ایک فتنہ جسکے بانی مرزا غلام احمد قادیانی تھے اس فتنہ خبیثہ نے امت مسلمہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات عالی سے جدا کرنے کوشش کی ہے امت مسلمہ کو اس فتنہ سے بچانے کے لیے علماء کرام کا فرض ہے وہ ان قادیانیوں کے غلط اور کفریہ عقائد سے آگاہ کریں حضرت مفتی ولی حسن صاحب لوگئی رح نے فتوئی قادیانیوں کا بائیکاٹ ایک عظیم مذہبی فریضہ ہے جیکو حضرت صاحبؒ نے تحریر کرکے امت مسلمہ کی ایک بہت بڑی دینی و مذہبی خدمت سرانجام دی ہے اس لیے ان قادیانیوں سے ہر طرح کا لین دین طریہ وفروخت حرام ہے کیونکہ قادیانیوں کی آمدنی کا ایک حصہ مسلمانوں کو مرتد بنانے پر خرچ ہوتا ہے لہذا مسلمانوں کو ان سے ہر طرح کا مکمل مقاطعہ کرنا چاہیے امت مسلمہ کا متفقہ یہ عقیدہ ہے کہ یہ مرتد دائرہ اسلام سے خارج ہیں اور اُن کی اولاد کا بھی یہی حکم ہے وہ بھی مرتد زندیق کے حکم میں ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو دشمنان رسول سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت نصیب فرمائے آمین

حضرت اطہر مدنی شاہ عبدالجلیل صاحب رائے پوری مدظلہ

عبدلیلہ یوم

صاحبزادہ قاری حضرت مظہر قادری خالفہ گلشن قادریہ

گلشن قادریہ عربیہ قادریہ (رجسٹرڈ)
ڈھڈیاں شریف ضلع گوجرانوالہ

۲۴ شعبان ۱۴۳۰ھ

Marfat.com

حضرت مولانا میاں سراج احمد صاحب دین پوری مدظلہ
درگاہ عالیہ دین پور شریف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم :

امّا بعد ! وجہ تخلیق کائنات، رحمت للعالمین، سیّد الکونین صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ نفسی، ابی وامّی) کا آخری نبی ہونا، کہ آپ کے بعد کسی کو نبوّت نہیں مل سکتی، یہ عقیدہ قرآن مجید کی سینکڑوں آیات بیّنات، صدہا احادیث طیّبہ، اجماع صحابہ، تصدیقات فقہاء امّت اور پوری امّت مسلمہ کے تواتر سے قطعی طور پر ثابت و مبرھن ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوّت پر بصدق یقین غیر متزلزل طور پر ایمان رکھنا ہر مسلمان کے ایمان میں شرط لازم ہے۔ اس مسئلہ میں کسی قسم کی تاویل کرنے والا گستاخ رسول اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اس پر امّت کا اجماع ہے۔

برصغیر پاک و ہند میں ایک گستاخ اور از حد خطرناک فتنہ مرزائیت نے انگریز کی گود سے شجرہ خبیثہ کی مثل جنم لیا۔ اس کے بانی مرزا قادیانی جہنم مکانی نے نہ صرف نبوّت بلکہ معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے افضل ہونے کا دعویٰ کیا۔ اعاذنا اللہ تعالیٰ من شرورہ۔

مرزا قادیانی اور اس کی ابلیس صفت ذرّیت نے اپنی زہریلی زبان و قلم سے دیگر حرکات شنیعہ سمیت، اللہ رب العزّت، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام، انبیاء کرام ؑ، قرآن مجید، اہل بیت رضوان، صحابہ کرام ؓ، اولیائے کرام ؒ اور تمام اہل اسلام کو ڈسا اور ان کی توہین کی۔

اس غلیظ ترین کافر، زندیق فرقہ کو بیخ و بن سے اکھیڑنے اور ان کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے اسلامین علماء دیوبند سمیت تمام مکاتب فکر کے علماء، صوفیا و مشائخ نے بحمد اللہ ہر ممکن کوشش کی ہے۔ ان کاوشوں میں مقدمہ بہاول پور خاصی فیصلہ کن کڑی ثابت ہوئی جسمیں دیگر علماء و مشائخ کے علاوہ خاص طور پر خانقاہ دین پور شریف کے بانی قدوۃ السالکین آفتاب معرفت بحر شریعت و طریقت حضرت خلیفہ غلام محمد دین پوری نور اللہ مرقدہٗ نے بھی اپنا دینی منصب سمجھتے ہوئے اس مقدمہ میں حضور ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی ناموس و حرمت کیلئے شرکت فرمائی، نیز تمام علماء و امّت مسلمہ کو بھی اس مفسدہ سے خبردار کیا، خدام و متوسّلین کو بھی ہر طرح تعاون کا حکم فرمایا۔ اور تادم تصفیہ "ثبوت کفر مرزائیت" بہاول پور میں میسر سراج الدّین مرحوم کی کوٹھی پر قیام فرما کر ہر پیشی پر صبح سے عدالت کے برخاست ہونے تک (باوجود پیرانہ سالی و عوارض جسمانی کے) کمرہ عدالت میں تشریف رکھتے اور اپنی تمام تر توجہات مسلمان شاہدین کی طرف رکھتے۔

ان کے بعد حضرت ثانی مسئیں میاں عبد الھادی رحمۃ اللہ نے بھی اپنے والد گرامی قدس سرّہٗ کے نقش قدم پر

Marfat.com

چلتے ہوئے اس فتنہ کی سرکوبی کیلئے پوری دلچسپی اور محبت کا ثبوت دیتے ہوئے جملہ اہالیان دین پور شریف سمیت ہر تحریک ختم نبوت میں شرکت فرمائی اور اس فریضہ دینی کو بخوبی سرانجام دیا۔ ۱۹۵۳ء کی تحریک میں شیخ عطاء اللہ مرحوم (چھوٹے داماد حضرت ثانی سئیں رحمۃ اللہ) سمیت مختلف حضرات نے گرفتاریاں بھی پیش کیں۔

چونکہ مرزائی ہمارے سادہ لوح مسلمانوں کو دام فریب (پیسہ، عہدہ، عورت) میں پھنسا کر مرتد بنا رہے ہیں ان کا رشتہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے توڑ کر انگریز کے درباری اور خود کاشتہ نبی سے جوڑ رہے ہیں۔

لھذا محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے نام لیواؤں کو غیرت اسلامی وحمیت دینی کا ثبوت دیتے ہوئے مرزائیوں سے ہر قسم تعلقات دینی و دنیاوی، معاشی، معاشرتی، اقتصادی، سلام کلام، میل جول، شادی غمی وغیرہ کا شرعاً و عقلاً بائیکاٹ کرنا ضروری ہے، یہ گروہ کسی قسم کے اخلاق کے لائق نہیں ہے۔

مرزائیوں کے بارے میں مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی رحمۃ اللہ نے جو تفصیلی فتوی ترتیب دیا ہے وہ عین حق ہے۔ اس کی تشہیر اور اس کے مطابق عمل امت مسلمہ کے ایمان کے تحفظ، حضور ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اور نجات اخروی وفلاح دنیوی کیلئے ضروری ہے۔ فقط

واللہ ھو الھادی لجمیع الفرق الضال والمضل

اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلا وارزقنا اجتنابہ

خاکپائے غلام، غلامان محمد

خادم درگاہ عالیہ دین پور شریف

فقیر

دستخط

سراج السالکین مرجع خلائق پیر طریقت عارف باللہ حضرت مولانا میاں سراج احمد صاحب دین پوری دامت برکاتہم العالیہ سجادہ نشین درگاہ عالیہ دین پور شریف

۲۸/۱/۲۰۱۰ء بیوم الخمیس

دستخط

مسعود احمد

مبتدی ناچیز

نبیرہ سراج دین پوری

دستخط

مسعود احمد

عفی عنہ

۲۸/۱/۲۰۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وھو الھادی

مسعود احمد

مسندی مرشدی جامع کمالات ظاہری و باطنی رہنمائے عارفین شیخ کامل ومکمل حضرت مولانا صاحبزادہ میاں مسعود احمد دین پوری ادام اللہ فیوضھم

امیر جماعت: مسجد ومدرسہ دین پور شریف

۲۸/۱/۲۰۱۰ء بیوم الخمیس

Marfat.com

مولانا عبدالرحمٰن صاحب شاہ عالمی مظفر گڑھی
خلیفہ مجاز حضرت سید نفیس الحسینی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

نحمدہ و نصلی علی روسلہ کریم

بعد حمد وصلوۃ اور بسم اللہ کے گزارش ہے کہ بہت سے احباب نے مجھ سے دریافت کیا ہے کہ مرزائیوں/ قادیانیوں کے ساتھ کھانا پینا، اٹھنا بیٹھنا، انکی خوشی غم میں شریک ہونا، انکے ساتھ دوستی پیار کرنا، انکی دکانوں/ بیکریوں سے سودا خریدنا، انکے ہسپتالوں میں علاج معالجے کے لئے اپنے مریضوں کو داخل کرانا، انکی ویگنوں/ بسوں میں سفر کرنا اور کسی قسم کا تعلق رکھنا جوڑنا چاہیئے یا نہیں؟

جواباً عرض ہے کہ فتح مکہ کے موقع پر اللہ تعالیٰ نے نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام سے فرمایا آج تمام کافر اور جنہیں معاف کرنا چاہیں معاف کردیں مگر ایک کافر وہ ہے جسے آپ نے معاف نہیں کرنا بیشک وہ خانہ کعبہ کے اندر کیوں نہ داخل ہو جائے وہاں بھی اسے قتل کردیا جائے اس واسطے کہ میرے حبیب وہ آپکی جو کیا کرتا تھا آپکی توہین میں اشعار اور نظمیں کہا کرتا تھا اس واسطے اسے قتل کردیا جائے۔ گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق اللہ پاک کا یہی فیصلہ ہے۔ مرزا غلام احمد قادیانی اور اسے ماننے والے تمام مرزائی/ قادیانی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے گستاخ ہیں۔

مرزا غلام احمد قادیانی نے جو کچھ لکھا ہے اسے مرزائی/ قادیانی اس طرح ہی مانتے ہیں جس طرح ہم لوگ قرآن و حدیث شریفین کو مانتے ہیں۔ مرزا غلام احمد قادیانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ محترمہ حضرت مریم علیہا السلام کے بارے میں لکھتا ہے..... "مریم کی وہ شان ہے جس نے ایک مدت تک اپنے تئیں نکاح سے روکا اور پھر بزرگان قوم کے نہایت اصرار سے بوجہ حمل کے نکاح کرلیا، گو لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ برخلاف تعلیم تورات عین حمل میں نکاح کیا گیا اور بتول ہونے کے عہد کو کیونکر ناحق توڑا گیا اور تعداد ازواج کی کیوں بنیاد ڈالی گئی۔ یعنی باوجود یوسف نجار (ترکھان) کی پہلی بیوی کے ہونے کے پھر مریم کیوں راضی ہوئی کہ یوسف نجار (ترکھان) کے نکاح میں آوے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ سب مجبوریاں ہیں جو پیش آگئیں۔ اس صورت میں وہ لوگ قابل رحم تھے نہ قابل اعتراض" (کشتی نوح صفحہ 16 مندرجہ روحانی خزائین جلد 19 صفحہ 18)

پھر مرزا غلام احمد قادیانی لکھتا ہے..... "حضرت مریم صدیقہ کا اپنے منسوب یوسف (ترکھان) کے ساتھ قبل نکاح پھرنا اس اسرائیلی رسم پر پختہ شہادت ہے" (ایام صلح صفحہ 66 روحانی خزائین جلد 14 صفحہ 300)

مرزا غلام احمد قادیانی لکھتا ہے..... "جب چھ سات مہینہ کا حمل ظاہر ہو گیا تب حمل کی حالت میں ہی قوم کے بزرگوں نے مریم کا یوسف نام کے ایک نجار (ترکھان) سے نکاح کردیا اور اس کے گھر جاتے ہی ایک دو ماہ کے بعد مریم کو بیٹا پیدا ہوا وہی عیسیٰ اور یسوع کے نام سے مشہور ہوا" (نعوذ باللہ من ذالک) (چشمہ مسیحی صفحہ 26 روحانی خزائین جلد 20 صفحہ 356-355)

Marfat.com

مرزا غلام احمد قادیانی لکھتا ہے.....

"ایک اور اعتراض ہے جو ہم نے کیا تھا اور وہ یہ ہے کہ یسوع (عیسیٰ علیہ السلام) کی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ وہ موروثی اور کسبی گناہ سے پاک تھا حالانکہ یہ صریح غلط ہے..... یسوع نے اپنا گوشت و پوست تمام تر اپنی والدہ سے پایا تھا اور وہ گناہ سے پاک نہ تھی" (نعوذ باللہ من ذالک) (کتاب البدیہ 59 روحانی خزائین جلد 13 صفحہ 77)

مرزا غلام احمد قادیانی لکھتا ہے..... "آپ (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) کا خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر ہے، تین دادیاں اور نانیاں زنا کار اور کسبی عورتیں تھیں جن کے خون سے آپ کا وجود ظہور پذیر ہوا" (نعوذ باللہ من ذالک) (ضمیمہ انجام آتھم صفحہ 7 روحانی خزائین جلد 11 صفحہ 291)

سوال کرنے والے سے میں پوچھتا ہوں کہ مذکورہ بالا عبارتیں بار بار پڑھیں کیا ان سے نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ من ذالک نقل کفر کفر نہ باشد یہ ثابت نہیں ہوتا کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام حلال زادے پیدا نہیں ہوئے تھے۔ اور مریم علیہا السلام اور یوسف نجار نکاح سے پہلے آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ زنا کرتے کراتے رہے (نعوذ باللہ من ذالک) فرمایئے اگر کوئی ہمیں کہے کہ تمھاری تین نانیاں دادیاں زنا کار کسبی عورتیں تھیں تمھاری ماں فلاں آدمی کے ساتھ نکاح سے پہلے پھرا کرتی تھی جب چھ سات ماہ کا حمل ظاہر ہو گیا تو اسی کے ساتھ حمل کی حالت میں نکاح کر لیا۔ اسکے گھر جاتے ہی ایک دو ماہ کے بعد تم پیدا ہو گئے۔ کون ایسا بے غیرت ہے جو ایسے شخص کے ساتھ کسی قسم کا تعلق جوڑیگا۔ سچ تو یہ ہے کہ بے غیرت انسان سے بھی اتنی بے غیرتی کی امید نہیں ہو سکتی چہ جائیکہ اللہ کے نبی کی ماں کو جنکی تعریف میں قرآن شریف کے ورقے بھرے پڑے ہیں اور اللہ کے نبی کو ایسے ناپاک کلموں سے یاد کرنے والوں کے بارے میں سوال کیا جائے کہ ایسوں کے ساتھ کھانا پینا اٹھنا بیٹھنا انکی خوشی غم میں شریک ہونا وغیرہ وغیرہ کسی قسم کا تعلق رکھنا جوڑنا چاہیئے یا نہ۔ میری طرف سے ہی نہیں ہر غیرت مند اپنی غیرت سے یہ سوال کرے تو غیرت یہی کہے گی کہ ایسوں کے منہ پر پیشاب کرنا اپنے پیشاب کی توہین کرنا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ایک مسلمان کسی کے منہ سے ایسے کلمات اپنے ماں باپ کیلئے تو شاید برداشت کر لے حضرت مریم صدیقہ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق برداشت کرے ایں خیا ل است بحال است و جنوں۔

عبدالرحمٰن

حافظ عبدالرحمٰن خان شاہ عالمی مظفر گڑھی
مدرسہ مخزن العلوم و مسجد توحید (قبرستان والی)
بی ون، 9 بلاک، ٹاؤن شپ لاہور

Marfat.com

حضرت مولانا شاہ عالم گورکھپوری صاحب
نائب ناظم کل ہند تحفظ ختم نبوت، دارالعلوم دیوبند انڈیا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مرزا غلام احمد قادیانی نے انگریزوں کے سیاسی مقاصد کی تکمیل کے لئے اسلام مخالف جن خیالات ونظریات کو جنم دیا اسے مذہبی لبادہ میں تبدیل کر کے ''احمدیت'' کے نام سے تعبیر کیا اور دنیا والوں سے انگریزوں کی اس کالی سیاست کو دیگر آسمانی مذاہب کی طرح اُسے ایک ''مذہب'' منوانا چاہا۔ چونکہ مرزا کے اختراعی خیالات ونظریات، اسلام کے ٹھوس عقائد میں تخریب کاری اور مسلمانوں سے محاربت اور ایذا رسانی پر مشتمل تھے اس لئے اُن کو عام زبان میں قادیانی فتنہ اور مذہب اسلام کی زبان میں کفر وزندقہ کہا جاتا ہے اور ایسے خیالات ونظریات کے پیروکار، جو خود کو احمدی کہلوانا چاہتے ہیں اُن کو اسلامی دائرۂ کار میں رہنے والا دنیا کا ہر فرد بشر اپنی عام زبان میں مرزائی، قادیانی اور مذہبی زبان میں کافر وزندیق کے نام سے یاد کرتا ہے۔

تاریخی شہادتوں سے ثابت یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ قادیانیت اپنے اصل مادّہ وخمیر کے اعتبار سے انگریزوں کی ایک سیاسی تحریک ہے۔ اِس حقیقت سے انگریز بھی خوب خوب واقف تھے کہ اِس قسم کی تحریک کی زندگی مختصر ہوتی ہے، اس لئے اُسے لمبی زندگی دینے کی غرض سے بنام احمدیت مرزا قادیانی کے ذریعہ اُس تحریک میں مذہبی بکھیڑوں کے جراثیم پیدا کئے گئے انہی بکھیڑوں میں سے ایک پہلو یہ نکالا گیا کہ اپنے جدید خیالات کے ساتھ نوزائیدہ احمدیت وہی چیز ہے جو اسلام ہے یا اسلام کے علاوہ کسی جدید دائرے کا نام احمدیت ہے۔ یہ اور اِس جیسے دیگر شاخسانوں میں مسلمانوں کو غافل کر کے شاطر دماغوں نے جلد ایک قدم اور آگے بڑھا کر ''احمدی اسلام'' کا پرفریب عنوان تجویز کر لیا اور اِس مرحلہ میں خواہی نہ خواہی اسلام کو ''احمدیت'' کا جز واصلی بنا کر اُس کے تحت مذہبی عنوانات ومباحث کا ایک وسیع و عریض میدان مسلمانوں کے سامنے کھڑا کر دیا۔ دجل وتلبیس کی اِس وادی میں اُنھیں اپنی سیاسی تحریک کے لئے مذہبی اصطلاحات ومذہبی زبان، مذہبی طرز وانداز بھی ہاتھ لگے اور خواہی نہ خواہی قرآن وحدیث کو تختۂ مشق بنانے کا موقع بھی ملا۔ اور پھر کیا تھا! بتدریج مذہبی دنیا میں مسلمانوں کو الجھائے رکھنے کا ایک ایسا منصوبہ بند ماحول تیار کیا گیا کہ ''احمدیت'' سے پہلے کی اُس کی اصل حقیقت وحیثیت ہی عموماً لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہو چکی ہے۔ لوگ یہ بات بھولتے جا رہے ہیں کہ آج حقوق انسانیت کے سہارے زندگی کی بھیک مانگنے والا، کہیں رفاہی خدمات کی خوشنمائیوں میں ملبوس، کہیں جمہوریت کی آڑ میں مذہبی پاؤں پسارنے والا، انگریزوں کا یہ وہی سیاسی عفریت ہے جو کبھی غیر منقسم ہندوستان کو نگلنے کے

Marfat.com

درپے تھا۔

جہاں تک قادیانیت کے کفر زندقہ ہونے کا سوال ہے تو یہ تو خود اُسی کے رگ وریشے سے ٹپکتی ایک روشن حقیقت ہے۔اور یہ بھی اُسی سے واضح ہے کہ قادیانیت جس جدید دائرے کا نام ہے اس میں نجات وفلاح دین ودنیا کی سیاست و ریاست وغیرہ سب کچھ مرزا قادیانی کی ذات سے شروع ہوکر اُسی پر ختم بھی ہوجاتا ہے۔چنانچہ جن اختراعی خیالات و نظریات کا نام قادیانیت ہے وہ اسلام کے دائرے میں کبھی داخل ہی نہیں رہے کہ اُن کے نکالنے اور نکلنے کی بات کی جائے ۔اسی لئے مرزا قادیانی نے اپنی تحریک کے پہلے ہی دن سے اپنی مزعومہ تحریک احمدیت کو مسلمانوں کے اسلام سے الگ اور ہمہ جہت الگ کرنے اور قادیانی معاشرے کو روزی روٹی سے لیکر مٹی، قبرستان تک زندگی کے ہر لمحے میں کلی طور پر الگ تھلگ رکھنے کا فیصلہ واضح سے واضح تر الفاظ، موٹے سے موٹا عنوان میں لکھا اور سنایا ہے۔اور اپنے جنم داتا، انگریز بہادر کی دور حکومت وحکومتی قوانین کی موجودگی میں ہی اپنے اُن فیصلوں پر خود بھی عمل کیا اور فریقین سے بھی اُس پر عمل کرایا ہے۔

چنانچہ قادیانیت کے اسلام وکفر کا مسئلہ ہو یا قادیانیوں سے ہمہ جہت بائیکاٹ ومقاطعہ کا معاملہ ہو دونوں میں مسلمانوں کا یہ ہمیشہ موقف رہا ہے کہ قادیانیت اور اسلام دونوں نہ کبھی ایک رہے اور نہ ایک ہوسکتے ہیں۔علماء امت نے قادیانیوں کو اسلام سے کبھی خارج کیا نہیں؛ بلکہ اسلام سے خارج مانا ہے، یعنی اسلامی دائرے میں کبھی اُن کے داخل نہ رہنے کی تائید کی ہے۔قادیانیوں کو کافر قرار دیا نہیں؛ بلکہ اُن کو اسلامی دائرے سے الگ نوزائیدہ قادیانی دائرے میں اُن کے دعوے کے مطابق مان کر اسلام سے اُن کے انکار وفرار کی توثیق کی ہے۔زندگی کے تمام شعبوں میں مقاطعہ اور بائیکاٹ کا اپنی جانب سے کوئی نیا حکم تجویز کر کے قادیانیوں کو مسلمانوں کے معاشرے سے الگ کیا نہیں، بلکہ خود اُنہی کے فیصلوں کو تسلیم کرتے ہوئے الگ مانا ہے۔سو سال سے زائد پرانے اِن مسلّمہ مسائل کے تعلق سے آج بھی اگر کوئی شخص مفتیان کرام سے پوچھے اور وہ دور حاضر کا لحاظ رکھتے ہوئے اپنے انداز میں جواب دیں تو اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں کہ مسئلہ کوئی نیا ہے یا پرانے مسئلے پر وہ کوئی نیا حکم صادر کررہے ہیں بلکہ یہی کہا جائے گا کہ انھوں نے قادیانیوں کے کفر وزندقہ کی تائید اور مقاطعہ کی توثیق کی ہے۔

چونکہ اِن حقائق کو قادیانی تعلیمات وہدایات ہی کی روشنی میں جاننا مبنی بر انصاف ہوگا، اس لئے تفصیل کے لئے کتابوں کی طرف رجوع کیا جائے تو کھلے لفظوں میں مذکورہ حقائق واضح ہوجاتے ہیں کہ:

ا.....اسلام اور قادیانیت آپس میں دو متضاد دائرے ہیں جن کے درمیان ماضی میں کبھی ایک رہنے کا یا مستقبل میں کبھی ایک ہونے کا تصور بھی گناہ ہے۔اگر احمدیت اور اسلام دونوں ایک ہی چیز مانی جائیں تو کسی جھوٹے مدعی نبوت کی مستقل بیعت پر قادیانیوں کی تحریک ودعوت کی ضرورت ہی کیا رہ جاتی ہے اور پھر کس مقصد کے لئے یہ تحریک منظم طور پر کی جاتی ہے؟ کیا حضور ﷺ کی نبوت پر ایمان کافی نہیں کہ مرزا قادیانی کی بیعت بھی کرائی جائے؟۔

Marfat.com

واضح رہے کہ عام بزرگوں کی بیعت پر مرزا قادیانی کی بیعت کو قیاس کر کے مرزائی کسی سادہ لوح کو دھوکہ نہ دیں، اس لئے کہ مرزا قادیانی، بیعت میں اپنی ذات کو مدار نجات منواتا اور بیعت نہ کرنے والوں کو کافر قرار دیتا ہے۔ جبکہ دنیا کوئی بڑے سے بڑا ولی نہ اپنی ذات کو نجات کا محور بناتا ہے اور نہ بیعت نہ کرنے والوں کو کافر قرار دیتا ہے۔

۲.....اسلامی دائرے سے خروج اور قادیانی دائرے میں دخول کا پہلا اور بنیادی اثر یہ ہوتا ہے کہ ایسے شخص اپنے آپ کو مسلمانوں میں سے نہیں بلکہ مسلمانوں سے الگ ''احمدیت'' نامی نوزائیدہ دائرے میں شمار کرنے کرانے لگتے ہیں۔ مرزا کی ذات سے منسلک ہونے پر ابتدائی دور میں ہی جو معاشرہ نظر آتا ہے وہ یہ ہے کہ مسلمان خود کو اب مسلمان نہیں بلکہ احمدی کہے تا کہ پہلے اور بعد کے معاشرے میں واضح فرق نظر آئے۔ کیا دو معاشروں میں بُعد وتفریق کا ماحول ومزاج؛ قادیانیت بنام احمدیت کے رگ وریشہ کی وضاحت کے لئے کافی نہیں جو خود اسی کی پیداوار ہے؟۔

۳.....مرزا قادیانی کی بیعت اور اس کی ذات سے انحراف ایک ایسا ناقابل معافی جرم ہے کہ باضابطہ مقاطعہ اور بائیکاٹ کا سخت سے سخت سزا کا یکطرفہ اقدامی فیصلہ انحراف کرنے والوں پر نافذ کیا جاتا ہے اپنے مخالف کے ساتھ حقوق انسانی کے تحت ایک عمومی رواداری کی بھی یہاں گنجائش نظر نہیں آتی بلکہ مرتد یعنی غیر مسلموں سے بھی بدتر قرار دیا جاتا ہے۔ کیا قادیانی یہ بتانے کی جرأت کریں گے کہ ڈاکٹر عبدالحکیم اور منشی عبدالحق اکاؤنٹنٹ دونوں مرزا کی ذات سے منحرف ہو کر بجائے اسلام کی طرف واپس ہونے کے نعوذ باللہ، عیسائی یا یہودی ہو گئے تھے کہ مرزا قادیانی نے اپنی ذات سے انحراف کو اسلام سے انحراف قرار دیا اور بائیکاٹ کا حکم صادر کر دیا!! دیدہ باید!! ان شخصیتوں کا اسلام سے قادیانیت میں دخول، اس کے بعد پھر اُس سے انحراف، یہ دونوں جس طرح دو مرحلے ہیں اور آپس میں ایک نہیں ہو سکتے ورنہ مرزا کا جھوٹی نبوت کے زعم میں پیغمبرانہ فیصلہ ہی بے سود و باطل قرار پائے گا۔ اسی طرح قادیانیت اور اسلام بھی ایک نہیں ہو سکتے ورنہ اس صورت میں مرزا کا فیصلہ خود اسی کے لئے رسوائی کا باعث ہوگا کہ حیثیت کچھ نہیں اور زبان پیغمبرانہ!!!

ساتھ ہی ساتھ اس سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ مرزا قادیانی نے اپنی تحریک کے بالکل ابتدائی مرحلے میں ہی خود کو مسلمانوں سے دور رکھنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ نیز اس کی اپنی مزعومہ احمدیت سے منحرف ہونے والوں کے ساتھ بائیکاٹ ومقاطعہ کا جو ماحول ومعاشرہ اُس نے تجویز کیا ہے وہی معاشرہ، اسلام سے منحرف ہو کر قادیانی ہونے والوں کے ساتھ تجویز کرنا حق وانصاف کا تقاضا ہے۔ کسی ملک میں اگر حکومتی قوانین ''مقاطعہ وبائیکاٹ'' کے خلاف ہیں تو پہلے اس کی زد میں مرزا کی مزعومہ احمدیت آئے گی نہ کہ اسلام۔ اور ایسی حکومت سے چارہ جوئی کا حق مسلمانوں کو حاصل ہے نہ کہ قادیانیوں کو جو کہ بائیکاٹ میں پہل کرنے والے اور من گھڑت احمدی معاشرے کو مسلم معاشرے سے الگ رکھنے کے دعویدار ہیں۔

Marfat.com

قادیانیوں کی تاریخ میں یہ ایک نہیں بلکہ اس طرح کے اور اس سے بھی زیادہ واضح بے شمار فیصلے ملیں گے۔ ایک دفعہ مرزا قادیانی نے اپنی تمام مسلم قریبی رشتہ داروں کے متعلق یہ فیصلہ صادر کیا کہ چونکہ محمدی بیگم (مرزا کی مطلوبہ ایک لڑکی) سے نکاح کے مسئلے میں اُن رشتہ داروں نہ بلکہ پہلی بیوی اور دونو جوان بیٹوں نے بھی مخالفت کی لہٰذا ''ان کے ساتھ اب ہماری قبریں بھی اکٹھی نہیں ہوسکتیں'' (سیرت المہدی ج ا صفحہ ۲۹ مطبوعہ ربوہ) مرزا قادیانی کی پہلی بیوی اور اس کے دونوں بیٹے بھی چونکہ مسلمان تھے یعنی مرزا کو باپ تو مانتے تھے اور مطیع وفرمانبردار بھی تھے لیکن اس کی ذات کو اخروی نجات کے لئے مدار نہیں مانتے تھے بلکہ سابقہ زندگی کے گہرے رازدار ہونے کی بنیاد پر، ابّا حضور کو جھوٹا اور فریبی سمجھتے تھے چنانچہ جدی جائداد سے محروم کرنے کے لئے بیوی کو طلاق دیدی اور پوری زندگی تباہ کر کے آخرِ عمر میں طلاق دی، بڑے بیٹے مرزا سلطان احمد کو بھی جائداد سے محروم کر دیا اور صرف مسلمان ہی ہونے کے قصور میں اپنے نہایت مطیع وفرمانبردار چھوٹے بیٹے فضل احمد کی نماز جنازہ تک نہیں پڑھی۔ (اخبار الفضل قادیان ۷/جولائی ۱۹۴۲ء) اور یہی فیصلہ مسٹر جناح کے نماز جنازہ کا بائیکاٹ کرتے ہوئے پورے ملک کے سامنے ظفر اللہ خاں قادیانی نے سنایا کہ ''مجھے کافر حکومت کا مسلمان وزیر سمجھ لیں یا مسلمان حکومت کا کافر (احمدی) وزیر'' (اخبار، زمیندار لاہور ۱۹۵۰ء)

خلاصہ کلام یہ کہ قادیانیت کے کفر وزندقہ ہونے کے مسئلے میں دریں صورت نہ ہمیں اپنی جانب سے کوئی فتوی صادر کرنے کی ضرورت ہے اور نہ ہی اس کے درمیان قرآن وحدیث کو لانے کی یا مسئلے کے حل کے لئے اسلامی دلائل کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت ہے بلکہ خود مرزا قادیانی اور دیگر قادیانی پنڈتوں نے اسلام سے ایک الگ تھلگ ہونے کی اپنی پوزیشن مقرر و متعین پہلے سے کر رکھی ہے بس تسلیم کرنے، کرانے کی ضرورت ہے۔ اگر تقاضا اور ضرورت ہے تو ناواقف اور مداہن مسلمانوں کے دل ودماغ میں اس مبنی برحقیقت فیصلے کو اتارنے کی تو ضرور کوشش کی جائے لیکن یہ خیال رکھ کر کہ مسئلہ کی قدامت متأثر نہ ہو۔

بائیکاٹ اور مقاطعہ کے مسئلہ میں ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ مرزا قادیانی نے خود اپنے حق میں جو معاشرہ تجویز کیا ہے اسی کو مانا اور منوایا جائے کوئی بھی ایسا پہلو اختیار کرنا ہمارے لئے مفید نہیں جس میں بائیکاٹ کی نسبت مسلم علماء حق کی جانب مفہوم ہو۔ مرزا قادیانی کے فیصلے کے مقابلہ میں دور حاضر کے قادیانی پوپوں نے اپنی پوزیشن اگر تبدیل کی ہو یا کوئی جدید فیصلہ کیا ہو تو ظاہری بات ہے کہ وہ دفع الوقتی ہے اس کی کوئی حیثیت نہیں۔

قادیانیت بنام احمدیت کوئی مذہب نہیں بلکہ انگریزوں اور یہودیوں کی اس کالی سیاست کو لفظ مذہب سے تعبیر کرنا نہ صرف یہ لفظ ''مذہب'' کی توہین ہے بلکہ اس لفظ کے تحت جمہوری ممالک میں جو قوانین اور عزت واحترام کے جو حقوق محفوظ ہیں اُن کا حقدار ماننے کی فحش غلطی بھی کرنا ہے۔ یہ بحث الگ ہے کہ کوئی مذہب حق ہے یا باطل، لیکن مطلق لفظ مذہب کے ساتھ ایک طرح کی پاکیزگی اور تقدس ضرور وابستہ ہے اور اس لفظ کے تحت آنے والے ہر گروہ وفرد کو جمہوری و

Marfat.com

غیر جمہوری ممالک نے کچھ نہ کچھ حقوق بھی دیئے ہیں۔ان حقائق کے پیش نظر تقاضا اس کا ہے کہ چونکہ قادیانیت کا فتنہ ہونا ہی اس کا اصل دائرہ وحقیقت ہے اس لئے قادیانی فتنہ سے خوداسی کے دائرے میں بنام ''قادیانی فتنہ'' ہی نمٹا جائے نہ کہ بنام ''قادیانی مذہب''۔کیوں کہ فتنہ اور فتنہ انگیزوں کا نہ حقوق انسانی کے تحت کوئی حق ہوتا ہے نہ ملکی قوانین کے تحت کوئی حق دیا جاتا ہے۔اگر کوئی حکومت فتنہ کے تئیں عزت واحترام کا کوئی حق محفوظ کرے تو دنیا میں کسی پر اس کی پابندی لازم نہیں ۔بلکہ خلاف ورزی لازم ہے۔

قادیانیت کے فتنہ ہونے اور اس کے کفر وزندقہ کے فیصلے پر سو سال سے زائد کا عرصہ گذر چکا ہے ماضی میں پارلیمنٹری اور عدالتی سطحوں پر بھی بارہا اس کے اعلانات ہو چکے ہیں۔اب قادیانی فتنہ کے خلاف، تعلیمی، رفاہی، سماجی ،سیاسی، اقتصادی اور ترقیاتی تقاضوں کے دیگر میدانوں میں اپنے اندر عزم وحوصلہ پیدا کرنا چاہئے، مسلمانوں کو اپنے اصل پلیٹ فارم پر رہتے ہوئے اپنے حقوق محفوظ کرنے کا مطالبہ کرنا چاہئے۔قادیانی اگر حیلہ سازی کے طور پر (جیسا کہ کوئی بپتا پڑنے پر وہ کرتے ہیں) اپنی پوزیشن بدل کر مسلم معاشرے میں شامل ہونے یا کرنے، یا خود کو مسلمان کہنے، روزی روٹی سے لیکر مٹی قبرستان تک کسی بھی معاملے میں مسلمانوں کے ساتھ شریک ہونے یا رہنے کی بات کرتے ہیں تو ظاہری بات ہے کہ اپنے سابقہ فیصلوں کے مطابق مسلمانوں کے حقوق پر غاصبانہ حملہ کرنے کے مرتکب ہیں۔اس صورت میں مظلوم مسلمانوں کو اپنے حقوق کی حفاظت کا اخلاقی اور ملکی دونوں سطح پر حق حاصل ہے۔حکومت وقت سے مطالبہ کیا جائے کہ وہ قادیانیوں کو خود اپنے فیصلے اور دائرے میں رہنے کا پابند بنائے۔

یہاں ایک بات ذہن نشین رکھنا ہوگا کہ صدیوں پرانا اور فیصل شدہ تکفیری مسئلہ اور مواد آج جدید نسل اور ناواقفوں کو واقف کرانے کے لئے اگر منظر عام پر لایا جاتا ہے تو قادیانی، عوام میں یہ مغالطہ پیدا کرتے ہیں کہ علماء نے پہلے فلاں کو کافر کہا، پھر فلاں کو کافر کہا اور اب قادیانیوں کو کافر قرار دینے میں لگے ہیں۔کبھی آپس میں اور کبھی اپنے مخالف کو کافر قرار دینا ان علماء کا مشغلہ بن چکا ہے لہذا قادیانیوں کو کافر کہا تو کوئی نئی بات نہیں ہے۔

اس مغالطے کا جواب دینے کے لئے اِس تاریخی حقیقت پر نظر ڈالئے کہ مرزا قادیانی کے اسباب کفر اختیار کرنے سے پہلے، علماء دین نے خود پہل کر کے اس کو کافر قرار دیا ہو یا اپنی ذات کی بیعت لینے اور مسلمانوں سے علیحدہ جماعت بنانے سے پہلے، کسی عالم دین نے مسلم معاشرے سے اس کو علیحدہ قرار دینے میں پہل کی ہو، کوئی قادیانی اس کی مستند تاریخ پیش نہیں کر سکتا۔

اپنے جنم داتا انگریز بہادروں کی ''کالی سیاست'' کو الہامی زبان دینے کا آغاز مرزا نے ۱۸۸۰ء سے پہلے ہی کر رکھا تھا، اس پر احمدیت کا مکھوٹا اس نے تقریباً ایک دہائی بعد ۱۸۸۹ء میں تجویز کیا، اس کے بعد تیسرے مرحلے میں جا کر اُس مکھوٹے کے تحت اس نے مذہبی جراثیم بتدریج پیدا کرنے شروع کئے۔اس درمیان غور فرمایئے کہ مرزا قادیانی، الہام

Marfat.com

سازی اور الہام بازی کا کھیل پوری خرمستی کے ساتھ تقریر وتحریر کے میدان میں فرنگی حکومت کے زیر سایہ تن تنہا بغیر کسی نام کے کھیلتا رہا۔ ایک دہائی سے زائد عرصہ تک عام لوگ تو کیا، اس کے قریبی دوست بھی اُس کی حقیقت اور اُس کے رخ و مزاج کو سمجھ ہی نہ پائے تھے۔ حالات سے گہرے واقف کار مقامی علماء نے بے لگام دیکھ کر اُس کی ناک میں شریعت کی نکیل ڈالنے ضرور چاہے لیکن بیشتر اکابر نے توقف کا ہی دامن تھامے رکھا تھا۔ بالآخر اپنی تقریر وتحریر میں اسباب کفر کھل کر اختیار کر کے جب مرزا نے اسلام سے نکل جانے کی پہل کی تو علماء اسلام نے بھی اسلام سے اُس کے نکل جانے کی تائید کی اور اُس کو اسلام کا منکر و کافر مان لیا۔ پھر جب مسلمانوں سے الگ جماعت بنا کر بیعت کرنے والوں کو مسلمانوں سے الگ رہنے اور کرنے کا اعلان مرزا نے کیا تو علماء اسلام نے اس کو بھی مان لیا گویا مرزا نے جب کسی کام میں پہل کی تو علماء اسلام نے اس کی تائید وتوثیق کر دی۔ علماء اسلام نے کسی بھی کام میں پہل کب کی جو قادیانی گماشتے علماء اسلام کے سر، کافر قرار دینے اور بائیکاٹ کرنے کا ٹھیکرا پھوڑتے پھرتے ہیں۔ احمدیت کے مکھوٹے پر اسلام کا لیبل لگا کر وہ تو خود اصل اسلام سے نکلے ہوئے ہیں پھر اس کو علماء کی جانب ''نکالنے'' کی نسبت کر کے لوگوں کی آنکھوں میں دھول کب تک جھونکتے پھریں گے!

علاوہ ازیں اس پر بھی غور کیا جائے کہ اسلام میں داخل مکاتب فکر، دیوبندی بریلوی غیر مقلد وغیرہ اگر آپس میں تکفیر بازی کرتے ہیں اور غلط فہمی یا دلائل کی بنیاد پر کسی کو اسلام سے خارج قرار دیتے ہیں تو ان کی یہ بنیاد تو مسلم ہے کہ وہ اسلام میں داخل ہیں کسی کے نکالنے سے کوئی نکلا یا نہیں یہ تو بعد کا مسئلہ ہے۔ جو دلائل کے قبول وعدم قبول، قوت وضعف وغیرہ پر موقوف ہے۔ لیکن قادیانیوں کا مسئلہ تو بالکل اس سے جداگانہ ہے وہ اسلام میں داخل کب رہے جو عوام کو بیوقوف بنانے کے لئے اسلامی فرقوں پر خود کو قیاس کرتے پھرتے ہیں۔

یہ تو ایسا ہے کہ ایک مکان کے چار واجبی حقدار ہوں، جو آپس میں حصہ داری پر جھگڑ رہے ہوں، اُن میں کوئی ایک، دوسرے کو حقدار وحصہ دار نہ مانے اور یہ کہے کہ فلاں دلیل کی بنیاد پر اب تم اس مکان سے خارج ہو جاؤ، کیوں کہ اب تمھارا اس میں حصہ نہیں رہا۔ اسی درمیان کوئی راہزن اور ڈاکو، مکان میں جبراً داخل ہو کر اُن کے جھگڑے میں خود کو شریک کر لے اور اپنی حصہ داری کا بھی دعوی شروع کر دے کہ صاحب آپس میں تم سب لڑ رہے ہو لہٰذا اب مکان کا مالک میں ہوں، اور دلیل یہ دینی شروع کر دے کہ فلاں نے فلاں کو کہا کہ مکان کی حصہ داری سے خارج ہے۔ ہر ایک، ایک دوسرے کو اسی طرح کہتا ہے لہٰذا ہمارے متعلق بھی مکان کی حصہ داری سے خارج ہونے کا اُن سب کا فیصلہ غلط ٹھہرا اور اس طور پر میں مالک مکان ٹھہرا۔ تو کیا اس راہزن کی دلیل مان لی جائے گی؟ یا سب سے پہلا سوال یہ ہوگا تمھاری پوزیشن تو چور ڈاکو کی ہے، حصہ داری اور ملکیت کی بات تو بہت دور کی ہے، حقدار ہونے کی تو تمھارے اندر اہلیت بھی نہیں، تمھارا تو اس مکان میں داخلہ بھی جرم ہے۔ تم کدھر سے آئے ہو اور کیسی بات کرتے ہو۔۔

Marfat.com

بالکل یہی معاملہ ایمان اور اسلام کے ڈاکو قادیانیوں کا ہے کہ اسلام کا ٹھیکہ دار یا حصہ دار ہونے کی بات تو بہت دور کی ہے وہ تو واجبی حقدار ہونے کی اپنے اندر اہلیت بھی نہیں رکھتے، تقسیم ہند سے قبل تک خود ہی مسلمانوں سے الگ پارسیوں، یہودیوں کی طرح مستقل اقلیت ہونے کا اپنے جنم داتاؤں (انگریزی حکومت) سے مطالبہ کرتے رہے ہیں بلکہ مردم شماری میں بھی اپنا اندراج الگ کراتے رہے ہیں۔آج انگریزوں کی کالی سیاست پر احمدیت کا مکھوٹا چڑھا لینے اور مسلمانوں کی زبوں حالی کا فائدہ اٹھا کر اس مکھوٹے کو مذہب میں شمار کرانے اور ''احمدی اسلام'' کا تلبیسی بینر لگا لینے سے سیاست کا بدبودار اور نجس مادہ پاک کب ہو جائے گا کہ وہ خود کو اسلام کے دائرے میں شامل جماعتوں پر قیاس کرتے ہیں۔ بلکہ حق وانصاف کی رو سے تو اُن کا یہ قیاس کرنا بھی جرم اور دجل وتلبیس ہے!

آج جب مرزائیوں پر خدا کی وسیع وعریض زمین تنگ ہوتی جارہی ہے تو دفع الوقتی کے طور پر کہیں یہود ونصاریٰ کی طاقت کے سہارے کہیں جمہوریت کی آڑ لے کر اور کہیں انسانی حقوق کی دہائی دے کر تو کہیں عوام وخواص کو مغالطہ دے کر قوم یہود کی طرح ذلت ونکبت کی ہر مار سہنے کے لئے تو آمادہ ہیں لیکن ان حقائق پر غور کرنے اور ان کو تسلیم کر کے اپنی اصلاح کرنے اور آخرت کی فکر کرنے پر آمادہ نہیں ہیں۔اسی کو کہتے ہیں کفر کی ضلالت میں قلب ودماغ کا مسخ ہو جانا اور یہی ہے مرزائیت، قادیانیت۔

ان حقائق کی روشنی میں مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کراچی کے استفسار پر حضرت مولانا مفتی ولی حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا فتوی جو اسلامی دلائل کا پہلو لئے ہوئے قرآن واحادیث اور شرعی دلائل وبراہین پر مشتمل ہے، حرف بحرف درست اور دور حاضر میں رہنمائی کے قابل ہے اور مسلمانوں کے لئے واجب التعمیل بھی۔امید کی جاتی ہے کہ حسب سابق انشاءاللہ دور حاضر کے لئے بھی اس کی اشاعت عوام وخواص کے لئے مفید ہوگی۔

Marfat.com

حضرت مولانا محبّ اللہ صاحب مدظلہ
خلیفہ مجاز حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ

مرزا غلام احمد قادیانی جھوٹا نبی نے اللہ تعالیٰ سے ٹکر لیکر سب شعائر اسلام کی توھین کیا ہے ان کی کتابوں میں موجود ہے مثلاً میں نے خواب میں دیکھا کہ میں خود خدا ہوں۔ میں یقین کر لیا کہ میں وہی ہوں۔ میں خود محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہوں نبی ہوں دوبارہ دنیا میں آیا ہوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت نوح علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہوں قرآن پاک دنیا سے اٹھ گیا ہے دوبارہ مجھ پر نازل ہوا اپنی گھر والے امہات المؤمنین سے قادیان میں حاضر ہونا حج سے بہتر ہے یہاں تک کہ جو لوگ میرے نبوت پر ایمان نہیں لاتے ہیں وہ کافر رنڈیوں کے بچے ہیں وغیرہ وغیرہ

بیماری فرضیہ : ماں باپ کی توھین برداشت کرنا مشکل ہے اللہ تعالیٰ سے ٹکر لیکر شعائر اسلام کا توھین برداشت کرنا کس طرح ممکن ہے

علاج : قادیانی کافر اور مرتد کے علاوہ زندیق بھی ہیں اپنی کفریہ باتوں پر اسلام کا نام رکھتے ہیں اسی کو اسلام کہتے ہیں ان کے حکم عام کافر اور مرتد سے سخت ہے شرعی حکم حکومت پر یہ ہے کہ وہ واجب القتل ہے عوام پر یہ ہے کہ وہ واجب القطع ہے۔ ان سے تعلق یعنی ذبی سلام کلام ان کو ملازمت میں لگانا یا ان کے ساتھ ملازمت کرنا ان سے مشت برخاست ان سے خرید فروخت سب حرام ہے۔

حکومت پر ہے کہ اسکو گرفتار کرے سزائی موت دی گرفتاری کے بعد اگر توبہ کیا پھر بھی سزائی موت جیسا شادی شدہ زانی توبہ سے سزائی موت ختم نہیں ہوتا۔ اور اگر گرفتاری سے پہلے توبہ کیا تو قبول ہوگا۔ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہی مذہب ہے۔

عام مسلمان پر آسان علاج ان کے کمر کو توڑنے والا علاج انکو نیست نابود کرانے والا علاج قادیانیوں سے مکمل بائیکاٹ ہے ان کے مشت برخاست سے ان کے خرید فروخت ان کے دکانوں

Marfat.com

کارخانوں ہسپتالوں انکے ملنے جلنے سے انکے کلام سلام ملازمت سے اور انکی مصنوعات سے۔
یہ انکو توبہ کرانے میں بہت بڑا علاج ہے۔ قادیانوں کے ھدایت کا بہت بڑا واسطہ
کیونکہ جب انکے دوکانیں کارخانے کاروبار بند ہوگیا تو ضرور توبہ کرینگے
ان شاء اللہ تعالیٰ - قادیانوں سے مکمل بائیکاٹ ایمان کی گواھی ہے نصرت دینی ہے
اللہ تعالیٰ کے رضامندی کا ذریعہ ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شفاعت کا واسطہ ہے اور
سرمایہ ہے - اللہ تعالیٰ ہمیں خدمت دین میں قبول کرے

بندہ ناچیز فقیر اللہ محمد غفر خادم مدرسہ سراجیہ سعدیہ لوارلائی بلوچستان عفی عنہ

حضرت مولانا گل حبیب صاحب مدظلہ
خلیفہ مجاز حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم

حمد اور صلوۃ کی بعد عقیدہ ختم نبوت

قرآن اور احادیث نبویہ اور اجماع سے ثابت ہے اس کا انکار کرنا کفر بواح
ہے تو قادیانی اور انکی عقیدہ رکھنے والا بالکل کافر ہے واجب القتل
ہے اس سے جہاد فرض ہے (مگر یہ حکومت کا کام ہے)

مباشرۃً مالاًمسلمانوں سے تعلق رکھنا میل جول
قطعی حرام ہے تو خلاصہ یہ ہے کہ بندہ فقیر حضرت مفتی ولی حسن ٹونکی
کی فتویٰ حرفاً حرفاً تائید کرتا ہوں فقط

والسلام فقیر گل حبیب عفی عنہ
خادم احادیث نبویہ ریاض العلوم
پشین بلوچستان

Marfat.com

حضرت مولانا عبدالغفور صاحب مدظلہ
خلیفہ مجاز حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ خصوصاً علی سید الرسل وخاتم الانبیاء وعلی آلہ واصحابہ اجمعین ط

مفتی اعظم حضرت اقدس مفتی ولی حسن صاحب ٹونکی نور اللہ مرقدہٗ کا یہ فتویٰ نہایت جامع اور مسئلہ کے ہر پہلو پر حاوی ہے۔ حضرت مرحوم نے یہ فتویٰ جاری فرما کر امت مسلمہ کے ایمان کے تحفظ کا بہترین سامان فراہم فرما دیا ہے۔ فجزاہم اللہ احسن الجزاء ۔ اب ہر خاص وعام مسلمان پر فرض ہے کہ اس فتویٰ پر حسن وجمال سے عمل کرکے اپنی آخرت سنوارے اور اس کو حق تعالیٰ کی رضا اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کے حصول کا ذریعہ بنائے۔ جو قادیانیوں کے ہر قسم کے باطل پروپیگنڈا کا ہی مقصد ہے۔ ورنہ عدم مقاطعہ یعنی عدم بائیکاٹ کی بعض فی اللہ کمی اور فتنہ جدیدہ کی تقویت اور اس کے ہر قسم کی معاونت کا ذریعہ بننے کا جس کا وبال عظیم ہے نا پر باشعور انسان پر مخفی نہیں۔ ایمانی غیرت کا تقاضا اور ایمان کی نشانی کفر اور کفار سے ہر قسم کی نفرت اور بائیکاٹ ہی ہے قادیانیوں۔ مرزائیوں کا کفر اپنے الگ نوعیت کا کفر اور یہ فتنہ اپنے عظیم تر فتنہ ہے اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو یہ سمجھنے کی توفیق عطا فرما کر اس کے بچنے کی ہمت اور توفیق عطا فرما دے۔ تاکہ ایمان بچا کر دنیا سے رخصت ہوں۔ اور اس فرقہ ضالہ کو بھی مولائے پاک تائب ہونے کی توفیق عطا فرما دے۔ آمین ثم آمین۔

کتبہ عبدالغفور عفی عنہ
خادم مدرسہ عربیہ سراج المدارس وخطیب مرکزی جامع مسجد سکیسر
۲۲ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۹ھ

Marfat.com

حاجی محمد عبدالرشید صاحب مدظلہ
خلیفہ مجاز حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

علمائے حق کا مندرجہ بالا فتویٰ بالکل صحیح اور باصواب ہے۔ قادیانی/مرزائی فتنہ، جو حضور سرور کونین شفیع المذنبین، رحمۃ للعالمین جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کی صریح بغاوت ہے۔ اس فتنہ اور شر کو مکمل طور پر ختم کرنے کے لیے ان قادیانیوں/مرزائیوں سے بائیکاٹ کرنا انتہائی ضروری ہے۔ اور جملہ علمائے حق اور صالحین نے اس بارے میں جو فتویٰ دیا ہے میں اس کی پوری تائید کرتا ہوں اور جملہ اہل اسلام سے گذارش کرتا ہوں کہ وہ اس فتویٰ کے مطابق بے دین قادیانیوں/مرزائیوں کا مکمل اقتصادی وسماجی بائیکاٹ کریں۔

(حاجی) محمد عبدالرشید (نقشبندی مجددی)

خلیفہ مجاز خواجہ خواجگان حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب مدظلہ العالی

مکان نمبر 228/B سٹیلائٹ ٹاؤن رحیم یار خان

Marfat.com

حضرت مولانا نذر الرحمٰن صاحب مدظلہ (تبلیغی جماعت)
خلیفہ مجاز حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

واضح ہو کہ یہ ایک بلاشبہ واضح اور مسلم امر ہے کہ حضرت محمد صلعم آخری نبی ہیں آپؐ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آسکتا آپ کے بعد اگر کوئی شخص نبوت کا دعوٰی کرے تو وہ بلاشبہ دائرہ اسلام سے خارج اور کافر و مرتد ہے اور یہی حکم اسکے متبعین کا ہے اور پھر فتنہ قادیانیت دوسرے کفار اور مرتدین کے مقابلہ زیادہ خطرناک اور سخت ہے جن کے ساتھ باہمی تعلقات اور دیگر معاملات کے سلسلہ میں مفتی اعظم پاکستان حضرت مفتی ولی حسن صاحب رحمۃ اللہ ٹونکی نے جو تفصیلی فتوٰی جاری کیا ہے یہ عام ہے اور آج بھی اسکی اہمیت و افادیت اسی طرح قائم اور مسلم ہے جسطرح بوقت اجراء تھی اور یہ مبرھن بنصوص شرعیہ اور مدلل بعبارات فقہیہ ہے عام مسلمانوں کے دین و ایمان کی حفاظت اسی میں ہے کہ وہ دیگر کفار و مرتدین کیساتھ عموماً اور فرقۂ قادیانی کے ساتھ خصوصاً منسلکہ فتوٰی کے موافق عمل کریں۔ بندہ کو اس فتوٰی کے تمام پہلوؤں کیساتھ اتفاق ہے۔ اللھم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ وارنا الباطل باطلاً وارزقنا اجتنابہ

العبد نذر الرحمٰن

مدرسہ عربیہ

تبلیغی مرکز رائے ونڈ

تبلیغی جماعت کا متفقہ مؤقف

حاجی عبدالوہاب صاحب مدظلہ کی اجازت اور مشورہ سے مولانا نذر الرحمٰن صاحب مدظلہ نے یہ تحریر لکھی اور حاجی عبدالوہاب صاحب مدظلہ نے اسے اپنا اور تبلیغی جماعت کا متفقہ مؤقف قرار دیا

Marfat.com

بریلوی مکتبہ فکر

عُلمَاءِ کِرَام، مُفتیانِ عظام کا مُتّفقہ فیصلہ

Marfat.com

محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے

قادیانیوں کے مکمل بائیکاٹ

سے متعلق شرعی نقطہ نظر معلوم کرنے کے لئے مرتب کیا گیا استفتاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاستفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین متین وفقہم اللہ للصواب حسب ذیل مسئلہ میں کہ کوئی شخص یا جماعت کسی مدعی نبوت کاذبہ پر ایمان لانے کی وجہ سے جو باتفاق امت دائرہ اسلام سے خارج ہو اور ان کا کفر یقینی اور شک وشبہ سے بالاتر ہو۔ اس کے علاوہ ان میں حسب ذیل وجوہ بھی موجود ہوں۔

1۔ وہ اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالتے ہوں اور تمام عالم اسلام اور ملت اسلامیہ کے خلاف ریشہ دوانیوں میں مصروف ہوں۔

2۔ مسلمانوں کو جانی ومالی ہر طرح کی ایذا پہنچانے میں تا مقدور کوتاہی نہ کرتے ہوں۔

3۔ ان کی مادی قوت اور مالی وسائل میں روز افزوں ترقی کا تمام تر انحصار مسلمانوں کے استحصال پر ہو اور وہ سیاسی اقتصادی وسائل پر قابض ہونے کی کوششیں کر رہے ہوں۔

4۔ ان کی سیاسی وعسکری تنظیمیں موجود ہوں اور ان کی زیر زمین سرگرمیاں تمام ملت اسلامیہ کے لئے بین الاقوامی سطح پر عظیم خطرہ ہوں۔

5۔ دشمن اسلام بیرونی طاقتوں، یہودی اور مسیحی حکومتوں اور ہندوستان کی اسلام دشمن قوت سے ان کے قوی روابط ہوں۔ الغرض مسلمانوں کے لئے دینی، سیاسی، معاشی، اقتصادی اور معاشرتی اعتبار سے ان کا طرز عمل سنگین خطرات کا باعث ہو۔ بلکہ ان کی وجہ سے ایک اسلامی مملکت کو بغاوت وانقلاب کے خطرات تک لاحق ہوں۔

Marfat.com

6۔ حکومت یا حکومت کی سطح پر یہ توقع نہ ہو کہ اس فتنہ سے ملک وملت کو بچانے کی کوئی تدبیر کی جائے گی اور یہ امید نہ ہو کہ جس شرعی سزا کے وہ مستحق ہیں وہ ان پر جاری ہو سکے گی۔ اندریں حالات بے بس مسلمانوں کو اس فتنہ کی روک تھام کے لئے کیا کرنا چاہئے؟ اس سلسلہ میں شرعی طور پر ان پر کیا فریضہ عائد ہوتا ہے؟ کیا ان حالات میں اس جماعت یا فرد کی بڑھتی ہوئی جارحیت پر قدغن لگانے کے لئے حسب ذیل امور کے جواز یا وجوب کی شرعاً کوئی صورت ہے کہ:

الف۔ امت اسلامیہ اس فرد یا جماعت کے ساتھ برادرانہ تعلقات منقطع کرے۔

ب۔ ان سے سلام وکلام، میل وجول، نشست وبرخاست، شادی وغمی میں شرکت نہ کی جائے بلکہ معاشرتی سطح پر ان سے مکمل طور پر قطع تعلق کر لیا جائے۔

ج۔ ان سے تجارت، لین دین اور خرید وفروخت کی جائے یا نہیں؟

د۔ ان کے کارخانوں اور فیکٹریوں سے مال خریدا جائے یا ان کا مکمل اقتصادی مقاطعہ (بائیکاٹ) کیا جائے۔

ہ۔ ان کی تعلیم گاہوں، ہوٹلوں، ریستورانوں میں جانا جائز ہے یا نہیں؟

ر۔ ان سے رواداری برتی جائے یا نہیں؟

ز۔ ان کے کارخانوں اور فیکٹریوں کی مصنوعات استعمال کی جائیں یا نہیں؟ غرض ان سے مکمل بائیکاٹ یا مقاطعہ کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟ کیا تمام مسلمانوں کو بھی یہ حق حاصل ہے کہ انہیں راہ راست پر لانے کے لئے ان کا بائیکاٹ کریں۔ جبکہ اس کے سوا اور کوئی چارہ اصلاح موجود نہ ہو؟

افتونا ماجورین. والله سبحانه یجزل لکم الاجر والثواب

وهو المسئول الملهم للحق والثواب.

المستفتی

مجلس عمل تحفظ ختم نبوت کراچی

Marfat.com

ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی شہید رحمۃ اللہ علیہ کا

قادیانیوں کے مکمل بائیکاٹ

پر عالم باعمل اور محقق حضرت علامہ مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ کے تفصیلی اور تحقیقی جواب پر تبصرہ

Dr.Muhammad Sarfraz Naimi Azhari
Ph.D., M.O.L. (ARABIC), L.L.B.
M.A. (Arabic), M.A.(ISLAMIC STUDIES)
Hon's in Arabic (GOLD MEDDLIST)
FAZIL-JAMIA AZHER.(EGYPT)
FAZIL-JAMIA NAIMIA
JAMIA NAIMIA
Garhi Shahu,LAHORE. Off :6306592
PAKISTAN Res :6364523

ڈاکٹر مُحَمَّد سَرفَراز نعیمی ازھری

○ ناظم اعلیٰ جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو، لاہور
○ ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان
○ سابق ممبر اسلامی نظریاتی کونسل پاکستان

قادیانی قلبی طور پر امت مسلمہ کے دشمن ہیں اس لیے وہ مسلمانوں کو معاشی اور مالی نقصان پہنچانے کے درپے رہتے ہے ان کے نزدیک مسلمانوں کو نقصان پہنچانا انکے مذہب کا حصہ ہے۔

عالم کفر یہ فیصلہ کر چکا ہے کہ جس طرح بھی ممکن ہو اسلام اور مسلمانوں کو شکست سے دوچار کیا جائے چونکہ ان کی تمام تر نگاہیں قادیانیوں پر جمی ہوئی ہیں اس لیے وہ ان کی اقتصادی، معاشی، معاشرتی، دینی، سیاسی اور ہر اعتبار سے کہیں پس دیوار رہ کر اور کہیں اعلانیہ اقلیت کے نام پر مدد کر رہے ہیں چاہے وہ طاقتیں اہل یہود سے ہوں یا اہل نصاریٰ سے یا اہل ہنود اور مشرکین میں سے ہوں۔ اس لیے ہمیں ان کے منصوبوں اور پروگراموں سے ہمہ وقت آگاہی حاصل کرتے رہنا چاہیے تا کہ انہیں ناکام کر سکیں اس ناکامی کی ایک شکل ان سے مکمل بائیکاٹ بھی ہے جس کی تفصیل سے آپ آئندہ صفحات میں آگاہی حاصل کر سکیں گے۔ جس پر سواد اعظم اہل سنت و جماعت کے محقق اور عالم باعمل حضرت علامہ ابوسعید مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے تفصیلاً روشنی ڈالی ہے۔

سرفراز
16/8/08

Marfat.com

عالم باعمل اور محقق حضرت علامہ مفتی محمد امین صاحب دامت برکاتہم العالیہ
کا محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے

قادیانیوں کے مکمل بائیکاٹ

سے متعلق مرتب کئے گئے استفتاء کا تفصیلی جواب

الحمد للّٰہ وحدہ والصلوۃ والسلام علی من لانبی بعدہ. امابعد

حدود وقصاص کا قائم کرنا حکومت کا کام ہے رعایا کا کام نہیں لیکن اگر معاشرہ میں بگاڑ پیدا ہو جائے کچھ افراد جرائم ومعاصی کا ارتکاب کرنے لگ جائیں تو ان کو درست اور سیدھا کرنے کے لیے معاشرہ کو برائیوں سے پاک صاف رکھنے کے لیے جرائم پیشہ افراد سے قطع تعلقی (بائیکاٹ) کرنا ان کے ساتھ میل جول لین دین ترک کر دینا ان سے رشتہ ناطہ نہ کرنا ان کی تقریبات شادی غمی میں شریک نہ ہونا ان کو اپنی تقریبات میں شامل نہ کرنا نہایت ہی پُرامن بے ضرر اور مؤثر ذریعہ ہے۔ آج سے تقریباً نصف صدی پہلے تک ہر زمانہ کے مسلمان اسی بائیکاٹ کے ذریعہ اصلاحِ معاشرہ کرتے چلے آئے ہیں چنانچہ شرح مشکوٰۃ میں ہے۔ **وھکذا کان دأب الصحابۃ ومن بعدھم من المؤمنین فی جمیع الازمان فانھم کانوا یقاطعون من حاد اللّٰہ ورسولہ مع حاجتھم الیہ وآثروا رضا اللّٰہ تعالی علی ذلک.** (مرقات شرح مشکوٰۃ جلد نمبر 10 صفحہ 290) ”یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے بعد والے ہر زمانہ کے ایمان والوں کی یہ عادت رہی ہے کہ وہ خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالفوں دشمنوں کے ساتھ بائیکاٹ کرتے رہے۔ حالانکہ ان ایمانداروں کو دنیوی طور پر ان مخالفوں کی احتیاج بھی ہوتی تھی لیکن وہ مسلمان خدا تعالیٰ کی رضا کو ترجیح دیتے ہوئے بائیکاٹ کرتے تھے خدا تعالیٰ مسلمانوں کو اپنی رضا جوئی کی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔“ (آمین)

Marfat.com

یہ بائیکاٹ قرآن وحدیث کے عین مطابق ہے بلکہ سید دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عملی طور پر بھی اس کو
فرمایا۔ جب غزوۂ خیبر میں یہودیوں کا محاصرہ کیا اور یہودی قلعہ میں محصور ہوگئے اور کئی دن گزر گئے تو ایک یہودی آیا
اس نے کہا اے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم اگر آپ مہینہ بھران کا محاصرہ رکھیں تو ان کو پروانہیں کیونکہ ان کے قلعہ کے نیچے
ہے وہ رات کے وقت قلعہ سے اترتے ہیں اور پانی پی کر واپس چلے جاتے ہیں تو اگر آپ ان کا پانی بند کر دیں تو جلد
میابی ہوگی۔ اس پر سیّد دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا پانی بند کر دیا تو وہ مجبور ہو کر قلعہ سے اتر آئے۔ فسار رسول
ﷺ الیٰ مائھم فقطعه علیھم فلما قطع علیھم خرجوا۔ (زادالمعاد ابن قیم جلد 3 صفحہ 234 علی حاشیہ مواہب
للزرقانی جلد 4 صفحہ 205)

اور ایک مرتبہ جبکہ حضرت سیدنا کعب بن مالک رضی اللہ عنہ صحابی اور ان کے ساتھی دو اور صحابی رضی اللہ عنہم
تبوک سے پیچھے رہ گئے۔ واپسی پر سید دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب طلبی فرمائی اور تمام مسلمانوں کو حکم دیا کہ ان
کے ساتھ بات چیت ترک کر دی جائے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ونھی النبی صلی اللہ علیه وسلم
کلامی و کلام صاحبی (صحیح بخاری صفحہ 675 جلد 2 باب وعلی الثلاثة الذین خلفوا حتی اذا الخ) "یعنی
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ اور میرے دو ساتھیوں کے ساتھ بات چیت کرنے سے منع فرما دیا۔
فاجتنب الناس کلامنا (صحیح بخاری صفحہ 675 جلد 2 باب وعلی الثلاثة الذین خلفوا حتی اذا الخ) ہم
ساتھ کوئی بھی بات نہ کرتا تھا۔ اور اس بائیکاٹ کا اثر یہ ہوا کہ زمین باوجود وسیع ہونے کے ان پر تنگ ہوگئی بلکہ وہ اپنی ج
سے بھی تنگ آ گئے۔ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَ
اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ (توبہ:118) یہ بائیکاٹ جب چالیس دن تک پہنچا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اب
بیویاں بھی ان سے الگ ہو جائیں۔ پھر جب پورے پچاس دن ہو گئے تو خدا تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی اور اس
بذریعہ وحی نازل فرمایا۔ (روح البیان)

تنبیہ یہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے ان سے لغزش ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک صاحب لولا
اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ان کی لغزش کو معاف فرمایا ان کی معافی کی سند قرآن مجید میں نازل فرمائی ان کے درجا
کیے، لہٰذا اب کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ ان حضرات کے متعلق کوئی ادب سے گری ہوئی بات کہے یا دل میں بدگمانی
کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ ایسا کرنا سراسر ہلاکت ہے اور دین کی بربادی ہے۔ خدا تعالیٰ ادب کی تو
فرمائے۔ (آمین)

Marfat.com

قطع تعلقی (بائیکاٹ) کے متعلق قرآن پاک میں ہے

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ (ھود:113)

یعنی ظالموں کی طرف میلان نہ کرو ورنہ تمھیں نار جہنم پہنچے گی۔

نیز قرآن پاک میں ہے فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (انعام:68)

یعنی یاد آنے کے بعد ظالموں کے پاس نہ بیٹھو۔

اورحدیث پاک میں ہے **عن عبداللّٰہ بن مسعود رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما وقعت بنواسرائیل فی المعاصی فنھتھم علمائھم فلم ینتھوا فجالسوھم فی مجالسھم واکلوھم وشاربوھم فضرب اللہ قلوب بعضھم علی بعض ولَعَنَھم علی لسان داؤد وعیسی بن مریم ذالک بما عصوا وکانوا یعتدون قال فجلس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان متکئا فقال لا والذی نفسی بیدہ حتی تاطرو ھم اطرا.**

(ترمذی شریف جلد۲ صفحہ 135 باب تفسیر من سورۃ المائدہ)

''یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بنی اسرائیل گناہوں میں مبتلا ہوئے تو ان کو ان کے علماء نے منع کیا مگر وہ باز نہ آئے پھر ان علماء نے ان کے ساتھ ان کی مجلسوں میں بیٹھنا شروع کر دیا اور ان کے ساتھ کھاتے پیتے رہے، (بائیکاٹ نہ کیا) تو خدا تعالیٰ نے ان کو ایک دوسرے کے دلوں پر مار دیا اور حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی ان پر لعنت بھیجی کیونکہ وہ نافرمانی کرتے حد سے بڑھ گئے تھے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تکیہ لگائے تشریف فرما تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کر بیٹھ گئے اور فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ جرائم پیشہ لوگوں کو روک لو۔''

مذکورہ بالا بائیکاٹ کا حکم ایسے لوگوں کے متعلق ہے جو عملی طور پر جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں لیکن جو لوگ دین کے ساتھ دشمنی کریں اور خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان وعظمت پر حملے کریں ایسے بد مذہبوں کے لیے سخت حکم ہے ان کے ساتھ بائیکاٹ نہ کرنا، میل میلاپ، محبت دوستی کرنا سخت حرام ہے۔ اگر چہ وہ ماں باپ ہوں یا بیٹے بیٹیاں ہوں بہن بھائی کنبہ برادری ہو۔ قرآن پاک میں ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (التوبہ:23)

Marfat.com

''یعنی اے ایمان والو! اگر تمہارے باپ دادا اور تمہارے بہن بھائی ایمان پر کفر کو پسند کریں تو ان سے محبت و دوستی
اور جو تم میں سے ان کے ساتھ دوستی کرے گا وہ ظالموں میں سے ہوگا۔'' نیز قرآن پاک میں ہے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا
هُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ وَيُدْخِ
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ اَلَآ
اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (سورۃ المجادلہ:22)

''یعنی تم نہ پاؤ گے کسی ایسی قوم کو جو خدا تعالیٰ پر اور آخرت پر ایمان رکھتے ہوں وہ دوستی کریں ایسے لوگوں سے جو
مخالفت کریں اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے اگرچہ وہ دشمنی کرنے والے ان کے باپ
بیٹے ہوں بھائی ہوں یا کنبہ برداری ہو۔ ایسے ایمان والوں کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان نقش فرما دیا ہے اور
روح سے مدد فرماتا ہے اور انہیں بہشتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ ان بہشتوں میں
رہیں گے، خدا تعالیٰ ان سے راضی وہ خدا سے راضی یہ لوگ خدا تعالیٰ کی جماعت ہیں اور خدا تعالیٰ کی جماعت ہی
جہاں میں کامیاب ہے۔''

آیت مذکورہ کا مفہوم یہ ہے کہ خدا تعالیٰ پر ایمان اور اس کے رسول کے دشمنوں کے ساتھ دوستی یہ دونوں
اکٹھی ہو ہی نہیں سکتیں چنانچہ تفسیر روح المعانی میں ہے۔

والكلام على مافى الكشاف من باب التخييل خيل أن من الممتنع المحال أن تجد قوما يوادّون المشركين (روح المعانی جلد 28 صفحہ 35) ''یعنی آیت مبارکہ میں تصور دلایا گیا ہے کہ کوئی
بھی ہو اور کفار و مشرکین کے ساتھ اس کی دوستی و محبت بھی ہو یہ محال و ممتنع ہے۔'' نیز اسی میں ہے۔

مبالغة فى النهى عنه والزجر عن ملابسته والتصلب فى مجانبة أعداء الله تعالى۔
(روح المعانی جلد 28 ص

یعنی آیت مذکورہ میں خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کے ساتھ مح
کرنے سے مبالغہ کے ساتھ منع فرمایا اور ایسا کرنے والوں کے لئے زجر و توبیخ ہے اور خدا تعالیٰ کے دشمنوں
رہنے کی پختگی بیان کی گئی ہے۔ خدا تعالیٰ جل مجدہ نے اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کے دلو
ایمان نقش کر دیا تھا کہ ان کی نظروں میں حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں کسی کی کوئی وقعت ہی نہ تھی خ

Marfat.com

ہوکہ بیٹا بھائی ہوکہ بہن چنانچہ سیدنا امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ ابوقحافہ کی زبان سے سید دو عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان میں گستاخی سنی تو اس کو ایسا مکا رسید کیا کہ وہ گر گیا جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا **أفعلت يا أبا بكر** اے ابوبکر آپ نے ایسا کیا ہے؟ عرض کی کہ ہاں یارسول اللہ قال **لا تعد، قال: والله لو كان السيف قريباً مني لضربته** (روح المعانی نمبر 28 صفحہ 37) ''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خدا تعالیٰ کی قسم اگر میرے قریب تلوار ہوتی تو میں اس کو مار دیتا، اس پر آیت مذکورہ نازل ہوئی (روح المعانی) اور سیدنا ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ کے منہ سے اپنے محبوب آقا کی شان میں کوئی ناپسندیدہ بات سنی تو اسے منع کیا وہ باز نہ آیا تو انھوں نے باپ کو قتل کر دیا جیسے روح المعانی میں ہے۔

عن انس قال كان أي أبو عبيدة قتل أباه وهو من جملة أسارى بدر بيده لما سمع منه في رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مايكره ونهاه فلم ينته۔ (روح المعانی جلد 28 صفحہ 37)

یوں ہی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنے ماموں عاص بن ہشام کو بدر کے دن اپنے ہاتھ سے قتل کر دیا اور حضرت مولیٰ علی شیر خدا رضی اللہ عنہ اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عبیدہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے عتبہ شیبہ کو قتل کر دیا اور حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی عبید بن عمیر کو اپنے ہاتھ سے قتل کر دیا۔

خدا تعالیٰ ان پاک روحوں پر لاکھوں، کروڑوں، اربوں، کھربوں رحمتیں نازل فرمائے، جنھوں نے امت کو عشق مصطفیٰ کا درس دیا اور یہ ثابت کر دیا کہ ناموس مصطفےٰ کے سامنے سب ہیچ ہیں۔ حضور رحمت دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وعظمت کے سامنے نہ کسی استاد کی عزت ہے نہ کسی پیر کا تقدس رہ جاتا ہے نہ ماں باپ کا وقار نہ بیوی بچوں کی محبت آڑے آتی ہے نہ مال و دولت ہی رکاوٹ بن سکتی ہے۔ **سبحان من كتب الايمان في قلوب المومنين وايدهم بروح منه.**

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عشق ومحبت ہی کی بنا پر خدا تعالیٰ نے ان کے جذبات کی تعریف فرمائی ہے

أَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ (الفتح: 29) یعنی وہ کافروں دشمنوں پر بڑے ہی سخت ہیں اور آپس میں رحم دل ہیں بلکہ اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ خدا جل جلالہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کے ساتھ دشمنی اور شدت کی مقدار پر ہی عشق ومحبت کا نکھار ہوتا ہے جو شخص محبت کا دعویٰ تو کرے لیکن محبوب کے دشمنوں کے ساتھ بغض وعداوت نہ رکھے وہ محبت میں سچا نہیں ہے وہ محبت محبت ہی نہیں ہے بلکہ وہ بربریت ہے دھوکہ ہے فریب ہے الحاصل خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دوستوں کے ساتھ دوستی اور ان کے دشمنوں کے ساتھ دشمنی افضل الاعمال ہیں۔

Marfat.com

حدیث پاک میں ہے۔افضل الاعمال الحب فی اللّٰہ والبغض فی اللّٰہ (ابوداؤدشریف جلد64
حجانبه اهل الاهوأ)
یعنی عملوں میں سے افضل ترین عمل خداتعالیٰ کے دوستوں سے محبت کرنااورخداتعالیٰ کے دشمنوں سے دشمنی کرنا ہے۔
اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دربارالٰہی میں یوں دعا کرتے ہیں۔

اللّٰھمّ اجعلنا ھادین مھتدین غیر ضالین ولا مضلّین سلما لا ولیئک وعدوّالا عدائک
نحب بحبک من احبّک ونعادی بعد عداو تک من خالفک اللّٰھم ھذا الدّعاء وعلیک الاج
(ترمذی شریف جلد2 صفحہ 179 باب مایقول اذا قام من ا

''یااللہ! ہم کو ہدایت دہندہ ہدایت یافتہ کر، یااللہ ہم کو گمراہ کرنے والا نہ کر، یااللہ ہم کو اپنے دوستوں کے
محبت ودوستی کرنے والا اوراپنے دشمنوں کے ساتھ دشمنی وعداوت رکھنے والا بنا۔ یااللہ ہم تیری محبت کی وجہ سے
دوستوں سے محبت کرتے ہیں اورتیرے دشمنوں کے ساتھ ان کی عداوت کی وجہ سے ہم ان سے عداوت رکھتے ہیں
یہ ہماری دعا ہے اسے قبول فرما۔''

ان ارشادات عالیہ کو وہ مصلح کلی حضرات آنکھیں کھول کر دیکھیں جولوگ بے سوچے سمجھے جھٹ کہہ دیتے
حضورتو کافروں کو بھی گلے لگاتے تھے۔ان حضرات سے سوال ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خداتعالیٰ کے
مبارک يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ (التوبۃ : 73) کے مطابق حکم الٰہی
کرتے تھے یانہیں۔ ہرمسلمان کا ایمان ہے کہ احکام خداوندی کی تکمیل سیدد وعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر
کرسکتا اورنہ کسی نے کی ہے۔ بنابریں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد نبوی شریف سے منافقوں کا نام
نکال دیا۔سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔

''قام رسول صلی اللّٰہ علیه وسلم یوم جمعة خطیبا فقال قم یا فلان فأخرج فانک منافق أ
فلان فانک منافق فأخرجهم بأسمائهم ففضحهم ولم یک عمر بن الخطاب شهد تلک
لحاجة کانت له فلقیهم وهم یخرجون من المسجد فاختبأ منهم استحیاء أنه لم یشهد
وظن أن الناس قد انصرفوا و اختبأوا هم منه وظنوا أنه قد علم بأ
فدخل المسجد فاذا الناس لم ینصرفوا فقال له رجل: أبشر یا عمر فقد فضح اللّٰه تعالی ال
الیوم. (تفسیر روح المعانی جلد11 صفحہ 10، تفسیر مظہری جلد4 صفحہ 289، تفسیر ابن کثیر جلد2 صفحہ 384، ت

Marfat.com

جلد3 صفحہ 125 تفسیر بغوی علی الخازن جلد3 صفحہ 115 تفسیر روح البیان جلد3 صفحہ 493)

یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن جب خطبہ کے لئے کھڑے ہوئے تو فرمایا اے فلاں تو منافق ہے لہٰذا مسجد سے نکل جا۔ اے فلاں تو بھی منافق ہے مسجد سے نکل جا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کئی منافقوں کے نام لے کر نکالا اور ان کو سب کے سامنے رسوا کیا۔ اس جمعہ کو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ابھی مسجد شریف میں حاضر نہیں ہوئے تھے کسی کام کی وجہ سے دیر ہوگئی تھی جب وہ منافق مسجد سے نکل کر رسوا ہو کر جا رہے تھے تو فاروق اعظم رضی اللہ عنہ شرم سے چھپ رہے تھے کہ مجھے تو دیر ہوگئی ہے، شاید جمعہ ہوگیا لیکن منافق فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے اپنی رسوائی کی وجہ سے چھپ رہے تھے پھر جب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے تو ابھی جمعہ نہیں ہوا تھا۔ بعد میں ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے کہا اے عمر رضی اللہ عنہ تجھے خوشخبری ہو کہ آج خدا تعالیٰ نے منافقوں کو رسوا کر دیا ہے۔'' اور سیرت ابن ہشام میں عنوان قائم کیا ہے۔ **طرد المنافقین من مسجد رسول اللہ تعالی علیہ وسلم** (سیرت ابن ہشام جلد1 صفحہ 528) اور اس کے تحت فرمایا کہ منافق لوگ مسجد میں آتے اور مسلمانوں کی باتیں سن کر ٹھٹھے کرتے، دین کا مذاق اڑاتے تھے ایک دن کچھ منافق مسجد نبوی شریف میں اکٹھے بیٹھے تھے اور آہستہ آہستہ آپس میں باتیں کر رہے تھے ایک دوسرے کے ساتھ قریب قریب بیٹھے تھے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھ کر کہا **فامر بھم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فأخرجوا من المسجد إخراجا عنیفا.** (سیرت ابن ہشام جلد1 صفحہ 528) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ان منافقوں کو سختی سے نکال دیا جائے اس ارشاد پر حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ، خالد بن زید رضی اللہ عنہ اٹھ کھڑے ہوئے اور عمر بن قیس کو ٹانگ سے پکڑ کر گھسیٹتے گھسیٹتے مسجد سے باہر پھینک دیا۔ پھر حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے رافع بن ودیعہ کو پکڑا اس کے گلے میں چادر ڈال کر خوب بھینچا اور اس کے منہ پر طمانچہ مارا اور اس کو مسجد سے نکال دیا اور ساتھ ساتھ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ فرماتے جاتے **اف لک منافقا خبیثا** (سیرت ابن ہشام جلد1 صفحہ 528) ارے خبیث منافق تجھ پر افسوس ہے۔ اے منافق، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد سے نکل جا اور ادھر حضرت عمارہ بن حزم رضی اللہ عنہ نے زید بن عمرو کو داڑھی سے پکڑ ازور سے کھینچا اور کھینچتے کھینچتے مسجد سے نکال دیا اور پھر اس کے سینے پر دونوں ہاتھوں سے تھپڑ مارا کہ وہ گر گیا اس منافق نے کہا اے عمارہ رضی اللہ عنہ تو نے مجھے بہت عذاب دیا ہے تو صحابی حضرت عمارہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، خدا تجھے دفع کرے جو خدا تعالیٰ نے تیرے لئے عذاب تیار کیا ہے وہ اس سے بھی سخت تر ہے۔ **فلا تقربن مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم** (سیرت ابن ہشام جلد1 صفحہ 529) آئندہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد کے قریب نہ آنا۔

Marfat.com

اور بنونجار قبیلہ کے دو صحابی ابو محمد رضی اللہ عنہ جو کہ بدری صحابی تھے اور ابو محمد مسعود رضی اللہ عنہ نے قیس بن عمرو کو جو کہ منافقین میں سے نوجوان تھے گدی پر مارنا شروع کیا حتیٰ کہ مسجد سے باہر نکال دیا۔ اور حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے جب سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقوں کے نکال دینے کا حکم دیا ہے، حارث بن عمر کو سر کے بالوں سے پکڑ کر زمین پر گھسیٹتے گھسیٹتے مسجد سے باہر نکال دیا۔ وہ منافق کہتا تھا اے ابن حارث رضی اللہ عنہ تو نے مجھ پر بہت سختی کی ہے تو انہوں نے جواب میں فرمایا اے خدا کے دشمن تو اسی لائق ہے تو نجس ہے پلید ہے آئندہ مسجد کے قریب نہ آنا۔ ادھر ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی زوی بن حارث کو سختی سے نکال کر فرمایا افسوس کہ تجھ پر شیطان کا تسلط ہے۔ (سیرت ابن ہشام جلد 1 صفحہ 529)

نیز خدا تعالیٰ نے مسلمانوں کو ارشاد فرمایا کہ تم ابراہیم علیہ السلام کی پیروی میں خدا تعالیٰ اور اس کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں سے ہمیشہ نفرت اور بیزاری رکھو، ارشاد ہے۔

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ ۚ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ

(سورۃ ممتحنہ:4)

"یعنی اے ایمان والو! تمہارے لئے ابراہیم علیہ السلام اور ان کے ماننے والوں میں اچھی پیروی ہے۔ جبکہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ ہم تم سے اور تمہارے بتوں سے بیزار ہیں، ہم انکاری ہیں اور ہمارے تمہارے درمیان جب تک تم خداوحدہ پر ایمان نہ لاؤ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے دشمنی ٹھن گئی ہے۔"

اور تفسیر روح المعانی میں حدیث قدسی منقول ہے۔ **یقول اللّٰہ تبارک وتعالیٰ و عزتی لا ینال رحمتی من لم یوال أولیائی ویعاد أعدائی۔** (صفحہ 35 جز 28) "یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مجھے میری عزت کی قسم جو شخص میرے دوستوں کے ساتھ دوستی نہیں کرتا اور میرے دشمنوں کے ساتھ دشمنی نہیں کرتا وہ میری رحمت حاصل نہیں کر سکتا۔"

اور درۃ الناصحین میں علامہ خوبویؒ نے ایک حدیث پاک ذکر کی ہے۔ **وروی عن رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انہ قال اوحی اللّٰہ تعالی الی موسیٰ علیہ السلام قال یاموسیٰ ھل عملت لی عملا قط قال الھی صلیت لک وصمت لک وتصدقت لک وذکرت لک فقال اللّٰہ تعالیٰ یا موسی ان الصلوۃ لک برھان والصوم لک جنۃ والصدقۃ لک ظل والذکر لک نور فای عمل عملت**

Marfat.com

لی فقال دلّنی علی عمل ھو لک قال یا موسی ھل والیت لی ولیا وھل عادیت لی عدوا. فعلم ان احب الا عمال الی اللّٰہ تعالیٰ الحب فی اللّٰہ والبغض فی اللّٰہ. (درۃ الناصحین صفحہ 210) یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کی طرف وحی بھیجی اے موسیٰ تو نے میرے لئے بھی کوئی عمل کیا ہے۔ موسیٰ علیہ الصلوۃ والسلام نے عرض کی یا اللہ میں نے تیرے لئے نماز پڑھی خدا تعالیٰ نے فرمایا نماز تو تیرے لیے ہی برھان بنے گی۔ عرض کی یا اللہ میں نے تیرے لئے روزے رکھے۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ روزہ تو تیرے ہی لیے ڈھال بنے گا۔ پھر عرض کی میں نے تیرے لئے صدقہ دیا خدا تعالیٰ نے فرمایا صدقہ تو تیرے ہی لئے سایہ بنے گا۔ عرض کی میں نے تیرے لئے تیرا ذکر کیا۔ فرمایا اے موسیٰ ذکر تو تیرے ہی لئے نور ہوگا۔ بتا تو نے میرے لئے کون سا عمل کیا ہے موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی میرے پروردگار تو ہی بتا دے کہ وہ کونسا عمل ہے جو تیرے لئے ہو۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا اے پیارے موسیٰ کیا تو نے میرے دوستوں کے ساتھ محبت و دوستی کی ہے اور کیا تو نے میرے دشمنوں کے ساتھ دشمنی کی ہے (پس معلوم ہوا کہ اعمال میں سب سے بہترین عمل اللہ کے نزدیک اللہ ہی کے واسطے کسی سے محبت کرنا اور اللہ ہی کے لیے کسی سے دشمنی کرنا ہے)۔'' اسی طرح کا ایک واقعہ ایک ولی اللہ کے ساتھ پیش آیا۔ جیسا کہ تفسیر روح البیان جلد 4 صفحہ 378 پر ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ خدا تعالیٰ کے دربار میں خدا تعالیٰ کے دوستوں کے ساتھ محبت کرنا جتنا مقبول محبوب عمل ہے اتنا ہی خدا تعالیٰ کے دشمنوں کے ساتھ دشمنی و عداوت رکھنا مقبول و محبوب عمل ہے نیز خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کی محبت اور ان کے دشمنوں گستاخوں کی محبت آپس میں ضدیں ہیں یہ دونوں بیک وقت ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتیں۔

مخدوم الاولیاء سیدنا امام ربانی خواجہ مجدد الف ثانی سرہندی قدس سرہ نے فرمایا۔

دو محبتِ متبائنہ جمع نشوند جمع ضدین را محال گفتہ اند محبتِ یکے مستلزمِ عداوتِ دیگر است

(مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 165 دفتر اول)

یعنی دو محبتیں جو ایک دوسرے سے ضد ہوں ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتیں کیونکہ اجتماع ضدین محال ہے اگر خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دل میں محبت ہوگی تو خدا اور اس کے رسول کے دشمنوں کی محبت دل میں نہیں آ سکتی خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کی جتنی محبت و دوستی دل میں آئے گی تو خدا و رسول (جل جلالہ و صلی اللہ علیہ وسلم) کی محبت اتنی ہی کم ہو جائے گی۔ نیز فرمایا

Marfat.com

وعلامتِ کمالِ محبت کمالِ بغض است با اعداءِ او صلی اللہ علیہ وسلم (مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 165 دفتر اول)

یعنی تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کمالِ محبت کی یہ علامت ہے کہ سید دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کے ساتھ کمال بغض وعداوت ہو۔ نیز فرمایا

وباکفار کہ دشمنان خدائی عزوجل ند ودشمنانِ رسولِ وے علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات دشمن باید بود ودر ذل وخواری ایشان سعی باید نمود وبہیچ وجہ عزت نباید داد واین بیدولتان را در مجلسِ خود راہ نباید

(مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 165 دفتر اول)

یعنی کافروں کے ساتھ جو کہ خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب کے دشمن ہیں دشمنی رکھنی چاہیے اور ان کو ذلیل وخوار کرنے میں کوشش کرنی چاہیے اور کسی طرح ان کی عزت نہیں کرنی چاہیے۔ اور ان بدبختوں کو اپنی مجلس میں نہیں آنے دینا چاہیے۔

نیز فرمایا، **دررنگِ سگان ایشان را دور باید داشت** (مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 163 دفتر اول)

''یعنی خدا و رسول کے دشمنوں کو کتوں کی طرح دور رکھنا چاہیے۔''

نیز فرمایا'' **پس عزتِ اسلام وخواریِ کفر واہل کفر ہست کسیکہ اہل کفر را عزیز داشت اہل اسلام را خوار ساخت۔**''

(مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 163 دفتر اول)

''یعنی اسلام کی عزت اسی میں ہے کہ کفر وکفار کو خوار وذلیل کیا جائے جو شخص کفر والوں کی عزت کرتا ہے وہ حقیقت میں مسلمانوں کو ذلیل کرتا ہے۔''

نیز سید امام ربانیؒ نے فرمایا،'' **راہیکہ بجنابِ قدسِ جد بزرگوارِ شما علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰت والتسلیمات میرساند نیست اگر باین راہ رفتہ نشود وصول بآن جناب قدس دشوار ہست۔**''

(مکتوبات امام ربانیؒ مکتوب نمبر 165 دفتر اول)

''یعنی رسول اکرم شفیع معظم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ تک لے جانے والا یہی ایک راستہ ہے (کہ ان کے دشمنوں کے ساتھ دشمنی رکھی جائے) اگر اس راستہ کو چھوڑ دیا جائے تو اس دربار تک رسائی مشکل ہے۔''

اور یہ بھی مسلم کہ سید اکرم نور مجسم فخر آدم صلی اللہ علیہ وسلم تک رسائی ہی دین ہے۔ ڈاکٹر سر اقبال مرحوم نے کیا خوب کہا ہے۔

بمصطفیٰ برساں خویش را کہ دین ہمہ اوست
اگر باو نرسیدی تمام بولہبی ست

Marfat.com

یعنی تو اپنے آپ کو مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک قدموں تک پہنچا دے اور اگر تو ان تک نہ پہنچ سکا تو تیرا سب کچھ ہی ابولہب ہے۔

بدمذہبوں (قادیانیوں) کے ساتھ بائیکاٹ کے متعلق چند احادیث مبارکہ بیان کی جاتی ہے

حدیث نمبر 1: عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يكون فى اٰخر الزمان دجالون كذابون ياتونكم من الاحاديث بما لم تسمعوا انتم ولا اٰباؤكم فاياكم واياهم لايضلونكم ولا يفتونكم. (مسلم شریف جلد 1 صفحہ 10 باب النهى عن الرواية الخ)

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آخری زمانہ میں کچھ لوگ کذاب دجال بہت جھوٹے دھوکہ باز آئیں گے۔ وہ تم سے ایسی باتیں کریں گے جو نہ تم نے سنی ہوں گی اور نہ تمھارے باپ دادا نے سنی ہوں گی لہٰذا اے میری امت تم ان کو اپنے سے بچاؤ اور اپنے آپ کو ان سے بچاؤ کہیں وہ تمھیں گمراہ نہ کر دیں کہیں وہ تمھیں فتنہ میں نہ ڈال دیں۔''

سبحان اللہ! کیا شان ہے تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نور نبوت سے پہلے ہی دیکھ لیا کہ دین کے ڈاکو آئیں گے۔ بھولے بھالے مسلمانوں کو اَن سنی اور بناوٹی باتیں سنا کر اپنے دجل وفریب سے ان کا ایمان لوٹیں گے۔ لہٰذا اس شفیق امت صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے سے ہی امت کو بچنے کی تدبیر بتائی کہ اے میری امت بے دینوں کے قریب مت بھٹکنا اور نہ ان کو اپنے قریب آنے دینا ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے۔ لیکن امت کے کچھ بے لگام افراد ہیں جو کہتے پھرتے ہیں جی صاحب ہر کسی کی بات سننی چاہیے دیکھیں بھلا کہتے کیا ہیں۔ اسی بنا پر بدمذہبوں (قادنیوں) کے جلسوں پر جانے والے ان کا لٹریچر پڑھنے والے ان کی تقریریں سننے والے ہزاروں لوگ گمراہ بددین ہو گئے۔ جہنم کا ایندھن بن گئے۔ حسبنا الله ونعم الو كيل ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم.

اے میرے مسلمان بھائیو ہوشیار، خبردار، ہوشیار، خبردار غیروں کے جلسوں میں مت جاؤ۔ ان کی تقریریں مت سنو! ان کے رسائل واخبارات مت پڑھو ورنہ پچھتاؤ گے۔ اگر تقریریں سنو تو اس کی جس کا دل عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے لبریز ہے۔ کتابیں اور رسالے پڑھو تو ان کے جن کے سینے عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے معمور ہیں۔ سیدنا محمد بن سیرینؒ کے متعلق منقول ہے۔ عن اسماء بن عبيد قال دخل رجلان من اصحاب الا هواء علىٰ ابن سيرين فقالا يا ابابكر نحدثك بحديث فقال لا فقالا فنقرء عليك آية من كتاب الله فقال لا لتقو مان على اولا تو من قال فخر جا فقال بعض القوم يا ابوبكر وما كان عليك ان يقرا عليك آية من كتاب الله

Marfat.com

قال انی خشیت ان یقرا علی آیة فیقرا ذلک فی قلبی ۔ ”یعنی حضرت ابن سیرینؒ بیٹھے تھے کہ دو بدمذہب (اہل بدعت) آئے اور انھوں نے عرض کیا حضرت اجازت ہو تو ہم آپ کو ایک حدیث پاک سنائیں آپ نے فرمایا نہیں، پھر انہوں نے عرض کیا اجازت ہو تو ہم قرآن پاک کی آیت پڑھ کر سنائیں آپ نے فرمایا ہرگز نہیں یا تو تم یہاں سے اٹھ کر چلے جاؤ یا میں اٹھ کر چلا جاتا ہوں اس پر دونوں خائب وخاسر ہو کر چلے گئے تو کسی نے عرض کیا حضور اس میں کیا حرج تھا کہ وہ دو آدمی قرآن پاک کی کوئی آیت پاک سناتے اس پر حضرت سیدنا محمد بن سیرین قدس سرہ نے فرمایا کہ یہ دونوں بدمذہب تھے اگر یہ آیت پاک بیان کرتے وقت اپنی طرف سے اس میں لچر لگا دیتے تو مجھے ڈر تھا کہ کہیں وہ تحریف میرے دل میں بیٹھ جاتی (اور میں بھی بدمذہب ہو جاتا)۔

سبحان اللہ! وہ امام ابن سیرین جلیل القدر محدث قوم کے پیشوا۔ وقت کے علامہ، علم کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر، وہ تو بدمذہبوں سے اتنا پرہیز کریں کہ قرآن پاک کی آیت ان سے سننے کے روادار نہیں اور آج کے اَن پڑھ دین سے بے خبر اتنی بے باکی اور جرأت سے کہہ دیتے ہیں کہ جی صاحب ہر کسی کی بات سننی چاہیے۔ **ولا حول ولا قوة الا باللّٰه العلی العظیم.**

یونہی حضرت سعید بن جبیرؓ سے کسی نے کوئی بات پوچھی تو آپ نے اس کو جواب نہ دیا۔ **فقیل له فقال** ازایشان کسی نے عرض کیا کہ حضرت آپ نے اس کو جواب کیوں نہیں دیا۔ تو آپ نے فرمایا یہ بدمذہبوں میں سے تھا۔

حدیث پاک نمبر 2..... **قال رسول اللّٰه صلی اللہ علیه وسلّم ان مجوس هذهٖ الامة المکذبون باقدار اللّٰه ان مرضوا فلا تعودوهم وان ماتو افلا تشهدوهم وان لقیتموهم فلا تسلموا علیهم.** (ابن ماجہ شریف صفحہ ۱۰ باب فی القدر) ”یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قضا وقدر کو جھٹلانے والے اس امت کے مجوسی ہیں (حالانکہ وہ نمازیں بھی پڑھتے ہیں روزے بھی رکھتے ہیں) (قادنیوں کی طرح) فرمایا کہ اگر وہ بیمار پڑیں تو ان کو پوچھنے مت جاؤ اور اگر وہ مر جائیں تو ان کے مرنے پر ان کے جنازہ وغیرہ میں مت شریک ہو اگر تم سے ملیں تو ان کو سلام مت کرو۔

بزرگانِ دین کے ارشادات

حضرت سیدنا سہیل تستری رضی اللہ عنہ نے فرمایا **من صحح ایمانه واخلص توحیده فانه لا یانس الی مبتدع ولا یجالسه ولا یواکله ولا یشاربه ولا یصاحبه ویظهر له من نفسه العداوة والبغضاء** (روح المعانی جلد 28 صفحہ 35) ”یعنی جس شخص نے اپنا ایمان درست کیا اور اپنی توحید کو خالص کیا وہ کسی بدمذہب (بدعتی) سے انس

Marfat.com

ومحبت نہ کرے گا، نہ اس کے پاس بیٹھے گا نہ اس کے ساتھ کھائے پیئے گا نہ اس کے ساتھ آئے گا بلکہ اپنی طرف سے اس کے لیے دشمنی اور بغض ظاہر کرے گا"۔

نیز فرمایا **من ضحک إلی مبتدع نزع اللّٰہ تعالیٰ نور الایمان من قلبه ،ومن لم یصدق فلیجرب** (روح المعانی جلد 28 صفحہ 35) "یعنی جو شخص کسی بدمذہب (بدعتی) کے ساتھ خوش طبعی کرے، خدا تعالیٰ اس کے دل سے نور ایمان نکال لے گا۔ جس بندے کو اس بات کا اعتبار نہ آئے وہ تجربہ کر کے دیکھ لے۔"

تفسیر روح البیان میں ہے۔ **روی عن ابن المبارک روی فی المنام فقیل له مافعل اللّٰه بک فقال عاتبنی وواقفنی ثلاثین سنة بسبب انی نظرت باللطف یوما الی مبتدع فقال انک لم تعاد عدوی فی الدین.** (روح البیان صفحہ 419 جلد 4)

"وفات کے بعد کوئی شخص خواب میں سیدنا ابن مبارکؒ کی زیارت سے مشرف ہوا اور عرض کیا حضرت خدا تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا کیا تو فرمایا مجھے عتاب فرمایا اور مجھے تیس سال ایک روایت میں ہے تین سال کھڑے کیا اور اس عتاب کا سبب یہ کہ میں نے ایک دن ایک بدمذہب (بدعتی) کی طرف شفقت سے دیکھا تھا۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا اے ابن مبارک تو نے میرے ایک دین کے دشمن کے ساتھ دشمنی کیوں نہیں کی۔" یہ واقعہ لکھنے کے بعد صاحب تفسیر روح البیان فرماتے ہیں۔ **فکیف حال القاعد بعد الذکریٰ مع القوم الظلمین** (روح البیان جلد 4 صفحہ 420) پس کیا حال ہوگا اس شخص کا جو دیدہ دانستہ دین کے ظالموں کے پاس بیٹھتا ہے۔

عارف باللہ حضرت علامہ حقیؒ کا ارشاد مبارک **ان القرین السوء یجر المرء الی النار ویحله دارالبوار فینبغی للمؤمن المخلص السنی ان یجتنب عن صحبة اهل الکفر والنفاق والبدعة حتی لا یسرق طبعه من اعتقادهم السوء وعملهم السیٔ** (روح البیان جلد 4 صفحہ 419) "یعنی برا ہمنشین انسان کو دوزخ کی طرف کھینچ کر لے جاتا ہے اور اسے ہلاکت کے گڑھے میں ڈال دیتا ہے لہٰذا مخلص اور سنی مومن کو چاہیے کہ وہ کافروں منافقوں اور بدمذہبوں (بدعتیوں) کی صحبت سے بچے تا کہ اس کی طبیعت میں ان کا بدعقیدہ اور برا عمل سرایت نہ کر جائے۔

نیز عارف باللہ علامہ حقی نے فرمایا فی **الحدیث من احب قوماً علی عملهم حشر فی زمرتهم و حوسب بحسابهم و ان لم یعمل بعملهم** (روح البیان جلد 9 صفحہ 494) "یعنی حدیث پاک میں ہے کہ جو شخص کسی قوم سے محبت کرے گا ان کے کسی عمل کو پسند کرے گا وہ اسی کے ساتھ اٹھایا جائے گا اور اس قوم کے ساتھ حساب

Marfat.com

میں شریک ہوگا۔اگر چہ اس کے ساتھ اعمال میں شریک نہیں تھا۔"

نیز تفسیر روح البیان میں ہے۔ان الغلظة علی اعدآء اللّٰہ من حسن الخلق فان ارحم الرحماء اذا کان مأمورا بالغلظة علیهم فما ظنک بغیره فهی لاتنا فی الرحمة علی الاحباب کما قال تعالیٰ أشداء علی الکفار (روح البیان جلد۱۰ صفحہ ۶۷) "یعنی خدا تعالیٰ کے دشمنوں پر سختی کرنا یہ بھی حسن خلق میں داخل ہے اس لیے کہ جب سب مہربانوں سے مہربان آقا کو اعدائے دین پر سختی کرنے کا حکم ہے تو دوسرے کا کیا شمار۔لہٰذا دشمنانِ دین پر سختی کرنا یہ دوستوں پر مہربانی کے منافی نہیں ہے۔جیسا کہ خدا تعالیٰ صحابہ کرام کی مدح کرتے ہوئے فرماتا ہے وہ دشمنوں پر بڑے سخت ہیں اور اپنوں پر بڑے مہربان۔"

حضرت سیدنا فضیل بن عیاض رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی ہے من احب صاحب بدعة احبط اللّٰہ عمله واخرج نور الایمان من قلبه (غنیۃ الطالبین جلد 1 صفحہ 80) "یعنی جس کسی نے بدمذہب (بدعتی) سے محبت کی، خدا تعالیٰ اس کا عمل برباد کردے گا اور اس کے دل سے نور ایمان نکال دے گا"۔

نیز فرمایا واذا علم اللّٰہ عزوجل من رجل انه مبغض لصاحب بدعة رجوت اللّٰہ تعالیٰ ان یغفر ذنوبه وان قل عمله (غنیۃ الطالبین جلد 1 صفحہ 80) "یعنی خدا تعالیٰ جب دیکھتا ہے کہ فلاں بندہ بدمذہبوں (بدعتیوں جیسے قادیانیوں) سے بغض رکھتا ہے مجھے اُمید ہے کہ خدا تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے گا اگر چہ اس کی نیکیاں تھوڑی ہوں۔"

حضرت سفیان بن عیینہ رضی اللہ عنہ کا ارشاد گرامی ہے من تبع جنازة مبتدع لم یزل فی سخط اللّٰہ تعالیٰ حتی یرجع (غنیۃ الطالبین جلد 1 صفحہ 80) "یعنی جو شخص کسی بدمذہب (بدعتی) کے جنازہ میں گیا وہ لوٹنے تک خدا تعالیٰ کی ناراضگی میں رہے گا۔"

سرکار غوث اعظم محبوب سبحانی قطب ربانیؒ کا ارشاد مبارک وان لایکاثر اهل البدع ولا یدانیهم ولا یسلم علیهم (غنیۃ الطالبین جلد 1 صفحہ 80) "یعنی بدمذہبوں (بدعتی جیسے قادیانی) کے (جلسوں وغیرہ میں شرکت کر کے) ان کی رونق نہ بڑھائے اور ان کے قریب نہ آئے اور ان پر سلام نہ کرے۔" نیز فرمایا ولا یجالسهم ولا یقرب منهم ولا یهنیهم فی الاعیاد واوقات السرور ولا یصلی علیهم اذاماتوا ولا یترحم علیهم اذا ذکروا بل یبائنهم ویعادیهم فی اللّٰہ عزوجل معتقدا ببطلان مذهب اهل بدعة محتسبا بذلک الثواب الجزیل والاجر الکثیر. (غنیۃ الطالبین جلد 1 صفحہ 80) "یعنی بدمذہبوں (جیسے قادیانی) کے ساتھ نہ بیٹھے اور ان کے قریب نہ جائے اور نہ ہی انہیں عید وغیرہ شادی کے موقع پر مبارک دے اور جب وہ مرجائیں تو ان کا جنازہ نہ پڑھے اور جب ان

Marfat.com

(جیسے قادیانیوں) کا ذکر ہوتو رحمۃ اللہ علیہ نہ کہے بلکہ ان سے الگ رہے اوران سے خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے عداوت رکھے یہ اعتقاد کرتے ہوئے کہ ان کا مذہب باطل ہے اور ایسا کرنے میں ثواب کثیر اور اجر عظیم کی امید رکھے۔"

امیر المومنین سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نماز مغرب پڑھ کر مسجد میں تشریف لائے تھے کہ ایک شخص نے آواز دی کون ہے جو مسافر کو کھانا کھلائے۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے خادم سے فرمایا اس کو ساتھ لے آؤ وہ لے آیا۔ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اسے کھانا منگا کر دیا اس نے کھانا شروع کیا اس کی زبان سے ایک بات نکلی جس سے بد مذہبی کی بو آتی تھی آپ رضی اللہ عنہ نے فورا اس کے سامنے سے کھانا اٹھوا لیا اور اس کو نکال دیا۔

(ملفوظات مولانا احمد رضا خانؒ حصہ اول صفحہ 107)

پھر یہ کہ خدا تعالیٰ کے نافرمانوں اور مخالفوں (قادیانیوں/مرزائیوں) کے ساتھ بائیکاٹ کرنا یہ کوئی نئی بات نہیں بلکہ یہ بائیکاٹ پہلی امتوں سے چلا آتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے۔ وَسْئَلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ لَا لَا تَاْتِيْهِمْ (الاعراف : 163)

"یعنی اصحاب سبت جن کی بستی دریا کے کنارے واقع تھی انہوں نے ہفتہ کے دن مچھلیاں پکڑ کر خدا اور اس کے نبی کی نافرمانی کی تو اس قوم کے تین گروہ ہوگئے۔ ایک گروہ نافرمانی کرنے والا دوسرا برائی سے روکنے والا تیسرا خاموش آخر فرمانبردار گروہ نے نافرمانوں سے ایسا بائیکاٹ کیا کہ درمیان میں دیوار کھڑی کر دی نہ یہ ادھر جاتے نہ وہ ادھر آتے۔ جب نافرمانوں کی نافرمانی حد سے بڑھ گئی تو وہ بندر بنا کر ہلاک کر دیئے گئے۔

(تفسیر مظہری جلد سوم سورۃ اعراف صفحہ 476، تفسیر روح المعانی سورہ اعراف جلد نمبر 9 صفحہ 82)

پھر طرفہ یہ کہ ہر نمازی نماز وتر کی دعا میں پڑھتا ہے۔ ونخلع ونترک من یفجرک یا اللہ ہم ہر اس شخص سے قطع تعلق کریں گے اور علیحدہ ہو جائیں گے جو تیرا نافرمان ہے۔ عجیب معاملہ ہے کہ مسلمان مسجد میں دربارِ الٰہی میں کھڑا ہو کر مودبانہ ہاتھ باندھ کر عہد کرتا ہے کہ یا اللہ ہم تیرے نافرمانوں مخالفوں کے ساتھ بائیکاٹ کریں گے لیکن مسجد سے باہر آ کر ساری باتیں بھول جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ عہد پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

مسلمان بھائیوں سے اپیل

میرے مسلمان بھائیو تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بھولے بھالے امتیو ہوشیار، خبردار، ہوشیار، خبردار اپنے ایمان کو بچاؤ۔ اپنے بیگانوں کو پہچانو اور اگر شیطان دھوکہ دینے کی کوشش کرے تو

Marfat.com

مندرجہ بالا ارشادات کو بار بار پڑھو خدا تعالیٰ دوست و دشمن کی پہچان نصیب کرے۔ ان ارید الاصلاح ماستعطت وما توفیقی الا باللہ.

طالب دعا: سنگ دربار سلطانی

فقیر ابوسعید محمد امین غفرلہٗ

3 جمادی الآخری 1394ھ

تتمہ نمبر 1..... یہ تھا دنیا میں مسلمانوں کا خدا تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کے دشمنوں کے ساتھ بائیکاٹ لیکن قیامت کے دن خدا تعالیٰ کی طرف سے بائیکاٹ ہوگا۔ چنانچہ قرآن پاک میں ہے

يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۭ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ

(حدید:13)

"یعنی قیامت کے دن (جب پل صراط سے گذر ہوگا اور خدا تعالیٰ ایمان والوں کو نور عطا فرمائے گا) اس نور کو دیکھ کر منافق مرد اور عورتیں ایمان والوں سے کہیں گے کہ ہمیں ایک نگاہ دیکھو کہ ہم تمہارے نور سے کچھ حصہ لیں اس پر فرمایا جائے گا اپنے پیچھے لوٹو وہاں نور ڈھونڈو پھر جب وہ لوٹیں گے تو ان کے درمیان دیوار کھڑی کر دی جائی گی جس کا ایک دروازہ ہوگا۔ اس کے اندر ایک طرف رحمت ہوگی اور باہر کی طرف عذاب ہوگا"۔ یعنی دیوار کے ذریعہ ایسا مکمل بائیکاٹ کر دیا جائے گا کہ منافق لوگ ایمان والوں کے نور کی روشنی بھی نہ لے سکیں گے۔

نمبر 2..... جب قیامت کا دن ہوگا تو خدا تعالیٰ کی طرف سے اعلان ہوگا

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ (یٰسین:59) یعنی اے نافرمانو، کافرو آج میرے بندوں سے الگ ہو جاؤ۔

خدا تعالیٰ سب کو دین اسلام کی پیروی کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

مسلمان بھائیوں کی دعاؤں کا محتاج

فقیر ابوسعید غفرلہٗ ولوالدیہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔

حامداً ومصلیاً ومسلماً ۔ محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ساجد اردینہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ کے بعد کسی کو نبوت ملنے کا جو قائل ہو وہ مطلقاً کافر و مرتد ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ۔ ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین اور حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے ۔ انا خاتم النبیین لانبی بعدی ۔ قادیانی ایسا مرتد اور کافر جس کی نسبت تمام علماء کرام حرمین شریفین نے بالاتفاق تحریر فرمایا ۔ من شک فی کفرہ فقد کفر رہے معاذ اللہ مسیح موعود یا مہدی یا مجدد یا ایک ادنیٰ درجہ کا مسلمان جاننا تو درکنار جو اس کے کفریہ اقوال پر مطلع ہو کر اس کے کفر میں تھوڑا سا بھی شک کرے وہ بھی کافر و مرتد ہے ۔ قادیانی عقیدے والے کو کافر و مرتد نہ ماننے والے مرد عورت کا نکاح کسی مسلمان کے ساتھ ہرگز نہیں ہو سکتا ۔ اگر ہوگا زنا خالص ہوگا ۔ اولاد ہوگی تو حرام کی ہوگی ۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے ۔ لایجوز للمرتد ان یتزوج مرتدۃ ولا مسلمۃ ولا کافرۃ اصلیۃ وکذالک لایجوز نکاح المرتدۃ مع احدٍ کذا فی المبسوط جس مسلمان عورت کا دھوکے یا غلطی سے یا جہالت سے کسی ایسے شخص کے ساتھ نکاح ہو جائے جو قادیانی ہو ۔ اس پر فرض ہے ۔ کہ فوراً اس سے جدا ہو جائے ۔ تاکہ زنا سے بچے ۔ ایسی طلاق کی بھی ضرورت نہ ہے ۔ کیونکہ طلاق تو تب ہو ۔ کہ پہلے نکاح منعقد ہو ۔ ان براہین ساطعہ کی روشنی میں ہر اہل سنت علیہ ایمان مسلمان پر لازم ہے ۔ کہ وہ قادیانیوں کے ساتھ ہر قسم کے دینی دنیاوی تعلقات منقطع رکھیں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تمام اہل اسلام کو دینی حمیت اپنانے کی توفیق انیق سے نوازے ۔ آمین بجاہ طٰہٰ ویٰسین ۔

۲۲/۱۰/۲۰۰۸

محمد اصغر علی عفی عنہ

دارالافتاء دارالعلوم غیاثیہ

شمس الاسلام سیال شریف

(سرگودھا)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جامعہ فریدیہ (رجسٹرڈ) ساہیوال

040-4466685
040-4466985
فیکس
040-4460985

تاریخ 07-7-09

قادیانیوں کے نظریاتی افساد اور فکری ظلم وستم کا فطری ردعمل

قادیانیوں کا سوشل بائیکاٹ

اسلام امن وآشتی اور رواداری کا علم بردار ہے جس طرح اہل اسلام کی خیر خواہی کو پیش نظر رکھتا ہے۔اسی طرح غیر مسلموں کی بھلائی کا بھی تقاضا کر
یہی وجہ ہے کہ غیر مسلم والدین کے ساتھ بھی اسلام حسن سلوک چاہتا ہے(۱)۔حضورﷺ نے حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کو انکی مشرکہ وال
ساتھ صلہ رحمی کا صلہ رحمی کا حکم فرمایا(۲)۔بالکل اسی طرح جن مشرکین نے مسلمانوں کے ساتھ قتال کیا نہ کوئی دوسرا ظلم،ان کے ساتھ بھی نیک سلوک
رکھا گیا(۳) تاہم کفار ومشرکین کے ساتھ دوستی کرنا اور محبت کا رشتہ رکھنا ممنوع قرار دے دیا گیا ہے(۴) مصلحت (جلب منفعت ودفع مضر
کافروں،مشرکوں اور زندیقوں کے ساتھ سوشل بائیکاٹ کا تقاضا کرے تو ہنگامی حالات میں اس ہتھیار کو استعمال کرنا بھی اسلام جائز قرار دیتا۔
جب کبھی مصلحت نے بعض مسلمانوں کے خلاف بھی سوشل بائیکاٹ کا ہتھیار استعمال کرنا مناسب قرار دیا ہے تو یہ ہتھیار استعمال کیا گیا ہے جیسا کہ حضورﷺ
غزوہ تبوک سے پیچھے رہ جانے والے سیدنا کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اور دیگر دو اصحاب کے ساتھ بات چیت تک کرنے سے منع کر دیا تھا(۶) غ
استصلاح کے لیے اسلام سوشل بائیکاٹ کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

قادیانی جو کہ اپنی تمام تر توانائیاں اہل اسلام کے خلاف استعمال کر رہے ہیں۔عالمی سطح پر عیسائیوں اور یہودیوں کے مقاصد واہداف کو قریب کرنے
آلہ کار بنے ہوئے ہیں ضروری ہے کہ اہل اسلام اپنے بھرپور دینی تشخص کو برقرار رکھنے کے لیے قادیانیوں کی مصنوعات کا بائیکاٹ کریں اور انکے
میلان سے سخت اجتناب کریں قادیانیوں کے خلاف اپنی صلاحیتوں اور توانائیوں کو صرف کرنا فرقہ واریت نہ سمجھا جائے بلکہ اسلام کی صحیح شناخت
کا ذریعہ قرار دیا جائے۔قادیانیوں کے ساتھ سوشل بائیکاٹ ان بے ظلم ستم نہیں ہے بلکہ قادیانیوں کے نظریاتی افساد اور فکری ظلم وستم کا فطری ردعمل۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

خطیب مسعود

نائب مہتمم جامعہ فریدیہ ساہیوال

4 جولائی 2009ء

---

(۱)لقمان 31=15
(۲)بخاری، الجامع الصحیح، رقم الحدیث 2620
(۳)الممتحنہ 60=8
(۴)المائدہ 5=51
(۵)ھود 11=113
(۶)التوبہ 9=118

Marfat.com

دارالافتاء دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف
بانی حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم علی شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

حامداً ومصلیاً ومسلماً

مرزا غلام احمد قادیانی سمیت ہر وہ شخص جو بھی مدعی نبوت کاذب ہو اور ایسے کاذب نبی کو جو بھی اللہ تعالیٰ کا سچا نبی سمجھے وہ کافر و بے دین ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

آقائے دوجہاں حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد جس کسی نے بھی دعویٰ نبوت کیا امت مسلمہ کا اس پر اجماع ہے کہ وہ اپنے دعویٰ نبوت میں جھوٹا ہے اور وہ اس کے کافر و بے دین ہونے میں کسی قسم کے شک و شبہ کی گنجائش نہیں۔

ایسے لوگوں سے دوستانہ تعلقات قائم کرنا اور ان سے محبت کا رشتہ استوار کرنا شرعاً ممنوع ہے

ارشاد خداوندی ہے

یایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا اٰبائکم و اخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ومن یتولھم منکم فاولئک ھم الظلمون

سورہ توبہ

اے ایمان والو! اگر تمہارے باپ دادا اور تمہارے بہن اور بھائی ایمان پر کفر کو پسند کریں تو ان سے محبت اور دوستی نہ کرو اور جو تم میں سے ان کے ساتھ دوستی کرے گا وہ ظالموں میں سے ہوگا نیز اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دشمنی اور مخالفت کرنے والے کے بارے میں ارشاد فرمایا

لاتجد قوما یومنون باللہ والیوم الاخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ ولو کانوا اٰباءھم او ابناءھم او اخوانھم او عشیرتھم اولئک کتب فی قلوبھم الایمان وایدھم بروح منہ ویدخلھم جنت تجری من تحتھا الانھار خلدین فیھا رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ اولئک حزب اللہ

Marfat.com

الا ان حزب اللہ ھم المفلحون ۔

سورۃ المجادلہ ۔

یعنی تم نہ پاؤ گے کسی ایسی قوم کو جو اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتے ہوں وہ دوستی کریں ایسے لوگوں سے جو دشمنی اور مخالفت کریں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اگرچہ وہ دشمنی کرنے والے ان کے باپ ہوں بیٹے ہوں ۔ یا ان کے بھائی ہوں یا ان کے کنبہ والے ہوں ۔ یہ وہ لوگ ہیں نقش کر دیا اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں ایمان اور تقویت بخشی ہے انہیں اپنے فیض خاص سے اور داخل کرے گا انہیں باغوں میں رواں ہیں جن کے نیچے نہریں ۔ وہ ہمیشہ رہیں گے ان میں اللہ تعالیٰ راضی ہو گیا ان سے اور وہ اس سے راضی ہو گئے ۔ یہ (بلند اقبال) اللہ کا گروہ ہیں سن لو! اللہ تعالیٰ کا گروہ ہی دونوں جہانوں میں کامیاب و کامران ہو گیا ۔

اس آیت میں بڑی صراحت سے اس حقیقت کو بیان فرمایا جا رہا ہے کہ جو اللہ تعالیٰ پر اور روز قیامت پر ایمان لانے کا دعویٰ کرتے ہیں اگر وہ اس دعویٰ میں سچے ہیں تو یہ ناممکن ہے کہ ان کے دلوں میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کی محبت پائی جائے ۔ جس طرح پاک اور پلید پانی ایک برتن میں اکٹھے نہیں رہ سکتے اسی طرح نور ایمان اور دشمنان اسلام کی دوستی ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتی ۔ جو ایمان کا مدعی ہے اور کفار و منافقین کیساتھ بھی دوستی کے تعلقات رکھتا ہے وہ اپنے آپ کو فریب دے رہا ہے ۔ اللہ کا بندہ اللہ کریم کے دشمنوں سے خواہ وہ اس کے قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں ہر قسم کے تعلقات منقطع کر لیتا ہے ۔ ان میں سے چند قریبی رشتہ داروں کا صراحتہً ذکر فرما دیا ۔ اولاد کو اپنے والدین سے محبت بھی ہوتی ہے اور ان کا ادب اور لحاظ بھی ہوتا ہے ۔ لیکن اگر باپ دین کا دشمن ہو تو بیٹا اس کی پرواہ تک نہیں کرتا اسی طرح باقی رشتے بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے مقابلہ میں کوئی وقعت نہیں رکھتے ۔ چنانچہ دنیا نے دیکھا کہ جب غلامان مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء بدر و اُحد کے میدانوں میں اپنے قریبی رشتہ داروں کے سامنے صف آراء ہوئے تو جو بھی ان کا مدمقابل بنا ۔ انہوں نے بلا تامل خاک و خون میں ملا دیا ۔ حضرت ابو عبیدہ جب میدان بدر میں گئے ۔ تو ان کا باپ عبداللہ ان کے سامنے آیا ۔ آپ نے اپنی تلوار کے وار سے اس کا سر قلم کر دیا ۔ ایک دفعہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے والد ابو قحافہ نے شان رسالت میں کچھ گستاخی کی تو آپ نے اسے اس زور سے

Marfat.com

دھکا دیا۔ کہ وہ منہ کے بل زمین پر آگرا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تو ابوبکر نے عرض کیا۔ میرے آقا اگر اس وقت میرے پاس تلوار ہوتی تو میں اس کو قتل کر دیتا۔ بعد میں حضرت ابو قحافہ مشرف بہ اسلام ہو گئے تھے۔ بدر کے دن صدیق اکبر نے اپنے بیٹے عبداللہ کو للکارا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کی اجازت طلب کرتے ہوئے عرض کیا دعنی اکون فی الرملۃ الاولے ۔ میرے آقا مجھے اجازت دیجئے تاکہ میں شہدا کے پہلے گروہ میں داخل ہو جاؤں ۔ حبیب کبریا علیہ التحیۃ والثناء نے فرمایا

متعنا بنفسك يا ابابكر ما تعلم انك عندي بمنزلة سمعي وبصري -

اے ابوبکر! ہمیں اپنی ذات سے فائدہ اٹھا لینے دے تو نہیں جانتا کہ تو میرے نزدیک میرے کان اور میری آنکھ کی طرح ہے ۔ اسی طرح حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بھائی عبید کو احد کے روز قتل کیا ۔ بدر کی جنگ میں ایک انصاری نے ان کے بھائی ابو عزیز بن عمیر کو گرفتار کر لیا ۔ وہ اسے رسی سے باندھ رہا تھا۔ تو حضرت مصعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیکھ لیا اور پکار کر کہا اس کو خوب کس کر باندھنا اس کی ماں بڑی مالدار ہے گراں قدر فدیہ ادا کرے گی ۔ ابو عزیز نے کہا مصعب تم بھائی ہو کر ایسی بات کہہ رہے ہو آپ نے جواب دیا تیرا میرا بھائی چارہ ختم ۔ اب یہ انصاری میرا بھائی ہے جو تمہیں باندھ رہا ہے ۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اپنے ماموں عاصم ابن ہشام ابن مغیرہ کو قتل کیا ۔ اور سیدنا علی سیدنا حمزہ اور سیدنا عبیدہ رضی اللہ عنہم نے اپنے قریبی رشتہ داروں عتبہ شیبہ اور ولید کو تہہ تیغ کیا ۔ شمع نبوت کے پروانوں نے عملی نمونہ پیش کیا ۔ اور دنیا کو بتا دیا کہ ان کے دلوں میں صرف اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہے اور بس ۔

تفسیر ضیاء القرآن

اسی آیت کریمہ کے تحت حضرت صدر الافاضل اپنے حاشیہ خزائن العرفان میں فرماتے ہیں

مسئلہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ بد دینوں اور بدمذہبوں اور خدا و رسول کی شان میں گستاخی اور بے ادبی کرنے والوں سے مودت اور اختلاط جائز نہیں ۔

(6) واذا رایت الذین یخوضون فی اٰیاتنا فاعرض عنھم حتی یخوضوا فی حدیث غیرہ واما ینسینک الشیطان فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظالمین .

اور (اے سننے والے) جب تو دیکھے انہیں کہ بے ہودہ بحثیں کر رہے ہیں ہماری آیتوں میں تو منہ پھیر لے ان سے یہاں تک کہ وہ الجھنے لگیں کسی اور بات میں اور اگر (کہیں) بھلا دے تجھے شیطان تو مت بیٹھو یاد آنے کے بعد ظالم قوم کے پاس .

Marfat.com

حضور ضیاء الامت اس آیت کریمہ کے تحت فرماتے ہیں صحبت کا اثر مسلم ہے۔ انسان اپنے ہم نشین کی عادات اخلاق اور عقائد سے ضرور متاثر ہوتا ہے اسی لیے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ان لوگوں کے پاس بیٹھنے سے سختی سے منع کیا ہے۔ جن کا رات دن کا مشغلہ اسلام پیغمبر اسلام اور قرآن حکیم پر طعن و تشنیع کرنا ہے ایسے لوگوں کی صحبت سے ہر حیز ضروری ہے۔ ایسا نہ ہو کہ تمہارا دل بھی ان کی باتوں سے متاثر ہونے لگے۔

آج کل کی عام گمراہی کی بڑی وجہ یہ ہے کہ لوگ اس حکم پر عمل نہیں کرتے اور بد عقیدہ لوگوں کی صحبت میں بیٹھنے میں کوئی ضرر نہیں سمجھتے نتیجہ وہی نکلتا ہے کہ متعدی مرض کے مریض کے پاس بیٹھنے والا بھی اس مرض کا شکار ہو جاتا ہے۔ تفسیر ضیاء القرآن۔

اسی آیت کے تحت حضرت صدر الافاضل اپنے حاشیہ خزائن العرفان میں فرماتے ہیں "اور ان کی ہمنشینی ترک کر۔ مسئلہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ بے دینوں کی جس مجلس میں دین کا استہزاء نہ کیا جاتا ہو۔ مسلمان کو وہاں بیٹھنا جائز نہیں۔ اس سے ثابت ہو گیا کہ کفار اور بے دینوں کے جلسے جن میں وہ دین کے خلاف تقریریں کرتے ہیں ان میں جانا، سننے کیلئے شرکت کرنا جائز نہیں۔ اور رد و جواب کے لیے جانا مجالست نہیں بلکہ اظہار حق ہے۔ وہ ممنوع نہیں۔ جیسا کہ اگلی آیت سے ظاہر ہے"

اسی آیت کے تحت مفتی احمد یار خان نعیمی صاحب اپنی تفسیر نعیمی صفحہ 570 کے تحت فرماتے ہیں کہ اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ ظالم قوم کے ساتھ بیٹھنا حرام ہے۔ پھر ان کو تبلیغ و ہدایت کیسے کی جائے گی۔ قریب رہ کر تبلیغ آسان ہے دور کی تبلیغ سے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں محبت و الفت سے کفار کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ جبکہ وہ اسلام کے خلاف بکواس کر رہے ہوں۔ تبلیغ کے لیے ان کے پاس آنا جانا ان سے الفت کرنا تاکہ نرمی اور اخلاق سے مشرف باسلام ہو جائیں یہ عبادت ہے۔ جیسا کہ آیت کی روشنی سے

(3) وقد نزل علیکم فی الکتاب ان اذا سمعتم ایات اللہ یکفر بھا و یستھزأ بھا فلا تقعدوا معھم حتی یخوضوا فی حدیث غیرہ انکم اذا مثلھم ان اللہ جامع

Marfat.com

المنافقین والکافرین فی جھنم جمیعًا

اور تحقیق اتارا اللہ تعالیٰ نے تم پر یہ حکم کتاب میں کہ جب تم سنو اللہ کی آیتوں کو کہ انکار کیا جا رہا ہے ان کا اور مذاق اڑایا جا رہا ہے ان کا تو مت بیٹھو ان (کفر و استہزاء کرنے والوں) کے پاس تو یہاں تک کہ وہ مشغول ہو جائیں کسی دوسری بات میں۔ ورنہ تم بھی انہی کی طرح ہو گے۔ بے شک اللہ تعالیٰ اکٹھا کرنے والا ہے سب منافقوں اور کافروں کو جہنم میں

اس آیت کے تحت حضور ضیاء الامت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایسی مجالس جن میں کتاب الٰہی کا انکار کیا جائے اور اس کی آیتوں کا مذاق اڑایا جائے شرکت کرنے ممانعت کی گئی تھی۔ اس حکم کی یاد تازہ کرائی جا رہی ہے۔ جو شخص مجلسوں میں شرکت کرتا ہے وہ بھی گناہ میں برابر کا شریک ہے۔ تمام گمراہ فرقوں کی مجلسوں اور جلسوں میں جا کر بیٹھنے کا یہی حکم ہے کیونکہ صحبت کا اثر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔"

لھذا مرزائی قادیانیوں سے نکاح ناجائز ان کی نماز جنازہ پڑھنا ممنوع ان کا ذبیحہ حرام ہے۔ ایمان بچانے کیلئے سادہ لوح اور نابلد لوگوں کا اجتناب از حد ضروری ہے کہیں ان کی مجالست و موانست سے ایمان ہی ضائع نہ ہو جائے۔ ان کی مالی معاونت کرنے سے ہر چیز لازمی ہے تاکہ ان ذرائع کو اپنے عقائد باطلہ کی ترویج کیلئے استعمال نہ کر سکیں اس ناچیز کی طرف سے بھی مسلمان بھائیوں کی خدمت میں یہی اپیل ہے جو حضرت علامہ مفتی ابو سعید مفتی نور الامین صاحب مدظلہ العالیہ نے کی ہے میرے مسلمان بھائیو! تاجدار مدینہ کے بھولے بھالے امتیو! ہوشیار، خبردار، ہوشیار، خبردار۔ اپنے ایمان بچاؤ اپنے بیٹوں کو بچانے کی کوشش کرے تو مندرجہ بالا ارشادات کو بار بار پڑھو۔ خدا تعالیٰ دوست دشمن کی پہچان نصیب کرے۔ ان ارید الا الاصلاح ما استطعت وما توفیقی الا باللہ تعالیٰ

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

شیر محمد خان

خادم دار الافتاء المحمدیہ الغوثیہ بھیرہ ضلع سرگودھا

۱۹-۱۰-۵۶

مفتی دار الافتاء المحمدیہ
الغوثیہ بھیرہ ضلع سرگودھا

Marfat.com

سید محمد نبیل الرحمٰن شاہ بخاری صاحب کرمانوالہ شریف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بلاشبہ قادیانی کافر، مرتد منافق، ملحد اور زندیق ہیں۔ مرزا غلام احمد قادیانی لعین اور اسکی ذریت سے لیکر عام قادیانی اور انکی آنے والی تمام نسلوں میں اللہ عزوجل، انبیاء کرام علیہم السلام بالخصوص سرکار دوعالم آقائے دوجہاں رحمۃ لعالمین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سخت توہین کرنے کا جرم پایا جاتا ہے۔ قادیانی/مرزائی تمام صحابہ کرام اور اہل بیت علیہم الرضوان کی توہین کے بھی مرتکب ہیں۔ ان گستاخوں کے بارے میں کسی قسم کا نرم رویہ رکھنے والا خود بھی غیرت ایمانی سے محروم ہے اور اسکا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق مشکوک ہے۔ آپکے سوالات کے جوابات یہ ہیں۔

الف..... امت اسلامیہ اِس فرد یا جماعت کے ساتھ ہر قسم کے برادرانہ تعلقات منقطع کرے۔

ب..... ان سے سلام وکلام، میل وجول، نشست وبرخاست، شادی وغمی میں شرکت قطعی حرام ہے۔

ج..... ان سے تجارت، لین دین اور خرید وفروخت بالکل ناجائز اور حرام ہے۔

د..... ان کے کارخانوں، فیکٹریوں، دکانوں اور بیکریوں سے، مال بالکل نہ خریدا جائے اور انکا مکمل اقتصادی مقاطعہ (بائیکاٹ) کرنا فرض عین ہے۔

ہ..... انکی تعلیم گاہوں، ہوٹلوں، ریستورانوں، ہسپتالوں میں جانا اور انکے ڈاکٹروں سے علاج کروانا حرام ہے۔

ر..... ان سے کسی قسم کی رواداری نہ برتی جائے یہی شریعت اسلامیہ کا اہم ترین حکم اور اسوۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

ز..... ان کے کارخانوں اور فیکٹریوں کی مصنوعات ہرگز ہرگز استعمال نہ کی جائیں۔ غرض ان سے مکمل بائیکاٹ یا مقاطعہ ہم خود بھی کرتے ہیں اور تمام امت مسلمہ سے اس مقاطعہ یا بائیکاٹ کی اپیل کرتے ہیں۔ کہ انہیں راہ راست پر لانے کے لئے ہمارے پاس بہترین نسخہ یہی ہے۔ یہ ہمارے ایمان کی بنیاد اور آقا صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق کی علامت ہے۔ عاشقان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہماری اپیل ہے کہ اگر ہم قادیانیوں/مرزائیوں کا مکمل مقاطعہ یعنی بائیکاٹ نہیں کرتے تو ہم سرکار مدینہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا گنبد خضریٰ میں دل دکھاتے ہیں اور شافی محشر وساقی کوثر سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے محروم ہونے کا سامان کرتے ہیں جس سے اللہ عزوجل بچائے۔

امام اہل سنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اس مسئلہ میں بہت سخت تھے۔ آپ نہ صرف قادیانیوں/مرزائیوں کے مکمل بائیکاٹ کا حکم جاری فرماتے ہیں بلکہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں کے بائیکاٹ کے سبب قادیانی کو مظلوم سمجھنے والا اور ان سے میل جول چھوڑنے کو ظلم اور ناحق سمجھنے والا اسلام سے خارج ہے اور جو کافر کو کافر نہ کہے وہ بھی کافر ہے۔ اس سے قادیانی نواز اپنی حیثیت کا اندازہ لگالیں۔ وما علینا الا البلاغ المبین

سید محمد نبیل الرحمٰن شاہ بخاری

Marfat.com

دارالافتاء جامعہ نعیمیہ لاہور
دارالافتاء جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ الجواب ۔ مسئولہ صورت میں زندیق وہ کافر ہے جو حق تعالیٰ اور آخرت پر ایمان نہیں رکھتا اگر ایمان ظاہر کرے بھی تو در حقیقت باطن میں کافر ہوتا ہے اور حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت کا اعتراف کرنے کے باوجود کافرانہ عقائد رکھتا ہے، تو ایسے شخص کے متعلق قتل کا حکم ہے ردالمحتار فتاویٰ شامی میں ہے ۔ (قولہ وکذا الکافر بسبب الزندقۃ) قال العلامۃ ابن کمال باشا فی رسالتہ الزندیق فی لسان العرب یطلق علی من ینفی الباری تعالیٰ وعلی من یثبت الشریک وعلی من ینکر حکمتہ والاعتراف بنبوۃ نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الخ میں ہے ۔ (قولہ لانہ مرتد) فتاویٰ رضویہ میں ہے، مرتد مرد خواہ عورت سے دنیا بھر میں کسی سے نکاح نہیں ہو سکتا ۔ جبر بھی اولاد ہوگی ولد الحلال نہیں ہو سکتی فتاویٰ ھندیہ میں ہے ۔ لا یجوز للمرتد ان یتزوج مرتدۃ ولا مسلمۃ ولا کافرۃ اصلیۃ وان زال الملک لا یجوز نکاح المرتدۃ مع احد، لہذا جب نکاح ہی باطل تو اولاد کیسے حلال ہو سکتی ہے ،

تو مذکورہ بالا مرزائی قادیانی کو اپنے کو صحیح العقیدہ مسلمان بتاتے ہیں مگر ان کے عقائد کفریہ ہیں جیسا کہ سوال کے ساتھ ملف نبوت سے ظاہر ہے ۔ لہذا ایسے بے دین و بد عقیدہ لوگوں سے مکمل مقاطعہ کیا جائے ۔ قرآن مجید میں ہے ، ~~وان یطیعون~~ واما ینسینک الشیطٰن فلا تقعد بعد الذکریٰ مع القوم الظٰلمین ، یعنی اور اگر تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آئے پھر پاس نہ بیٹھ ظالموں کے ، آیت کے تحت تفسیر احمدیہ میں ہے ۔ دخل فیہ الکافر والمبتدع والفاسق والقعود مع کلھم ممتنع ، یعنی اس آیت کے حکم میں ہر کافر و مبتدع اور فاسق داخل ہیں ان میں سے کسی کے پاس بیٹھنے کی اجازت نہیں ، دوسرے مقام پر ہے ۔ ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار ، یعنی ظالموں کی طرف میل نہ کرو ورنہ تمہیں آگ چھوئے گی صحیح مسلم شریف میں ہے ، نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ، ایاکم وایاھم لا یضلونکم ، یعنی ان سے دور رہو اور انہیں اپنے سے دور رکھو کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کر دیں کہیں وہ تمہیں فتنہ میں نہ ڈال دیں ، ایک اور حدیث ہے ، فرمایا ، لا تواکلوھم ولا تشاربوھم ولا تجالسوھم ولا تناکحوھم ، یعنی نہ ان کے ساتھ کھانا کھاؤ ، نہ ساتھ پانی پیو نہ پاس بیٹھو اور نہ ان کے ساتھ بیاہ شادی کرو ، اور فرمایا ، وان مرضوا فلا تعودھم وان ماتوا فلا تشھدوھم ، یعنی وہ بیمار پڑیں تو پوچھنے نہ جاؤ مر جائیں تو جنازے میں حاضر نہ ہو ، اور فرمایا ، لا تصلوا علیھم ولا تصلوا معھم ، یعنی ان کے جنازہ کی نماز نہ پڑھو اور نہ ان کے ساتھ نماز پڑھو ، اور فرمایا وان لقیتموھم فلا تسلموا علیھم ، یعنی اگر ان سے ملاقات ہو تو سلام نہ کرو ، الغرض کہ ان سے ہر قسم کا بائیکاٹ لازم ہے ، جب ہر قسم کا بائیکاٹ لازم تو سوال میں مذکور تمام جزئیات کے متعلق بائیکاٹ لازم ، واللہ ورسولہ اعلم بالصواب

Marfat.com

جواب الصواب هو الصحیح والصواب الجواب صحیح

محمد منشا تابش قصوری

الجواب صحیح

۱۸ شوال ۱۴۲۹ھ

دار الافتاء جامعہ نعیمیہ لاہور

شہید ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی رحمۃ اللہ علیہ

الجواب صحیح والمجیب مصیب

محمد سلیمان خادمی

جامعہ نعیمیہ لاہور

جواب صحیح

حررہ پیر محمد افضل قادری تقبلہ

مفتی مرکزی جامعہ نعیمیہ آباد گجرات

و مرکزی امیر عالمی تنظیم المنتہیٰ

پیر محمد افضل قادری صاحب مدظلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم.

جواب صحیح ہے۔ ای وربی اللہ الحق

وماذا بعد الحق الا الضلال. فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ المفتی [illegible] القادری رئیس دار الافتاء بالجامعۃ الاشرفیۃ

مفتی محمد اشرف القادری

گجرات

مولانا مفتی محمد اشرف القادری صاحب مدظلہ گجرات

محمد آصف جلالی

ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی صاحب مدظلہ

پرنسپل جامعہ جلالیہ رضویہ لاہور

الجواب صحیح والمجیب مصیب

عبد الستار سعیدی جامعہ گڑھی شاہو لاہور

19-10-2008

الجواب صحیح والمجیب مصیب واللہ اعلم بالصواب

عبد الستار سعیدی خادم گڑھی شاہو لاہور

19-10-2008

الجواب صحیح والمجیب مصیب جامعہ رسولیہ

28-8-2008

7113541

مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی صاحب مدظلہ

جامعہ رسولیہ شیرازیہ صدر تحفظ ناموس رسالت محاذ

جسٹس (ر) میاں محمد نذیر اختر لاہور ہائی کورٹ

المجیب فیما أجاب فقد أصاب فمن أنکر فعلیہ العباء

عبد الستار سلیمی النعیمی عفی عنہ

مولانا مفتی محمد جان نعیمی صاحب مدظلہ

دار العلوم مجددیہ نعیمیہ کراچی

مولانا سلیم اللہ اویسی صاحب خطیب جامعہ مسجد دربار حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قادیانیوں کے بارے میں اکابرین اہل سنت کی کبھی دو رائے نہیں رہیں ملت اسلامیہ کے مسلمہ عقائد سے انحراف، بغاوت وغداری کے سبب قادیانیوں کے ارتداد اور کفر میں شک کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ ان کے مکر وفریب سے بچیں اور اپنے ایمان کی حفاظت کے لیے جملہ معاملات حیات میں ان کا مکمل بائیکاٹ کریں بلکہ دیگر مسلمانوں کو بھی اس کی ترغیب دیں۔

سلیم اللہ ۱۶-۱۰-۲۰۰۸

Marfat.com

دارالافتاء منہاج القرآن

دار الإفتاء

تحریک منہاج القرآن

365۔ایم ماڈل ٹاؤن لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حوالہ نمبر: 662

تاریخ: 7.9.2008ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۔ زندیق ۔ خلوق کو قدیم ماننے والا ۔ جو آخرت پر یقین نہ رکھے ۔ فارسی معرب ہے ۔ توحید پر ایمان نہ رکھنے والا ۔ عرب اس کا مترادف ملحد مانتے ہیں ۔ دہریہ بھی اسے کہتے ہیں ۔ اسکی جمع زنادقہ ہے ۔ علامہ ابن منظور م ۷۱۱ھ ۔ لسان العرب ج ۶ ص ۹۲ طبع بیروت ۔

۲۔ مرتد زندیق بے دین ۔ کافر ۔ باطن میں کفر ظاہر میں ایمان ۔ / لویس معلوف / المنجد ص ۲۳۵

۳۔ اگر جو قادیانی پہلے مسلمان تھے بعد میں قادیانی بنے وہ مرتد ہیں ۔ ان کی اولاد اگر قادیانی دجالی کو نبی مانیں تو کافر و زندیق ۔ اور زندیق

۴۔ مسلمانوں کفار و مرتدین کے ساتھ کیا تعلق ۔ ان سے دعا سلام رکھنا ۔ تعلقات قائم کرنا ۔ ان کے ساتھ کھانا پینا ۔ ان کی محفل میں شریک ہونا ۔ لین دین ۔ سب حرام حرام قطعی حرام ہے ۔ ان سے مکمل مقاطعہ ہے ان کی اولاد اگر اپنے مذہب پر چلتی ہے تو ان کے بارے میں بھی یہی حکم ہے ۔ ہر میل سے انقطاع کلی فرض ہے ۔ اسی لئے ان کی اولاد اگر اپنے مذہب پر چلتی ہے تو ان کے بارے میں بھی یہی حکم ہے ۔ دیکھو ص ۳ ۔

۵ ۔ ان سے رواداری اسلام سے بیوفائی اور دین سے غداری ہے ۔ یہ اعظم جرم علماء کیلئے ہیں ہر مسلمان کیلئے ۔

واللہ اعلم ورسولہ ۔

7.9.2008ء

مفتی محمد شریف

دارالافتاء

دارالافتاء دارالعلوم انجمن نعمانیہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب بعون الوھاب ۔ اللّٰھم ھدایۃ الحق والصواب

رب انی اعوذ بک من ھمزات الشیطن واعوذ بک رب ان یحضرون

زندیق کا معنی ہے بے دین ، بداعتقاد ۔ باطن میں کفر اور ظاہر میں ایمان رکھنے والا (المنجد ص ۳۳۵)

Marfat.com

بے دین ہونا، دو خدا ماننا۔ باطنی کافر ہونا۔ ظاہری ایمان و باطنی کفر اسکی جمع زنادقہ اور زنادیق ہے۔
(مصباح اللغات ص ۳۶۶)

۲۔ اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت الشاہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فتاوٰی رضویہ شریف جلد ۶ قدیم ص ۸۱ میں تحریر فرماتے ہیں "قادیانی کافر و مرتد تھا ایسا کہ تمام علماء حرمین شریفین نے بالاتفاق تحریر فرمایا کہ "من شک فی کفرہ وعذابہ فقد کفر" جو اسکے کافر ہونے میں شک کرے وہ کافر ہے۔ جو لوگ پہلے مسلمان تھے بعد میں قادیانی بنے ضرور ضرور کافر و زندیق ہیں۔ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ مزید فرماتے ہیں، "واللہ واللہ وہ یقیناً کافر اور جو اس کے اقوال یا ان کے امثال پر مطلع ہو کر اسے کافر نہ کہے وہ کافر۔ مرزا کے پیرو اگرچہ خود ان اقوال انجس الاقوال کے معتقد نہ بھی ہوں مگر جبکہ صریح کفر و کھلے ارتداد دیکھتے سنتے پھر مرزا کو امام و پیشوا و مقبول خدا کہتے ہیں قطعاً یقیناً سب مرتد ہیں سب مستحق نار۔ شفاء شریف میں ہے "نکفر من لم یکفر من دان بغیر ملۃ المسلمین من الملل او وقف فیہم او شک" یعنی ہم ہر اس شخص کو کافر کہتے ہیں جو کافر کو کافر نہ کہے یا اسکی تکفیر میں توقف کرے یا شک کرے۔
شفا شریف بزازیہ و درر و غرر و فتاوٰی خیریہ و درمختار و مجمع الانہر و منح میں ہے "من شک فی کفرہ وعذابہ فقد کفر" جو اسکے کفر و عذاب میں شک کرے یقیناً خود کافر ہے۔ اور جو شخص باوصف کلمہ گوئی و ادعائے اسلام کفر کرے وہ کافروں کی بدتر قسم مرتد کے حکم میں ہے۔
فتاوٰی تاتارخانیہ و طریقہ محمدیہ و حدیقہ ندیہ، شرح نقایہ و فتاوٰی صندیہ میں ہے "ھؤلاء القوم خارجون عن ملۃ الاسلام واحکامھم احکام المرتدین" یہ لوگ دین اسلام سے خارج ہیں اور ان کے احکام بعینہ مرتدین کے احکام ہیں۔ (فتاوٰی رضویہ شریف ج ۶ حدیم ص ۳۵۰)

۳۔ اگر خاوند قادیانی ہو گیا اور بیوی مسلمان ہے تو اعلیٰحضرت امام احمد رضا قدس سرہ فرماتے ہیں کہ "اولاد صغار ضرور اسکے قبضے سے نکال لی جائے گی۔ حذرا علی دینھم الاتری انھم صرحوا بنزع الولد من الام الشفیقۃ المسلمۃ ان کانت فاسقۃ والولد یعقل بخشی علیہ التخلق بسیرھا الذمیمۃ فما ظنک بالاب المرتد والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ (فتاوٰی رضویہ شریف ج ۶ ص ۳۰۶) یعنی نابالغ بچوں کے دین کے خطرہ کی وجہ سے۔ کیا آپ نے نہ دیکھا کہ فقہاء نے مسلمان شفیق ماں اگر فاسقہ ہو تو اس سے بچہ کو الگ کرنے کی تصریح کی ہے۔ بچے کے سمجھدار ہونے پر اسکی ماں کے برے اخلاق سے متاثر ہونے کے خوف کی وجہ سے۔ تو مرتد باپ کے بارے میں تیرا کیا گمان ہے والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ اور آنے والی اولاد اگر قادیانیوں

Marfat.com

کے عقائد رکھے تو وہ بھی کافر و مرتد ہے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۷ ان سے میل جول قطعی حرام، ان سے سلام و کلام حرام، انہیں پاس بٹھانا حرام، ان کے پاس بیٹھنا حرام، بیمار پڑیں تو انکی عیادت حرام، مرجائیں تو مسلمانوں کا ہسا انہیں غسل و کفن دینا حرام ان کا جنازہ اٹھانا حرام، ان پر نماز پڑھنا حرام، انہیں مقابر مسلمین میں دفن کرنا حرام، ان کی قبر پر جانا حرام ۔ فتاوی رضویہ شریف ۱۴۲ ص ۴۰۳ ۔ ان سے تجارت و لین دین خرید و فروخت کارخانوں فیکٹریوں وغیرہ سے مال خریدنا، تعلیم گاہوں ہوٹلوں ہسپتالوں میں جانا علاج کروانا حرام ہے۔ ان سے مکمل بائیکاٹ کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے ۔ ان سے کسی قسم کی رواداری جائز نہیں یہ جو تجارت وغیرہ سے کمائیں گے وہ اسلام کے خلاف ہی استعمال کریں گے ۔ لہٰذا ان سے ہر قسم کا مقاطعہ لازم ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ واما ینسینک الشیطان فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظالمین (پ ۷/ ۶۸) اور اگر تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آنے پر ظالموں کے پاس نہ بیٹھ ۔ اور فرمایا ہے ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار (پ ۱۱/ ۱۱۳) اور نہ میل کرو ظالموں کی طرف کہ تمہیں دوزخ کی آگ چھوئے گی ۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں "فایاکم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم (مسلم) یعنی ان سے دور بھاگو اور ان کو اپنے سے دور رکھو کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کر دیں فتنے میں نہ ڈال دیں ۔ دوسری حدیث میں فرمایا لا تجالسوھم ولا تواکلوھم ولا تشاربوھم واذا مرضوا لا تعودوھم واذا ماتوا فلا تشھدوھم ولا تصلوا علیھم ولا تصلوا معھم (کنز العمال) یعنی نہ ان کے پاس بیٹھو نہ ان کے ساتھ کھانا کھاؤ نہ انکے ساتھ پیو ۔ بیمار پڑیں تو انکی عیادت نہ کرو۔ مرجائیں تو انکے جنازے پر نہ جاؤ ۔ نہ ان پر نماز پڑھو نہ انکے ساتھ نماز پڑھو ۔ جو ان کے احوال پر مطلع ہو کر ان سے محبت رکھے وہ انہیں کی طرح کافر ہے ۔ قال اللہ تعالیٰ "ومن یتولھم منکم فانہ منھم. (پ ۶/ ۵۱) تم میں سے جو ان سے دوستی رکھے وہ بیشک انہیں میں سے ہے ۔ اور اس کا حشر انہیں کافروں مرتدوں کے ساتھ ہوگا ۔ اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "من احب قوما حشرہ اللہ فی زمرتھم (المعجم الکبیر) جو کسی قوم سے محبت رکھے گا اللہ تعالیٰ اسی قوم کے ساتھ اسکا حشر کرے گا ۔ اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من مشی الی الکفرۃ فھو مع الکفرۃ (مجمع الزوائد) جو کافروں سے محبت رکھے گا وہ انہیں کے ساتھ ہوگا ۔

اللہ عزوجل سب خبثا کے شر سے پناہ دے اور مسلمان بھائیوں کی آنکھیں کھولے اور دوست دشمن کو پہچاننے کی تمیز دے ۔ افسوس افسوس ہزار افسوس کہ آدمی اپنے دوست و دشمن کو تو پہچانے اپنے

Marfat.com

دشمن کے سائے سے بھی بھاگے اسکی صورت دیکھ کر آنکھوں میں خون اتر آئے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دشمنوں، ان کے بدگویوں اور ان خبیثوں کے ہم مذہبوں ہم پیالوں سے میل جول رکھے۔ کیا ہمیات نہ آئے گی۔ کیا حشر نہ ہوگا۔ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منہ دکھانا نہیں۔ کیا ان کے آگے شفاعت کیلئے ہاتھ پھیلانا نہیں۔ مسلمانو! اللہ سے ڈرو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حیا کرو۔ اللہ عزوجل توفیق مطا فرمائے۔ آمین۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب (فتاوی رضویہ ج ۱۴)

کتبہ!
محمد حسن
۸ شوال ۱۴۲۹ھ

سید عثمان علی شاہ
ھذا جواب صحیح
غلام رسول الشرفی عفی عنہ

دار الافتاء
عبد القدیر
محمد حسن
۱۴ شوال ۱۴۲۹ھ

حضرت مولانا مفتی محمد حسن علی رضوی صاحب جامعہ غوثیہ میلسی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم
راجپوت — ختم نبوت کے منکر مرزائی قادیانی وغیرہ
کافر و مرتد بے ایمان دائرہ اسلام اور ملت
خارج ہیں مرتد کافر کے احکام جو مسلمان پر
کو معلوم ہیں ان سے ملنا جلنا رشتہ داری عیادت کرنا
نماز جنازہ پڑھنا اور اسکے حق کھانا پینا حرام
شدید حرام ہے۔

Marfat.com

زندیق کی تعریف: شریعت مطہرہ میں زندیق کی تعریف ان الفاظ سے کی گئی ہے ''و اما الـزندیق فهو الذی یظهر الاسلام و یسر الکفر فاذا عثر علیه قتل و لا یستتاب و الا یقبل قوله فی ادّعاء التوبة الااذا جاء تائبا قبل ظهور زندقته'' زندیق وہ شخص ہے جو (مصنوعی) اسلام کو ظاہر کرے اور (اپنے حقیقی (کفر چھپائے۔ پھر جب اس کا بھید کھل جائے گا تو قتل کیا جائے گا اور اس سے توبہ کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی اس کے دعوائے توبہ کو قبول کیا جائے گا مگر یہ کہ وہ اپنی زندیقیت کے ظاہر ہونے سے پہلے توبہ کرے (الفقہ الاسلامی:۶:۱۸۴)

زندیق کا حکم فقہاء کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ زندیق کو بالاتفاق قتل کیا جائے گا۔ الفقہ الاسلامی وادلتہ میں ہے ''اتـفـق العلماء علی وجوب قتل المرتد لقوله ﷺ من بدل دینه فاقتلوه و قوله علیه السلام لا یحل دم امرئ مسلم الا باحدی الثلاث: الثیب الزانی والنفس بالنفس والتارک لدینه المفارق للجماعة '' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنا دین (اسلام) تبدیل کرے تو اسے قتل کرو اور دوسری حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مسلمان کا خون (قتل) کسی کے لئے حلال نہیں مگر تین وجوہات سے (۱) شادی شدہ زانی (۲) اور قتل کے بدلے قتل (۳) اور اپنے دین کو چھوڑ کر جماعت سے الگ ہونے والا (ج۶:۱۸۶)

زندیق کی آئندہ اولاد کا حکم:

امام اہلسنت الشاہ احمد رضا خان فاضلِ بریلوی شریف نے اپنے فتاویٰ الحطایا النبویہ فی الفتاویٰ الرضویہ میں لکھا ہے کہ اولاد صغار ضرور اس کے قبضے سے نکال لی جائے گی۔ ''حـذرا عـلـی دیـنـهـم الا تـری انهـم صـرحـوا بـنـزع الـولد من الام الشفیقة المسلمة ان کانت فاسقة والولد یعقل یخشی علیه التخلق بسیرها الذمیمة فما ظنک بالاب المرتد و العیاذ بالله تعالیٰ قال فی رد المحتار الفاجرة بمنزلة الکتابیة فان الولد یبقی عندها الی ان یعقل الادیان کما سیأتی خوفا علیه من تعلمه منها ما تفعله فکذا الفاجرة الخ، و انت تعلم الولد لا یحضنه الاب الا بعد ما بلغ سبعا او تسعا و ذالک عم العقل قطعا فیحرم الدفع الیه و یجب النزع منه و انما احوجنا الی هذا الان الملک لیس بید الاسلام والا فالسلطان این یبقی المرتد حتی یبحث عن حضانته الا تری الی قولهم لا حضانة لمرتدة لانها تضرب و تحبس کالیوم فانی تتفرغ للحضانة فاذا کان هذا فی المحبوس فما ظنک بالمقتول و لکن انا لله و انا الیه راجعون ولا حول و لا قوة الا بالله العلی العظیم''

نابالغ بچوں کے دین کے خطرہ کی وجہ سے، کیا آپ نے نہ دیکھا کہ فقہاء نے مسلمان شفیق ماں اگر فاسقہ ہو تو اس سے بچے کو الگ کرنے کی تصریح کی ہے بچے کے سمجھدار ہونے پر اس کی ماں کے برے اخلاق سے متاثر ہونے کے وجہ سے، تو مرتد باپ کے بارے میں تیرا کیا گمان ہوگا۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ ردالمحتا میں فرمایا کہ فاجر عورت اہل کتاب عورت کے حکم میں ہے کہ اس کے پاس بچہ صرف اس وقت تک رہے گا جب تک دین سمجھنے نہ پائے جیسا کہ بیان ہوگا۔ اس خوف سے کہ کہیں بچہ اس کے اعمال سے متاثر نہ ہو جائے۔ تو فاجرہ عورت کا بھی یہی حکم ہے الخ۔ اور تجھے علم ہے کہ والد بچے کو سات یا نو سال کے بعد ہی اپنی پرورش میں لیتا ہے اور یہ سمجھ کی عمر ہے لہٰذا بچے کو اس کے

Marfat.com

سپرد کرنا حرام ہے اور اس سے الگ کر لینا ضروری ہے اور ہم یہ ضرورت اس لئے محسوس کی کہ یہ ملک مسلمان کے اختیار میں نہیں ورنہ اسلامی حکمران مرتد کو کب چھوڑے گا کہ مرتد کی پرورش کا مسئلہ زیر بحث آئے۔ آپ نے نہیں کیا کہ فقہاء کا ارشاد ہے کہ مرتدہ کی پرورش نہیں ہے کیونکہ وہ قید میں سزا یافتہ ہوگی جیسا کہ آج ہے لہٰذا وہ پرورش کرنے کی فرصت کہاں پا سکتی ہے تو یہ حکم قیدی کے متعلق ہے تو مقتول مرتد کے متعلق تیرا کیا گمان ہو سکتا ہے۔ لیکن ہم اللہ تعالیٰ کا مال اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں، ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

مگر ان کے نفس یا مال میں بدعوے ولایت اس کے تصرفات موقوف رہیں گے اگر پھر اسلام لے آیا اور اس مذہب ملعون سے توبہ کی تو وہ تو تصرف سب صحیح ہو جائیں گے اور اگر مرتد ہی مر گیا یا دار الحرب کو چلا گیا تو باطل ہو جائیں گے۔

''فی الدر المختار یبطل منه اتفاقا ما یعتمد الملة و هی خمس النکاح والذبیحة والصید والشهادة الارث ویتوقف منه اتفاقا ما یعتمد المساواة و هو المفاوضة ، او ولایة متعدیة و هو التصرف علی ولده الصغیر ، ان اسلم نفذو ان هلک او لحق بدار الحرب و حکم بلحاقه بطل مختصرا نسأل الله الثبات علی الایمان و حسبنا الله و نعم الوکیل و علیه التکلان ولا حول و لا قوة الا بالله العلی العظیم و صلی الله تعالیٰ علی سیدنا و مولانا اله وصحبه اجمعین، امین.''

درمختار میں ہے کہ مرتد کے وہ تمام امور بالاتفاق باطل ہیں جن کا تعلق دین سے ہو اور وہ پانچ امور ہیں نکاح، ذبیحہ، شکار، گواہی اور وراثت، اور وہ امور بالاتفاق موقوف قرار پائیں گے جو مساوات عمل مثلاً لین دین اور کسی پر ولایت اور یہ نابالغ اولاد کے بارے میں تصرفات ہیں، اگر وہ دوبارہ مسلمان ہو گیا تو موقوف امو نافذ ہو جائیں گے، اور اگر وہ ارتداد میں مر گیا یا دار الحرب پہنچ گیا اور قاضی نے اس کے طوق کا فیصلہ دے دیا تو وہ امور باطل ہو جائیں گے مختصراً ہم اللہ تعالیٰ سے ایمان پر ثابت قدمی کیلئے دعا گو ہیں ہمیں اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ اچھا وکیل ہے اور اس پر ہی بھروسہ ہے، ولا حول و لا قوة الا بالله العلی العظیم و صلی الله تعالیٰ علی سیدنا و مولانا اله وصحبه اجمعین، امین.''

صحیح مسلم شریف میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایاکم و ایاهم لا یضلونکم و لا یفتنونکم (ج ۱ : ص ۱۰) ''تم ان سے دور رہو اور انہیں بھی اپنے سے دور رکھو کہیں وہ تمہیں گمراہ نہ کر دیں اور کہیں تمہیں فتنہ میں نہ ڈال دیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ: ''لا تؤاکلوهم و لا تشاور بوهم ولا تجالسوه ولا تناکحوهم و اذا مرضوا فلا تعودوهم و اذا ما توا فلا تشهدوهم ولا تصلوا علیهم و لا تصلوا معهم ''ان کے ساتھ کھانا نہ کھاؤ، ان کے ساتھ پانی نہ پیو، ان کے پاس نہ بیٹھو، ان سے رشتہ نہ کرو، وہ بیمار پڑیں تو پوچھنے نہ جاؤ، مر جائیں تو جنازہ پر نہ جاؤ نہ ان کی نماز پڑھو نہ ان کیساتھ نماز پڑھو۔

امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے مسجد اقدس نبی ﷺ میں نماز مغرب کے بعد کسی مسافر کو بھوکا پایا اپنے ساتھ کاشانہ خلافت میں لے آئے اس کے لئے کھانا منگوایا، جب وہ کھانے بیٹھا کوئی بات بدمذہبی کی اس سے ظاہر ہوئی فوراً حکم ہوا کہ کھانا اٹھا لیا جائے اور اسے نکال دیا جائے۔ سامنے سے کھانا اٹھوا لیا اور اسے نکلوا دیا۔ سیدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کسی نے آ کر عرض کی۔ فلاں شخص نے آپ کو سلام کہا ہے، فرمایا: لا تقرأ منی السلام فانی سمعت انه احدث میری طرف سے اسے سلام نہ کہنا کہ میں نے سنا ہے کہ اس نے کچھ بدمذہبی نکالی۔

Marfat.com

سیدنا سعید بن جبیر شاگرد عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنھم کو راستہ میں ایک بدمذہب ملا، کہا کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں، فرمایا میں سننا نہیں چاہتا۔ عرض کی ایک کلمہ، اپنا انگوٹھا چھنگلیا کے سرے پر رکھ کر فرمایا "و لا نصف کلمة" آدھا لفظ بھی نہیں۔ لوگوں نے عرض کی اس کا کیا سبب ہے فرمایا ازیشاں منہم ہے۔

امام محمد بن سرین شاگرد حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس دو بدمذہب آئے، عرض کی کچھ آیات کلام اللہ آپ کو سنائیں۔ فرمایا میں سننا نہیں چاہتا، عرض کی کچھ احادیث نبی ﷺ سنائیں۔ فرمایا میں سننا نہیں چاہتا۔ انہوں نے اصرار کیا۔ فرمایا دونوں اٹھ جاؤ یا میں اٹھا تا ہوں۔ آخر وہ خائب وخاسر چلے گئے۔ لوگوں نے عرض کی اے امام! آپ کا کیا حرج تھا کہ اگر وہ کچھ آیتیں یا حدیثیں سناتے، فرمایا میں نے خوف کیا کہ وہ آیات واحادیث کے ساتھ اپنی کچھ تاویل لگائیں، اور وہ میرے دل میں رہ جائے تو ہلاک ہو جاؤں گا۔

آئمہ کو یہ خوف تھا اور اب عوام کو یہ جرأت ہے ولا حول و لا قوة الا باللہ العلی العظیم اور ایسی جگہ مال دنیا وہی پسند کرے گا جو دین نہیں رکھتا جو عقل سے بہرہ نہیں، یکے نقصان مای دگر شماتت ہمسایہ (ایک تو مال نقصان اور دوسرے ہمسایہ کی خوشی) ہمسایہ کون؟ وہ بئس القرین شیطان لعین کیسا خوش ہوگا کہ ایک ہی کرشمے میں دونوں جہان کا نقصان پہنچایا، مال بھی گیا اور آخرت میں عذاب کا بھی مستحق ہوا۔

"خسر الدنیا والأخرة ذالک هو الخسران المبین" دنیا اور آخرت دونوں کا گھاٹا، یہی ہے صریح نقصان۔

ان دلائل سے ثابت ہوا دور حاضر کے تمام عمر، نسل اور اقسام کے قادیانی اور مرزائیوں کا وہی حکم ہے جو اوپر ذکر کیا گیا ہے۔

(الف) امت اسلامیہ اس فرد یا جماعت کے ساتھ برادرانہ تعلقات منقطع کرے۔

(ب) ان سے سلام وکلام، میل جول، نشست وبرخاست، شادی وغمی میں شرکت نہ کی جائے۔

(ج) ان سے تجارت، لین دین اور خرید وفروخت جائز نہیں ہے

(د) ان کے کارخانوں، فیکٹریوں اور بیکریوں سے مال نہ خریدا جائے بلکہ مکمل اقتصادی بائیکاٹ کیا جائے اور ان کے ڈاکٹروں سے علاج بھی نہ کروایا جائے۔

(ر) ان کے ساتھ رواداری نہ برتی جائے۔

(ز) ان کے کارخانوں اور فیکٹریوں کی مصنوعات استعمال نہ کی جائیں غرضیکہ مکمل ان کا مقاطعہ کیا جائے۔

واللہ اعلم بالصواب

حافظ رب نواز

نائب مفتی جامعہ رضویہ ٹرسٹ ماڈل ٹاؤن لاہور

الجواب صحیح

22/8/2004

الجواب صحیح

محمد وصیر قادری

Marfat.com

محمد وسیم شوکت صاحب دربار عالیہ نیریاں شریف

حامداً ومصلیاً بعون الملک الوھاب. اللھم اجعل لی النور والصواب

قادیانی، لاہوری، احمدی، باجماعِ امت، قرآن وحدیث کی روشنی میں کافر ہیں۔ اور امت مسلمہ کے لیے زہرِ قاتل ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان گرامی، "ماکان محمدٌ ابا احدٍ من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین ط وکان اللہ بکل شیءٍ علیما ہ

اس بارے واضح اور موثر ترین دلیل ہے۔ ترجمہ:۔ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کے بارے میں جاننے والا ہے۔

لہذا قادیانیوں، مرزائیوں، احمدیوں سے کسی قسم کا تعلق رکھنا حرام وطعی ہوگا اور اللہ کے اس فرمان کی واضح مخالفت ہوگی۔

ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار ط ترجمہ:۔ تم ظالموں کی طرف مائل نہ ہو جاؤ کہیں پس تم کو آگ پکڑ لے گی۔

تمام مکاتبِ فکر کے علماءِ اسلام کا اس پر اتفاق ہے۔ اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو فتنہ قادیانیت سے محفوظ رکھے اور جو لوگ اس فتنہ کی بیخ کنی کے لیے مصروف عمل ہیں انھیں اپنی اور اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا عطا فرمائے۔

محمد وسیم شوکت
محی الدین اسلامی یونیورسٹی
دربار عالیہ نیریاں شریف تحصیل
سدھنوتی۔

Marfat.com

دارالافتاء اہل سنت جامع مسجد کنز الایمان کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے ماننے والے جتنے بھی قادیانی ہیں سب اسلام سے خارج ہیں اور ایسے کافر و مرتد کہ ان کے کفر و عذاب میں شک کرنے والا بھی کافر ہے۔ مسلمان کا بچہ بچہ جانتا ہے کہ جناب رحمۃ للعلمین سید الانبیاء والمرسلین خاتم النبیین صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم سب سے آخری نبی ہیں قرآن واحادیث کی کثیر نصوص اس پر شاہد و دال ہیں اور یہ ایسا اجماعی مسئلہ ہے کہ ضروریات دین میں سے ہے اس کا انکار کرنے والا اس میں شک کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج اور کافر و مرتد ہے اور جو ایسے کے کفر میں شک کرے وہ بھی اسی کی طرح کافر و مرتد ہے اس مرزا غلام احمد قادیانی نے اپنی نبوت کا دعوی کر کے اسلام کے اس عقیدے کا انکار کیا ہے، نہ صرف یہ بلکہ دیگر انبیائے کرام علیہم السّلام کی شان عالی میں نہایت بیباکی کے ساتھ سخت اشد گستاخیاں کیں خصوصا حضرت سیدنا عیسیٰ روح اللہ وکلمتہ اللہ علیہ الصلاۃ والسّلام اور ان کی والدہ ماجدہ طیبہ طاہرہ صدیقہ سیدہ مریم رضی اللہ تعالی عنہا کی شانِ جلیل میں وہ بیہودہ کلمات استعمال کئے جن کے ذکر سے مسلمانوں کے دل ہل جاتے ہیں۔ چنانچہ

ضرورتاً آپ کے سامنے ان کے چند کفریہ عقائدہ نمونۃً ذکر کئے جارہے ہیں، خود مدعی نبوّت بننا کافر ہونے اور ابدالاباد (ہمیشہ، ہمیشہ) جہنم میں رہنے کے لئے کافی تھا کہ قرآنِ مجید کا انکار اور حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین نہ ماننا ہے مگر اس بے عقل و بدنصیب نے اتنی ہی بات پر اکتفا نہ کیا بلکہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسّلام کی تکذیب وتوہین (جھٹلانے اور ان کی توہین کرنے) کا وبال بھی اپنے سر لیا اور یہ سیکڑوں کفر کا مجموعہ ہے کہ ہر نبی کی تکذیب مستقلاً کفر ہے اگرچہ باقی انبیاء و دیگر ضروریات دین کا قائل بنتا ہو بلکہ کسی ایک نبی کی تکذیب سب کی تکذیب ہے۔ چنانچہ

اللہ تبارک وتعالی قرآن کریم فرقان حمید میں ارشاد فرماتا ہے: ﴿كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحِ ن الْمُرْسَلِيْنَ﴾ ترجمہ کنز الایمان: اور نوح کی قوم کو، جب انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا۔" (پارہ 19 سورۃ الشعراء آیت نمبر 105) کو دیکھئے کہ فقط سیدنا نوح علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو جھٹلانے کے سبب سب نبیوں کو جھٹلانے والے کہلائے ایسی بہت سی آیات اس کی شاہد ہیں اور اس نے تو سیکڑوں کی تکذیب کی اور اپنے کو نبی سے بہتر بنایا۔ ایسے بد بخت شخص اور اس کے متبعین کے کافر ہونے میں کسی بھی حقیقی مسلمان کو ہرگز شک نہیں ہوسکتا بلکہ اس کے اقوال پر مطلع ہو کر ایسے کو کافر جاننے میں جو شک کرے خود کافر، اب اس کے چند اقوال بدتر از ابوال پڑھئے۔

ازالہ اوہام صفحہ 533 خدا تعالیٰ نے براہین احمدیہ میں اس عاجز کا نام اُمتی بھی رکھا اور نبی بھی۔

انجام آتھم صفحہ 52 میں ہے، اے احمد تیرا نام پورا ہو جائے گا قبل اس کے جو میرا نام پورا ہو۔

اللہ تبارک وتعالی نے جو آیات رسول اکرم نور مجسم شاہ بنی آدم اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ اقدس میں نازل فرمائیں انہیں اپنے اوپر جمالیا۔ چنانچہ

انجام صفحہ 78 میں کہتا ہے وَمَا اَرْسَلْنَاکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ تجھ کو تمام جہان کی رحمت کے واسطے روانہ کیا۔

نیز یہ آیہ کریمہ وَمُبَشِّراً بِرَسُوْلٍ یَاتِی مِنْ بَعْدِ اِسْمُہٗ اَحْمَدُ سے اپنی مراد لیتا ہے۔

دافع البلاء صفحہ 6 میں ہے مجھ کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اَنْتَ مِنِّی بِمَنْزِلَۃِ اَوْلَادِیْ اَنْتَ مِنِّی وَاَنَا مِنْکَ یعنی اے غلام احمد تو میری اولاد کی جگہ ہے تو مجھ سے اور میں تجھ سے ہوں۔

ازالہ اوہام صفحہ 688 میں ہے حضرتِ رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کے الہام و وحی غلط تھیں۔

صفحہ 8 میں ہے: "حضرت مُوسیٰ کی پیش گوئیاں بھی اس صورت پر ظہور پذیر نہیں ہوئیں جس صورت پر حضرت مُوسیٰ نے اپنے دل میں امید باندھی تھی غایت مافی الباب میں ہے کہ حضرت مسیح کی پیش گوئیاں زیادہ غلط نکلیں۔

ازالہ اوہام صفحہ 775 میں ہے: "سورہ بقر میں جو ایک قتل کا ذکر ہے کہ گائے کی بوٹیاں نعش پر مارنے سے وہ مقتول زندہ ہو گیا تھا اور اپنے قاتل کا پتہ دے دیا تھا یہ محض موسیٰ علیہ السلام کی دھمکی تھی اور علم مسمریزم تھا۔

Marfat.com

اسی کے صفحہ 553 میں لکھتا ہے: ''حضرت ابراہیم علیہ السّلام کا چار پرندے کے معجزے کا ذکر جو قرآن شریف میں ہے وہ بھی ان کا مسمریزم کا عمل تھا۔

صفحہ 269 میں ہے: ''ایک باشاہ کے وقت میں چار سو نبی نے اس کے فتح کے بارے میں پیشگوئی کی اور وہ جھوٹے نکلے اور باشاہ کی شکست ہوئی بلکہ وہ اسی میدان میں مر گیا۔

اسی کے صفحہ 26.28 میں لکھتا ہے: ''قرآن شریف میں گندی گالیاں بھی ہیں اور قرآن عظیم سخت زبانی کے طریق کو استعمال کر رہا ہے۔

اور اپنی براہین احمدیہ کی نسبت ازالہ اوہام صفحہ 533 میں لکھتا ہے: ''براہین احمدیہ خدا کا کلام ہے۔

اربعین نمبر 2 صفحہ 13 پر لکھا: ''کامل مہدی نہ موسیٰ تھا نہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسّلام۔ غور کریں کہ اس بد بخت نے ان اولوالعزم مرسلین کا ہادی ہونا تو ایک طرف رہا پور سیدھی راہ والا بھی نہ مانا۔ اب خاص حضرت سیدنا عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان میں جو گستاخیاں کیں ان میں سے چند یہ ہیں۔

معیار صفحہ 13: ''اے عیسائی مشنریو، اب ربنا المسیح مت کہو اور دیکھو کہ آج تم میں ایک ہے جو اس مسیح سے بڑھ کر ہے۔

صفحہ 13 اور 14 میں ہے: ''خدا نے اس امت میں سے مسیح موعود بھیجا جو اس کے پہلے مسیح سے اپنی تمام شان میں بہت بڑھ کر ہے اور اس نے اس دوسرے مسیح کا نام غلام احمد رکھا تا کہ یہ اشارہ ہو کہ عیسائیوں کا مسیح کیسا خدا ہے۔۔۔؟ وہ احمد کے ادنیٰ غلام سے بھی مقابلہ نہیں کر سکتا یعنی وہ کیسا مسیح ہے جو اپنے قرب اور شفاعت کے مرتبہ میں احمد کے غلام سے بھی کمتر ہے۔۔۔؟

کشتی صفحہ 13 میں ہے: ''مثیل موسیٰ موسیٰ سے بڑھ کر اور مثیل ابنِ مریم ابن مریم سے بڑھ کر۔

نیز صفحہ 16 میں ہے: ''خدا نے مجھے خبر دی ہے کہ مسیح محمدی مسیح موسوی سے افضل ہے۔

دافع البلا صفحہ 20 میں ہے: ''اب خدا بتلاتا ہے کہ دیکھو میں اس کا ثانی پیدا کروں گا جو اس سے بھی بہتر ہے جو غلام احمد ہے یعنی احمد کا غلام۔

ابنِ مریم کے ذکر کو چھوڑو

اس سے بہتر غلام احمد ہے

یہ باتیں شاعرانہ نہیں بلکہ واقعی ہیں اور اگر تجربہ کی رو سے خدا کی تائید مسیح ابن مریمؑ سے بڑھ کر میرے ساتھ نہ ہو تو میں جھوٹا ہوں۔

دافع البلا ص 15: ''خدا تو، بہ پابندی اپنے وعدوں کے ہر چیز پر قادر ہے لیکن ایسے شخص کو دوبارہ کسی طرح دنیا میں نہیں لا سکتا جس کے پہلے فتنہ نے ہی دنیا کو تباہ کر دیا ہے۔

''دافع البلاء'' ٹائٹل پیج صفحہ ۴ میں لکھا۔ ''مسیح کی راست بازی اپنے زمانہ میں دوسرے راست بازوں سے بڑھ کر نہیں ثابت ہوتی بلکہ یحییٰ کو اس پر فضیلت ہے کیونکہ وہ (یحییٰ) شراب نہ پیتا تھا اور کبھی نہ سنا کہ کسی فاحشہ عورت نے اپنی کمائی کے مال سے اس کے سر پر عطر ملا تھا یا ہاتھوں اور اپنے سر کے بالوں سے اس کے بدن کو چھوا تھا یا کوئی بے تعلق جوان عورت اس کی خدمت کرتی تھی اسی وجہ سے خدا نے قرآن میں یحییٰ کا نام ''حصور'' رکھا مگر مسیح کا نہ رکھا کیونکہ ایسے قصے اس نام کے رکھنے سے مانع تھے۔

ضمیمہ انجام آتھم ص ۷ میں لکھا: ''آپ کا کنجریوں سے میلان اور صحبت بھی شائد اسی وجہ سے ہو کہ جدی مناسبت درمیان ہے۔ ورنہ کوئی پرہیز گار انسان ایک جوان کنجری کو کہ موقع نہیں دے سکتا کہ وہ اس کے سر پر اپنے ناپاک ہاتھ لگا دے اور زنا کاری کی کمائی کا پلید عطر اس کے سر پر ملے اور اپنے بالوں کو اس کے پیروں پر ملے سمجھنے والے یہ سمجھ لیں کہ ایسا انسان کس چلن کا آدمی ہو سکتا ہے۔ نیز اس رسالہ میں اس مقدس و برگزیدہ رسول پر اور نہایت سخت سخت حملے کئے مثلاً شریر، مکار، بدعقل، فحش گو، بدزبان، جھوٹا، چور، خلل دماغ والا، بدقسمت نرا فریبی، پیرو شیطان۔

حد یہ کہ صفحہ ۷ پر لکھا: ''آپ کا خاندان بھی نہایت پاک و مطہر ہے تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زنا کار اور کسبی عورتیں تھیں جن کے خون سے آپ کا وجود ہوا۔ ہر شخص جانتا ہے کہ دادی باپ کی ماں کو کہتے ہیں تو اس نے حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے لئے باپ کا ہونا بیان کیا جو قرآن کے خلاف ہے اور

Marfat.com

دوسری جگہ یعنی کشتی صفحہ ۱۶ میں تصریح کردی۔ یسوع مسیح کے چار بھائی اور دو بہنیں تھیں یہ سب یسوع کے حقیقی بھائی اور حقیقی بہنیں تھیں یعنی یوسف اور مریم کی اولاد تھے۔"

حضرت مسیح علیہ الصلاۃ والسلام کے معجزات سے ایک دم صاف انکار کر بیٹھا۔ انجام آتھم صفحہ ۶ میں لکھتا ہے حق بات یہ ہے کہ آپ سے کوئی معجزہ نہ ہوا۔

غرض اس دجّال قادیانی کے خرافات کہاں تک گنائے جائیں اس کے لئے دفتر چاہئے مسلمان ان چند خرافات سے اس کے حالات بخوبی سمجھ سکتے ہیں کہ اس نبی اولوالعزم کے فضائل جو قرآن میں مذکور ہیں ان پر یہ کیسے گندے حملے کر رہا ہے تعجب ہے ان سادہ لوحوں پر کہ ایسے مکار دجّال کے پیروی کر رہے ہیں یا کم از کم مسلمان جانتے ہیں اور سب سے زیادہ تعجب ان پڑھے لکھے کٹ بگڑوں سے کہ جان بوجھ کر اس کے ساتھ جہنم کے گڑھوں میں گر رہے ہیں کیا ایسے شخص کے کافر مرتد بے دین ہونے میں کسی مسلمان کو شک ہوسکتا ہے۔

حَاشَ لِلّٰہِ مَنْ شَکَّ فِیْ عَذَابِہٖ وَکُفْرِہٖ فَقَدْ کَفَرَ

جو ان خباثتوں سے مطلع ہو کر اس کے عذاب و کفر میں شک کرے خود کافر ہے۔

ان کے بارے میں مزید تفصیل جاننے کیلئے بہار شریعت حصہ اول اور فتاوی رضویہ جلد 14.15 کا مطالعہ کریں۔

بہر حال مذکورہ عقائد و عبارات سے روشن و واضح ہو گیا کہ بلاشبہ قادیانی فرقہ کے ماننے والے کافر و مرتد ہیں اُن کے ساتھ کھانا پینا، اور تعلقات رکھنا اور ان سے کسی بھی قسم کی مدد لینا ناجائز و حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے کہ اس سے دنیا و آخرت برباد ہونے کا سخت سخت اور سخت اندیشہ ہے اور آجکل کے نازک دور میں تو اور بھی احتیاط کی ضرورت ہے۔ قرآن پاک میں و احادیث کریمہ میں کافروں بدمذہبوں سے دور ہونے کی ترغیب دلائی ہے، چنانچہ

اللہ عزوجل قرآنِ مجید فرقان حمید میں ارشاد فرماتا ہے ﴿واما ینسینک الشیطان فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظلمین ☆﴾ ترجمہ کنزالایمان: "اور جو کہیں تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آنے پر ظالموں کے پاس نہ بیٹھ۔" (پارہ 7، سورۃ الانعام، آیت 68)

ایک اور مقام پر اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے ﴿ومن یتولھم منکم فانہ منھم ☆﴾ ترجمہ کنزالایمان: اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہی میں سے ہے۔ (پارہ 6، سورۃ المائدۃ، آیت 51)

مزید ارشاد فرمایا ﴿ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار ☆﴾ ترجمہ کنزالایمان: اور ظالموں کی طرف نہ جھکو کہ تمہیں آگ چھوئیں گی۔ (پارہ 12 سورۃ ہود آیت 113)

اسی آیت مبارکہ کے تحت صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ رحمۃ الھادی اپنی تفسیر خزائن العرفان میں فرماتے ہیں: "اس سے معلوم ہوا کہ خدا کے نافرمانوں کے ساتھ یعنی کافروں اور بے دینوں اور گمراہوں کے ساتھ میل جول، رسم و راہ، مودت و محبت، ان کی ہاں میں ہاں ملانا، ان کی خوشامد میں رہنا ممنوع ہے۔" (تفسیر خزائن العرفان صفحہ نمبر 303 مطبوعہ قدرت اللہ کمپنی لاہور)

سیّدی اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن مرتد کے احکام بیان کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: "مسلمانوں کو اس سے میل جول حرام ہے اس سے سلام کلام حرام، اس کے پاس بیٹھنا حرام، اس کا واعظ سننا حرام، وہ بیمار پڑے تو اسے پوچھنے جانا حرام، مرجائے تو اسے غسل دینا حرام، کفن دینا حرام، جنازہ اٹھانا حرام، جنازہ کے ساتھ چلنا حرام، اس پر نماز حرام، اسے مسلمانوں کے گورستان میں دفن کرنا حرام، اسے مسلمانوں کی طرح دفن کرنا حرام، اس کے لئے دعا بخشش کرنا حرام، الخ۔"

(فتاوی رضویہ تخریج شدہ جلد نمبر 15 صفحہ نمبر 278 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

ایک اور مقام پر سیّدی اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن ارشاد فرماتے ہیں: "مرتد کے یہاں کھانا کھانے جانا اُس سے میل جول سب حرام ہے زید اگر جاہل ہے اور ناواقفی میں یہ حرکت اُس سے ہوئی اور اب معلوم ہونے پر علانیہ توبہ کرے تو خیر ورنہ وہ امامت کے قابل نہیں۔ (فتاوی رضویہ تخریج شدہ جلد نمبر 21 صفحہ نمبر 647 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

Marfat.com

لہذا تمام مسلمانوں پر لازم ہے کہ حقیقی مسلمان بنتے ہوئے قادیانیوں کا مکمل طور پر سوشل بائیکاٹ کریں ان کے ساتھ کھانا پینا سلام و کلام خرید و فروخت ہر طرح کے معاملات فوراً فوراً ختم کر دیں الحمد للہ خوشی کی بات تو یہ ہے کہ پاکستان کے آئین میں قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا ہے اللہ تعالی ان کے ناپاک وجود بلکہ ان کے سائے سے بھی مسلمانوں کو محفوظ رکھے اور عقیدہ ختم نبوت پر ثابت قدم رکھے۔ آمین

واللہ تعالیٰ اعلم ورسولہ اعلم عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم

کتبہ المفتی عبدالمذنب محمد فضیل رضا القادری العطاری

وشعبان المعظم 1430ھ 11 اگست 2009ء

فون: 4855174
دارالافتاء اہلسنت
چاندنی چوک کراچی

مفتی غلام رسول مجددی سیفی صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب

مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے تمام پیروکار اپنے عقائد کفریہ رذیلہ شنیعہ قبیحہ کے کافر و مرتد ہیں

مرزائیوں کے چند کفریہ عقائد ملاحظہ ہوں

انبیاء کرام کی توہین حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو گالیاں دینا اور آپ کی والدہ صاحبہ پر طعن کرنا اور یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت پر کوئی دلیل نہیں بلکہ عدم نبوت پر دلیل قائم ہے مرزا کا اپنے آپ کو اگلے انبیاء سے افضل بتانا اور یہ کہنا کہ ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو اس سے بہتر غلام احمد ہے اور یہ کہنا کہ اگلے چار سو انبیاء کرام کی پیشین گوئی غلط ہوئی اور وہ معاذ اللہ جھوٹے اور یہ کہنا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی چار دادیاں نانیاں معاذ اللہ زانیہ تھیں اور یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی خون سے پیدا ہوئے اور مرزا کا اپنے آپ کو نبی بتانا اور اپنی طرف وحی الٰہی کا دعویٰ کرنا اپنی بنائی ہوئی کتاب کو کتاب الٰہی بتانا اور یہ کہ آیت کریمہ ومبشرا برسول یاتی من بعد اسمہ احمد کہ عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا کہ میں اس عظمت والے رسول کی بشارت سناتا ہوں جو میرے بعد تشریف لائیں گے ان سے مراد میرے مرزا غلام احمد ہے۔ مرزا نے کہا اس سے میں ہی مراد ہوں اور اس کا یہ کہنا یہ مجھ پر اترا تھا۔ انا انزلناہ بالحق وبالحق نزل اور ہم نے اسے قادیان میں اور حق کے ساتھ نازل کیا (بحوالہ فتاوی رضویہ ج ۱۲ صفحہ ۲۷۹ رضا فاؤنڈیشن) لہذا ان کے ساتھ نشست و برخاست کھانا پینا میل جول حرام ہے اور ان کا ذبیحہ حرام ان کا کوئی شے کھانا حرام ان سے دوستی رکھنا حرام اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے۔ واما ینسینک الشیطن فلا تقعد بعد الذکری مع القوم الظلمین (القرآن پارہ ۷ رکوع ۱۸) اور اگر تمہیں شیطان بھلا دے تو یاد آنے پر ظالموں کے ساتھ نہ بیٹھو نیز فرمایا اگرچہ وہ تمہارا باپ بھائی یا کوئی قبیلہ کا فرد ہو ان سے دوستی نہ رکھی جائے اللہ تعالیٰ نے فرمایا لا تجد قوما یؤمنون باللہ والیوم الاخر یوادون من حاد اللہ ورسولہ ولو کانوا اٰباءھم او ابناءھم او اخوانھم او عشیرتھم (القرآن ۵۸ / ۲۲) تم لوگوں کو ایسا نہ پاؤ گے کہ جو اللہ تعالیٰ

Marfat.com

اور پچھلے قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہوں کردہ لوگ سے دوستی رکھیں کہ جنھوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی مخالفت کی اگرچہ ان کے باپ۔ دادا یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے قبیلہ کے لوگ ہوں" اور چونکہ مرزا قادیانی تو ایسا مرتد منافق ہے جس کے بارے میں تمام علمائے حرمین شریفین نے بالاتفاق تحریر فرمایا ہے من شک فی کفرہ فقد کفر (بحوالہ فتاوی رضویہ ج ۱۲ ص ۳۲۱) جس نے قادیانی کے کفر میں شک کیا وہ بھی کافر ہے" جو اس باطل فرقے کو یقینا کافر جانتا ہے پھر اس سے میل جول رکھتا ہے تو اگرچہ وہ اس قدر کافر نہ ہوگا مگر فاسق ضرور ہے اور اسے امام بنانا اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی قریب الحرام کہ پڑھنی گناہ ہے اور توبہ واجب اور معاذ اللہ بالفرض اس پر اندیشہ کفر ہے تو اس صورت میں فرض قطعی ہے کہ تمام مسلمان موت وحیات کے سب علاقے ان سے قطع کر دیں بیمار پڑ جائیں تو پوچھنے جانا حرام ان میں سے کوئی مر جائے تو جنازہ پر جانا حرام کسی مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا حرام اور اس کی قبر پر جانا حرام اللہ تعالیٰ فرماتا ولا تصل علی احد منھم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ (القرآن ۹/۸۴) اور ان میں سے کسی کی میت پر نماز جنازہ نہ پڑھنا اور نہ ان کی قبر پر کھڑا ہونا واللہ اعلم بالصواب

خادم العلم والعلماء غلام صمدانی محمدی سیوہانی

1-7-2009

جناب محمد ندیم کھوکھر سراجی صاحب مدظلہ سلسلہ عالیہ سراجیہ حقانیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ پر سلسلۂ نبوت و رسالت کی تکمیل ہو چکی ہے اور اب کسی قسم کا نبی یا رسول نہیں آئے گا۔ اگر کوئی ایسا دعویٰ کرے تو وہ اور اس کے تمام ماننے والے کافر ہیں۔ یہ ہر مسلمان پر فرض ہے کہ عقیدۂ ختم نبوت پر کامل ایمان رکھے، اس کا اعلان کرے، اس کا پرچار کرے اور ایسے لوگوں سے کسی قسم کا کوئی تعلق یا لین دین نہ رکھے۔

چند نادان اعتراض کرتے ہیں کہ اگر یہود و نصاریٰ سے دوستی رکھی جا سکتی ہے تو ان لوگوں سے کیوں نہیں۔ اول تو ان سے بھی دور رہنا چاہیے مگر عرض ہے کہ غیر مسلم اقوام کی اسلام دشمنی تو روز روشن کی طرح عیاں ہے مگر یہاں تو لوگ مسلمان ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور اس پردے کی آڑ میں دوسروں کو بھی گمراہ کرنے کی کوششیں کرتے رہتے ہیں۔ ایسے لوگ تو کافروں سے بھی بدتر ہیں۔ اللہ تمام مسلمانوں کا حامی و ناصر ہو اور ہم سب کو ایسے عقائد خبیثہ کے حامل لوگوں سے محفوظ فرمائے، آمین۔

محمد ندیم کھوکھر سراجی حقانی کمپنہ

۲۳ جمادی الاول ۱۴۲۹ھ بمطابق ۲۹ مئی ۲۰۰۸ء

Marfat.com

حضرت صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر صاحب مدظلہ صدر جمعیت علماء پاکستان

حضرت مولانا انس نورانی صاحب مدظلہ امیر جمعیت علماء پاکستان

حضرت قاری محمد زوار بہادر صاحب مدظلہ مہتمم جامعہ محمدیہ رضویہ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد دعوی نبوت کرنے والا کذاب ہے دجال ہے اسلام کا غدار ہے خدا و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا باغی ہے دشمن اسلام یہود و نصاریٰ و مشرکین کا ایجنٹ ہے

رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا تقاضا ہے کہ حضور علیہ السلام کے ہر دشمن کو اپنا دشمن جان سمجھے اس سے نفرت کا اظہار کرے اس سے ہر قسم کا تعلق توڑ دے اس کا سوشل بائیکاٹ کرے

قادیانی خدا و رسول اسلام مسلمان پاکستان کے دشمن اور مخالف ہیں ہر مسلمان کو ان کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھنے کی ضرورت ہے

علماء اسلام نے حضور ختم المرسلین حضرت محمد و دین ملت حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان محدث بریلوی نور اللہ مرقدہ کے قادیانیوں کے متعلق فتووں پر عمل کرنا ہر مسلمان پر واجب ہے

قائد ملت اسلامیہ حضرت علامہ ابو الشاہ احمد نورانی صدیقی

Marfat.com

صدر جمعیت علماء پاکستان و صدر مجلس عمل فرمایا کرتے تھے کہ مجھے
اللہ پاک کے کرم سے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ قادیانیوں کے خلاف
میری عدو جہد کے سبب مجھے حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم
کی شفاعت نصیب فرمائے گا

نمونہ

محمد زوار مجاہد نور
مشرف جامعہ محمدیہ رضویہ صدیق شہید لاہور

منشی جامعہ محمدیہ رضویہ فردوس مارکیٹ
گلبرگ III لاہور ۱۵ رجب المرجب ۱۴۲۲ھ

نمونہ

صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر
صدر جمعیت علماء پاکستان
یوم السبت ۲۴ رجب المرجب ۱۴۳۰ھ

مولانا سید شبیر احمد ہاشمی رحمۃ اللہ علیہ مرکزی نائب صدر جمعیت علماء پاکستان

۷۸۶/۹۲

قادیانی امت دجال قادیان کی امت ہے یہ مذہبی لحاظ سے مرتد
سیاسی لحاظ سے غدار ہیں انہوں نے اسلام کو اتنا نقصان نہیں پہنچایا
جتنا یہودی اور عیسائی نہیں پہنچا سکے مرزا قادیانی غلام خان
قادیانی دھرتی ۱۹۰۸ء کو قادیان ضلع گورداسپور انڈیا
میں مرگیا تمہارے کی چھوڑی ہوئی امت دجال
عالم اسلام کیلئے فتنہ بن گئی ۱۹۴۷ء میں پاکستان میں
قادیانیوں نے خلاف تحریک چلی میں یہ دلیل نہیں تھا کہ
قادیانیوں سے سوشل بائیکاٹ کیا جائے یہ فکر
شیخ الاسلام فنافی المصطفیٰ محمد امام شاہ الہدیٰ نورانی

Marfat.com

قدس سرہ نے حضرت استاذ العلماء عمدہ مفتی محمد امین نقشبندی
مدظلہ نے [illegible] اس پر یہ عجالہ محققہ سپرد قلم
فرمایا بہترین رسالہ ہے علماء کی ذمہ داری کرتے
ہوئے تادیبیں ہے باشکاف کی جو شرمناک
چاہیے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ فیاض بقیہ مفتی محمد امین
کو رسوائی خبر اتے فیر عطا فرمائے آمین یہ
اس عجالہ نو سپرد دست ناکشیدہ شما بحر
والسلام
سید شبیر احمد ہاشمی مرکزی
نائب صدر جمعیت علماء پاکستان
وخطیب الجامع مسجد رضا مشہدی ضلع جھنگ
پاکستان
یوم السبت ۲۲ ربیع المرجب ۱۴۳۰ھ

مفتی محمد ھدایت اللہ پسروری صاحب جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن ملتان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مولای صل وسلم دائما ابدا علی حبیبك خیر الخلق کلهم

(۱) زندیق کی تعریف:۔ من یبطن الکفر ویظهر الایمان یعنی وہ شخص جو کفر کو چھپاتا ہو اور ایمان کو ظاہر کرتا ہو۔ (تاج العروس ۳۷۳/۶) بظاہر ایمان کا اظہار کرتا ہو اور دل سے اس کی تکذیب کرتا ہو، وہ شخص جو کتاب وسنت کی بجائے اپنے عقل وخرد کو عقائد اور افکار ونظریات کی بنیاد بناتا ہو خدا اور رسول کے ارشادات وفرامین کی بجائے وہ اپنی عقل وخرد کو معیار ایمان تصور کرتا ہو (المنجد ص ۳۰۸)

زندیق کا حکم:۔ منافق اعتقادی کی طرح زندیق بھی کافر ہے کیونکہ ایمان میں تصدیق قلبی ضروری ہے اور یہ اسکا انکار کرتا ہے

(۲) دور حاضر کے مرزائی لاہوری ہوں یا قادیانی سب زندیق وکافر ہیں اور جو نعوذ باللہ من ذالک مسلمان ہو پھر وہ مرزائیت کو قبول کرلے ایسا شخص مرتد ہے اور جو لوگ کلمہ پڑھ کر اس کی تشریح کتاب وسنت اور اجماع امت کے خلاف کرتے ہوں وہ زندیق ہیں ان کا حکم منافق اعتقادی کی طرح کافر والا ہے۔ ایسے عقائد ونظریات رکھنے والے کوئی بھی ہوں کسی بھی عمر یا علاقے کے ہوں کافر وزندیق ہیں ہیں اور دائرۂ اسلام سے خارج ہیں۔

(۳) قادیانیوں کی اولاد اگر بالغ ہونے کے بعد اسلام قبول کرلے تو مسلمان ورنہ وہ بھی قادیانیوں کے حکم میں ہیں یعنی کافر وزندیق۔

(۴) ان سے میل جول ، نشست وبرخاست ، خوشی وغمی کی تقریبات میں شریک ہونے یا ان کو شریک کرنے سے گریز کیا جائے تمام شوشل تعلقات ان سے قطعا درست نہیں۔ (سوال کے اجزاء کا مفہوم ایک ہونے کی وجہ سے ایک ہی جواب دیا گیا ہے)

مفتی محمد ھدایت اللہ پسروری

مہتمم جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن

ممتاز آباد ملتان

Marfat.com

مزارات کے ساتھ متصل دفن کرنا اور نکاح
کرنا اور ان کے ساتھ کفن تبدیل کرنے
کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے
کیا یہ فعل حضور ﷺ سے ثابت ہے اور صحابہ
یا تابعین
سے (بعد) اجماعی طور پر ثابت ہے
وسعد) سے قائم آستانہ عالیہ کے سجادہ
کی طرف سے جو دعوی کیا جاتا ہے
کہ یہ آستانہ کی طرف سے حکم ہے کہ
مزارات کے ساتھ متصل
دفن کرنا
روزانہ فاتحہ ہوتا رہے۔

صاحبزادہ سید افتخار الحسن
آستانہ عالیہ نقشبندیہ آلومہار شریف
۲۸ رجب المرجب ۱۴۳۰ھ

Marfat.com

حضرت علامہ ناصر جاوید سیالوی صاحب
نائب مفتی اہلسنّت و جماعت میر پور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب ــــ بتوفیق ملہم الصدق والصواب

مرزائی۔ قادیانی یا ان کا پیروکار وہ جماعت یا فرد جو عقیدۂ ختم نبوت کا منکر ہے یا اجماع امت کافر ہے اور اگر پہلے مسلمان تھا پھر یہ عقیدہ باطلہ اختیار کیا تو مرتد واجب القتل ہے۔ ان کے کفر و ارتداد میں شک کرنا بھی کفر و ارتداد ہے۔ ان سے دوستی، محبت و مودت حرام قطعی اور ان سے قطع تعلق کر لینا شرعاً لازم و واجب ہے۔ قرآن پاک میں ہے۔

یاایھا الذین اٰمنوا لاتتخذوا اٰباءکم واخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ومن یتولھم منکم فاولئک ھم الظٰلمون ۝ (التوبہ: ۲۳)

اے ایمان والو! اپنے باپ دادا اور بہن بھائیوں سے دوستی نہ رکھو اگر وہ ایمان پر کفر کو پسند کریں اور جو تم میں سے ان سے دوستی کریگا تو وہ ظالموں میں سے ہوگا۔

فلا تقعد بعد الذکرٰی مع القوم الظٰلمین (الانعام: ۶۸)

سو یاد آنے کے بعد ظالموں کے ساتھ نہ بیٹھو۔

ولا ترکنوا الی الذین ظلموا فتمسکم النار (ھود: ۱۱۳)

اور ان لوگوں کی طرف جھکاؤ نہ رکھو جو ظالم ہیں ورنہ تمہیں جہنم کی آگ جلائے گی۔

ان تمام آیات میں کفار، ظالموں سے قطع تعلق کا حکم دیا ہے اور عقیدۂ ختم نبوت کا انکار کرنے کفر و ارتداد کے ارتکاب سے بڑھ کر کونسا ظلم ہیں قرآن پاک میں ہے۔

ان الشرک لظلم عظیم (لقمٰن، ۱۳) بیشک شرک ظلم عظیم ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس عقیدہ اہل سنت و جماعت پر ثابت قدم رکھے آمین

توفیق عطا فرمائے آمین واللہ ورسولہ اعلم بالصواب: ناصر سیالوی

علامہ ناصر جاوید سیالوی
خطیب مفتی اہلسنت و جماعت میر پور
Mob: 0345 - 5250706

Marfat.com

حضرت مولانا خواجہ فرید احمد کوریجہ صاحب مدظلہ
درگاہ عالیہ حضرت خواجہ غلام فرید رحمۃ اللہ علیہ سائیں کوٹ مٹھن شریف

قادیانی امت روئے زمین کے قابل نہیں ہیں امت
آقا نامدار حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو آخری
نبی نہیں مانتے ہیں لہذا ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں
یہ وہ غیر مسلم ہیں امت مسلمان دل سے ہوشیار رہیں
ان کا سوشل بائیکاٹ کیا جائے اور قادیانیوں سے ہونے والا ہر دین حرام ہے

خواجہ غلام فرید کوریجہ
چیئرمین تحریک ختم نبوت پاکستان سربراہ
سنی سپریم کونسل پاکستان درگاہ عالیہ
مسلمان المستفین حضرت خواجہ غلام فرید شاشن
کوریجہ مٹھن شریف 13-7-2009

حضرت مولانا احمد سعید ہاشمی صاحب معین الاسلام جامعہ قادریہ سرگودھا

حامداً و مصلیاً - بلاشک و شبہ قادیانی کافر و مرتد ہیں ان کے کفر میں جو شاکر ہے وہ بھی کافر ہے - جو تحقیق حضرت شیخ الحدیث مفتی ولی حسن نے فرمائی مجھے مکمل اس کا اتفاق ہے - احمد سعید ہاشمی خادم ۳۲ سرگودہا

☎713416-717047
احمد سعید ہاشمی
مہتمم معین الاسلام جامعہ قادریہ جسٹرڈ ۳۲ بلاک نمبر 32 سرگودہا

Marfat.com

یا اللہ جل جلالك　　بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم　　یا رسول اللہ صلی اللہ علیك وسلم

تحفظ ختم نبوت اور ردّ مرزائیت کے سلسلہ میں

عالم اسلام کی عظیم علمی و عملی شخصیت، نامور بزرگ عالم باعمل وروحانی پیشوا، پاسبان مسلک رضا، خلیفۂ مجاز مفتیٔ اعظم عالم اسلام، خلیفۂ اوّل ونائب محدث اعظم پاکستان، فیض یافتۂ امیر ملت محدث علی پوری، پروردۂ نگاہِ فقیہ اعظم محدث کوٹلوی، یادگار اسلاف فضیلۃ الشیخ، برکۃ الزمان، مفتیٔ اعظم پاکستان، حضرۃ العلام

الشیخ مفتی ابوداؤد محمد صادق صاحب حفظہ اللہ

(امیر جماعت رضائے مصطفیٰ پاکستان)

کا

تاریخی فتویٰ

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء دین متین، مفتیان کرام، حسب ذیل مسئلہ کے بارے میں

مرزا قادیانی کے پیروکاروں کے ساتھ بائیکاٹ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اور اُس کے دجل کی چند مثالیں بھی بیان فرمادیں؟

(فجزاکم اللہ احسن الجزاء)

(یکے از فدایانِ ختم نبوت)

جواب:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

یاد رہے: کہ لغات میں دجال کا معنی مکار وفریب کار اور کذاب کا معنی بہت جھوٹا ودروغ گو مذکور ہے اور تمیں دجال وکذاب والی حدیث کے مطابق چونکہ مسیلمۂ کذاب کی طرح مسیلمۂ پنجاب غلام احمد قادیانی بھی ایک دجال وکذاب ہے۔ اس لیے اس کی ساری زندگی اور ساری تصانیف کذب ومکر، جھوٹ فریب اور ہیر پھیر وقلابازیوں سے بھرپور ہے اور مرزا غلام احمد اور اس کے لاہوری وقادیانی پیروکار ختم نبوت کے انکار، توہین رسالت کے ارتکاب اور تحریف قرآن کے باعث علماء عرب وعجم کے فتویٰ شرعی کے مطابق دائرہ اسلام سے خارج اور مرتد ہیں اور جو شخص ان کو ادنیٰ مسلمان سمجھے یا ان کے کفر میں شک کرے وہ بھی ویسا ہی کافر اور مرتد ہے اور اس کے ساتھ رشتہ ناطہ، دوستانہ میل ملاپ سب ناجائز۔ **مکمل بائیکاٹ۔**

Marfat.com

چند مثالیں: مرزا قادیانی کے مکر و جہالت، دجل و کذب کی چند مثالیں ملاحظہ ہوں۔ مرزا غلام احمد لکھتا ہے کہ "سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا"
(دافع البلاء۔ ص ۱۱)

"صریح طور پر نبی کا خطاب مجھے دیا گیا" (حقیقۃ الوحی ص ۱۵۰)

حالانکہ سچے خدا نے اپنے سچے محمد ﷺ پر نبوت و رسالت ختم فرما دی ہے۔ مرزا کہتا ہے:

ع ..... منم محمد و احمد کہ مجتبیٰ باشد "میں ہی محمد و احمد مجتبیٰ ہوں" (درثمین ص ۲۴۸)

حالانکہ اس گستاخ کا نام محمد و احمد نہیں بلکہ صرف غلام احمد ہے۔ غلام ہو کر خود آقائی کا دعویٰ کرنا، نوکر ہو کر گھر کا مالک بن بیٹھنا اور چپڑاسی ہو کر بادشاہی کا مدعی ہونا کس قدر جھوٹ، بغاوت اور غداری ہے اور مرزا قادیانی کی یہ جرأت کس قدر حماقت و شقاوت ہے۔

☆ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی شانِ اقدس میں نازل شدہ آیاتِ قرآنی کے متعلق غلام احمد قادیانی لکھتا ہے "ایک یہ وحی اللہ ہے

هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَ دِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ (پارہ ۲۶، سورہ الفتح، آیت ۲۸)

اس میں صاف طور پر اس عاجز (غلام احمد) کو رسول کہہ کر پکارا گیا ہے۔ پھر اس کے بعد یہ وحی اللہ ہے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَی الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ (پارہ ۲۶، سورہ الفتح، آیت ۲۹)

اس وحی الٰہی میں میرا (غلام احمد کا) نام محمد رکھا گیا اور رسول بھی۔ (ایک غلطی کا ازالہ ص ۴) لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہ

اس سے بڑھ کر دجل و کذب چوری و فریب کاری قرآن پاک میں تصرف و تحریف اور محمد رسول اللہ سے عداوت و بغاوت اور کیا ہوگی کہ آپ کی شان میں نازل شدہ صریح آیات پاک کو ایک ناپاک شخص بعینہ اپنی طرف وحی الٰہی بیان کرے۔ ایک نام کا منی آرڈر کوئی دوسرا شخص وصول کرنے پر اگر مجرم اور مکار ہے تو محمد رسول اللہ ﷺ کی آیت، نام اور رسالت اپنی طرف نسبت کرنے والا غلام احمد کیوں مجرم و مکار اور باغی و غدار نہیں۔

☆ اور پاکستان میں وزیر اعظم اور صدر، وزیر اعلیٰ اور گورنر، ڈی سی او اور ایس پی کے مقابلہ میں اگر کوئی دوسرا جعلی صدر اور وزیر اعظم، گورنر اور وزیر اعلیٰ، ڈی سی او اور ایس پی ناقابل برداشت مجرم ہے تو ایک امت میں سب سے سچے اور سب سے بڑے رسول و نبی ﷺ کے مقابلہ میں کوئی دوسرا جعلی و بناسپتی رسول و نبی کس طرح برداشت ہو سکتا ہے؟

☆ اگر پاکستان کی منظور شدہ رائج الوقت کرنسی و سکہ کے مقابلہ میں کوئی جعلی کرنسی و سکہ ناقابل معافی جرم ہے تو قیامت تک ہر زمان و مکان کے لئے رسالت محمدی ﷺ کے رائج الوقت کھرے سکہ کے مقابلہ میں قادیانی نبوت کا جعلی و کھوٹا سکہ کیوں ناقابل معافی جرم نہیں؟

☆ اگر حکومت پاکستان ہر شہری کی جان، مکان اور آبرو کے تحفظ کی ذمہ دار ہے تو نبوت کے عظیم محل اور ناموس رسالت کے تحفظ کی حکومت کیوں ذمہ دار نہیں جبکہ پاکستان کا قیام اور ارباب حکومت کا اقتدار سب کلمۂ محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کا مرہونِ منت ہے۔

پاکستان کا مطلب کیا؟ لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)

خادم اہلسنّت: الفقیر ابوداؤد محمد صادق

ابوداؤد محمد صادق

Marfat.com

اہلحدیث مکتبہ فکر

عُلماءِ کِرام، مُفتیانِ عظام کا مُتّفقہ فیصلہ

Marfat.com

مرکز سراجیہ کی طرف سے قادیانیوں کے مکمل بائیکاٹ

سے متعلق شرعی نقطہ نظر معلوم کرنے کے لئے پیش کیا گیا استفتاء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الاستفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین متین وفقہم اللہ للصواب حسب ذیل مسئلہ میں کہ کوئی شخص یا جماعت کسی مدعی نبوت کاذبہ پر ایمان لانے کی وجہ سے جو باتفاق امت دائرہ اسلام سے خارج ہو اور ان کا کفر یقینی اور شک وشبہ سے بالاتر ہو۔ اس کے علاوہ ان میں حسب ذیل وجوہ بھی موجود ہوں۔

1۔ وہ اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالتے ہوں اور تمام عالم اسلام اور ملت اسلامیہ کے خلاف ریشہ دوانیوں میں مصروف ہوں۔

2۔ مسلمانوں کو جانی ومالی ہر طرح کی ایذا پہنچانے میں تامقدور کوتاہی نہ کرتے ہوں۔

3۔ ان کی مادی قوت اور مالی وسائل میں روز افزوں ترقی کا تمام تر انحصار مسلمانوں کے استحصال پر ہو اور وہ سیاسی و اقتصادی وسائل پر قابض ہونے کی کوششیں کر رہے ہوں۔

4۔ ان کی سیاسی وعسکری تنظیمیں موجود ہوں اور ان کی زیر زمین سرگرمیاں تمام ملت اسلامیہ کے لئے بین الاقوامی سطح پر عظیم خطرہ ہوں۔

5۔ دشمن اسلام بیرونی طاقتوں، یہودی اور مسیحی حکومتوں اور ہندوستان کی اسلام دشمن قوت سے ان کے قوی روابط ہوں۔ الغرض مسلمانوں کے لئے دینی، سیاسی، معاشی، اقتصادی اور معاشرتی اعتبار سے ان کا طرز عمل سنگین خطرات کا باعث ہو۔ بلکہ ان کی وجہ سے ایک اسلامی مملکت کو بغاوت وانقلاب کے خطرات تک لاحق ہوں۔

Marfat.com

6۔ حکومت یا حکومت کی سطح پر یہ توقع نہ ہو کہ اس فتنہ سے ملک وملت کو بچانے کی کوئی تدبیر کی جائے گی اور یہ امید نہ ہو کہ جس شرعی سزا کے وہ مستحق ہیں وہ ان پر جاری ہو سکے گی۔ اندریں حالات بے بس مسلمانوں کو اس فتنہ کی روک تھام کے لئے کیا کرنا چاہئے؟ اس سلسلہ میں شرعی طور پر ان پر کیا فریضہ عائد ہوتا ہے؟ کیا ان حالات میں اس جماعت یا فرد کی بڑھتی ہوئی جارحیت پر قدغن لگانے کے لئے حسب ذیل امور کے جواز یا وجوب کی شرعاً کوئی صورت ہے کہ:

الف۔ امت اسلامیہ اس فرد یا جماعت کے ساتھ برادرانہ تعلقات منقطع کرے۔

ب۔ ان سے سلام وکلام، میل وجول، نشست وبرخاست، شادی وغمی میں شرکت نہ کی جائے بلکہ معاشرتی سطح پر ان سے مکمل طور پر قطع تعلق کر لیا جائے۔

ج۔ ان سے تجارت، لین دین اور خرید وفروخت کی جائے یا نہیں؟

د۔ ان کے کارخانوں اور فیکٹریوں سے مال خریدا جائے یا ان کا مکمل اقتصادی مقاطعہ (بائیکاٹ) کیا جائے۔

ہ۔ ان کی تعلیم گاہوں، ہوٹلوں، ریستورانوں میں جانا جائز ہے یا نہیں؟

ر۔ ان سے رواداری برتی جائے یا نہیں؟

ز۔ ان کے کارخانوں اور فیکٹریوں کی مصنوعات استعمال کی جائیں یا نہیں؟ غرض ان سے مکمل بائیکاٹ یا مقاطعہ کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟ کیا تمام مسلمانوں کو بھی یہ حق حاصل ہے کہ انہیں راہ راست پر لانے کے لئے ان کا بائیکاٹ کریں۔ جبکہ اس کے سوا اور کوئی چارہ اصلاح موجود نہ ہو؟

افتونا ماجورین. والله سبحانه یجزل لکم الاجر والثواب
وهو المسئول الملهم للحق والثواب.

المستفتی

مرکز سراجیه لاہور

Marfat.com

حافظ محمد عمر صدیق حفظہ اللہ تعالیٰ کا **مرکز سراجیہ** کی طرف سے

قادیانیوں کے مکمل بائیکاٹ

سے متعلق پیش کئے گئے استفتاء کا تفصیلی جواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرزا غلام احمد قادیانی (**علیہ من اللہ ما استحق**) اپنے دعویٰ نبوت ورسالت، کفریہ وشرکیہ عقائد، گستاخانہ ہفوات، باطنی تلبیسات کی وجہ سے خود اور اس کے جملہ پیروکار دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ تقریباً تمام نواقض ایمان واسلام اس گروہ میں موجود ہیں۔

کفار کی چند اقسام:

(1) مشرک (بت پرست، آتش پرست وغیرہ)

(2) منافق

(3) کتابی

(4) مرتد

(5) عام کفار (مذکورہ بالا اقسام کے علاوہ دین اسلام یا اس کے کسی رکن یا جزو کا منکر ہو جیسے دہریے، نیچری، منکرین حدیث وغیرہ)

(6) زندیق، وہ شخص یا گروہ جو اسلام کا دعویٰ کرتا ہو لیکن خفیہ طور پر (**خروج عن الملۃ**) کافرانہ عقائد واعمال بد کا مرتکب ہو اور لوگوں کو اس کی دعوت بھی دیتا ہو۔

مرزا غلام احمد قادیانی اپنی تحریرات، عقائد، دعوؤں کی وجہ سے مرتد، کافر، مشرک، زندیق ٹھہرتا ہے اور اس کے جملہ پیروکار بھی کافر، زندیق ہیں۔ کیونکہ یہ لوگ بظاہر مسلمانی کا دعویٰ کرتے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کرنے کیلئے قرآن مجید، احادیث رسول، صحابہ کرام، آئمہ دین، نماز، روزہ سے وابستگی ظاہر کرتے نظر آتے ہیں۔ **کبرت کلمۃ تخرج من**

Marfat.com

افـواهھم ان یقولون الا کذبا (الکھف) جب کہ حقیقت میں ان کا مقصد مختلف حیلوں بہانوں سے (کہیں حیات، وفاتِ عیسیٰ علیہ السلام، مجدد، مثیل مسیح وغیرہ کا موضوع چھیڑ کر) مرزا غلام احمد قادیانی کی نبوت ورسالت کو تسلیم کروانا ہے۔ حق یہ ہے کہ قادیانیت دین اسلام کے مقابلہ میں الگ ایک مصنوعی مذہب ہے۔ یہ فتنہ ابتداً مذہبی تحریک کی صورت میں سامنے آیا تو علماء اہلحدیث شیخ الکل میاں نذیر حسین محدث دہلوی، مولانا عبدالحق غزنوی، صحافی اسلام مولانا محمد حسین بٹالوی، شیخ الاسلام مولانا ثناء اللہ امرتسری، مولانا محدث عبدالرحمٰن مبارکفوری، مولانا محدث شمس الحق عظیم آبادی، مولانا میر ابراہیم سیالکوٹی، مولانا محدث محمد بشیر سہوانی، مولانا عبداللہ روپڑی، مولانا عبداللہ معمار امرتسری، مولانا ابراہیم کمیر پوری، مولانا محمد عبداللہ گورداس پوری، شہید ملت مولانا علامہ احسان الٰہی ظہیر وغیرھم (**کثر اللہ امثالھم ورحمھم اللہ رحمتہ واسعۃ**) بالاتفاق جماعت اہلحدیث اور دیگر اسلامی گروہوں نے قادیانی امت کو اس کے پیشوا سمیت کافر زندیق قرار دیا۔ ملاحظہ ہو پاک و ہند کے علماء اسلام کا اولین فتویٰ مطبوعہ دارالدعوۃ السّلفیہ لاہور، مرزائیت اور اسلام، فتاویٰ ثنائیہ، فتاویٰ نذیریہ وغیرہا۔

موجودہ حالات میں یہ انگریزی ناسور اور شیطانی تحریک اسلام کا لبادہ اوڑھ کر نہ صرف مذہبی یلغار کی صورت میں بلکہ عالم اسلام اور ملت اسلامیہ کے خلاف مختلف حربوں، چربوں سے ریشہ دوانیوں میں مصروف ہے اور ان لوگوں نے اپنی سیاسی اور عسکری تنظیمیں بنا رکھی ہیں جو ملت اسلامیہ کو معاشی، معاشرتی، اقتصادی، سیاسی، دینی نقصان پہنچانے میں مصروف کار ہیں جیسا کہ مستفتی کی تحریر سے بھی عیاں ہے۔ زندیق کے ساتھ ساتھ ان قباحتوں کا ہونا **ظلمات بعضھا فوق بعض** کا مصداق کامل ہے۔ لہٰذا صورت مسئولہ میں اس جماعت یا اس کے کسی فرد سے برادرانہ تعلقات جس میں سلام وکلام، میل جول، نشست و برخاست، شادی وغمی میں شرکت، تجارت، لین دین، خرید وفروخت، ان کی تعلیم گاہوں، ہوٹلوں، ریستورانوں میں جانا اور ان سے کسی بھی قسم کی رواداری برتنا قطعی طور پر حرام ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے

لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْکٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَیْسَ مِنَ اللّٰهِ فِیْ شَیْءٍ

(آل عمران: 28)

مومنوں کو چاہیے کہ ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بنائیں اور جو کوئی ایسا کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کی کسی حمایت میں نہیں۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا دِیْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

Marfat.com

مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (المائدہ : 57)

مسلمانو! ان لوگوں کو دوست نہ بناؤ جو تمہارے دین کو ہنسی کھیل بنائے ہوئے ہیں (خواہ) وہ ان میں سے ہوں جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے یا کفار ہوں اگر تم مومن ہو تو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ (ھود : 113)

اور ظالموں کی طرف ہرگز نہ جھکنا، ورنہ تمہیں بھی (دوزخ) کی آگ لگ جائے گی۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ (مجادلة : 22)

اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والوں کو آپ اللہ اور اس کے رسول کی مخالف کرنے والوں سے محبت رکھتے ہوئے ہرگز نہ پائیں گے گو وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبہ کے ہی کیوں نہ ہوں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ (ممتحنه : 1)

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو میرے اور اپنے دشمنوں کو اپنا دوست نہ بناؤ تم تو دوستی سے ان کی طرف پیغام بھیجتے ہو اور وہ اس حق کے ساتھ جو تمہارے پاس آ چکا ہے کفر کرتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿۱۳﴾ (ممتحنه : 13)

اے ایمان والو! تم اس قوم سے دوستی نہ رکھو جن پر اللہ کا غضب نازل ہو چکا ہے جو آخرت سے اس طرح مایوس ہو چکے ہیں جیسے مردہ اہل قبر سے کافر نا اُمید ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَآءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (التوبه : 23)

اے ایمان والو! اپنے باپوں کو اور اپنے بھائیوں کو دوست نہ بناؤ، اگر وہ کفر کو ایمان سے زیادہ عزیز رکھیں۔ تم میں سے جو بھی ان سے محبت رکھے گا وہ پورا ظالم ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

''آخری زمانہ میں دجال اور کذاب ہوں گے جو تمہارے پاس ایسی باتیں لائیں گے جن کو تم نے نہ سنا ہوگا، نہ تمہارے

Marfat.com

باپ دادا نے، تم ان سے دور رہنا (یاد رہے) وہ تم سے دور ہیں وہ تم کو گمراہ نہ کریں اور تم کو فتنہ میں نہ ڈالیں۔"
(صحیح مسلم جلد اول صفحہ 10)

مزید تفصیل کے لئے سنن ابی داؤد کی کتاب السنہ الملی احکام المرتدین ملاحظہ فرمائیں

مزید برآں زندیق کے ساتھ سیدنا علیؓ کا سلوک:

یہ کوئی جذباتی فیصلہ نہیں بلکہ اس پر قرآن وسنت سے بہت دلائل موجود ہیں جو کہ علماء کرام نے اپنے فتوؤں میں زیب قرطاس کیے ہیں، میں بھی قادیانیوں کے دشمنوں اور محبان رسول ﷺ اور داعیان ختم نبوت کے سلک میں منسلک ہونے کی غرض سے چند دلائل درج کرتا ہوں۔

امام ابن قدامۃ فرماتے ہیں:

ومن ادعى النبوة ،اوصدق من ادعاه ، فقد ارتد، لأن مسيلمة لما ادعى النبوة وصدقه قومه صاروا بذلك مر تدين وكذلك طليحة الأسدى و مصدقوه، وقال النبى ﷺ لاتقوم الساعة حتى يبعث دجالون كذابون قريبا من ثلاثين كلهم يزعم أنه رسول الله(رواه البخارى ۵۰۹/۱ ومسلم ۳۹۷/۲ المغنى لابن قدامة ۲۹۸/۱۲

اور مرتدین کا حکم شرعا قتل ہے اللہ تعالے نے فرمایا ہے: **ومن يرتددمنكم عن دينه فيمت وهو كافر فاولئك حبطت اعمالهم فى الدنيا والأخرة واولئك هم فيها خالدون . سورة البقرة ۲۱۷** . اور رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

نے فرمایا ہے،

من بدل دینه فاقتلوه ،رواه ابو داود ۲/۲۵۰وصححه الألبانی.

امام ابن قدامہ فرماتے ہیں:

وأجمع أهل العلم على وجوب قتل المرتدين۔ روى ذلك عن ابى بكر، وعلىّ،ومعاذ،وأبى موسى، وابن عباس ، وخالد، وغيرهم ،رضى الله عنهم، المغنى لابن قدامة۱۲/۲٦٤

اور مرتدین کیساتھ قتال حاکم وقت کا کام ہے جیسے أبوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ نے مرتدین سے قتال کیا۔

چونکہ قتال حاکم وقت کا فریضہ ہے لہذا مسلمانوں پر اُن سے مقاطعہ فرض ہے۔اللہ تعالے نے فرمایا:

ولاتركنوا الى الذين ظلموا فتمسكم النار. سورة هود ۱۱۳

يا ايها الذين آمنوا لاتتخذوا آبآء كم واخوانكم اولياء ان استحبوا الكفر على الايمان ومن يتولهم منكم فاولئک هم الظالمون. التوبة ۲۳

لاتجد قوما يؤمنون بالله واليوم الآخر يوادّون من حادّ الله ورسوله ولو كانوا آبآءهم او ابناء هم او عشيرتهم . سورة المجادلة،۲۲

يا ايها الذين آمنوا لاتتخذوا الكافرين اولياء من دون المؤمنين . سورة النساء ۱۴۴

يا ايها الذين آمنوا لاتتخذوا عدوى وعدوكم اوليآء تلقون اليهم بالمودة وقد كفروا بما جاء كم من الحق يخرجون الرسول واياكم ان تؤمنوا بالله ربكم ان كنتم خرجتم جهادا فى سبيلى وابتغاء مرضاتى تسرون اليهم بالمودة وانا اعلم بمااخفيتم وما اعلنتم ومن يفعله منكم فقد ضل سوآء السبيل. سورة الممتحنة ۱

فاما الذين فى قلوبهم زيغ فيتبعون ما تشابه منه ابتغاء الفتنة وابتغاء تأويله . سورة آل عمران ، ۷

امام بخاری رحمہ اللہ نے اسکی تفسیر میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنھا کی روایت ذکر کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اولئک الذين سمّاهم الله فاحذرهم، رواه البخارى ۲/۶۵۲

لہذا ان حالات میں اہل اسلام پر واجب ہے کہ قادیانیوں سے ہر قسم تعلقات منقطع کریں اور ان سے نفرت اور کراہت کا اظہار کریں کیونکہ یہی اسلامی فریضہ اور لازم ہے۔

هذا والله اعلم۔ کتبہ ابوعمر عبدالعزیز النورستانی

مدير الجامعة الأثرية بشاور

Marfat.com

حافظ زبیر علی زئی صاحب حفظہ اللہ مدرسہ اہل الحدیث حضرو، اٹک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللّٰہ ربّ العالمین والصّلٰوۃ والسّلام علٰی رسولہ الأمین :خاتم النبیین أي آخر النبیین ورضی أصحابہ أجمعین و من تبعھم بإحسان إلٰی یوم الدین، أما بعد:

اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ آخر الانبیاء ہیں اور آپ کے بعد نبوت ورسالت کا دروازہ ہمیشہ کے لئے بند کر دیا گیا ہے لہٰذا آپ ﷺ کے بعد نہ کوئی رسول پیدا ہوگا اور نہ کوئی نبی پیدا ہوگا۔

اس میں بھی کوئی شک وشبہ نہیں کہ مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے تمام متبعین: قادیانی، مرزائی اور لاہوری مرزائی سب کے سب پکے کافر ہیں اور دائرہ اسلام سے یقیناً خارج ہیں، تفصیل کے لئے دیکھئے مولانا محدّث ارشاد الحق اثری حفظہ اللہ کی کتاب "قادیانی کافر کیوں؟" اور کتبِ متعلقہ۔

اس تمہید کے بعد آپ کے سوالات کا مختصر اور جامع جواب درج ذیل ہے:

سورۃ الممتحنہ (آیت:۴) اور دیگر دلائل کی رُو سے ہر مسلمان پر ضروری ہے کہ وہ قادیانیوں، مرزائیوں اور تمام کفار ومرتدین سے برادرانہ تعلقات منقطع کرے۔ ان سے میل جول، نشست وبرخاست اور شادی غمی میں شرکت نہ رکھے اور سلام وکلام منقطع کر دے۔

تنبیہ: اگر قادیانیوں، مرزائیوں اور کفار ومرتدین کو دعوتِ اسلام اور اُن کے شبہات کا رد مقصود ہو تو اہلِ علم حضرات شرائطِ شرعیہ کے مطابق اُن سے کلام کر سکتے ہیں۔

ہر مسلمان پر یہ فرض ہے کہ ان کفار ومرتدین سے تجارت، لین دین اور خرید وفروخت نہ کرے، اُن کے کارخانوں، فیکٹریوں، دکانوں اور بیکریوں کا مکمل بائیکاٹ کرے۔ ان کی تعلیم گاہوں، ہوٹلوں، ریستورانوں اور ہسپتالوں میں ہرگز نہ جائے اور ان کے ڈاکٹروں سے علاج بالکل نہ کروائے۔

یہ لوگ یہود ونصاریٰ سے زیادہ خطرناک ہیں لہٰذا ان کے ساتھ کسی قسم کی رواداری نہ برتی جائے بلکہ اپنے تمام وسائل کے ساتھ ہر طریقے سے ان کفار ومرتدین کی پوری مخالفت کر کے ان کی دعوت کو ختم کرنے اور دینِ اسلام کو غالب کرنے کی کوشش کی جائے۔

حافظ زبیر علی زئی

مدرسہ اہل الحدیث حضرو۔ ضلع اٹک، پاکستان

(۳۱/ مارچ ۲۰۱۰ء)

Marfat.com

مولانا عبدالستار حماد صاحب حفظہ اللہ
مرکز الدراسات الاسلامیہ میاں چنوں

الجواب وصلی المؤفق للصواب

اللہ تعالیٰ نے حضرات انبیاء علیہم السلام کا سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع فرمایا اور آخر میں نبی آخر الزمان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اس سلسلہ کو ختم کر دیا اب آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا اور نہ ہی وحی کا سلسلہ جاری ہو گا چنانچہ قرآن و حدیث اور اجماع امت سے ثابت ہے کہ آپ کے بعد وحی کے انقطاع کا مسئلہ ایسا مسئلہ ہے جس پر تمام امت کا اجماع ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں (الاحزاب : ۴۰)

خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسئلہ ختم نبوت بہترین پیرایہ میں بیان فرمایا ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میری اور دیگر انبیاء کی مثال ویسی ہے جیسے کسی نے ایک مکان تعمیر کیا اور اسے نہایت خوبصورت بنایا مگر ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ خالی چھوڑ دی، لوگ چاروں طرف سے اس عمارت کو دیکھتے اور اسے تعجب سے پسند کرتے ہیں مگر کہتے ہیں کہ تم نے اس جگہ ایک اینٹ کیوں نہ لگا دی چنانچہ میں وہ اینٹ ہوں میں خاتم النبیین ہوں (صحیح بخاری، المناقب: ۳۵۳۵)

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی ایک روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

"بنی اسرائیل کی سیاست حضرات انبیاء علیہم السلام کے ہاتھ میں تھی جب کبھی ایک نبی فوت ہوتا تو دوسرا نبی اس کا جانشین ہوتا مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہو گا البتہ کثرت خلفاء ہوں گے"

(صحیح بخاری، احادیث الانبیاء: ۳۴۵۵)

حدیث دجال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ہو گا (مسند امام احمد ص ۳۳۸، ۳۷۰)

Marfat.com

ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

کیا تم اس بات پر راضی نہیں کہ تمہارا میرے لئے وہی درجہ ہو جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کیلئے ھارون علیہ السلام کا تھا سوائے اس کے میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا (ابن ماجہ، السنۃ : 121)

ان احادیث کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہر مدعی نبوت کافر اور دین سے خارج ہے چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ایک دفعہ میں سویا ہوا تھا، میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے ہاتھ میں سونے کے دو کنگن ہیں
مجھے وحی کے ذریعہ بہت پریشانی ہوئی، خواب ہی میں مجھے حکم دیا گیا کہ ان پر پھونک
مارو، میں نے جب ان پر پھونک ماری تو دونوں غائب ہو گئے میں نے اس خواب
کی تعبیر یہ کی کہ میرے بعد دو جھوٹے شخص پیغمبری کا دعویٰ کریں گے ان میں
ایک اسود عنسی ہے اور دوسرا مسیلمہ کذاب (صحیح بخاری، المغازی : 4379)

چنانچہ ایک دوسری روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں مسیلمہ کذاب مدینہ طیبہ آیا اور کہنے لگا کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے بعد مجھے جانشین بنا دیں تو میں ان کی فرمانبرداری کرنے کو تیار ہوں" اور مسیلمہ کذاب اپنے ساتھ بہت سے قبیلوں کو بنی لایا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت ثابت بن شماس رضی اللہ عنہ تھے اس وقت آپ کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی، آپ نے اس سے مخاطب کر کے فرمایا

"اگر تم مجھ سے یہ چھڑی بھی مانگو تو میں نہیں دوں گا
جانشینی تو دور کی بات ہے اور جو شان تمہاری تقدیر میں
لکھ دیا ہے تو اس سے نہیں بچ سکتے اور اگر تو میری نافرمانی کرے
گا تو اللہ تجھے تباہ کر دے گا اور میں تو سمجھتا ہوں کہ
تو وہی شخص ہے جسکا حال مجھے اللہ تعالیٰ نے خواب میں بتلایا
ہے" (صحیح بخاری، المناقب : 3620)

بہرحال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق حضرت وحشی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں جہنم واصل ہوا، ایک دوسرے مقام پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

قریب ہے میرے بعد تیس کذاب پیدا ہوں گے، سب کے سب اپنے نبی ہونے کا
دعویٰ کریں گے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں

(ابوداؤد، الفتن : 4252)

Marfat.com

ہا ۔ے نز دیک مرزا غلام احمد قادیانی کیلئے جھوٹا مدعی نبوت ہے اور دین اور ادیب کے پیش نظر
دوسرا دعوی نبوت کے بعد جو بھی نبوت کا دعوی کرے یا کسی مدعی نبوت کی تصدیق کرے وہ کافر اور دین
اسلام سے خارج ہے لیکن اس نے اپنے اس دعوی کے دلائل اور اجماع امت کی تکذیب کی ہے
واضح رہے کہ مرزا غلام احمد قادیانی دعوی نبوت سے پہلے ختم نبوت کا قائل تھا اور نبوت کا دعوی کرنے والے
کو کافر سمجھتا تھا جیسا کہ اس نے لکھا ہے

محمد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبی آئے تو کیسے آئے جبکہ آپ کی دنیا کے بعد
وحی بند ہو چکی ہے اور اللہ تعالیٰ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نبوتوں
کو ختم کر دیا ہے (حمامۃ البشریٰ ص ۲۰)

ایک دوسرے مقام پر لکھتا ہے۔

جیسے یہ بات زیبا نہیں کہ میں نبوت کا دعوی کروں اسلام سے خارج ہو جاؤں
اور کافروں سے جا ملوں (حمامۃ البشریٰ ص ۷۹)

مرزا قادیانی کی مفتریات نبوت کے کئی نئے مراحل ہیں، سب سے پہلے اس نے مجدد ہونے کا دعوی کیا، اس کے
مشتمل مسیح پھر مسیح موعود ہونے کا دعوی کر دیا، جبکہ بذریعہ کشف والہام اس نے کشتی نوح صلی اللہ علیہ وسلم
کی تیرگی شناوری ہیا کر دی، اس کے بعد کھل کر نبی نبوت کا دعوی کیا اور یہ باور کرایا کہ مجھ پر وحی آتی
ہے اور (نعوذ باللہ) میں اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوتا ہوں، جب اس پر علماء حق نے "گرفت کی تو کہنے لگا
میں کوئی مستقل نبی یا صاحب شریعت رسول نہیں جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کی وجہ سے نبی ہوا ہوں
اور آپ ہی کا ظل اور بروز ہوں جس میں ظلی اور بروزی نبی ہوں، اس کا مطلب یہ ہے کہ مرزا
قادیانی پہلے درجہ نبوت کے حاصل کئے ہیں پھر مشتمل مسیح اور مسیح موعود، جب عام
چلتا دیکھا تو نبوت کا دعوی کر دیا۔ اگر غور کیا جائے تو، جس قدر بھی نبوت ہی کے لیے الہامی دعوی
نبوت تھے کاش یہ کمبوخت سابقہ دنیاء علیہم السلام میں سے کوئی نبی ہوتا جبکہ درجہ نبی نہیں بنایا
اس دعوی نبوت کی تردید کیلئے درج ذیل باتیں قابل غور ہیں

اور اس نے دعوی کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرنے پر مجھے ظلی نبوت کا درجہ حاصل ہوا ہے
گویا اس کے نزدیک نبوت وہبی نہیں جبکہ کسبی ہے جبکہ قرآن کریم نے اس نظریہ کی بھرپور تردید کی
ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ اپنی رسالت کا کام کس سے لے (الانعام : ۱۲۴)

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی چیز طرح تو اس کے سب سے زیادہ مستحق صحابہ کرام تھے جنہوں نے آپ کی رفاقت
و حیات سے شرف یاب ہوئے تھے"

جبکہ دوسرے صلی اللہ علیہ وسلم شاعر نہ تھے اور نہ ہی شاعری آپ کے شایانِ شان تھی تصنیف مرزا قادیانی شاعر تھا اس نے
دوسرے دیوانوں کی طرح اردو اور فارسی میں بہت سے اشعار اور قصیدے لکھے" اور مرزا قادیانی" رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ظل اور بروز ہے
تو ظاہر ہے تو شاعر نہ تھے یہ عکس میں شاعری کہاں سے آگئی" اس کا مطلب ہے مرزا قادیانی" رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کا عکس قطعاً نہیں ہے

ج۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشن اور مذہب میں ہمیشہ مروجہ فحش" تو اللہ بد زبان نہیں تھے جبکہ مرزا قادیانی انتہائی
بد زبان اور فحش گو" اس نے اپنی تصنیف کو دافع البلاء اور لذا الحرام کہا ہے جبکہ اس نے "شیشہ کمالات" میں لکھا ہے

"میں نے آدمیوں کے بیری تصدیق نہیں کی وہ سب کنجریوں کی اولاد ہیں"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مخالفین کے حق میں قطعاً ایسی زبان درازی استعمال نہیں کی ہے" اس بناء مرزا قادیانی قطعی طور
پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عکس نہیں ہے

د۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں جہاد کیا اور سنت میں خود شریک ہوئے اور اپنے صحابہ کو بھی
جہاد جیسی سنت کو جاری رکھنے" کا حکم دیا" مرزا قادیانی" جہاد کی مخالفت کا فتویٰ جاری کیا" کیا ایسا شخص
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عکس ہو سکتا ہے ہرگز نہیں" بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات
کو مٹانے" کی ٹھان رکھی تھی" اس لئے اس نے تو جہاد کو منسوخ قرار دیا" بلکہ اپنے خود کاشتہ پودا تھا" جس نے مسلمانوں
میں پھوٹ ڈالی اور جہاد کو حرام قرار دیا" بلکہ اس نے دوسرے تمام مسلمانوں کو کافر قرار دیا" چنانچہ
بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح جب فوت ہوئے تو مشہور قادیانی ظفر اللہ خان نے ان کے جنازہ میں شرکت نہ کی
جو کہ کھلے جھٹلانے کے مترادف ہے اور جو ذہن دو واقعات قابل غور ہیں"

اور مرزا قادیانی نے اپنی زندگی میں پیشگوئی کی تھی کہ اس کا نکاح محمدی بیگم سے ہوا ہوں کہ محمدی بیگم
کے عزیز نے جو مرزا قادیانی کی برادری سے تھے" انکار کر دیا اور محمدی بیگم کا نکاح
کسی دوسری جگہ کر دیا اور مرزا قادیانی اس سے نکاح کی حسرت دل میں لئے ہوئے اگلے جہان روانہ ہوا
پھر مرزا قادیانی نے مولانا ثناء اللہ امرتسری مرحوم سے مباہلہ کیا" اگر میں جھوٹا اور مفتری ہوں تو میں
ثناء اللہ کی زندگی میں ہلاک ہو جاؤں" چنانچہ وہ اس مباہلہ کے تیرہ ماہ بعد ہیضہ کی بیماری سے مذہور
میں مرا جبکہ مولانا ثناء اللہ امرتسری اپنی مکمل فضل و کرم سے مورخ 1948ء تک قبل مرزا قادیانی کی وفات سے
چالیس سال بعد تک زندہ رہے" پس وہ حقائق تھے جنکی بنا پر عدالت ہائے کفار نے 1974ء میں قادیانیوں
کو غیر مسلم قرار دیا" والحمد للہ رب العالمین"

Marfat.com

بہرحال عقیدہ ختم نبوت بنیادی عقائد میں سے ہے، ہمارے رجحان کے مطابق اس کا منکر مرتد اور واجب القتل ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جن لوگوں نے بھی دعوی نبوت کیا، صحابہ کرام نے ان سے جنگ کی، یہ عقیدہ ختم نبوت ہمارا ایمان ہے، ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مسیلمہ کذاب اسود عنسی جیسے مدعیان نبوت کو قتل کروایا اور ان کے فتنے کو باقاعدہ لشکر کشی کی گئی، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ قادیانی، اسلام صاحب اسلام اور اہل اسلام کے ہر اعتبار سے دشمن ہیں اور دشمن کا کوئی سوتیلا ہاتھ سے نہیں جانے دیتے اسی لئے ضروری ہے کہ ان سے معاشرتی اور تجارتی تعلقات کے سلسلہ مقاطعت کر دی جائے جیسا کہ مسلمانوں نے دوسرے حصہ کے سلسلہ استفسار کیا ہے"

واضح رہے کہ دائرہ اسلام میں داخل ہونے والے کے لئے مسئلہ توحید باری تعالیٰ کے ساتھ اس امر کا اقرار کرنا بھی ضروری ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی ہیں اور آپ پر سلسلہ نبوت ختم ہو گیا ہے لہٰذا آپ کے بعد کسی قسم کا نیا شریعت، ظلی یا بروزی کوئی نبی نہیں آ سکتا، اسی عقیدہ ختم نبوت ایمان کا وہ حصہ ہے جسے انکار سے دین ہی قائم نہیں رہتا، مرزا غلام احمد قادیانی، جس نے قرآن و حدیث کی صریح اور واضح نصوص کے خلاف دعوی نبوت کیا، اسی بناء پر مرزا قادیانی اور اس کی تمام ذریت دائرہ اسلام سے خارج ہے چونکہ یہ لوگ قطعی نصوص کی مخالفت کرتے ہیں لہٰذا یہ کافر ہی نہیں بلکہ مرتد اور واجب القتل ہیں، یہ ایسے غدار آستین ہیں جو کلمہ کی آڑ میں لوگوں کو گمراہ کرتے ہیں، ان کی حمایت کرنا بہت بڑا جرم ہے، ایسے لوگوں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے کے سلسلہ اللہ تعالیٰ نے سخت وعید سنائی ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

اور یقیناً اللہ نے کتاب میں تم پر یہ حکم نازل کیا ہے کہ جب تمہارے سامنے اللہ کی آیات کے ساتھ مذاق کیا جا رہا ہو اور ان پر تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہو تو ایسے لوگوں کے ساتھ مت بیٹھو تاآنکہ وہ کسی دوسری بات میں مصروف ہو جائیں، بے شک تم بھی ان جیسے ہو گے (النساء: ۱۴۰)

ایک دوسرے مقام پر فرمایا کہ یاد آنے پر آپ ظالم لوگوں کے پاس مت بیٹھو (الانعام: ۶۸)

اسی بناء پر مرزا قادیانی اور اس کے پیروکار جو آیات قرآن کے ساتھ استہزاء و مذاق کرتے ہیں ان کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا، کھانا پینا اور ان سے تعلقات استوار کرنا حرام ہے، اسلامی ممالک نے اسی ممانعت کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی قسم کا معاشرتی یا تجارتی تعلق رکھنا، سعودی عرب کے منافی ہے ایک مسلمان کو ان سے اجتناب کرنا چاہیے"

Marfat.com

ان مرتد نما کے ساتھ آدمی جہالت و نادانی کی وجہ سے تعلقات رکھتا ہے، اگرچہ اس قسم کا فرد عموماً کفر
نہیں تاہم خطرہ ہے کہ ان کے تعلقات استوار کرتے کرتے ان کے ساتھ شامل نہ ہو جائے لہٰذا ایسے آدمی کو بھی
اپنے شدید نظر ثانی کرنا چاہیے۔ نیز یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ کفار کے ساتھ تعلقات کی تین اقسام
ہیں حکم و علامات حسب ذیل ہے

موالات: میں ان سے دوستی محبت پر مبنی تعلقات رکھنا، یہ تو کسی حالت میں درست نہیں ہے، قرآن کریم نے
اس قسم کے تعلقات رکھنے سے سختی کے ساتھ منع کیا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے

مسلمانو! کسی غیر کو اپنا راز دان نہ بناؤ (آل عمران: 118)۔

موالات اور براء ایک اسلامی عقیدہ ہے جس کی بناء پر ایک مسلمان کا دلی تعلق ایک مسلمان سے ہی ہونا چاہیے

مداہات: ظاہری طور پر خندہ پیشانی اور خوش اخلاقی سے پیش آنا، دفع ضرر اور مصلحت دین کے پیش
نظر ایسا کرنا جائز ہے، ذاتی فساد اور دنیوی منفعت کیلئے مرزائیوں کے ساتھ مداہات جائز نہیں ہے

مواسات: ضرورت مند پر احسان اور نفع رسانی کا اقدام، یہ صرف ایسے کفار کے ساتھ کیا جا سکتا ہے جو
برسر جنگ نہ ہو جو مسلم اور اہل اسلام کو اپنا دشمن کفار میں معروف نہ ہوں، اگر مخالفت کرتے ہوئے میدان
میں اتر آئیں اور اہل اسلام کو تکلیف دینے کیلئے منصوبہ سازی میں سرگرم عمل ہوں تو ایسے کفار کے
ساتھ مواسات بھی جائز نہیں ہے، سورۃ ممتحنہ کے سیاق سے پتہ چلتا ہے کہ کافر دشمن اور کافر غیر دشمن
کے درمیان فرق رکھنا درست نہیں ہے جبکہ دین میں فرق رکھنا چاہیے۔ قادیانی گروپ، اہل اسلام
کا پیدائشی دشمن رہا ہے لہٰذا ان کے ساتھ کسی قسم کی مواسات جائز نہیں ہے

مرزا قادیانی نے اپنی خود ساختہ نبوت کو سہارا دینے کیلئے قرآن و حدیث میں تحریف کی ہے اور بے سروپا
قادیانی نے اپنی خود ساختہ نبوت کو سہارا دینے کیلئے قرآن و حدیث میں تحریف کی ہے اور بے سروپا
تاویلات کا دروازہ کھولا ہے۔ دیکھئے سورۃ بقرہ، سورۃ نساء، سورۃ مائدہ، سورۃ انعام، سورۃ توبہ، سورۃ یونس، سورۃ ہود، سورۃ رعد، سورۃ ابراہیم، سورۃ حجر، سورۃ نحل، سورۃ بنی اسرائیل، سورۃ کہف، سورۃ مریم، سورۃ طٰہٰ، سورۃ انبیاء، سورۃ حج، سورۃ مؤمنون، سورۃ نور، سورۃ فرقان، سورۃ شعراء، سورۃ نمل، سورۃ قصص، سورۃ عنکبوت، سورۃ روم، سورۃ لقمان، سورۃ سجدہ، سورۃ احزاب، سورۃ سبا، سورۃ فاطر، سورۃ یٰسین، سورۃ صافات، سورۃ ص، سورۃ زمر، سورۃ مؤمن، سورۃ حٰمٓ سجدہ، سورۃ شوریٰ، سورۃ زخرف، سورۃ دخان، سورۃ جاثیہ، سورۃ احقاف، سورۃ محمد، سورۃ فتح، سورۃ حجرات، سورۃ قٓ، سورۃ ذاریات، سورۃ طور، سورۃ نجم، سورۃ قمر، سورۃ رحمٰن، سورۃ واقعہ، سورۃ حدید، سورۃ مجادلہ، سورۃ حشر، سورۃ ممتحنہ، سورۃ صف، سورۃ جمعہ، سورۃ منافقون، سورۃ تغابن، سورۃ طلاق، سورۃ تحریم، سورۃ ملک، سورۃ قلم، سورۃ حاقہ، سورۃ معارج، سورۃ نوح، سورۃ جن، سورۃ مزمل، سورۃ مدثر، سورۃ قیامہ، سورۃ دہر، سورۃ مرسلات، سورۃ نبا، سورۃ نازعات، سورۃ عبس، سورۃ تکویر، سورۃ انفطار، سورۃ مطففین، سورۃ انشقاق، سورۃ بروج، سورۃ طارق، سورۃ اعلیٰ، سورۃ غاشیہ، سورۃ فجر، سورۃ بلد، سورۃ شمس، سورۃ لیل، سورۃ ضحیٰ، سورۃ الم نشرح، سورۃ تین، سورۃ علق، سورۃ قدر، سورۃ بینہ، سورۃ زلزال، سورۃ عادیات، سورۃ قارعہ، سورۃ تکاثر، سورۃ عصر، سورۃ ہمزہ، سورۃ فیل، سورۃ قریش، سورۃ ماعون، سورۃ کوثر، سورۃ کافرون، سورۃ نصر، سورۃ لہب، سورۃ اخلاص، سورۃ فلق، سورۃ ناس، جن کی تحریف کرنے کی تلبیس
جن شکار بیات کے پیچھے گئے ہیں تو وہ بھی تو وہی ہیں جن سے اللہ نے اجتناب کرنے کی تلقین
فرمائی ہے (صحیح بخاری، التفسیر: 4547)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنگ سے سختی کی بنیاد پر پیچھے رہ جانے والوں کا بائیکاٹ کیا تھا جبکہ قرآن مجید
میں صحابہ کعب بن مالک اور ان کے ساتھیوں کا واقعہ بیان ہوا ہے، جو بدبخت دنیا میں کسی جہاد میں شرکت
نہ کرے تو ایسے شخص کے ساتھ بائیکاٹ انتہائی ضروری ہے اور اسکی بیعت کرنے والوں سے شرکت
معاملات کرنا جائز و درست ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

ابو محمد حافظ عبد الستار الحماد
مدیر مرکز الدراسات الاسلامیۃ
نواب کالونی، میاں چنوں، خانیوال، پاکستان
خریج الجامعۃ الاسلامیۃ بالمدینۃ المنورۃ
مجلت وزارۃ الأوقاف والشؤون الإسلامیۃ والدعوۃ والإرشاد
المملکۃ العربیۃ السعودیۃ

Marfat.com

ابن ادریس محمد نعمان فاروقی صاحب حفظہ اللہ
مدیر ماہنامہ ضیاء حدیث

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الوھاب :

مرزائیوں کے ارتداد میں ذرہ بھر بھی شک نہیں اور ایسے مرتد کی سزا قتل ہے - ان دو بانوں کی دلیل عہد نبوی کا یہ واقعہ ہے۔ مسیلمہ کذاب نے اپنے دو قاصد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا : تم مسیلمہ کے بارے میں کیا کہتے ہو ؟ وہ بولے : ہم وہی کہتے ہیں جو وہ کہتا ہے۔ فرمایا : ((أَمَا وَاللّٰهِ لَوْلَا أَنَّ الرُّسُلَ لَا تُقْتَلُ لَضَرَبْتُ أَعْنَاقَكُمَا)) "اگر یہ دستور نہ ہوتا کہ قاصدوں کو قتل نہیں کیا جاتا تو میں تمہاری گردنیں اڑا دیتا۔ (سنن أبی داود : 2761) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں اپنے مبارک ہاتھوں میں سونے کے کنگن پہنے دیکھے تو ناگواری محسوس کی کیونکہ اس کی تعبیر دو جھوٹے مدعیانِ نبوت مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی تھے۔ (صحیح بخاری : 3621) یہی وجہ ہے کہ مدعیان نبوت اور ان کے پیروؤں کا مقابلہ مجلس شوریٰ میں نہیں بلکہ جہاد کے محاذوں پر ہوا۔ مگر مرزائیت کے حوالے سے بروقت صحیح فیصلہ نہ ہو سکا اور مرزائی مسلمانوں کے ساتھ گھل مل کر رہنے لگے اور مسلمانوں نے اسے رواداری خیال کیا اور نوبت یہاں تک پہنچی ہے کہ مسلم خواتین مرزائی بچوں کو جنم دے رہی ہیں۔ اور ان سے تعلقات کے باعث بہت سے مسلمان ارتداد کا شکار ہو چکے ہیں۔ حالانکہ شریعتِ اسلامیہ میں کافر کے برعکس مرتد کی سزا قتل اسی لیے تجویز کی گئی ہے کہ اگر ایک مرتد شخص مسلم معاشرے کا حصہ بنا رہے گا تو وہ دوسرے مسلمانوں کو اسلام سے برگشتہ کرنے کا باعث بنے گا کیونکہ ہر ایک کا ایمان مستحکم نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ مرزائی امت مسلمہ میں نقب لگائے بیٹھے ہیں۔

ایک فقہی قاعدہ ہے کہ حرام تک لے جانے کا ذریعہ بھی حرام ہوتا ہے۔ اس اصول کے مدنظر اگر لوگ حرام کہا بلکہ مرزائیت سے میل جول کے باعث ارتداد کا شکار ہو رہے ہیں تو ان سے تعلقات بالاولیٰ حرام ٹھہرے۔ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا : ((إِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ كَذَّابِينَ فَاحْذَرُوهُمْ)) "یقیناً قیامت سے پہلے جھوٹے ترین لوگوں کا ظہور ہوگا، چنانچہ تم ان سے بچ کر رہنا۔" (السلسلة الصحيحة : 6/ 252) اس حدیث مبارکہ پر عمل کی صورت اس کے علاوہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ ایسے جھوٹے ترین لوگ اور ان کے چیلے معاشرے میں ننگے ہوں اور تمام مسلمان ان سے بچ کر رہیں اور یہ اس وقت ممکن نہیں جب تک مرزائیوں سے سوشل بائیکاٹ نہیں کیا جاتا۔ ایک اور حدیث ہے : ((يَكُونُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ دَجَّالُونَ كَذَّابُونَ يَأْتُونَكُمْ مِنَ الْأَحَادِيثِ بِمَا لَمْ تَسْمَعُوا أَنْتُمْ وَلَا آبَاؤُكُمْ فَإِيَّاكُمْ وَإِيَّاهُمْ لَا يُضِلُّونَكُمْ وَلَا يَفْتِنُونَكُمْ)) "آخری زمانے میں جھوٹے ترین دجل و فریب کرنے والے لوگ ہوں گے وہ تمہارے پاس ایسی نئی نئی باتیں لائیں گے کہ انہیں نہ تم نے نہ تمہارے آباؤ اجداد نے سنا ہوگا، لہٰذا تم ان سے دور رہنا اور انہیں اپنے آپ سے دور رکھنا۔ وہ تمہیں گمراہ نہ کر پائیں اور نہ کسی فتنے میں ڈالیں۔" (صحیح مسلم، حدیث : 7) گویا کہ یہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فتویٰ ہے کہ مرزائیوں سے دور رہا جائے اور انہیں بھی اپنے آپ سے دور رکھا جائے۔ سابقہ حدیث میں "حذر" اور اس حدیث میں "إِيَّاكُمْ" کے الفاظ سے زیادہ بلیغ الفاظ کسی خطرے سے بچنے کے لیے نہیں ہیں حتی کہ شر سے تحفظ کے لیے "إِيَّاكَ وَالْأَسَدَ" بولا جاتا ہے۔ دراصل ایسے لوگ ہمارے متاعِ ایمان کے انتہائی خطرناک دشمن ہیں۔

Marfat.com

اور جب یہ بات اظہر من الشمس ہو کہ ہر مرزائی اپنی آمدن کا کچھ نہ کچھ حصہ مرزائیت کے فروغ یعنی مسلمانوں کو مرتد بنانے پر خرچ کرتا ہے تو ایسی صورت میں ہر غیور مسلمان اور سچے امتی کے لیے واجب ہے کہ وہ کسی قادیانی فرد یا ادارے کے نفع کا باعث نہ بنے کیونکہ اس کمائے ہوئے نفع میں نقب زنی کا باعث اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ناگواری کا سبب بنے گا۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں جہاں مسلمانوں کی معاشی حالت بہتر کرنے کے اقدامات کیے وہاں دین کے دشمنوں کی معیشت کو کمزور کرنے کی کوشش بھی کی کیونکہ دین دشمن عناصر کا نفع اللہ کے راستے سے روکنے یا برگشتہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ غزوۂ بدر سے پہلے کرزا اور خود غزوہ بدر اس کی روشن دلیل ہے۔ مرزائی دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ساتھ آپ کی ذات والا صفات کے بھی دشمن ہیں۔ ایسے حالات میں ان سے تجارتی اور معاشی بائیکاٹ ہمارے ایمان کا تقاضا ہے۔ اور یہ اس وقت واجب ہو جاتا ہے جب آپ کے دیے ہوئے تھوڑے یا زیادہ نفع کے بدولت لوگ محمد کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دین سے برگشتہ ہو کر ایک نئے دین کو قبول کر رہے ہوں۔

اسی طرح مرزائیوں سے رشتے کے لین دین میں بہت سی خرابیاں لازم آتی ہیں کیونکہ رشتے کی وجہ سے ادب و احترام اور محبت قائم ہونا ایک فطری امر ہے اور کسی مسلمان کا ضمیر یہ قبول کر سکتا ہے کہ وہ مرزائی جیسے گستاخ رسول جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلے میں ایک نارمل شخص کو لاکھڑا کیا ہے، اس کا ادب و احترام کرے۔ مستزاد برآں یہ کہ مرزائی فتووں میں یہ صراحت موجود ہے کہ وہ مسلمانوں کو اہل کتاب کی جگہ رکھتے ہیں کہ ان کی لڑکیوں سے شادی جائز ہے مگر انھیں کسی لڑکی کا رشتہ دیا نہیں جا سکتا۔ مگر مسلمان اتنے "روادار" ہیں کہ اُن کی لڑکیاں مرزائی بچوں کو جنم دے رہی ہیں۔

اس بارے میں سب سے اہم مسئلہ دینی غیرت و حمیت کا ہے۔ ورنہ ہم اپنے ذاتی معاملات اور ان کے نتیجے میں ہونے والے بائیکاٹ کے لیے تو کسی مفتی کے فتوے کے منتظر نہیں رہتے اور اپنے ذاتی دشمن کو ہر لحاظ سے کمزور کرنے اور نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں اور دنیا کو بتاتے ہیں کہ یہ ہمارا دشمن ہے۔ اگر ہم اپنی ذاتی غیرت کے مقابلے میں دینی غیرت و حمیت کو اہمیت دیں تو کسی فتوے کی ضرورت رہے نہ کسی شرعی راہ نمائی کی کیونکہ ہر کلمہ گو شخص جانتا ہے جس ذات سے وابستگی کا نام ایمان ہے اس کا دفاع بھی اس کے ذمے ہے۔ اور قادیانیت کی رو سے اللہ تعالیٰ کی توہین، قرآن پاک کی توہین، محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں ہرزہ سرائیاں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اہل بیت رضی اللہ عنہم کی گستاخیاں کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔

لہٰذا ہمارے لیے ضروری ہے کہ قادیانیت کے خلاف ہم سے جو کچھ ہو سکتا ہے ہم کریں اور اس کی ایک ادنیٰ سی مگر انتہائی کارگر اور موثر صورت یہ ہے کہ ان سے سوشل بائیکاٹ کریں۔

واللہ ولی التوفیق

ابن ادریس محمد نعمان نارونی

30 مئی 2011ء / 26 جمادی الثانیہ 1432ھ

دارالسلام، لاہور

Marfat.com

مفتی امین اللہ پشاوری صاحب جامعہ تعلیم والقرآن والسنتہ پشاور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ والصلاۃ والسلام علی خاتم الانبیاء محمد وآلہ فاجبت دعاءہ الی اہم الذی
اُمامیہ : مسئلہ ختم نبوت ہمارا اسلام اور سیدھا واضح مسئلہ ہے
جیسا دو روشن ، اور یہ مسئلہ اختلافی نہیں بلکہ بدیہات اور ضروریات میں
سے ہیں اسلئے یہ گمان نہ کرنا کہ شاید اس میں اختلاف کے کوئی گنجائش ہے
محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کی کئی پہلو ہے
۱- آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول اللہ ماننا (۲) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بشر ماننا (۳)
عربی ھاشمی ماننا (۴) اور مبعوث الی الانس والجن - الی الاسود والاحمر ماننا
یعنی عالمی رسول قیامت تک انسانیت کیلئے رسول ماننا جیسا قرآن میں ہے
قل یا یہا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعاً" وفی الحدیث وبعثت الی الناس کافۃ"
رواہ البخاری وغیرہ ۔
(۵) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری رسول اور نبی ماننا، خاتم النبیین ماننا ۔
آپ کے بعد کوئی نبی نہیں صرف عیسیٰ علیہ السلام کے نزول ہے یہ ختم نبوت
کے منافی نہیں جیسا ھمارا شیخ عبدالسلام صاحب نے اپنی کتاب [redacted] انکار حدیث
سے لیکر انکار قرآن تک" کتاب میں واضح لکھا ہے ۔
ختم نبوت پر ھمارا اہل حدیث علماء نے کتابیں لکھی ہیں
ھمارا مذکور شیخ کی کتاب ختم نبوت کی نام سے مشہور ہے
اُسے میں دلائل ذکر کیا گیا ہے اب ھمارا مختصر فتوی لکھنا مقصود ہے
اور وہ قادیانیوں کے معاملات کے بارے میں ہے

کفار دو قسم پر ہے (اصلی) ان کا حکم یہ ہے کہ دل میں بغض رکھنا اور ظاہری
معاملات میں ان کے ساتھ شریک ہونا [علی تفصیل وشروط] "

۲- دوسری قسم مرتدین ہے ان کی حکم واجب القتل ہے جیسا صحیح حدیث بخاری
میں بدل دینہ فاقتلوہ" رواہ البخاری عن ابن عباس رضی اللہ عنہ ۔
لیکن قتل کرنا یہ اہل اقتدار کی کام ہے اور یہ مشروط بالقدرۃ ہے ھم عوام لوگوں
پر ان مرتدین سے ہر قسم اجتناب لازم ہے
قرآن سورہ سمتحنہ (۴) میں چار فرائض اللہ تعالیٰ نے ہم لوگوں پر عائد کیا ہے
۱- براءت کرنا (۲) ان لوگوں مرتدین - سے انکار کرنا (۳) عداوت اللہ تعالیٰ

Marfat.com

ظاہر نا (ع) اور دل میں بغض رکھنا ۔۔ قادیانیوں کے فساد اور کفر میں شک نہیں
اور یہ لوگ یہود اور نصاریٰ کی آلہ کار ہے یورپی ممالک میں ان کی دسیسہ کاریاں
سے چلتے ہیں ۔ ان کی ٹی وی ۔ کی چینل بھی ہے ۔ (سادہ لوگوں ۔ اردنی مسلمانوں
لیلے بہت بڑا دجالی فتنہ ہے

اس فتنہ کے ختم کرنے کیلئے میں حکام اور علماء اور اصحاب جہاد سے ضرور ست کرتا ہوں
کہ ان کی مقابلہ کیا جائے اور صفحہ ہستی سے صفحہ نیستی پر تبدیل
کرنا ضروری ہے ۔ اور بکل ممکن ان کی مقابلہ کرنا ضروری ہے
اور علماء المسلمین سے درخواست اور یہ بات شرعاً ان پر ضروری ہے کہ
قادیانیوں کے ساتھ کوئی معاملہ نہ کرنا ۔ ان سے مکمل بائیکاٹ لازمی ہے
اگر کسی شخص میں ایمان باللہ وبالرسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے
تو اپنی ایمان کے تقضا کو پورا کریں ۔

قادیانیوں سے قطع تعلق ۔ اور ان کے مرتداد کفر ۔ اور واجب قتل کے بارے میں
علماء نے دلائل الحمد للہ اکٹھی کی ہے ۔ اس پر اکتفا کرتا ہوں
اللہ تعالیٰ ان علماء کرام کو جزاء خیر دیدے کہ انہوں نے غیرت ایمانی کا ثبوت دیا اور
مرزا سراجیہ کے بیخ کنی کرتا ہوں اس جہد جدوجہد پر فجزاھم اللہ خیراً

آخر میں دعا کرتا ہوں کہ قادیانیوں کے فتنہ اللہ ختم کریں اور محمد رسول اسلام
کے سنت اور شریعت کے جھنڈا بلند کریں ، مسلمان اس پر اکٹھی کریں
وما ذلک علی اللہ بعزیز
وصلی اللہ علی نبینا محمد خاتم الانبیاء والرسل ، وعلی آلہ وصحبہ اجمعین

وکتبہ ابو محمد امین اللہ البدری ۱۴۳۲/۷/۱۸

قال اللہ تعالیٰ فاسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون
دار الافتاء
الجامعۃ تعلیم القرآن والسنۃ کنج گبت پشاور پاکستان

Marfat.com

جماعتِ اسلامی کا مُتّفقہ فیصلہ

Marfat.com

شیخ الحدیث والقرآن حضرت مولانا عبدالمالک صاحب
جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ قادیانیوں کا سوشل بائیکاٹ امت مسلمہ کا متفق علیہ مسئلہ ہے
میں اس فتوی کی مروجہ طرح تصدیق و تائید کرتا ہوں اور اہل اسلام سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ قادیانیوں کا
مکمل بائیکاٹ کرتے ہوئے قادیانیت کو دین متین کی صفوں میں گھسنے سے روکنے اسی ذریعہ سے ممکن ہے۔ واللہ اعلم

عبدالمالک
۱۴ شعبان المعظم ۱۴۲۹ھ
۱۴ اگست ۲۰۰۸ء

مولانا عبدالمالک شیخ الحدیث والقرآن و صدر اتحاد العلماء پاکستان
جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ۔ ملتان روڈ لاہور ۱۸
مدیر شعبہ استفسارات

مدیر شعبہ استفسارات
جامعہ مرکز علوم اسلامیہ منصورہ لاہور

حافظ محمد ادریس صاحب (امیر جماعت اسلامی پنجاب)

علمائے حق کے اس متفقہ فتوی سے ہر صاحب ایمان کا مکمل اتفاق ہے۔ بنی خاتمیت سیدی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ نفسی و ابی و امی) پر آپ کے گستاخ خود، ختم نبوت پر حملہ اور منکرین ختم نبوت اور آپ کی لائی ہوئی شریعت مطہرہ سے منحرف ہونے والوں کے کسی قسم کے تعلق حمیت و روابط موالات، ایمان کے منافی سمجھتا ہوں۔ کما قال اللہ تعالی فی القرآن المجید (سورۃ المجادلہ آیت نمبر ۲۲) لا تجد قوما یؤمنون باللہ الخ۔
ھذا ما عندی واللہ اعلم عند اللہ۔

حافظ محمد ادریس
Secretary/Director
DARA MAARAF-E-ISLAMI
MANSOORAH, LAHORE.
۱۴ شعبان المعظم ۱۴۲۹ھ

Marfat.com

جناب لیاقت بلوچ صاحب
جناب فاروق احمد صاحب

جملہ اہل ایمان کا عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں نص قرآنی ہے کہ ﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ﴾ لہٰذا جو شخص اس نص کے بعد نبوت کا دعویٰ کرتا ہے یا کسی کو نبی مانتا ہے اس کا کافر ہونے میں کوئی شک نہیں

نیز بنا کر قرآن و سنت میں کفار و مشرکین لوگوں سے دوستانہ تعلق سے منع کیا گیا اور قرآن و سنت کے واضح احکامات کے باوجود ایسے لوگوں سے تعلقات رکھے تو وہ بھی انہیں میں سے ہے۔ پس لہٰذا ایسے لوگوں کی خوشی غمی میں شریک ہونا اور معاملات و مسائل اور کاروبار میں شرکت کرنا گناہ کبیرہ ہے

ھذا ما عندی واللہ اعلم

فاروق

لیاقت بلوچ

جناب فرید احمد پراچہ صاحب جماعت اسلامی

مجھے معتمر شیخ القرآن مولانا عبدالمالک کے محترم حافظ محمد ادریس کی اور تمام علمائے کرام کے خیالات اور تمادیا میں کے باشیعات کی بھی تجاویز سے مکمل اتفاق ہے

فرید احمد پراچہ

10.11.09

Marfat.com

قاضی حسین احمد صاحب

سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ اللہ ونستعینہ ونستغفرہ ونستھدیہ ونصلی ونسلم علیٰ رسولہ الکریم۔

امابعد۔ کوئی ایسا شخص یا گروہ جو اسلام کی آڑ میں کفر پھیلائے اصطلاح شرع میں زندیق اور ملحد کہلاتا ہے۔ قادیانی دائرہ اسلام سے خارج ہیں لیکن وہ اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کو کافر بنانے، مسلمانوں کے خلاف کفار کی سازشوں کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کرتے اور جاسوسی کرتے ہیں۔ دنیا بھر کے نظاموں اور ملکوں میں کا مسلمہ ضابطہ ہے کہ تخریب کاروں سے تحفظ کیلئے لوگ اپنا معقول اور مناسب انتظام کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ اسی ضابطہ کے تحت فقہاء نے قرآن وسنت کی روشنی میں مختلف قسم کے ملحدین کے بائیکاٹ کا فتویٰ دیا ہے۔ تاکہ امت مسلمہ کو انکی تخریب کاری اور دستبرد سے بچایا جا سکے۔ قادیانی جو مرزا غلام احمد قادیانی کو نبی اور مذہبی پیشوا مانتے ہیں، امت مسلمہ کیلئے انکی حیثیت تخریب کار اور دہشت گرد کی ہے۔ انکے شر سے بچنے کیلئے مومنوں نے یہی طریقہ اختیار کیا ہے کہ انہیں مسلمانوں کے شہروں، محلوں اور آبادیوں سے دور رکھا جائے۔ انہیں "سامری" کی طرح الگ تھلگ کر دیا جائے اور اس پوزیشن پر لاکر کھڑا کر دیا جائے کہ وہ خود پکار اٹھیں کہ ہم دائرہ اسلام میں صدق دل سے واپس آتے ہیں، صدق دل سے توبہ قبول کر کے مسلمانوں میں واپسی کا راستہ بحال کیا جائے اگر قادیانیوں کا مکمل بائیکاٹ ہو تو اسکا نتیجہ انکی ہدایت کی شکل میں ظاہر ہوگا اور اسکے نتیجہ میں دونوں فائدے۔ (انکے شر سے بچنے اور انکی ہدایت کا راستہ ہموار کرنے کا فائدہ) بدرجہ اتم حاصل ہونگے۔ مفتی ولی حسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ "یہ مقاطعہ یا بائیکاٹ ظلم نہیں بلکہ اسلامی عدل وانصاف کے عین مطابق ہے کیونکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کو انکی محاربت اور ایذا رسانی سے محفوظ کیا جائے اور انکی اجتماعیت کو ارتداد ونفاق کی دستبرد سے بچایا جائے۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ قرآن کی یہ آیت بھی اس میں حکمت مضمر ہے کہ وہ اس سزا یا تادیب سے متاثر ہو کر اصلاح پذیر ہوں اور کفر ونفاق کو چھوڑ کر اسلام قبول کریں۔ اس طرح آخرت کے عذاب اور ابدی جہنم سے انکو نجات مل جائے۔ ورنہ اگر مسلمانوں کی ہیئت اجتماعیہ انکے خلاف کوئی تادیبی اقدام نہ کرے تو وہ اپنی موجودہ حالت کو مستحسن سمجھکر اس پر مصر رہیں گے اور اس طرح ابدی عذاب کے مستحق ہونگے۔"

اس لئے بائیکاٹ کی مہم بڑے پیمانے پر شروع کرنا مناسب ہے تاکہ قادیانی تائب ہونے یا مسلمان ملک سے نکل جانے پر مجبور ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ پاکستان بھر کے مسلمانوں، تمام تاجر گروپ لیڈروں اور تمام مذہبی، سماجی اور سیاسی تنظیموں کو متحد ہو کر اس مہم کو کامیاب دور پائے تکمیل تک پہنچانا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ قاضی حسین احمد امیر جماعت اسلامی پاکستان

Qazi Hussain Ahmed
Amir Jamaat-e-Islami
Pakistan

لاہور

Marfat.com

سید منور حسن صاحب
امیر جماعت اسلامی پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حوالہ نمبر: 3331
تاریخ: 9-5-10

جماعت اسلامی پاکستان

مرزا غلام احمد قادیانی دعوائے نبوت میں جھوٹا ہے۔ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے اس کے پیروکار بھی دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔ غلام احمد قادیانی اپنے آپ کو نبی اور اپنے پیروکاروں کو مسلمان قرار دیتا ہے اور مسلمانوں کو کافر کہتا ہے اور اپنے ایک الگ گروہ گورنمنٹ برطانیہ کی خدمت کے لئے کھڑا کیا ہے۔ وہ خود بھی اپنے گروہ کو مسلمانوں سے الگ قرار دیتا ہے اور مسلمان بھی اسے الگ سمجھتے ہیں۔ اس کے وجود پر ایک صدی گزر چکی ہے۔ پاکستان نے حکومتی اور عوامی سطح پر قادیانیوں کے تمام گروہوں کو ملت اسلامیہ سے خارج اور کافر قرار دیا ہے۔ ان کے لئے اسلامی اصطلاحات اور شعائر اسلامی کے استعمال کو ممنوع قرار دیا ہے۔ اس کے لئے امتناع قادیانیت کا قانون نافذ العمل ہے۔ لیکن یہ ابلیسی گروہ تبلیس سے کام لیتا ہے۔ آئین پاکستان اور امتناع قادیانیت قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مسلمانوں کا لبادہ اوڑھ کر مسلمانوں کے اندر اپنے کفریہ عقائد کی تبلیغ کرتا ہے، طاغوتی طاقتوں کے لئے جاسوسی کرتا ہے، مغربی استعمار کے خلاف اسلام منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے خفیہ طور پر سرگرم عمل رہتا ہے۔ اس وقت مسلمان مختلف ممالک میں جس بدامنی اور مصیبت کا شکار ہیں۔

اس میں اس قادیانی گروہ کا بڑا حصہ ہے۔ ایسے گروہ کے لئے شریعت کا پہلا حکم یہ ہے کہ اسے کافر اور زندیق سمجھا جائے۔ دوسرا حکم یہ ہے کہ اسے اپنی صفوں سے عملاً نکال باہر کیا جائے۔ اس کا سوشل، معاشرتی، معاشی اور سیاسی بائیکاٹ کیا جائے۔ ان کے ساتھ کوئی بھی معاملہ نہ کیا جائے تاکہ یہ مسلمانوں کی آبادیوں، شہروں اور دیہات اور بازاروں میں رہائش نہ رکھ سکے آمد و رفت اور خرید و فروخت نہ کر سکے۔

قرآن پاک اور احادیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس بارے میں واضح اور صریح ہیں۔ امت مسلمہ کے تمام مکاتب فکر کا متفقہ فتویٰ ہے کہ اس شیطانی گرہ کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے۔ میں مفتی ولی حسنؒ اور اس کی تائید میں جاری کردہ فتاویٰ کی تائید کرتا ہوں۔

مرزا غلام احمد قادیانی انگریز کا خود کاشتہ پودا ہے۔ مسلمانوں کے دلوں سے جذبہ جہاد کو نکالنے کے لیے اس نے نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ پھر اس کی سرپرستی کی۔ اس کی یہ سرپرستی پہلے دن سے لے کر آج تک قائم ہے بلکہ اب تمام طاغوتی قوتیں اس کی پشت پر ہیں اور اپنے اسلام اور مسلم دشمن منصوبوں کو اس کے ذریعہ عملی جامہ پہناتی ہیں۔ الحمدللہ علمائے امت نے ایک صدی پر محیط تحریک کے ذریعہ اس شیطانی گروہ کو پارلیمنٹ سے غیر مسلم اقلیت قرار دینے میں کامیابی حاصل کر لی۔ اب آئین پاکستان کی رو سے قادیانی غیر مسلم ہیں اور ان کے لئے اسلامی شعائر کا استعمال ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ اس فیصلہ سے اس گروہ اور اس کی سرپرست طاقتوں کو بڑا دکھ پہنچا ہے۔ یہ مسلسل اس کوشش میں ہیں کہ یہ فیصلہ کالعدم قرار دے دیا جائے۔ دوسری طرف دینی جماعتیں اور علماء ملت اس کوشش میں اس گروہ کو اپنے منطقی انجام تک پہنچا دیا جائے۔ اس کے لئے پہلے مرحلے میں اس کا سوشل، معاشرتی، معاشی اور سیاسی بائیکاٹ ہے۔ ہمہ پہلو بائیکاٹ کے ذریعہ اسے ملت اسلامیہ کی صفوں سے نکال باہر کرنا ہے۔ اس سے لین دین اور تعلقات کا خاتمہ ہے تاکہ یہ مسلمان آبادیوں، شہروں اور دیہات میں قیام نہ کر سکے۔ اسے ملازمتیں نہ دی جائیں۔ ایسی اقتصادی ناکہ بندی کی جائے کہ یہ یا تو تائب ہو کر دائرہ اسلام میں آ جائیں یا پھر اپنے آقاؤں کے پاس چلے جائیں اور مسلمان آبادیاں اور ممالک ان سے پاک ہو جائیں۔ اس سلسلہ میں حضرت مولانا مفتی ولی حسن رحمۃ اللہ علیہ اور ان کی تائید میں جاری کردہ فتاویٰ کی تائید کرتا ہوں۔ اس بات کی ضرورت ہے کہ ان فتاویٰ کو عملی جامہ پہنانے کے لئے مسلسل جدوجہد کی جائے۔

(سید منور حسن)
امیر جماعت اسلامی پاکستان

E-mail: amir@ji.org.pk - URL: http://www.jamaat.org فیکس: 5432194 منصورہ ملتان روڈ، لاہور پاکستان فون: 5419520-24-5432391-5

Marfat.com

تنظیم اسلامی کا مُتّفقہ فیصلہ

Marfat.com

تنظیمِ اسلامی
A-67 علامہ اقبال روڈ گڑھی شاہو لاہور۔ فون:36316638-36366638-36293939 فیکس:36271241
Email: markaz@tanzeem.org Web: www.tanzeem.org

بتاریخ 9 جولائی 2010ء قادیانیوں کے بارے تنظیم اسلامی کا موقف

نبوت کا جھوٹا دعویدار مرزا غلام احمد قادیانی اور اس کے پیروکار قادیانی/مرزائی کافر ہیں اور ان کے کفر پر ملت اسلامیہ کے جمیع مکاتب فکر کا اتفاق ہے۔ ان کی تکفیر کے دلائل پر اہل علم کی سینکڑوں کتب موجود ہیں اور اب تو ریاستی سطح پر بھی ان کو غیر مسلم قرار دے دیا گیا ہے' لہٰذا ان کا کفر قطعی ہے۔ اب صرف یہ بات وضاحت طلب رہ جاتی ہے کہ ان کا کفر کس قسم کا ہے؟ یعنی یہ اہل کتاب کی طرح کے کافر ہیں کہ جن کے ساتھ کسی قدر معاملات کی شریعت اسلامیہ میں اجازت موجود ہے یا ان کا کفر مشرکین' زنادقہ اور مرتدین کا سا ہے کہ جن کے ساتھ خصوصی نوعیت کا معاشرتی بائیکاٹ ہونا چاہیے؟

قادیانیوں اور مرزائیوں کا شرعی حکم سمجھنے کے لیے آسانی کی خاطر ہم ان کو دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں:

پہلی قسم کے قادیانی تو وہ ہیں جو مسلمان سے قادیانی ہوتے ہیں۔ ان کا حکم مرتدین کا ہے اور مرتد کی سزا سنت اور اجماع امت کی روشنی میں قتل ہے۔ قتل کی یہ سزا ریاست جاری کرے گی اور اس سزا کے اجراء سے پہلے علماء کی طرف سے مرتدین پر اتمام حجت کیا جائے گا تاکہ وہ دین اسلام کی طرف واپس لوٹ آئیں اور اپنے ارتداد سے توبہ کر لیں۔ اس اتمام حجت کے باوجود بھی اگر کوئی شخص اپنے ارتداد پر اڑا رہے تو پھر اس کی سزا قتل ہے۔ پس جس کی سزا شریعت اسلامیہ نے قتل مقرر کی ہو اس کے ساتھ معاشرتی تعلقات کی اجازت کیسے ہو سکتی ہے؟ پس مرتد قادیانیوں کے ساتھ کسی قسم کے خاندانی' کاروباری' معاشی' معاشرتی' سیاسی اور دوستانہ تعلقات روا رکھنا جائز نہیں ہیں اور اس کی وجہ ان کا ارتداد ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ کا ارشاد ہے:

"من بدل دینه فاقتلوه." (صحیح بخاری' کتاب استتابة المرتدین والمعاندین وقتالهم' باب حکم المرتد والمرتدة واستتابتهم)

''جس نے اپنے دین (یعنی دین اسلام) کو تبدیل کر دیا اس کو قتل کر دو۔''

دوسری قسم کے قادیانی وہ ہیں جو نسلی (By Birth) قادیانی ہیں۔ ان کے بارے یہ سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ ان کا حکم اہل کتاب کا ہے یا نہیں؟ ان قادیانیوں کا حکم جاننے سے قبل علماء کرام کی بیان کردہ اقسامِ کفر کا اجمالاً ذکر مناسب ہوگا:

1- مشرکین یعنی بت پرست اور آتش پرست وغیرہ 2- اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ 3- منافقین یعنی اعتقادی

4- مرتدین یعنی اسلام کو چھوڑ کر کوئی اور دین قبول کرنے والے مثلاً قادیانیت' عیسائیت وغیرہ

5- زندیق' جو بظاہر اسلام کا دعوی کرے لیکن خفیہ طور پر کفریہ عقائد و اعمال کا حامل اور داعی ہو

6- وہ مسلمان جنہیں اصول دین میں سے کسی اصول کا انکار کرنے کی وجہ سے بالاتفاق کافر قرار دیا گیا ہو' جیسا کہ منکرین حدیث وغیرہ

دوسری قسم کے قادیانی درحقیقت پانچویں قسم میں شامل ہیں یعنی یہ زنادقہ ہیں جو اپنے آپ کو مسلمان کہلواتے ہیں۔ مسلمانوں کے شعائر یعنی قرآن' نماز' مسجد' زکوۃ وغیرہ کو اپناتے ہیں حالانکہ یہ مسلمان نہیں ہیں۔ قانون اور شرع کی روشنی میں ان کا خود کو مسلمان کہلوانا جائز بھی نہیں ہے۔ یہ اپنے آپ کو مسلمان کہلوا کر سادہ لوح مسلمانوں کو گمراہ کرتے ہیں۔ چنانچہ ایسے زنادقہ کے ساتھ عام معاشرتی تعلقات اور روابط عوام الناس کے ایمان کے لیے خطرہ کا موجب ہیں۔ چنانچہ زنادقہ کے بارے اہل علم کا یہ موقف بالکل درست ہے کہ ان کے ساتھ ہر قسم کا بائیکاٹ ہوگا جیسا کہ بریلوی' دیوبندی اور اہل حدیث علماء کے فتاوی سے ظاہر ہوتا ہے۔ ہمیں ان جمیع مکاتب فکر کے اس موقف سے اتفاق ہے کہ قادیانیوں یا مرزائیوں کے ساتھ ہر قسم کے تعلقات رکھنا ناجائز ہیں۔ ہاں' اگر کوئی مسلمان اپنے عقیدے اور علم میں پختہ ہو اور وہ ان میں دعوت کا کام کرے تاکہ یہ اپنے کفریہ عقائد اور نظریات سے توبہ تائب ہو جائیں تو ہمارے نزدیک اس قسم کے داعی و مدعو کے تعلق کی رخصت بعض اہم علم کے لیے موجود ہے۔ **واللہ اعلم بالصواب!**

احمد عالم عفی عنہ

Marfat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد

مُدعی نبوت اور اس کے ماننے والے

تحریر: حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نصوص قطعیہ، احادیث صحیحہ متواترہ اور اجماع امت سے مسئلہ ختم نبوت کا اتنا اور ایسا قطعی ثبوت ہے کہ اس میں تامل کرنے والا بھی کافر ہے بلکہ صحیح اور صریح احادیث کی رو سے مدعی نبوت اور اس کو نبی ماننے والے واجب القتل ہیں مگر یہ قتل صرف اسلامی حکومت کا کام ہے نہ کہ رعایا اور افراد کا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ (المتوفی ۳۲ھ) سے روایت ہے:

قال قد جاء ابن النواحة وابن اثال رسولين للمسيلمة الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال لهما رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تشهد ان انى رسول الله ؟فقال نشهد ان مسيلمة رسول الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم آمنت بالله ورسله لو كنت قاتلاً رسولاً لقتلتكم قال عبدالله فمصت السنة بان الرسل لاتقتل فماابن اثال فكفاناه الله وامابن النواحهفلم يزل فى نفسى حتى امكننى الله تعالىٰ منه.

وہ فرماتے ہیں کہ مسیلمہ کذاب کے دو سفیر عبداللہ بن نواحہ اور اسامہ بن اثال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا کہ تم دونوں اس کی گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ انہوں نے کہا کہ ہم یہ گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ اللہ کا رسول ہے۔ (معاذ اللہ تعالیٰ) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا اگر میں کسی قاصد کو قتل کرتا تو تمھیں قتل کر دیتا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بین الاقوامی دستور اور سنت یوں جاری ہے کہ سفیروں کو قتل نہیں کیا جاتا رہا۔ ابن اثال کا معاملہ تو اللہ نے خود ہی اس کی کفایت کر دی۔ (اسمہ بن اثال بعد کو مسلمان ہو گئے تھے۔ البدایۃ والنہایۃ، ج ۶ ص ۵۲) اور ابن نواحہ کا معاملہ میرے دل میں کھٹکتا رہا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کی قدرت دی اور میں نے اسے قتل کروایا۔

(ابو وداؤد الطیالسی ص ۳۴ والفظ لہ، ومستدرک ج ۳ ص ۵۲، قال الحاکم والذہبیؒ صحیح و مشکوۃ ج ۲ ص ۳۴۷ و مسند احمد ج ۱ ص ۳۹۰ ونحوہ فی الدارمی ص ۳۳۲ طبع ہند)

Marfat.com

اس صحیح روایت سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ ولیہ وسلم کے بعد کسی کو نبی تسلیم کرنے والا واجب القتل ہے۔ رکاوٹ صرف یہ پیش آئی کہ اس وقت اسامہ بن اثال اور عبداللہ بن نواحہ سفیر تھے اور سنت اور اس وقت کے بین الاقوامی دستور کے مطابق سفراء کو قتل نہیں کیا جاتا تھا تاکہ پیغام رسانی میں کسی قسم کی کوئی کمی اور کوتاہی باقی نہ رہ جائے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کوفہ کے گورنر تھے تو عبداللہ بن نواحہ ان کے قابو آ گیا اور وہ اپنے باطل عقائد سے باز نہ آیا اور توبہ کرنے پر آمادہ نہ ہوا۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت قرظہ بن کعب کو حکم دیا کہ ابن نواحہ کی گردن اُڑا دے چنانچہ ایسا ہی کیا۔

(مستدرک ج ۲ ص ۵۳ قال الحاکم والذہبیؒ صحیح)

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس موقع پر ابن نواحہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ:

فانت الیوم لست برسول فامر قرظة بن کعب فضرب عنقه فی السوق ثم قال من ارادان ینظر الیٰ ابن النواحةقتیلاً بالسوق .

(ابوداؤد ج ۲ ص ۲۴)

آج کے دن تو قاصد نہیں ہے پھر انہوں نے حضرت قرطہ بن کعب کو حکم دیا اور انہوں نے کوفہ کے بازار میں ابن نواحہ کی گردن اُڑا دی۔ پھر فرمایا کہ جو شخص ابن نواحہ کو بازار میں مقتول دیکھنا چاہتا ہے تو دیکھ لے۔

من وعن اتفاق

قادیانیت (منکرین ختم نبوت) کے بارہ میں حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی نور اللہ مرقدہ نے جو فتویٰ دیا ہے ہم اس سے من وعن اتفاق کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کو مسلمانوں کے لئے نافع و مفید بنائیں اور فتنہ مرزائیت کی سرکوبی کا مؤثر ذریعہ بنائے۔ (آمین)

ابوالزاہد محمد سرفراز
عفی عنہ

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com